مزارات پر گنبد بنانے کے بارے
میں اکابر علماءِ اہلسنّت کی
تحقیقات

# مزارات پر گنبد

امام المفسرین حضرت علامہ سید دیدار علی شاہ الوری رحمۃ اللہ تعالیٰ
صدر الافاضل حضرت علامہ سید محمد نعیم الدین مرادآبادی رحمۃ اللہ تعالیٰ
مفتی اعظم حضرت علامہ ابوالبرکات سید احمد قادری رحمۃ اللہ تعالیٰ
حضرت سید ابو الفیض قلندر علی سہروردی رحمۃ اللہ علیہ

مسلم کتابوی لاہور

# مزارات پر گنبد بنانے کے بارے میں اکابر علماء اہلسنّت کی تحقیقات

# مزارات پر گنبد

امام المفسرین حضرت علامہ سید دیدار علی شاہ الوری رحمۃ اللہ تعالیٰ
صدر الافاضل حضرت علامہ سید محمد نعیم الدین مرادآبادی رحمۃ اللہ تعالیٰ
مفتی اعظم حضرت علامہ ابوالبرکات سید احمد قادری رحمۃ اللہ تعالیٰ
حضرت سید ابوالفیض قلندر علی سہروردی رحمۃ اللہ علیہ

مسلم کتابوی لاہور

Marfat.com

اَللّٰهُ رَبُّ مُحَمَّدٍ صَلّٰی عَلَیْهِ وَسَلَّمَا

نَحْنُ عِبَادُ مُحَمَّدٍ صَلّٰی عَلَیْهِ وَسَلَّمَا

(جملہ حقوق محفوظ)

نام کتاب -------- مزارات پر گنبد

موضوع -------- دعوت فکر و اصلاح

تحقیق -------- مزارات پر گنبد بنانے کے بارے میں
اکابر علماءِ اہلسنّت کی تحقیقات

صفحات -------- ۳۲۰

تاریخ اشاعت -------- بدھ ۲/ جمادی الاول ۱۴۳۲ھ
مطابق ۶/ اپریل ۲۰۱۱ء

طابع -------- اکبر ندیم پریس' لاہور

تعداد -------- گیارہ صد

ناشر -------- مسلم کتابوی' لاہور

قیمت -------- /250 روپے

ملنے کا پتا

مسلم کتابوی دربار مارکیٹ' لاہور

042-37225605-0321-4477511
Email:raza_muneer@yahoo.com
Muslimkitabevi@gmail.com

Marfat.com

اَللّٰهُ رَبُّ مُحَمَّدٍ صَلّٰی عَلَیْهِ وَسَلَّمَا
نَحْنُ عِبَادُ مُحَمَّدٍ صَلّٰی عَلَیْهِ وَسَلَّمَا

# مجموعہ رسائل

(۱) اَلْقُبَّۃُ الصُّغْرٰی لِلْمُسْتفیضین عن الْاَوْلیاء
(۲) اسواطُ العذاب علی قوامعِ الْقُبَّاب
(۳) اِثباتِ بناء قُبّہ جات
(۴) پکی قبر اور اُس پر گنبد بنانے کا حکم شرعی
(۵) ہاں! ہمارے لیے اللہ عزوجل کافی ہے۔

## مصنفین

(۱) حضرت علامہ سیّد محمد دیدار علی شاہ الوری رحمۃ اللہ علیہ
(۲) حضرت علامہ سیّد محمد نعیم الدین مراد آبادی رحمۃ اللہ علیہ
(۳) حضرت علامہ ابوالبرکات سیّد احمد قادری رحمۃ اللہ علیہ
(۴) حضرت سیّد ابوالفیض قلندر علی سہروردی رحمۃ اللہ علیہ
(۵) حضرت علامہ مولانا محمد شکیل احمد سبحانی

ملنے کا پتا

**مسلم کتابوی** دربار مارکیٹ، لاہور
042-37225605-0321-4477511
Email:raza_muneer@yahoo.com
Muslimkitabevi@gmail.com

Marfat.com

# القبۃ الصغریٰ

## للمستفیضین عن الاولیاء

موضوع

## دلائل اثبات قبہ جات

## بر قبور اولیاء و صلحاء

برائے راحت زائرین و امتیاز مشاہد مقدسہ

فخر العلماء استاذ العصر حضرت علامہ مولانا ابو محمد
سید محمد دیدار علی شاہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ
(بانی دار العلوم حزب الاحناف لاہور)

مسلم کتابوی دربار مارکیٹ گنج بخش روڈ لاہور

Marfat.com

# مقدمہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

## مقابر و مقامات و مساجد کا ڈھا دینا وہابیہ ہند کے نزدیک قابلِ الزام نہیں

ابن سعود نے سرزمین حرم میں جو مظالم کئے ہیں۔ انہوں نے مسلمانانِ عالم کو تڑپا دیا ہے، لیکن تعجب ہے کہ اُس کے حامی باوصف دعویٰ علم و فضل اُس کی ذلیل ترین حرکات پر پردے ڈالنے بلکہ اس کے خبیث افعال کو جائز ٹھہرانے کے لیے ہر قسم کی طاقتیں صرف کر رہے ہیں۔ اخباروں میں فتووں کا ایک سلسلہ شروع ہو گیا ہے۔ مولوی محمد رفیع۔ مولوی کفایت اللہ۔ مولوی عبدالحلیم۔ مولوی ولایت احمد۔ مولوی عبدالحیؔ کے فتوے چھاپے گئے ہیں۔ اُن میں یہ زور دیا گیا ہے کہ مزارات پر قبےؔ بنانا شرعاً ناجائز اور قابلِ انہدام ہے۔ بلکہ بعضوں نے اُس کا ڈھانا واجب کہا ہے۔ اِس سے مُدعا یہ ہے کہ ابن سعود نے جو اکابر صحابہ کے مزارات کے ساتھ گستاخیاں کی ہیں۔ اُن سب کو جائز قرار دیا ہے، لیکن ان کی اس جانکاہی سے بھی مُدعا حاصل نہیں ہوتا۔

### ابن سعود نامسعود نے کیا کیا خباثتیں کی ہیں

کیونکہ ابن سعود نے قبروں اور مزاروں کے قبے ہی ڈھانے پر اکتفا نہیں کیا ہے۔ اُس نے مسجدیں بھی

Marfat.com

شہید کی ہیں۔ بے گناہوں کو قتل بھی کیا ہے۔ مسجدوں اور مزاروں کے مقام پر نجاستیں بھی ڈالی ہیں، امکنہ متبرکہ کو گدھوں کی لیدوں سے بھی بھر دیا ہے۔ قبروں پر پٹرول ڈال کر آگ بھی لگائی ہے۔ مسجدوں کی کڑیاں بازاروں میں بکوائی ہیں۔ اگر ابن سعود کو بری کرنا منظور ہے تو ان تمام افعال کو بھی جائز کہیے۔ اتنے فتوے ترتیب دے دیئے جاتے ہیں اور اخباروں کے صفحات اُن سے لبریز ہوتے ہیں، لیکن کہیں یہ فتویٰ نہیں لکھا جاتا کہ مسجد ڈھانے والے کا کیا حکم ہے۔ اُس کو سُلطان غازی کہنا۔ اُس کی فتح ونصرت کے لیے دُعا کرنا کیسا ہے۔ باوجود نجدی کے ان افعال کے اور باوجود اِس کے کہ مُسلمان اُس سے مقابلہ کے لیے تیار نہیں ہوتے۔ طائف ومکۂ مکرمہ میں لوگوں نے بے روک ٹوک اُس کو داخل ہونے دیا۔ اس پر لُوٹ مار قتل وغارت خونریزی بے حرمتی کے جو واقعات اُس سے ظہور میں آئے۔ یہ وہابی علماء اُس سے چشم پوشی کر لیتے ہیں۔ اتنا ہی نہیں بلکہ وہ اُس کے تمام افعال کے حامی ہیں۔ حتیٰ کہ اُس کے لشکر کی نصرت کی دُعائیں کی جاتیں ہیں۔ ظاہر ہے کہ یہ لشکر کفار کے مقابلہ میں کبھی نہیں آئے اُن کے ظُلم کی تلوار مسلمان علماء، سادات، باشندگان بیت الحرام کی گردنوں پر چلتی رہی ہے اور اس کے لشکر اُنہیں پر ظلم وستم توڑتے رہے ہیں۔ پھر اُس کی نصرت وتائید کی دُعا پتہ دیتی ہے کہ یہ قتل وغارت مفتی صاحب کے نزدیک عین اسلام کے مطابق ہوا اور ہندوستان کے وہابی مفتی بھی نجدی کی طرح تمام مسلمانانِ عالم کو کافر مشرک واجب القتل مباح الدّم جانتے ہیں حتیٰ کہ اس دُعا میں یہ کلمات بھی ہیں:۔ واممحق

(حاشیہ برصفحہ آئندہ)

Marfat.com

بسیفہ رقاب الطائفۃ الباغیۃ الکفرۃ الظلمۃ۔ یعنی یارب باغی کافر ظالم گروہ کی گردنیں اُس کی تلوار سے مٹادے۔ تو اب جو مکّہ مکرّمہ اور طائف میں بے گناہ مارے گئے یا مارے جارہے ہیں یا مدینہ طیّبہ کے حملے میں مارے جائیں یہ تمام دیندار مسٹر محمد علی صاحب کے جامعہ ملّیہ کے مُفتی صاحب کے نزدیک کافر فاجر ظالم ہیں۔ یہ عجیب ظلم ہے کہ کسی پہ چڑھ کر نہیں گئے۔ اپنی جانوں کی حفاظت تک نہ کر سکے مگر پھر بھی کافر فاجر ظالم باغی ہوئے۔

عجیب واقعہ ہست غریب حادثہ ایست ع انا اصطبرت قتیلاً و قاتلے شاکی

## جمعیۃ العلماء کے مفتی کفایت اللہ نے تمام اُمّت اسلامیہ صحابہ کرام سے اب تک سارے اہل اسلام کو شرک و کفر کا نشانہ بنایا ہے

---

جمعیۃ العلماء کے مفتی مولوی کفایت اللہ صاحب لکھتے ہیں :-

اُونچی اُونچی قبریں بنانا ــــ قبریں پُختہ بنانا ــــ قبروں پر گنبد اور قبّے اور عمارتیں بنانا ــــ غلاف ڈالنا ــــ چادریں چڑھانا ــــ نذریں ماننا ــــ طواف کرنا ــــ سجدہ کرنا ــــ یہ تمام اُمُور منکرات شرعیہ میں داخل ہیں۔ شریعت مقدّسہ اسلامیہ نے ان اُمُور سے صراحۃً منع فرمایا ہے۔ احادیث صحیحہ میں اس قسم کے اُمُور کی ممانعت وارد ہے جو شرک یا مفضی الی الشرک ہیں۔

---

(حاشیہ صفحہ سابقہ) **فائدہ**: حامیان ابن سعود مردود کا کید ہے کہ اس کے اور اخبث افعال سے چشم پوشی کرتے اور قبّوں کی بحث لے دوڑتے ہیں۔ ہندوستانی دہابی نجدی ندوی بھی تمام مسلمانانِ عالم کو کافر مشرک جانتے ہیں۔ علماء و مشائخ و سادات و عام اہل اسلام کا قتل

(بقیہ حاشیہ بر صفحہ آئندہ)

Marfat.com

ان مفتی صاحب نے مذکورۂ بالا تمام امور کو شرک یا مفضی الی الشرک بتا کر تمام اُمّتِ اسلامیہ کو جس میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب بھی ہیں شرک کا نشانہ بنا دیا اور اس شرک کے احاطہ سے کسی قرن کے مسلمان باہر نہیں جا سکتے۔ ان مفتی صاحب نے یہ بھی تصریح کر دی کہ ابن سعود کے عقائد و اعمال میں کوئی بات ایسی نہیں ہے جو ان کو قابلِ الزام قرار دے۔ اس سے ظاہر ہے کہ جمیعۃ العلماء کے یہ مفتی صاحب نجدی عقائد ہونے کے ساتھ ساتھ اس کے کسی فعل کو قابلِ الزام بھی نہیں جانتے۔ اب جس قدر بھی مظالم اور مساجد و مقابر کی توہین اور عورتوں کی بے حُرمتی اور بوڑھوں اور بچّوں کا قتل وغیرہ جتنے افعال شنیعہ نجدی نے کیے ہیں۔ ان میں سے کوئی ان مفتی صاحب کے نزدیک قابلِ الزام نہیں۔ پھر میں نہیں سمجھ سکتا کہ ابن سعود اور اس کے ہوا خواہ یہ وعدہ کس طرح کرتے ہیں کہ مدینہ طیبہ میں کوئی خلافِ شرع امر آزار دینے والا کام نہ کیا جائے گا اور ہندوستان کے وہابی اور نجدی کے ہندی قافلہ سالار لیڈران مسلمانوں کو کس طرح بتاتے ہیں کہ اب وہ آئندہ کسی مزار کی توہین نہ کرے گا اور اُس سے کوئی ظلم وقوع میں نہ آئے گا۔ جب اُس کا ظلم اور توہین قابلِ الزام بھی نہ ہو تو اُس کا یہ وعدہ کہ وہ کوئی کام خلافِ شرع نہ کرے گا اور مدینہ طیبہ کا احترام رکھے گا۔ یہ مزارات متبرکہ اور مشاہد مقدسہ اور مساجد کے حفظ و احترام کے معنی میں کس طرح آ سکتا ہے اور مسلمانوں کو اس کی طرف سے مطمئن کرنا یہی معنی رکھتا ہے کہ آج انہیں مغالطہ میں

---

(بقیہ حاشیہ صفحہ سابقہ) اور سعودی خباثتیں ان مفتیان وہابی بلکہ ان دونوں کے نزدیک عین اسلام ہے۔ (حاشیہ صفحہ موجودہ) جمیعۃ العلماء کے مفتیوں نے کیوں کہا؟

Marfat.com

ڈالا جاتا ہے اور کل اس کے شدید توہین آمیز مظالم پر وہ اعتراض کریں تو انہیں بیوقوف بنایا جائے کہ یہ تو ہم پہلے ہی کہہ چکے تھے کہ اس کا کوئی فعل قابلِ الزام نہیں ہے جو کچھ وہ کر چکا اس کے ماسوا کوئی اور کام اس نے کیا ہو تو اعتراض کرو۔ ان میں سے تو کوئی بات قابلِ گرفت نہیں ہے۔ اس پر نظر کرتے ہوئے ان فتووں کے جواب کی طرف التفات کرنا میں کچھ ضروری نہ سمجھتا تھا کیونکہ جو لوگ تمام عالم کے مسلمانوں کو مشرک جانتے ہوں اور جن کے مذہب میں مسجدیں ڈھانا تک جائز نا قابلِ الزام ہو۔ اس گروہ کا فتویٰ مسلمانوں کی نظر میں کچھ بھی وقعت نہیں رکھتا۔ علاوہ بریں وہ تعصّب کے رنگ میں اس قدر ڈوب کر لکھا گیا ہے کہ عاقل متیقظ اُسی تحریر پر نظر ڈال کر اُس سے متنفر ہو سکتا ہے۔ یہ بھی عرض کر دینا ضروری ہے کہ نجدی کے افعال کے بعض نجدی کے کمزور حامی یہ قابلِ مضحکہ توجیہ کر دیا کرتے ہیں کہ یہ مظالم اُس کے لشکر نے کیے ہیں۔ اُن سادہ لوحوں کے خیال میں کسی بادشاہ کی طرف وہی فعل منسوب ہو سکتے ہیں جو وہ اپنے ہاتھ سے کرے۔ قلعہ بنانا — مُلک فتح کرنا — مارنا — قتل کرنا کون بادشاہ اپنے ہاتھ سے کرتا ہے۔ یہ سب کام اُس کے خُدام لشکری ہی انجام دیتے ہیں۔

## حامیانِ ابن سعود مردُود کی ایک قابلِ مضحکہ توجیہ کا ردّ

مگر یہ عجیب قسم کی محبت ہے کہ ابن سعود کے بُرے افعال خادموں کی طرف منسوب کر دیئے جائیں گو اُس کے زبردست حامی جیسے یہ علمائے وہابیہ ہیں۔ وہ اس توجیہ کو ضروری نہیں سمجھتے بلکہ جرأت کے ساتھ کہتے ہیں کہ اس کے افعال قابلِ الزام نہیں۔ ان بزرگواروں سے میری یہ استدعا ہے کہ جہاں

Marfat.com

اُنہوں نے قبروں کی حُرمت اور اُن کے قابل انہدام ہونے پر فتویٰ دے کر ان الزاموں سے نجدی کو بری کرنا چاہا ہے۔ وہاں وہ خوُن ریزی اور ہدم مساجد کی اباحت بلکہ وجوب پر اپنا زور قلم صرف کر کے نجدی کی پوری پوری اعانت کریں اور جرأت کے ساتھ اپنے عقیدے اور مذہب کو دُنیا کے سامنے پیش کر دیں۔ چونکہ میرے محترم کرم فرما نے ان فتووں کے جواب لکھنے کے لیے مجھے ایما فرمایا ہے۔ اس لیے میں ان تمام فتووں کو زیر نظر رکھ کر مسئلہ کی اصلی صُورت پیش کرتا ہوں اور دُعا کرتا ہوں کہ اللہ تبارک وتعالیٰ حق بولنے حق لکھنے کی توفیق دے اور تعصب و طرفداری اور سخن پروری کی آفات سے بچائے آمین حسبنا اللہ ونعم المولیٰ ونعم المعین ؛

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

الحمد للہ رب العلمین والصلوٰۃ والسلام علیٰ سید الانبیاء والمرسلین وعلیٰ اٰلہ الطیبین واصحابہ الطاھرین۔ مذکورہ بالا اصحاب کے تمام فتوے میرے زیر نظر ہیں۔ انہوں نے اپنے مُدعا کی تائید میں جس قدر عبارات پیش کی ہیں اُن سب کا مدار چند احادیث پر ہے۔ میں انہیں پہلے ذکر کر دوں۔ اور اس کے بعد ان کے معانی سے بحث کروں کہ بعون اللہ حق واضح ہو جائے۔

## ان تمام احادیث کا ذکر جنہیں مخالفین اپنی سند بناتے ہیں

| | |
|---|---|
| حدیث نمبر ۱: لعن اللہ الیھود والنصاریٰ اتخذوا | (ترجمہ) اللہ تعالیٰ نے یہود و نصاریٰ پر لعنت فرمائی جنہوں نے انبیاء کی |

فائدہ: وہابی وندوی علماء خونریزی وہدم مساجد وغیرہ کے وجوب پر اپنا زور قلم صرف کریں ؛

Marfat.com

قبور انبیائهم مساجد (بخاری ومسلم)

جنہوں نے انبیاء کی قبروں کو مسجد بنایا۔

**حدیث نمبر ۲:** عن ابن عباس لعن رسول الله صلی الله علیه وسلم زائرات القبور والمتخذین علیها المساجد والسرج۔ (ابو داؤد۔ ترمذی ونسائی)

۲۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قبروں کی زیارت کرنے والی عورتوں اور ان پر مسجدیں بنانے اور چراغ رکھنے والوں پر لعنت فرمائی۔

**حدیث نمبر ۳:** عن ابی هیاج الاسدی قال قال لی علی الا ابعثك علی ما بعثنی علیه رسول الله صلی الله علیه وسلم ان لا تدع تمثالا الا طمسته ولا قبرا مشرفاً الا سویته (مسلم)

۳۔ ابو ہیاج اسدی سے روایت ہے کہ مجھ سے علی المرتضیٰ نے فرمایا کہ میں تجھے اُس کام پر نہ بھیجوں جس پر مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھیجا تھا۔ وہ یہ کہ تو کسی تصویر کو بے مٹائے نہ چھوڑے اور نہ کسی قبر بلند کو بے برابر کئے۔

**حدیث نمبر ۴:** عن جندب قال سمعت النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یقول الا وان من کان قبلکم کانوا یتخذون قبور انبیائهم وصالحیهم مساجد الا ولا تتخذوا القبور مساجد انی انهاکم من ذلك ﴿ (مسلم)

۴۔ جندب سے مروی ہے کہا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا فرماتے تھے خبردار جو لوگ تم سے پہلے تھے۔ وہ اپنے انبیاء و صالحین کی قبروں کو مسجد بناتے تھے۔ خبردار تم قبروں کو مسجد نہ بنانا۔ میں تم کو اس سے منع کرتا ہوں۔

**حدیث نمبر ۵:** عن عائشة

۵۔ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا

Marfat.com

ان ام حبیبة و ام سلمة ذکرتا کنیسة رائیتها بالحبشة فیها تصاویر فذکرتا ذلك للنبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فقال ان اولئك اذا کان فیهم الرجل الصالح فمات بنوا علی قبرہ مسجد وصوروا فیہ تلك الصور اولئك شرار الخلق عند اللہ یوم القیمہ۔

(فتح الباری ص۲۶۱ پ۴)

**حدیث نمبر ۶**: اللّٰھم لا تجعل قبری وثنا یعبد اشتد غضب اللہ علی قوم اتخذ قبور انبیائھم مساجد۔

(رواہ مالک مرسلا مشکوٰۃ ص۷۲)

**حدیث نمبر ۷**: نھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان یجصص القبور وان یکتب علیھا وان توطاء (ترمذی مشکوٰۃ ص۴۹)

سے مروی ہے کہ ام حبیبہ اور ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے ایک کنیسہ کا ذکر کیا جو انہوں نے حبشہ میں دیکھا تھا۔ اس میں تصویریں ہیں تو حضور سے یہ ذکر کیا حضور نے فرمایا اُن لوگوں کی یہ حالت تھی کہ جب اُن میں کوئی مرد صالح انتقال فرماتا۔ اُس کی قبر پر مسجد تعمیر کرتے اور اُس میں تصویریں بناتے وہ اللہ کے نزدیک روز قیامت بدترین خلق ہیں۔

الٰہی میری قبر کو بُت نہ بنا کہ پوجی جائے۔ اللہ کا غضب اس قوم پر بہت سخت ہے جس نے اپنے انبیاء کی قبروں کو مسجد بنایا۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا کہ قبروں پر گچ کیا جائے اور ان پر کتابت کی جائے انہیں روندا جائے۔

مسطورۂ بالا احادیث اور اُن کے ہم معنی خواہ وہ کتنی ہی ہوں۔ پس یہی

Marfat.com

سرمایہ ہے جس پر مفتیان جمعیۃ العلماء جامعہ ملیہ وغیرہ کو اعتماد ہے اور جس کے بھروسہ پر وہ اکابر اسلام کے مزارات منہدم کرنے کا فتویٰ دے رہے ہیں۔ باقی تمام عبارات جو انہوں نے نقل کی ہیں۔ اُن میں بھی انہیں حدیثوں سے تمسک کیا گیا ہے۔ لہٰذا اب ہمیں یہ تحقیق کرنا ہے کہ آیا احادیث مذکورۂ بالا سے یہ نتیجہ اخذ کرنا صحیح ہے یا نہیں۔

حدیث نمبر ۱، ۲، ۴، ۵، ۶ میں یہود و نصاریٰ پر انبیاء و صلحاء کی قبروں کو مسجد بنانے کی وجہ سے لعنت فرمائی گئی ہے۔ حدیث نمبر ۳ میں بلند قبر کو برابر کرنے کا ذکر ہے۔ حدیث نمبر ۷ میں قبروں کو پختہ کرنے سے نہی ہے۔

## ان احادیث کو بزرگان دین، صلحاء اور انبیاء کے مزارات سے کیا تعلق

ان احادیث کو بزرگانِ دین، صلحاء و انبیاء کے قبہائے مزار سے کیا تعلق ہے۔ اتنا تو اُردو جاننے والا بھی محض ترجمہ سے سمجھ سکتا ہے یہود و نصاریٰ پر انبیاء و صلحاء کی قبروں کو مسجد بنا لینے پر جو لعنت فرمائی گئی ہے اُس کا سبب کیا ہے۔ احادیث کے شروح کی طرف ہاتھ بڑھانے سے قبل پانچویں اور چھٹی حدیث پر نظر کرنے سے یہ بات صاف ہو جاتی ہے۔

## پانچویں حدیث پر نظر سے کیا معلوم ہوا

پانچویں حدیث میں حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا کہ اُن لوگوں کا یہ دستور تھا کہ جب ان میں کوئی مرد صالح انتقال فرماتا تو وہ اُس کی قبر پر مسجد تعمیر کرتے اور اُس میں اُن کی تصویریں بناتے۔ وہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک روزِ قیامت بدترین خلق ہیں۔ اس حدیث سے یہ معلوم ہوا کہ اُن کا قبور انبیاء پر مسجد بنانا۔ ان قبور یا تصویر کی عبادت کے

Marfat.com

لیے تھا اور یہ بے شک مستحق لعنت ہے۔

## چھٹی حدیث کا کیا مطلب ہے

چھٹی حدیث میں اس سے بھی زیادہ صراحت ہے کہ ارشاد فرمایا یا رب میری قبر کو بُت نہ بنا کہ پُوجی جائے۔ اللہ کا سخت غضب ہے اس قوم پر جس نے انبیاء کی قبروں کو مساجد بنایا۔ اس حدیث نے بتادیا کہ قبروں کو مسجد بنانے کے یہ معنیٰ ہیں کہ ان کی عبادت کی جائے یا کم از کم انہیں قبلہ بنا کر اُن کی طرف نماز پڑھی جائے جیسا کہ ابو مرثد غنوی کی حدیث میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:-

| | |
|---|---|
| لا تجلسوا علی القبور ولا تقبلوا الیھا۔ | کہ قبروں پر نہ بیٹھو نہ ان کی طرف کو نماز ادا کرو۔ |

اس سے خاص قبر کے اوپر نماز بھی ممنوع ہوئی کہ اس میں جُلوس علی القبر ہوگا۔ اور قبر حقِ مقبور ہے والقبر حق للقبور اور اسی وجہ سے حضور نے یہود و نصاریٰ پر لعنت فرمائی اور اس سے اپنی اُمت کو متنبہ فرمایا۔ یہ ہر مسلمان کا ایمان ہے اور ہر مومن قبر کی عبادت کو شرک جانتا ہے —— معاذ اللہ کون مومن ہوگا کہ قبر کو معبود بنائے۔ مسلمانوں پر یہ افتراء ملک گیری کے لیے انہیں مشرک ٹھہرا کر اُن پر جہاد کرنے اور ان کے ملک و مال لوٹنے کا ذریعہ ہے اور بس۔ جن احادیث میں بناء کی ممانعت ہے ان سے بھی یہی بناء مراد ہے۔ یہ حدیث ان کی بہترین شرح ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ احادیثِ مذکورہ بالا سے قبّہ کی حُرمت تو کیا ثابت ہوتی، جس کا ذکر تک ان میں نہیں ہے۔ اور مسجد کی حُرمت بھی ثابت نہیں ہوتی جو قبر کے نزدیک عبادتِ الٰہی کے لیے بنائی گئی ہو۔ آئمہ محدثین

Marfat.com

نے بھی اِن احادیث کا یہی مطلب سمجھا ہے۔

## محدثین نے ان احادیث کا کیا مطلب سمجھا؟ | شیخ العصر اوحد الحفاظ

قاضی القضاۃ علامہ ابوالفضل شہاب الدین ابن حجر عسقلانی شافعی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ، فتح الباری شرح صحیح البخاری میں فرماتے ہیں :-

قال البیضاوی لما کانت الیھود والنصاریٰ یسجدون لقبور الانبیاء تعظیما لشانھم ویجعلونھا قبلۃ یتوجھون فی الصلوٰۃ نحوھا واتخذوھا اوثانا لعنھم و منع المسلمین عن مثل ذلک قال من اتخذ مسجدا فی جوار صالح وقصد التبرک[1] بالقرب منہ لا التعظیم لہ والتوجہ نحوہ فلا یدخل فی ذلک الوعید[2]

بیضاوی نے کہا جبکہ یہود ونصاریٰ انبیاء علیہم السلام کی قبروں کو بہ نیت تعظیم سجدہ کرتے تھے اور ان قبور کو قبلہ بناکر نماز میں اُن کی طرف مُنہ کرتے تھے اور اُنہیں بُت بناکر پوجتے تھے تو اللہ ورسول نے اُن پر لعنت فرمائی اور مسلمانوں کو ایسا کرنے سے منع فرمایا لیکن جس شخص نے کسی صالح کے مزار کے قریب بقصد تبرک مسجد بنائی اور بہ نیت تعظیم نماز اسکی طرف نہ پڑھی وہ اس وعید میں داخل نہیں۔

---

[1] اس سے معلوم ہوا کہ بزرگوں کے مزارات کے قریب تبرک کی نیت سے مسجد بنانا جائز ہے اور حدیث میں اس کی ممانعت نہیں۔ اس سے قبوں کا جواز مستفاد ہوتا ہے کیونکہ مخالفین کے نزدیک مسجد و قبہ کا ایک حکم ہے چنانچہ انہوں نے مسجد کے عدم جواز سے قبوں کے عدم جواز پر استدلال کیا ہے تو مزور مسجد کا جواز قبوں کے جواز کی دلیل ہوا۔ ۱۲

[2] فتح الباری جلد ۲ صفحہ ۲۶۱ ؎

Marfat.com

وجه التعليل ان الوعيد على
ذلك متناول من اتخذ قبور
هم مساجد تعظيما ومغالاة
كما صنع اهل الجاهلية جرهم
ذلك الى عبادتهم ويتناول
من اتخذ امكنة وقبورهم
مساجد بان تنبش وترمى
عظامهم فهذا يختص بالانبياء
ويلحق بهم اتباعهم واما
الكفرة فانه لا حرج فى نبش
قبورهم اذ لا حرج فى اهانتهم[1]۔

نیز اس میں ہے :—

وما يكره من الصلاة فى القبور
يتناول ما اذا وقعت الصلاة
على القبر او الى القبر او بين
القبرين وفى ذلك حديث
رواه مسلم من طرق الى
مرثد الغنوى مرفوعا لا تجلسو
على القبور ولا تقبلوا اليها
او عليها قلت وليس هو على

وجہ تعلیل یہ ہے کہ یہ وعید اُن لوگوں
کو شامل ہے جنہوں نے انبیاء و صالحین
کی قبروں کو تعظیماً مسجد بنایا جیسا
کہ اہل جاہلیت کا عمل تھا جس میں
بڑھتے بڑھتے وہ اُن کی عبادت ہی
کرنے لگے اور یہ وعید ان کو بھی
شامل ہے جو صالحین کی قبریں اُکھاڑ
کر اُن کی جگہ مسجدیں بنائیں یہ ممانعت
انبیاء اور اُن کے مُتبعین کے ساتھ خاص
ہے۔ کفار کی قبریں کھودنے میں حرج
نہیں کیونکہ ان کی اہانت میں حرج نہیں۔

قبروں میں نماز کی کراہت جب ہے
کہ نماز قبر کے اُوپر یا قبر کی طرف یا دو
قبروں کے درمیان واقع ہو اور اس
مسئلہ میں ابو مرثد غنوی کی حدیث
امام مسلم نے روایت کی ہے کہ حضور
علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا قبروں
پر نہ بیٹھو۔ ان کی طرف یا ان کے
اوپر نماز نہ پڑھو۔ امام ابن حجر

[1] فتح الباری جلد ۲ صفحہ ۲۶۰ ۔

Marfat.com

شرط البخاری فاشار الیہ فی الترجمۃ واورد معہ اثر عمر الدال علی ان النھی عن ذلک لایقتضی فساد الصلوٰۃ۔[1]

فرماتے ہیں کہ یہ حدیث بخاری کی شرط پر نہیں۔ اس لیے ترجمہ میں اس کی طرف اشارہ کیا اور اس کے ساتھ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا اثر وارد کیا جو دلالت کرتا ہے کہ یہ نہی نماز کے فساد کی مقتضی نہیں۔

ایسا ہی امام بدر الدین ابو محمد محمود بن احمد عینی نے عمدۃ القاری شرح بخاری میں فرمایا اور ایسا ہی حضرت ملا علی قاری نے مرقاۃ المفاتیح شرح مشکوٰۃ المصابیح میں تحریر فرمایا۔ شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ اشعۃ اللمعات شرح مشکوٰۃ میں فرماتے ہیں:۔

والمتخذین علیھا المساجد والسرج لعنت کردہ است رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کسانے راکہ میگیرند بر قبور مسجد ہا یعنی سجدہ برندگان بجانب قبر بقصد تعظیم۔[2]

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان لوگوں پر لعنت فرمائی جو قبروں کے اوپر مسجد بناتے ہیں۔ اس سے وہ لوگ مراد ہیں جو قبر کی طرف بقصدِ تعظیم سجدہ کریں۔

## قبور کے سامنے مساجد ٹھہرا لینے سے کیا مراد ہے؟

مدارج النبوۃ میں ہے:۔

---

[1] فتح الباری جلد ۲ صفحہ ۲۶۰ [2] اشعۃ اللمعات صفحہ ۲۶۶

Marfat.com

مراد از اتخاذ قبور مساجد
سجدہ کردن بجانب قبور است
و ایں ہر دو تقدیر متصور است
یکے آں کہ سجدہ بقبور اند و مقصود
عبادت آں دارند چنانکہ بُت
پرستاں بعبنی پرستند۔
دوم آنکہ مقصود و منظور
عبادت مولیٰ تعالیٰ دارند ولیکن
اعتقاد کنند کہ توجہ بقبور ایشاں
در نماز و عبادت موجب قرب و
رضائے دے تعالیٰ است و موقع
عظیم ست تر و حق تعالیٰ از جہت
اشتمال دے۔ عبادت و مبالغہ
در تعظیم انبیائے دے ایں ہر دو
طریق نامرضی و نامشروع ست
اول خود شرک جلی و کفر صریح
ست و ثانی نیز حرام و ممنوع از
اشتمال بر شرک خفی و بر ہر تقدیر
لعن متوجہ است۔
و نماز کردن بجانب قبر
نبی یا مرد صالح بقصد تبرک و تعظیم

قبروں کو مسجد بنانے سے قبروں
کی طرف سجدہ کرنا مُراد ہے اُس
کی دو صورتیں ہیں۔ ایک یہ کہ خاص
قبروں کو سجدہ کیا جائے اور اُن
کی عبادت مقصود ہو۔ جیسے بُت
پرست کرتے ہیں۔
دوسرے یہ کہ مقصود تو عبادت
الٰہی ہو لیکن اعتقاد یہ ہو کہ نماز و
عبادت میں ان قبور کی طرف مُنہ
کرنا قرب و رضائے الٰہی کا موجب
ہے اور اللہ تعالےٰ کے نزدیک
اُس کا بڑا مرتبہ ہے. کیونکہ یہ اللہ
کی عبادت اور انبیاء کی غایت
تعظیم پر مشتمل ہے یہ دونوں طریقے
ناپسندیدہ اور ناجائز ہیں. پہلا
شرک جلی اور کفر خالص ہے
اور دوسرا شرک خفی پر مشتمل ہے
اور ان میں سے ہر تقدیر پر
لعن متوجّہ ہے.
اور انبیاء و صالحین کی قبروں
کی طرف تعظیم و تبرک کے ارادہ سے

Marfat.com

حرام ست و ہیچ کس را از علماء در آں خلاف نیست اما اگر قریب قبر ایشاں مسجدے بنا کنند تا نماز گزارند توجہ بجانب آں تا برکت مجاورت باآں موضع کہ مدفن جسد مطہر ایشاں ست و نورانیت بامداد نورانیت روحانیت ایشاں عبادت کمال و قبول یابد محظورے دریں جا لازم نمی آید وباکے ندارد ؎

نماز پڑھنا حرام ہے اور علماء میں سے اس میں کسی کو خلاف نہیں لیکن اگر اُن کی قبر کے نزدیک نماز کے لیے کوئی مسجد بنائیں بغیر اس کے کہ نماز میں ان قبروں کی طرف مُنہ کریں۔ اس لیے کہ وہ جگہ جو ان کے جسدِ مطہر کا مدفن ہے۔ اس کی برکت سے اور اُن کی روحانیت و نورانیت کی امداد سے ہماری عبادت کامل و مقبول ہو۔ اس میں کوئی حرج اور کچھ مضائقہ نہیں ؎

ان عبارات سے معلوم ہوا کہ مفتیانِ جدت طراز نے جو مطلب احادیث سے نکالنا چاہا، وہ صحیح نہیں۔ اور انہیں ان احادیث سے استدلال نہیں پہنچتا۔ درمختار میں ہے :-

ولا يجصص للنهى عنه ولا يطين ولا يرفع عليه بناء وقيل لا باس به وهو المختار كما فى كراهة السراجية ؎

اور گچ نہ کریں۔ کہ منع ہے چونہ نہ کریں۔ بلند عمارت نہ بنائیں بعض نے فرمایا حرج نہیں اور یہی مختار ہے اسی طرح سراجیہ میں ہے۔

## تحقیقِ حدیث نمبر ۳

جس میں حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کی اس روایت کا بیان ہے کہ حضور علیہ السلام نے مجھے مامور فرمایا کہ میں جو تصویر پاؤں محو کر دوں

Marfat.com

اور جو قبر بلند پاؤں اس کو برابر کر دوں ۔

اس حدیث سے استدلال کرنے سے قبل مفتی صاحبان پہ لازم تھا کہ وہ یہ ثابت کرتے کہ وہ قبور مسلمانوں کی تھیں۔

دوم یہ کہ برابر کرنے سے کیا مراد ہے۔ آیا بالکل زمین سے ہموار کر دینا کہ نشان بھی باقی نہ رہے تو یہ سُنّتِ مُتوارثہ سے معارض ہے۔

تیسرے یہ کہ تصاویر کا ذکر قبروں کے ساتھ کیا مناسبت رکھتا ہے۔ جب ان امور کو صاف کر لیتے تب انہیں استدلال کی گنجائش تھی۔ اب میں بالاختصار عرض کر دوں۔ یہ بات تو ہر مومن کے لیے یقینی ہے کہ زمانۂ اقدس میں مسلمانوں کی جو قبور بنیں وہ حضور کے علم و اجازت سے کہ عادت شریف دفن میں شرکت کی تھی اور اپنے نیازمندوں کو اپنی شرکت سے محروم نہیں فرماتے تھے۔ تو جس قدر قبور زمانۂ اقدس میں بنیں صحابہ نے بنائیں حضور کی موجودگی میں بنائیں اور موجودگی نہ بھی ہوتی تو صحابہ کوئی کام بے دریافت کیے کب کرتے تھے۔ وہ کون سے مسلمانوں کی قبریں تھیں جو ناجائز طور پر اُونچی بن گئی تھیں اور ان کے مٹانے کا حکم دیا۔ یہ بات بالکل عقل سے باہر ہے۔ البتہ کفار کی قبریں بہت بہت اُونچی بنائی جاتی تھیں۔ جیسا کہ اب بھی نصاریٰ کی قبریں دیکھی جاتی ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے ڈھانے کا حکم دیا۔ کما فی الصحاح اور کفار کی قبریں ڈھانا جائز بھی ہے۔ مسلمانوں کی قبریں ڈھانا توہین ہے۔

## بخاری کی حدیث سے اس کا ثبوت کہ مشرکوں کی قبریں ڈھانے کا حکم سنایا تھا

بخاری شریف میں ہے:
امر النبی صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

بقبور المشرکین فنبشت[1] یعنی حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے مشرکین کی قبروں کے لیے حکم فرمایا وہ اکھاڑ دی گئی۔

یہ کہاں سے کہا جاتا ہے کہ علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کو مسلمانوں کی قبروں کے لیے حکم تھا یا مشرکین کا حکم مسلمانوں پر چسپاں کیا جاتا ہے۔

علامہ ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ فتح الباری جلد ۲ صفحہ ۲۶۰ میں فرماتے ہیں:-

هل تنبش قبور مشركي الجاهلية

**مسلمانوں کے مقابر محترم ہیں انہیں ڈھانا یا انہیں تصرّف کرنا حرام ہے**

ای دون غیرها من قبور الانبیاء واتباعهم لما فی ذلك من الاهانة لهم بخلاف المشرکین فانهم لاحرمة لهم۔

کیا مشرکین جاہلیت کی قبور اکھاڑ دی جائیں یہ جائز ہے۔ عنوان بات یہ تھی علامہ فرماتے ہیں یعنی ماسوا انبیاء اور ان کے متبعین کے کیونکہ ان کی قبریں ڈھانے میں ان کی اہانت ہے۔

دوسری جگہ فرماتے ہیں:-

وفی الحدیث جواز تصرف فی المقبرة مملوکة بالهبة والبیع وجواز نبش قبور الدارسة اذا لم یکن محترمة۔

بخلاف مشرکین کے کہ ان کی کوئی حرمت نہیں۔ یعنی حدیث میں دلیل ہے اس پر کہ جو مقبرہ ہبہ و بیع سے ملک میں آ گیا ہو اسمیں تصرف کیا جائے اور پرانی بوسیدہ قبریں اکھاڑ دی جائیں بشرطیکہ محترمہ نہ ہوں۔

---

[1] فتح الباری جلد ثانی صفحہ ۲۶۱

ان عبارات سے معلوم ہوا کہ مسلمانوں کی قبریں محترم ہیں۔ اُن کو ڈھانا، اُن میں تصرف کرنا ناجائز اور اُن کی اہانت ہے۔ قبریں اُکھاڑنے کا حکم مشرکین کی قبروں کے لیے ہے۔ یہ بِالاِجمال وَالاِقتصار اُن تمام فتووں کی حقیقت ہے جو اخبار ”الجمعیۃ“ اور ”ہمدرد“ میں چھپے ہیں۔

## مولوی سلیمان ندوی کی تحریر کا ردّ

ایک تحریر مولوی سلیمان صاحب ندوی کی اخبار ”زمیندار“ میں چھپی ہے۔ اُنہوں نے قبّوں کے جواز و عدم جواز سے تو بحث نہیں کی مگر وہ اس کے درپے ہیں کہ قُبّے اکثر مفروض ہیں، لیکن ان کی یہ تحریر نجدی کو جرم سے بری نہیں کرتی کیونکہ نجدیوں نے مساجد بھی شہید کی ہیں۔ مولوی صاحب نے یہ بھی بحث فرمائی ہے کہ مسجد جس میں سورۂ جنّ نازل نہیں ہوئی تھی اور مسجد انا اعطینا میں سورۂ اعطینا نازل نہیں ہوئی تھی۔ میں یہ عرض کرتا ہوں کہ یہ بحث چہ معنی دارد۔ اگر یہی فرض کر لیا جائے تو کیا اُن مساجد کا ڈھانا جائز ہو گیا۔ ہندوستان کی کسی مسجد میں کوئی سورت نازل نہیں ہوئی تو کیا یہاں کی تمام مسجدیں شہید کر دی جائیں۔

دوسری بات یہ ہے کہ کسی قبر کا کسی زمانہ میں واقع ہونا آیا یہ مسائل دینیہ اور احکامِ شرعیّہ میں سے کوئی ایسا مسئلہ ہے جس کے لیے حدیث صحیحُ الاَسناد ضروری ہو اور اگر ایسی حدیث نہ ملے تو وہ قبر بھی ثابت نہ ہو۔ ہندوستان میں لاکھوں اولیاء کے مزار ہیں۔ حدیث کے قاعدہ سے کسی کی اسناد محفوظ و مکتوب نہیں تو کیا یہ ان بزرگوں کی قبریں نہیں ہیں۔ اس سے اُن کا ڈھانا جائز ہو جائے گا۔ مسلمانوں کا نسلاً بعد نسل ایک چیز کی

Marfat.com

نسبت خبر دینا کیا مسلمان کے وثوق و اطمینان کے لیے کافی نہیں ہے.
اگر مولوی صاحب ایسا فرمائیں تو صدہا مثالیں ایسی پیش کی جا سکیں گی جہاں مولوی صاحب محض نقل و شہرت پر اعتماد فرما کر احکامِ شرعی جاری کرتے ہوں ۔ البتہ جہاں نقل و مخالف موجود ہو وہاں عذر کی حاجت ہوتی ہے۔ اُس میں بھی جب تک قبر ہونے کا بطلان یقینی نہ ہو جائے۔ اُس کو ڈھانے کا جواز محض ادعا ہے جس کی کوئی سند مولوی صاحب کے پاس نہیں.

## حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی والدہ ماجدہ حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا کی قبر مبارک

حضرت آمنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی قبر مقامِ اَبوا میں بنائی گئی یہ مُسلّم لیکن اس حدیث پر بھی تو نظر رہے جو طبرانی اور ابن شاہین نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی۔

ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم نزل بالجعول کیشیاحزینا وفی روایت وھو باک حزین فاقام بہ ماشاء اللہ ثم رجع مبحرا قال یخاطب عائشۃ رضی اللہ عنہا سالت ربی فاحیالی امی فامنت بی ثم ردّھا۔

یعنی حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم جعول میں ایک اُونچی جگہ ٹھہرے اور اس وقت حضور صلی اللہ علیہ وسلم غمگین تھے اور گریہ فرماتے تھے۔ وہاں کچھ دیر قیام فرمایا اور پھر مسرور واپس تشریف لائے اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے خطاب فرمایا کہ میں نے اپنے پروردگار سے درخواست کی اُس نے میرے لئے والدہ کو زندہ کیا

Marfat.com

پھر وہ مجھ پر ایمان لائیں۔ پھر انہیں واپس کر دیا۔ جحوں مکۂ مکرّمہ کا قبرستان ہے جس کو جنّت المعلیٰ کہتے ہیں۔

اس حدیث سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا کی قبر مکّہ مکرّمہ میں ہے۔ اس میں علماء نے اس طرح تطبیق دی ہے۔

وقیل جمعا بین الروایتین انها دفنت اولاً بالابواء ثم فبشت ونقلت الی مکّۃ ودفنت بالجحول۔

کہ پہلے اَبُوَاء میں دفن کی گئیں۔ پھر وہاں سے مکّہ کی طرف نقل کر کے جحوں میں دفن کی گئیں[1]

حرمین طیبین کی طرف اموات کو نقل کرنا، وہاں کے برکات حاصل کرنے کے لیے سلف میں بہت ہوا ہے۔ اب اس قبر کا انکار اور اس پر مضحکہ اپنا ہی مضحکہ ہے۔

## مقام میلادِ اقدس

مکانِ میلاد کی نسبت مولوی صاحب نے بہت تہذیب کے خلاف دل آزار الفاظ استعمال کیئے ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادتِ شریفہ کا تذکرہ ان لفظوں میں کیا ہے "کہ یہ مقام ہے جہاں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے شکمِ مادر سے گر کر اس سطحِ خاکی کو مشرف فرمایا تھا" (نقلِ کُفر کُفر نباشد) گرنے کا لفظ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے استعمال کرنا ایماندار سے کس طرح متصوّر ہو۔ کیا جراُت ہے کہ یہ کلمہ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے استعمال کیا گیا۔ یہ ایمان ہو تو آثارِ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کا مٹانا کچھ تعجب

---

[1] آثارِ محمدیہ وسیرۃ نبویہ للعلامہ سید احمد زینی دحلان مکّی رحمۃ اللہ علیہ۔

Marfat.com

نہیں۔ مولدِ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا مکان بزرگانِ اسلام اور علماءِ دین کی زیارت گاہ رہا ہے۔ اور وہ اس سے تبرّک حاصل کرتے رہے ہیں۔ مولوی صاحب کا تمسخر اس کی تکذیب کے لیے نص نہیں ہو سکتا وہ کہتے ہیں کہ سیر کی کتابوں میں تذکرہ نہیں ہے۔ میں کہتا ہوں کہ سیر کی کتابوں کا مطالعہ کریں۔ ان میں خوب تذکرہ ہے نہ ملے تو مجھ سے دریافت کریں، میں حوالہ بتاؤں گا۔ افسوس تعصب میں یہ حال ہے کہ ایسے زبردست واقعات کا انکار کر دیا جاتا ہے۔ آپ نے ابن سعود کی تائید میں بہت زور کی جو بات کہی وہ یہ ہے کہ ان کو یعنی مسلمانوں کو چاہیے کہ وہ آگے بڑھ کر ابن سعود کے بدّو افسروں کا نہیں بلکہ پیکرِ اسلام محیٔ سنت حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ہاتھ پکڑیں۔ جنہوں نے شجرۂ رضوان، جس کے نیچے بیٹھ کر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حدیبیہ میں بیعت رضوان لی تھی۔ کلہاڑی چلائی اور اس کو کاٹ کر پھینک دیا۔

## کیا امیر المومنین حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اصلی شجرۃُ الرضوان کو کاٹنے کا حکم دیا تھا؟

بات آدمی کو تحقیق سے کہنی چاہیے اور کسی معاملہ میں جتنے پہلو ہوں، اُن سب کو ظاہر کرنا چاہیے۔ یہ نہیں کہ اپنے مطلب کے لیے واقعہ کی شکل مسخ کر دی جائے۔ حدیث شریف میں ہے:۔

| | |
|---|---|
| عن سعید بن المسیب عن ابیه قال لقد رأیت الشجرة ثم اتیتها بعد عام فلم اعرفها وروی عن عمر | یعنی سعید بن مسیّب رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے شجرۂ رضوان کو دیکھا تھا پھر میں ایک سال بعد آیا، اسکو نہ پہچانا۔ |

Marfat.com

بذلك المقام بعد ان ذهبت الشجرة فقال این کانت فجعل بعضهم یقول ههنا و بعضهم یقول ههنا فلما کثر اختلافهم قال سیروا ذهبت الشجرة۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ وہ اس جگہ پر گزرے بعد اس کے کہ شجرہ جاتا رہا تھا۔ جب اُن میں زیادہ اختلاف ہوا تو فرمایا کہاں تھا بعض کہنے لگے کہ یہاں اور بعض کہنے لگے کہ یہاں۔ جب اُن میں زیادہ اختلاف ہوا تو فرمایا چلو درخت جاتا رہا۔

اس میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا تجسس فرمانا، مولوی صاحب سوچیں، کیا بتاتا ہے علامہ اسمٰعیل حقی، تفسیر روح البیان میں فرماتے ہیں :۔

بلغ عمر بن الخطاب رضی الله عنه فی زمان خلافته ان ناسًا یصلون عندها فتوعدهم وامر بها فقطعت خوف ظهور البدعة۔ انتھی۔ وروی الامام النسفی فی التیسیر انها عمیت علیهم من قابل فلم یدروا این ذهبت یقول الفقیر یمکن التوفیق بین الروایتین بانهم لما عمیت علیهم ذهبوا یصلون تحت الشجرة علی ظن انها هی شجرة البیعة فامر عمر رضی الله عنه بقطعها وفی کشف النور لابن النابلسی اما قول بعض المغرورین باننا نخاف علی العوام اذا اعتقدوا اولیاء وعظموا قبره والتمسوا البرکة والمعونة منه ان یدرکهم اعتقاد ان الاولیاء تؤثر فی الوجود

Marfat.com

مع اللہ یکفرون ویشرکون باللہ تعالیٰ فننهاهم عن ذالك ونهدم قبور الاولیاء ونرفع البنایات الموضوعة علیها ونزیل الستور عنها ونجل اهانة الاولیاء ظاهرا حتی تعلم العوام الجاهلون ان هؤلاء الاولیاء لو کانوا مؤثرین فی الوجود مع اللہ تعالیٰ لدفعوا عن انفسهم هذ الاهانة التی نفعلها معهم فاعلموا ان هذا الصنیع کفراً صراحً ماخوذ من قول فرعون علی ما حکاه اللہ تعالیٰ لنا فی کتابه القدیم وقال فرعون ذرونی اقتل موسیٰ ولیدع ربه انی اخاف ان یبدل دینکم او ان یظهر فی الارض الفساد وکیف یجوز هذا الصنیع من اجل الامر الموهوم وهو خوف الضلال علی العامة انتهی۔

یعنی حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو اپنے زمانۂ خلافت میں خبر پہنچی کہ لوگ شجرۃُ الرضوان کے پاس نماز پڑھتے ہیں۔ آپ نے انہیں دھمکایا۔ اور آپ کے حکم سے وہ درخت کاٹا گیا بخوفِ ظہورِ بدعت۔ امام نسفی رحمۃ اللہ علیہ نے تیسیر میں روایت کیا کہ اگلے سال وہ درخت گم ہوگیا اور کسی نے نہ جانا کہ کہاں گیا: علامہ فرماتے ہیں کہ دونوں روایتوں میں موافقت کی یہ صورت ہے کہ جب وہ اصلی درخت ناپدید ہوگیا تو لوگ اس گمان سے اور درخت کے نیچے نماز پڑھنے لگے کہ وہ ہی درختِ بیعت ہے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اُس درخت کے کاٹنے کا حکم دیا (یعنی جس کو

Marfat.com

لوگوں نے غلط طور پر درخت بیعت گمان کیا تھا نہ کہ اصلی درخت کو) ابن نابلسی کی کشف النور میں ہے بعض مغروروں کا یہ کہہ دینا کہ "ہمیں خوف ہے کہ عام لوگ کسی ولی کے معتقد ہو جائیں اور اُس کی قبر کی تعظیم کریں۔ اور اس سے برکت و مدد طلب کریں تو وہ اس اعتقاد میں گرفتار ہو جائیں گے کہ وہ اولیاء وجود میں اللہ تعالیٰ کے ساتھ مؤثر ہیں۔ یعنی کسی چیز کے پیدا کرنے میں اس کے ساتھ شریک ہیں تو کافر و مشرک ہو جائیں گے۔ ہم اُن کو اس سے منع کرتے ہیں اور اولیاء کی قبریں ڈھاتے ہیں اور جو عمارتیں اُن پر بنائی گئی ہیں اُن کو دُور کرتے ہیں اور چادریں ہٹاتے ہیں۔ اور اولیاء کی ظاہری اہانت کرتے ہیں تاکہ عام جاہل جان لیں کہ اگر یہ اولیاء اللہ کے ساتھ وجود میں مؤثر ہوتے تو اپنی ذات سے اس اہانت کو دُور کر دیتے جو ہم اُن کے ساتھ کرتے ہیں"؛

تو جاننا چاہیے کہ یہ فعل (یعنی اس مقصد سے قبریں ڈھانا اور اُن کی اہانت کرنا) کفر خالص ہے جو فرعون کے اس مقولہ سے ماخوذ ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب قدیم میں نقل فرمایا کہ "مجھے چھوڑو کہ موسیٰ کو قتل کر ڈالوں۔ اور انہیں چاہیئے کہ وہ اپنے رب کو پکاریں۔ میں ڈرتا ہوں کہ وہ تمہارے دین کو بدل دیں یا زمین میں فساد ظاہر کریں"۔ اور یہ فعل یعنی قبریں ڈھانا ایک اَمرِ موہوم یعنی عوام کی گمراہی کے خوف سے کیونکر جائز ہو سکتا ہے۔ اب مولوی صاحب اِس میں غور فرمائیں۔ تفسیر میں پورا مسئلہ بیان کر دیا گیا ہے جس کے وہ درپے ہیں۔ اور مولوی صاحب کے خیالِ فاسد

Marfat.com

کا پورا رد آگیا ہے اللہ تعالیٰ راہِ راست دکھائے۔ آمین!

کتبہ
العبد المعتصم بحبل اللہ المتین محمد نعیم الدین

تمت

# تقریظ

## مفتیٔ اعظم ہند حضرت علامہ مفتی محمد مصطفےٰ رضا خاں قادری علیہ الرحمہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ رب العلمین والصلوٰۃ والسلام علی المرسلین لا سیما علیٰ افضلھم سیدنا ومولٰنا محمد خاتم النبیین واٰلہ الطیبین وصحبہ الطاھرین وازواجہ الطاھرات امھات المومنین وعلماء ملتہ واولیاء امتہ الراشدین المرشدین الھادین المھدین خصوصًا الامام الھمام سیدنا سید الاعلام امامنا الاعظم وحضرۃ قطب الاقطاب غوث الاغوات محی الملۃ والدین وسائر الائمۃ اجمعین۔

فقیر نے یہ رسالہ ہدایت قبالہ مصنفہ حضرۃ الفاضل الجلیل والعالم النبیل الالمعی اللوذعی الفطین اوستاذ العلماء مولانا المولوی الحافظ الحکیم محمد نعیم الدین خصھم اللہ تعالیٰ بمزید العلم والصدق والیقین

Marfat.com

وجعلہم کاسہم نعیم الدین و معین الدین و منیح الدین دیکھا بحمداللہ تعالیٰ
اُسے طالب حق کے لیے کافی و وافی اور ہزلیات ہر معاند کا نافی اور
مرضِ نجدیت کے لیے دواء شافی پایا۔ مولیٰ تعالیٰ حضرت مصنّف کو جزائے
خیر عطا فرمائے اور اس رسالہ کو مسلمانوں کے لیے نافعہ بنائے آمین !

حضرت مولانا زید فضلہ نے مُفتیان نجدیہ و ندویہ کے خیالاتِ خام
اور باطل اَوہام کی خوب خوب صَفر اشکنی فرمائی ہے۔ نہایت وضاحت
سے ان کی سفاہتوں، وقاحتوں کو طشت اَز بام فرمایا ہے۔ اُن کا کوئی
شبہہ ایسا نہیں رہا جس پر کافی نقض و ابرام نہیں فرما دیا ہے۔ یہ مختصر
مگر نہایت جامع رسالہ ازہاق باطل و دفع ظُلماتِ نجدیاں گمراہ و غافل
کے لیے حق کا آفتاب نصفُ النّہار ہے۔ ہر مصنّف پر یہ مبارک رسالہ دیکھ
کر ان نجدیوں وندویوں کی ذلیل ترین حرکات کیادی و مکاریٔ فریب
دہی و غداری جیسی گندی صفات روشن و آشکار۔ اگرچہ علماء اہل سُنّت
کثّرہمُ اللہ تعالیٰ و شکر سَعیہُم نے مسئلہ کو واضح فرمادیا اور اب کوئی
ادنیٰ خفا باقی نہ رہا۔ ہر مخالف دریدہ دَہن کے مُنہ میں پتھر دے دیا۔
اور اس کے لیے مجال دم زدن و بارائے لب جنبانیدن نہ رکھا۔ مگر
اب بھی یہ دعوےٰ سے کہا جا سکتا ہے کہ اس مسئلہ پر اُس کے علاوہ جو
اُن علمائے کرام نے تحریر فرمایا جُز کے جُز لکھے جا سکتے ہیں۔ مگر کیا ضرورت
ہے کہ اگر در خانہ کس ست ایک حرف بس است۔ اور مُعاندین کے
لیے دفتر بیکار کہ وہ تو سب کچھ دیکھ سُن کر بہرے اندھے بنتے ہیں۔
اور جلوۂ حق سے اپنی مریض آنکھوں میں چکا چوند پا کر انہیں خوب میچ
لیتے اور ظلمت کے گروہوں میں گرتے ہیں اور جس زبُوں حال میں

Marfat.com

خود ہیں، دوسروں کو بھی اُسی میں مبتلا دیکھنا چاہتے ہیں خود حق سے اندھے ہیں اور دوسروں کی آنکھوں میں بھی خاک اوپلیج کر اپنی طرح گنگوہی بنانا چاہتے ہیں۔

جامعہ ملّیہ کے مفتی عبدالحی صاحب نے تو وہ اندھا دُھند کیا ہے کہ توبہ ہی بھلی ہے

گر ہمیں جامع ست واں مفتی ٭ کار فتویٰ تمام خواہد شد

جس کی حالت یہ ہو کہ اپنے صریح مخالف عبارتیں اپنے موافق جان کر نقل کرے۔ زہر پیئے اور شہد سمجھے، وہ اور فتوے۔ جامعہ ملّیہ کا مفتی ایسا ہی ہونا چاہیے۔ آپ کا دعویٰ باطل تو یہ ہے کہ قُبّے بنانا قرآن وحدیث وفقہ کی نظر میں ناجائز اور حرام اور ہر قبر وقُبّہ واجبُ الاِنہدام ہے اور ابن سعود نے جس قدر قبّوں کو مُنہدم کیا ہے۔ وہ بالکل کتابُ سنّت کے مطابق کیا ہے۔ مگر ہر آنکھ والا دیکھ رہا ہے کہ اُنہوں نے قرآنِ عظیم کی کوئی ایک آیت ایسی نہیں پیش کی جس میں قُبّوں کی حُرمت کا کوئی ذکر ہو۔ بلکہ جو آیت پیش کی ہے وہ، وہ ہے جس سے حضرت علّامہ شہاب خفاجی قدس سرہ نے ان کے جواز پر استدلال فرمایا ہے اگرچہ ابن کثیر وآلوسی وابن تیمیہ سے انہوں نے اس پر ردّ بھی نقل کر دیا مگر اس سے کیا اتنا ہے کہ ان کے نزدیک ابن کثیر وغیرہ کے قول سے حرمت نکلی۔ یہ ابن کثیر وابن تیمیہ کے دامنوں میں کیوں چھپتے ہیں۔ ان میں کچھ دَم ہے تو قرآنِ عظیم کی کسی آیت سے قُبّوں کی حُرمت ثابت کریں اور کتاب کریم سے اُن کا واجبُ الاِنہدام ہونا دکھائیں۔ مگر ہم کہے دیتے ہیں کہ قیامت تک قرآن عظیم کے کسی ایک حرف سے بھی اپنا باطل دعویٰ

Marfat.com

ثابت نہ کر سکیں گے۔ تیرھویں صدی کے آلوسی نے حضرت علامہ شہاب خفاجی پر جو ردّ کیا اُس کا حاصل تو صرف اِتنا ہے کہ اِس آیت سے قبّوں پر استدلال صحیح نہیں۔ بالفرض اُس کی یہ بات قابل قبول ہو۔ تو آپ کا باطل دعویٰ قرآن سے کیونکر ثابت ہوا۔

یونہی ہر عقل والا سمجھ رہا ہے کہ جو احادیث نقل کی گئیں۔ اُن میں حُرمتِ قبہ سے کوئی علاقہ نہیں۔ قبّوں کا ان میں کہاں ذکر ہے دعویٰ یہ کہ قبہ بنانا ناجائز ہے۔ دلیل یہ ہے کہ حدیث میں ہے کہ قبر کو سجدہ گاہ نہ ٹھہراؤ۔ اور حدیث میں ہے کہ کوئی قبر اُونچی نہ چھوڑو۔ اگر یوں کتاب و سُنّت سے اپنے دعاوی ثابت کیے جائیں تو وہ کونسا باطل دعویٰ ہے جس کا اہل باطل قرآن و حدیث سے ثبوت نہ دے لیں گے۔

رہی فقہ آپ نے اُس پر جو کچھ ظلم ڈھایا ہے وہ بھی کسی سمجھ دار سے مخفی نہیں۔ دعویٰ تو یہ ہے کہ مطلقاً قبہ بنانا حرام اور ہر قبہ واجبُ الانہدام اور دلیل میں وہ عبارتیں پیش کی جاتی ہیں جو اُن عمارتوں سے متعلق ہیں جو قبرستان وقف میں بنائی جائیں۔ یا ملکِ غیر میں بے اذن مالک بنی ہوں۔ یا اپنے ملک میں محض بے فائدہ بنائی گئی ہوں۔ صرف احکام کے لحاظ سے تعمیر کی گئی ہوں۔ یا محض زینت و تفاخُر کے لیے بنی ہوں۔ علماء کرام قدست اسرارہم کی ان عبارتوں میں زینت و احکام وغیرہ الفاظ دیکھ کر ان سے آنکھ چُرا جانا۔ سچ کہنا کتنے بڑے حیادار کا کام ہے۔

لُطف یہ ہے کہ وہ بھی صرف قبّوں کے متعلق نہیں بلکہ ان میں مساجد مدارس کا بھی ذکر ہے۔ کیوں صاحب مدارس و مساجد کے الفاظ دیکھ کر بھی جو یہ نہ سمجھے کہ ان عبارات کا محمل کیا ہے وہ کتنا بلید و نافہم ہے اور اگر

Marfat.com

سمجھ کر اُلٹی کہے تو کیسا عنید و ہٹ دھرم ہے۔ اگر آپ کی یہ بات مان لی جائے تو ہم آپ سے یہ دریافت کرتے ہیں کہ آپ نے ان عبارات سے مطلقاً قبوں کا حرام و واجب الانہدام ہونا تو ثابت کرنا چاہا۔ مگر جب کہ مساجد و مدارس کا بھی ان میں ذکر تھا تو اُس سے کیوں کنی بچا گئے۔ یوں آپ پر لازم ہے کہ جس طرح حرمتِ قبہ کا اعلان کیا ہے اسی طرح آپ علی الاعلان یہ کہتے کہ قرآن و حدیث و فقہ ائمہ اربعہ کی رو سے مدارس و مساجد بنانا حرام اور جو بنے ہوتے ہوں اُن کا مسمار کر دینا اور اُن کے آثار مٹا دینا لازم کیوں ہے صلاح کیا آپ یہ اعلان کرائیں گے اور نہیں تو دیو بند و جامعہ ملیہ اور ایسے ضلالت کے جو اور مدارس ہوں ان کے قلع قمع میں تو اہلِ سُنت بھی آپ کا ساتھ دیں گے اور اگر کسی دینی مدرسہ کا آپ نے رُخ کیا تو وہ اپنے دینی بھائیوں کے ساتھ ہوں گے۔ آپ نے ابنِ تیمیہ سے اِستدال کی زحمت کیوں گوارا کی۔ سرے سے یونہی کیوں نہ کہہ دیا کہ یہ سب کچھ حرام و شرک ہے۔ اس لیے کہ ہمارا امام محمد بن عبدالوہاب نجدی اپنی کتاب التوحید میں اس کی تصریح کرتا ہے ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔

**مسلمانوں** کو اطمینان رکھنا چاہیے کہ وہ جس راہ پر گامزن ہیں وہ بالکل صحیح و درست اور نہایت پاک و صاف راہ ہے۔ انہیں ان وہابیوں ندویوں کے فریبوں، کیدوں، مکاریوں سے دھوکے میں نہ پڑنا چاہیے۔ جن علماء نے منع فرمایا ہے اور جنہوں نے اجازت دی ہے اُن میں کوئی اختلاف نہیں جسے وہ منع کرتے ہیں اُسے یہ بھی جائز نہیں کہتے۔ جو حضرات منع کرتے ہیں وہ وہاں منع فرماتے ہیں۔ جہاں

Marfat.com

وُجوہِ منع سے کوئی وجہ منع پائی جائے کہ غیر کی ملک میں بے اجازت تعمیر ہو یا قبرستان وقف میں بے شرط واقف عمارت بنائی جائے یا صرف تفاخر و زینت کے لیے بنائیں یا محض بے فائدہ ایسا کریں اور جہاں یہ کچھ نہ ہو وہاں کیوں ممنوع ٹھہرائیں اور جبکہ علمائے کرام نے اُس کی تصریح فرمادی کہ جواز ہی مختار و مرجح و مفتیٰ بہ ہے تو اب کسی کو کیا گنجائش کلام ہے اور جواب بھی محض بزورِ زبان مخالفت کی جائے تو اس کا قول کیا قابلِ التفات ہو۔ اب آخر میں ہم بعض وہ عبارات جو نظر حاضر میں ہیں پیش کریں۔

ملتقی الابحر اور اس کی شرح مجمع الانہر میں ہے :۔

یکرہ الآجر و الخشب ای کرہ ستر اللحد بھما وبالحجارۃ والجص لکن لوکانت الارض رخوۃ جاز ویسنم ای یرفع القبر استحبابا غیر مسطح قدر شبر فی ظاہر الروایۃ وفیہ اباحۃ الزیادۃ ویکرہ بناؤں بالجص والآجر والخشب لقولہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم صفق الریاح وقطر الامطار علی قبر المؤمن کفارۃ لذنوبہ لکن المختار ان التطین غیر مکروہ وکان عصام بن یوسف یطوف حول المدینۃ ویعمر القبور الخربۃ کما فی القہستانی وفی الخزانۃ لا باس بان یوضع حجارۃ علی راس القبور ویکتب علیہ شیٔ وفی النتف کرہ ان یکتب علیہ اسم صاحبہ اھ مختصرًا۔

Marfat.com

بدائع امام ملک العلماء ابوبکر مسعود کاشانی قدس اللہ سرہ النورانی میں ہے :-

روی ان عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما لما مات بالطائف صلی علیہ محمد بن الحنفیۃ وجعل قبرہ مسنما وضرب علیہ فسطاطا اھ مختصراً۔

تاتارخانیہ پھر عالمگیریہ میں ہے :- اذا خربت القبور فلا باس بتطیینھا۔

جواہر الاخلاطی میں ہے :- وھو الاصح وعلیہ الفتویٰ۔

کفایہ میں ہے :- وان اھیل علیہ التراب لا باس بالحجر والآجر وکذا علی لقبران احتیج الی الکتابۃ وفی الجامع الصغیر لقاضی خان رحمۃ اللہ علیہ لا باس بکتابۃ شیئ او بوضع الاحجار علی القبر لیکون علامۃ۔ خاص قبوں کے متعلق تو امام ابن حجر مکی نے نص فرمادی.... کہ علماء و اولیاء و صلحاء کے مزارات طیبہ پر قبہ بنانا قربت ہے کما فی مصباح الانام۔

حضرت علامہ حافظ ابن حجر عسقلانی فتح الباری شرح صحیح بخاری میں فرماتے ہیں :-

ضرب الفسطاط ان کان لغرض صحیح کالتستر من الشمس للحی لا لاظلال المیت فقد جاز۔

اسی میں ہے :-

اذا علی القبر لغرض صحیح لا لقصد المباھات جاز۔

Marfat.com

ان دونوں اماموں حضرت ابن حجر عسقلانی و علامہ ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہما نے تو ان مُنہ زوروں کے مُنہ میں پتھر دے دیا ہے۔ یہ متبعین شیخ نجدی، جس علت سے قبّوں و مزاروں کے قلع قمع کے درپے ہیں، علمائے کرام اُسی علت سے اُن کے جواز بلکہ استحباب کا فتوٰی دیتے ہیں۔

محبوبانِ الٰہی و مقبولانِ بارگاہِ رسالت پناہی سے جلنے والے اسی لیے تو منع کرتے ہیں کہ اس میں اُن کی تعظیم ہے اور علماء انہیں اس لیے جائز بلکہ قربت فرماتے ہیں ملاحظہ ہو تفسیر رُوح البیان بناء القبات علی قبور العلماء والاولیاء والصلحاء امر جائز اذا قصد بذلک التعظیم فی اعین العامۃ حتی لایحتقروا صاحب ہذا القبر۔

یہ دشمنِ دین و ایماں جو آج اس تعظیم محبوبانِ خدا کی وجہ سے ان کے مزاراتِ طیبہ کھود ڈالتے ہیں اور اُن کا ہدم واجب ٹھہراتے ہیں۔ خیریت ہوئی کہ انہیں اب تک یہ معلوم نہ ہوا کہ نمازِ جنازہ میں بھی تعظیمِ میت ہے اور وہ اسی لیے مشروع ہوئی ہے اسی واسطے کافر و باغی و قطاعُ الطریق جن کی اہانت لازم ہے۔ اُن کے جنازہ کی نماز نہیں ہوتی۔ اگر اس طرف انہوں نے توجہ کی تو یہ فرض کفایہ نمازِ جنازہ کو بھی حرام و شرک ٹھہرائیں گے۔ بدائع امام ملکُ العلماء میں ہے:- ھذہ الصلاۃ شرعت لتعظیم المیت ولھذا تسقط من یجب اھانتہ کالباغی والکافر وقاطع الطریق۔

اللہ تعالٰی مسلمانوں کو ہر فتنہ سے محفوظ رکھے۔ آمین!

فقیر مصطفٰے رضا قادری رضوی بریلوی عفی عنہ

(تصحیح کردہ: حضرت مفتی محمد اعجاز الولی الرضوی علیہ الرحمۃ)

Marfat.com

# مزاراتِ اولیاء کرام پر گنبد بنانے کے بارے میں
# مفتیٔ اعظم پاکستان
# حضرت علامہ مفتی ابوالبرکات سیّد احمد قادری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ
# کا فتویٰ مبارکہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

مزاراتِ طیبہ اولیاء کرام و علمائے عظام پر بنائے قبہ سلف سے اب تک معمول ہے۔ مجمع بحار الانوار جلد ۲ صفحہ ۲۸۷ میں ہے :-

قد اباح السلف ان یبنی علی قبور المشائخ والعلماء المشاہیر لیزورھم الناس ویستریحون بالجلوس فیہ الخ

بیشک سلف نے بزرگوں یعنی علماء کرام و اولیائے عظام کی قبور پر عمارت بنانے کو جائز رکھا ہے کہ لوگ ان کی زیارت کریں اور اس میں آرام کریں۔

نیز علامہ اسمٰعیل حقّی حنفی اپنی تفسیر روح البیان جلد اوّل صـ ۸۶۹ "کشف النور عن اصحاب القبور" سے نقل فرماتے ہیں :-

ان البدعۃ الحسنۃ الموافقۃ لمقصود الشرع تسمّی سنۃ فبناء القباب علی قبورِ العلماء

بے شک بدعتِ حَسَنہ جو موافق ہو، مقصودِ شرع کے، اس کا نام سُنّت ہے تو بنانا قُبّوں کا،

---

بنائے قُبہ : گنبد بنانا ، سلف : قدیم بزرگانِ اسلام ؛

Marfat.com

والاولياء والصلحاء وضع الستور والعمائم والثياب على قبورهم امر جائز اذا كان القصد بذالك التعظيم فى اعين العامة حتى لا يحتقروا صاحب هذا القبر۔

مزاراتِ علماء اولیاء صلحاء پر اور لٹکانا پردوں کا اور رکھنا عماموں کا اور ان کی قبروں پر، امر جائز ہے جبکہ اس کے ساتھ تعظیم اولیاء و علماء مقصود ہو تاکہ عوام الناس مزاراتِ اولیاء کرام و علماء عظام کی توہین و تحقیر نہ کریں۔

اخیر میں فرماتے ہیں :-

لا ینبغی النھی عنه۔ یعنی اس کام سے روکنا نہ چاہیے۔

نیز علامہ ابن عابدین شامی قدس سرہٗ السامی ردالمحتار جلد اول میں فرماتے ہیں :-

لا یکره البناء اذا کان المیت من المشائخ والعلماء والسادات الخ

بناء علی القبور مکروہ نہیں ہے، جبکہ میت مشائخ یا علماء و سادات سے ہو۔

علامہ شیخ احمد طحطاوی حاشیہ مراقی الفلاح میں لکھتے ہیں :-

لا بأس به ھو المختار۔ مذہب مختار یہی ہے کہ اس بناء (قبہ یا بیت) میں کوئی مضائقہ نہیں

علامہ عبدالوہاب شعرانی قدس سرہٗ الربانی، میزان کبریٰ صفحہ ۲۵۹ میں قبور پر عمارت بنا، امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کا قول نقل فرماتے ہیں :-

قول ابی حنیفه بجواز ذالك الخ وَاللّٰہُ تَعَالٰی اَعْلَم۔

حررہ العبد رحمۃ اللہ القوی۔ ابو البرکات سید احمد قادری رضوی الوری
نائب صدر حزب الاحناف ہند، لاہور

---

عمارت بناء : عمارت بنانے کے متعلق ÷

Marfat.com

# اَولیاء وصلحاء کے مزاراتِ مقدّسہ

# پر گنبد بنانے کے جواز پر دلائل و براہین

## اِستفتاء

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کیا فرماتے ہیں عُلماءِ دین اور مُفتیانِ شرع متین اندریں صُورت کہ ابن سعود نجدی وہابی نے اور اُس کے حُکم سے اُس کے سپہ سالار خالد علیہما ما یستحقہا نے جو مقابر و مساجد جیسے مسجد جنّ، مسجد جبل نور اور مشاہد متبرکہ کی توہین کی، اُن کو مُنہدم کیا۔ اُم المؤمنین حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کے قبّہ کو گرا کر اُن کی قبر مبارک میں گولیاں چلائیں اور حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کو مخاطب کر کے کہا کہ بہت دن پُوجی گئی ہے اب قبر سے نکل کر ہمارے ساتھ کر اگر کچھ کر سکتی ہے۔

یہی معاملہ طائف میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے قُبّہ اور قبر کے ساتھ کیا گیا۔ قُبّۂ مولد النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے گرانے کے وقت خالد شقی نے کہا کہ اُس عورت یعنی حضرت آمنہ رحمہا اللہ نے یہاں وہ بچہ یعنے سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم جنا تھا لہذا یہ جگہ ناپاک نعوذ باللہ گرانے کے قابل ہے اور اب اُس مقام متبرک کو پیشاب پاخانے کی جگہ بنا رکھی ہے۔ اسی طرح اور بہت سے اُس ظالم شقی کے مظالم ہیں جو اہل دہلی اور قصور وغیرہ کے اشتہارات اور

Marfat.com

بمبئی وغیرہ کے اخبارات اہلسنت سے ظاہر ہیں اور چشم دید واقعات مذکورہ اور بعض دہلی کی معتبر مطوف وغیرہ سے سُنے ہوئے بتواتر معتبر حاجیوں نے بیان کئے ہیں اور بعض اُنہیں مظلوم حاجیوں نے مشتہر کیے ہیں اور جلسہ فیروز پور اور مسجد وزیر خاں مرحوم میں بیان کیے ہیں اور خلافت کمیٹیاں جواب تک ان واقعات کو چھپا رہی تھیں اب وہ بھی کچھ ایچ پیچ سے اُن مظالم کا اقرار کر رہی ہیں مگر اخبار زمیندار تمام مظالم کا اقرار کر کے غیر مقلدین سے بھی دو قدم آگے چل رہا ہے اور وہ ان مقامات مقدسہ کو (نعوذ باللہ) مثل لات عزّیٰ اور بتوں کے استھانوں کے قرار دے کر نجدی مظالم کی عین اتباعِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بتا رہا ہے اور غیر مقلدین تو دوسرے مظالم نجدی اور توہین مشاہد سے مُنہ چھپا کر فقط اونچی قبروں کی اور قبّوں کے گرانے پر بہت سی عبارات کتب فقہ نقل کر کے غالباً اپنی بے سمجھی یا حق پوشی سے بذریعہ اشتہار مسلمانوں کو بہکا رہے ہیں۔

لہذا مفصّل مطلع فرمائیے کہ اِن عبارات مندرجہ اشتہار راولپنڈی کا جس کی سُرخی "قبّے اور حنفی علمائے کرام" ہے، کیا مطلب ہے۔ اور پھر اُن مظالم نجدیہ سے مفصّل اطلاع دی جاوے کہ وہ مظالم فی الواقع مظالم اور مخالف شریعت ہیں یا موافق شریعت اور عین انصاف۔ بَیِّنُوْا تُوْجَرُوْا۔

# الجواب

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ اَلْحَمْدُ لِوَلِیِّہٖ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِہٖ وَنَبِیِّہٖ وَاٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَذُرِّیَّتِہٖ۔

Marfat.com

صورتِ مسؤلہ میں سب سے زیادہ قابلِ تحقیق مسئلہ اُونچی قبروں اور قبّوں کا ہے اور دوسرا مسئلہ انہدام مشاہدِ متبرّکہ مثل قبۂ مولد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اور تیسرا مسئلہ توہینِ قبور اولیاء اللہ اور صحابۂ کرام اور اُمّہات المومنین اور چوتھا مسئلہ انہدام مساجد متبرّکہ مثل مسجد جنّ اور مثل جبلِ نور کا۔

لہٰذا اس رسالہ کو چار باب پر منقسم کر کے باب اوّل میں تحقیق مسئلہ قبور مشرفہ اور قبّوں کی کی جاتی ہے :- واللہ ولی التوفیق نعم المولی ونعم الرفیق۔ اللھم ارنی الحقّ حقّاً والباطل باطلاً اللھم ربّ زدنی علماً بموجبِ حدیثِ صحیح اِنّما الاعمال بالنیات یعنے عملوں کا بدلہ بحسبِ نیت مرتب ہوتا ہے۔ بعض احادیث صحیحہ سے جواز اونچی قبر بنانے اور اُس پر مکان بنا کر اُس مکان میں ادب سے رہنے اور آسائش سے تلاوتِ قرآن مجید وغیرہ پڑھ کر صاحبِ قبر کو ثواب بخشنے کا ثابت ہوتا ہے اور بعض سے بخوفِ پرستش اُونچی قبروں کے برابر کر دینے اور قبّوں کے گرانے کا بخوف بے ادبیٔ اہلِ قبور اولیاء انبیاء لوگوں کو اُن میں مثل گھروں کے بے تکلف رہتا دیکھ کر۔

چنانچہ سنن ابی داؤد جلد سوم صفحہ ۲۰۲، مطبوعہ مطبع انصاری مع عون المعبود میں ہے :-

عن المطلب قال لما مات عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ اخرج بجنازته فدفن فامر النبی صلی اللہ علیہ وسلم رجلاً ان

(ترجمہ) حضرت مطلب سے روایت ہے فرماتے ہیں جب حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ کا انتقال ہوا اور اُن کا جنازہ نکالا گیا پھر

Marfat.com

بأيته بحجر فلم يستطع حمله فقام اليها رسول الله صلى الله عليه وسلم وحسر عن ذراعيه قال كثير قال المطلب قال الذى يخبرنى ذالك عن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال كانى انظر الى بياض ذراعى رسول الله صلى الله عليه وسلم حين حسر عنهما ثم حملها فوضعها عند رأسه وقال اتعلم بها قبر اخى وادفن اليه من مات من اهلى

اور صفحہ ۱۸۱ کتاب الجنائز تعلیقات بخاری شریف میں ہے: قال خارجة بن زيد رأيتنى ونحن شبان فى زمن عثمان رضى الله عنه وان اشدنا وثبة الذى يثب قبر عثمان بن مظعون حتى يجاوزه۔

دفن کر دیئے گئے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو فرمایا اُس بڑے پتھر کو اُٹھا لاؤ۔ اُن سے نہ اُٹھ سکا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم دونوں آستینیں چڑھا کر کھڑے ہوئے۔ کثیر نے جو اس حدیث کی سند کی ایک راوی ہیں فرماتے ہیں کہ حضرت مطلب نے فرمایا کہ جس نے مجھ کو یہ خبر سنائی فرماتے ہیں کہ حضور کے آستینیں چڑھانے کے وقت آپ کے دونوں بازوؤں کی سپیدی میں نے دیکھی تھی میری نظروں میں سمائی ہوئی ہے پھر پتھر کو حضور نے خود اُٹھا کر حضرت عثمان کے سرہانے قائم کر دیا اور فرمایا میں اس پتھر سے اپنے بھائی عثمان کی قبر کی نشانی قائم کرتا ہوں تاکہ اپنے اہل و عیال کو اس کے قریب دفن کرتا رہوں۔

اس حدیث سے تو اتنا ہی معلوم ہوا کہ سرہانے قبر کے اُونچا پتھر

Marfat.com

قائم کر دیا تھا مگر حضرت خارجہ کی حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ ساری قبر اونچی تھی چنانچہ حضرت خارجہ بن زید فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانہ میں ہم جوان تھے اور ہم میں زیادہ کودنے والا وہ جوان گنا جاتا تھا جو حضرت عثمان بن مطعون رضی اللہ عنہ کی یعنی اُن کی قبر کی مقدار اونچائی کود کر پرلی طرف پہنچ جاوے۔

ان دونوں احادیث ابوداؤد اور بخاری شریف سے اتنی بات ثابت ہوگئی کہ اگر بغرض نشان قبر قائم رکھنے اور اس بات کی پہچان کے لیے کہ یہ قبر فلاں بزرگ کی ہے اگر کچی قبر اتنی اُونچی بنادی جائے اور بغیر آگ سے پکے ہوئے چونہ کے پتھر سے بلند کر دی جاوے جائز ہے۔ بلکہ سُنتِ فعلی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔ علیٰ ہذا القیاس اگر نفس قبر پر بنا نہ رکھی جائے بلکہ گرداگرد قبر کے گنبد فراخ یا مکان سایہ دار بغرض حفاظتِ قبر یا اس غرض سے بنادیا جائے کہ آرام سے تلاوتِ قرآن مجید کر کے اہلِ قبر کو ثواب پہنچایا جائے۔ تلاوت کرنے والوں، فاتحہ خوانوں اور اہلِ قبور اولیاء اللہ سے فیض حاصل کرنے والوں اور اُن کو آرام ملے تو بالاتفاق جائز بلکہ موجبِ ثواب ہے ورنہ جناب سرورِ عالم صلے اللہ علیہ وسلم کبھی حجرۂ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا میں نہ دفن کیے جاتے۔

اور اگر حضور سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم بقول بعض بوجہ خصوصیت شانِ رسالت دفن کیے گئے تو حضرت ابو بکر اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما کو تو صحابہ کرام سایۂ حجرہ میں کبھی دفن نہ کرتے تاوقتیکہ پہلے حجرہ کو برابر نہ کر دیتے۔ مگر بجائے برابر کرنے کے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے

Marfat.com

جب مسجد نبوی علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام کی تعمیر کرائی تو بغرض حفاظتِ حجرہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے گرد کچی اینٹوں کی گول دیوار کھنچوا دی۔ پھر ۸۸ھ زمانہ ولید بن عبدالملک میں حضرت عبداللہ بن زبیر نے اس بناء کو اور محکم کیا اور از سرِ نو منقش پتھروں سے بنوایا حالانکہ بڑے بڑے اکابر صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین اُس وقت موجود تھے، مگر اس بنا کے متعلق جو گرداگرد حُجرۂ مقدسہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا قائم کی گئی، کسی سے ادنیٰ سا انکار بھی نہیں پایا جاتا۔

چنانچہ صفحہ ۱۲۵ خلاصۃ الوفا باخبار دار المصطفیٰ مؤلفہ سید سمہودی رحمۃ اللہ میں ہے :-

عن عمرو بن دینار و عبید اللہ ابن ابی زید رضی اللہ عنہ قالا لم یکن علی عہد النبی صلی اللہ علیہ وسلم علی بیت النبی صلی اللہ علیہ وسلم حائط فکان اول من بنی علیہ جداراً عمر ابن الخطاب رضی اللہ عنہ قال عبید اللہ ابن ابی زید کان جدارہ قصیرا ثم بناہ عبد اللہ بن الزبیر و قال الحسن البصری کنت ادخل بیوت

(ترجمہ) حضرت عمر بن دینار اور عبید اللہ بن ابی زید رحمہما اللہ فرماتے ہیں کہ زمانۂ سید الانبیاء سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم میں حضرت صدیقہ رضی اللہ عنہا کے حجرہ کے گرد چار دیواری نہ تھی بعد دفن ہونے حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وسلم اور صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے اُس حجرہ کے گرد چار دیواری حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بنوائی۔ عبید اللہ بن ابی زید فرماتے ہیں۔ یہ دیوار

Marfat.com

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وانا غلام مراھق وانا لاالسقف بیدی وکان لکل بیت حجرۃ وکانت حجرہ من الکسۃ من شعیر مربوطۃ فی خشب عرعر۔

اور صفحہ ۱۸۶ بخاری شریف مطبوعہ مطبع محمدی میرٹھ میں ہے:

عن ھشام ابن عروۃ عن ابیہ قال لما سقط علیھم الحائط فی زمان ولید ابن عبد الملک اخذوا فی بنائہ۔

چھوٹی تھی پھر اس کو عبد اللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ نے بنایا۔

دوسرے مقام پر اسی کتاب میں ہے تعمیر مسجد نبوی علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ نقشین پتھروں سے۔ چنانچہ مصنف مرحوم فرماتے ہیں کہ اپنے زمانہ کی تعمیر کے وقت میں نے بھی اُس دیوار کو دیکھا تھا منقوش پتھروں کی دیوار تھی۔

حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں، ہیں لڑکا قریب البلوغ تھا حضور کے حجروں میں میری آمد و رفت تھی۔ حجروں کی چھت سے میں ہاتھ لگا لیا کرتا تھا اور آپ کی ازواج مطہرات کے حجرے بالوں کی چادروں کے تھے جو عرعر کی لکڑیوں سے بندھی ہوئی تھیں۔ حضرت ہشام عروہ رحمہما اللہ اپنے والد ماجد سے روایت کرتے ہیں کہ وہ فرماتے تھے کہ جب چار دیواری حجرۂ مبارکہ حضرت صدیقہ زمانہ ولید بن عبد الملک میں گراتے گئے پھر سب نے اُسکو از سر نو بنایا۔

ان روایاتِ معتبرہ سے علاوہ اس امر کے کہ اول حجرۂ حضرت صدیقہ رضی اللہ عنہا بغرض سکونت حضرت صدیقہ اور اظہار عظمتِ شانِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور شانِ عظمتِ صدیق اکبر قائم رکھا گیا اور پھر بغرض اظہار شان عظمت، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اور حضرت عمر

Marfat.com

بن عبدالعزیز نے جو خلفاء راشدین سے باتفاق شمار کیے گئے ہیں، منقوش پتھروں کی گول چار دیواری بنوائی اور اُس پر کسی نے صحابہ کرام سے اس امرِ خاص کے متعلق انکار نہیں کیا۔

## تاریخِ روضۂ مقدّسہ

جذب القلوب[1] میں ہے کہ عمارت زمانۂ ولید تک کچی اینٹوں کا بنایا ہوا حجُرہ، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا گِرد حجُرہ حضرت صدیقہ رضی اللہ عنہا کے کیلا ہوا تھا، مگر حضرت عمر بن عبدالعزیز نے بحکم خلیفہ ولید اس کی بنا کو شہید کرکے منقش پتھروں سے اُس حجُرہ کو بغیر کسی دروازے کے تعمیر کروایا اور اُس کے گرد بغرض حفاظت ایک اور گول عمارت بلا دروازہ کے تعمیر کروائی۔ پھر ۵۵۰ھ میں جمال الدین اصفہانی صاحب محامد جزیلہ نے محضر علماء کرام میں، بلا انکار کسی مُنکر کے صَندل کی جالی کا احاطہ اُس کے گرد قائم کیا اور ۵۵۷ھ میں جب بعض نے نصاریٰ مغربی درویشوں کی شکل میں عابد زاہد بن کر گرد روضۂ مقدّسہ، ایک مکان لے کر روضۂ مقدّسہ کی طرف سُرنگ لگانی شروع کی حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے تین بار خواب میں حکم پاکر سولہ دن میں شام سے مدینہ طیبّہ پہنچ کر اُن نصاریٰ کو قتل کرا کے اُن کی لاشیں جلا کر گرداگرد روضۂ مقدّسہ کے اتنی گہری بنیاد کھود کرکے کہ پانی نکل آیا تمام بنیاد کو خالص سیسہ پگھلا کر بھروا دیا۔ پھر ۶۷۸ھ میں سلطان قلاؤن صالحی نے یہ گنبد سبز جو اب تک موجود ہے بلا انکار کسی مُنکر کے بنوایا..... الخ (عبارت مذکورۂ تاریخ

---

[1] جذب القلوب صفحہ ۱۰۸ مطبع نولکشوری؎

Marfat.com

سمہودی علیہ الرحمۃ کی ہے)

یہ امر بھی ظاہر ہو گیا کہ حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ خود دُنیا کی آسائش کو پسند کیا نہ دوسروں کے لیے اپنے مقربین سے پسند فرمایا چنانچہ ازواجِ مطہراتِ سرورِ کائنات بادشاہِ دوجہاں نے جن کی ہیبت سے شاہانِ رُوم و شام کانپتے تھے، ساری عمر کمل اور لکڑی کے بنے حجرہ میں جس کی چھت کھجور کے پتوں سے بنی ہوئی تھی بسر کر دی اور یہی حال آلِ عبا اہلبیت سرور انبیاء کا رہا۔ چنانچہ بخاری شریف[1] میں ہے:-

ولمّا مات الحسن بن حسن بن علی رضی اللہ عنہم ضربت امرأته القبة علی قبره سنة ثم رفعت فسمعوا صائحا یقول الاهل وجدوا ما فقدوا فاجابه الاٰخر بل یئسوا فانقلبوا۔

(ترجمہ) جب حضرت حسن بن حسن بن علی کرم اللہ وجہہ نے انتقال فرمایا اُن کی بیوی نے اُن کی محبت میں اُن کی قبر مبارک پر ویسا ہی جیسے ازواجِ مطہرات کے حجرے تھے خیمہ ڈال کر رہنا شروع کیا۔ بعد برس روز کے اُس قبّہ کو اُٹھا کر جب واپس گھر لوٹنے لگیں کسی پکارنے والے کو سُنا کہ وہ کہتا ہے کیا جن کو انہوں نے گم کیا تھا اُن کو پا لیا؟ پھر سُنا کہ کوئی جواب دیتا ہے۔ نہیں بلکہ نااُمید ہو کر واپس پھرے۔

روایت ہذا سے ظاہر ہے کہ اپنے رہنے کے لیے قبر پر قبّہ بنانے سے کسی نے صحابہ کرام سے انکار نہیں کیا۔ ہاں اگر کسی نے اعتراض کیا تو وہاں بے سُود رہنے پر اعتراض کیا۔ بناء علیہ ملّا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب

---

[1] بخاری شریف صفحہ ۱۷۷ مطبوعہ مطبع محمدی ؛

Marfat.com

مرقاۃ شرح مشکوٰۃ میں تحت حدیث ہذا تحریر فرماتے ہیں :۔

قولہ "ضربت امرأته قبةً" الظاهر انه لاجتماع الاحباب للذكر والقرأة وحضور الاصحاب بالمغفرة والرحمة واما حمل فعلها على العبث للمكروه كما فعله ابن حجر فغير لائق لصنيع اهل البيت۔

یعنی ظاہر یہ ہے کہ وہ قبہ اس لیے ڈالا گیا تھا کہ اُن کے دوست وہاں جمع ہو کر مشغول ذکر و تلاوت قرآن مجید ہوں اور وہاں آکر دُعاءِ رحمت و مغفرت آرام سے بیٹھ کر صاحب قبر کے لیے کرتے رہیں۔

چنانچہ عینی شرح صحیح بخاری[1] میں ہے :۔

اما مصلحة الميت فمثل ان تجمعوا عنده القراء القرآن والذكر فان الميت ينتفع به۔ روى ابو داؤد من حديث معقل ابن يسار قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اقرؤا يٰسٓ ينتفع على موتاكم واخرجه النسائى وابن ماجة ايضاً۔ فالحديث يدل على ان الميت ينتفع

(ترجمہ) قبر پر قرآن پڑھنے میں میّت کے لیے یہ مصلحت ہے کہ قبر کے پاس جمع ہو کر قرآن پڑھنے کے لیے اور ذکر اللہ کرنے کو (جیسا کہ عُرسوں میں ہوتا ہے) اس واسطے کہ علاوہ ثواب قرآن پڑھنے سے میّت نفع حاصل کرتی ہے۔

سنن ابی داؤد میں ہے فرماتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑھو تم یٰسٓ اپنے مُردوں پر

---

[1] عینی شرح بخاری جلد چہارم صفحہ ۲۰۶

Marfat.com

بقرأة القرآن عنده وهو حجة على من قال ان المیت لا ینتفع بقرأة القرآن۔ | اور نسائی اور ابن ماجہ میں بھی یہ حدیث ہے اور یہ حدیث دال ہے اس امر پر کہ میت کو تلاوتِ قرآن

سے نفع پہنچتا ہے اور اس امر کے منکر پر یہ حدیث ہماری حجت ہے۔

اور تفسیر عزیزی میں شاہ عبدالعزیز علیہ الرحمۃ تحریر فرماتے ہیں کہ بس روز تک ابتداءِ موت سے صاحبِ قبر کا تعلق اپنے احباب سے زیادہ رہتا ہے اور قربِ زمانۂ موت میں صاحبِ قبر زیادہ اُمیدوارِ ایصالِ ثواب رہتا ہے۔ اور اہلِ بیت نبوت کے فعل کو فعل عبث قرار دینا ہرگز شانِ اہلبیت کے لائق نہیں جیسا کہ ابن حجر رحمہ اللہ کا خیال ہے لہذا بحسب اختلافِ نیت قبور پر خیمہ یا قبہ بنانا بحسب حاجت و ضرورت مختلف فیہ رہا ہے۔ جن اصحابِ کرام نے بغرض حفاظتِ قبر اور آسائشِ زائرین اور قاریانِ قرآن اور فاتحہ و درود خوانوں کے دو روز تک مناسب سمجھا دو روز تک قبر پر خیمہ تانے رکھا۔ جنہوں نے زیادہ ضرورت سمجھی زیادہ دنوں تک بموجب اُس زمانہ کی حالت کے کہ حجرے بھی ازواج مطہرات کے کمل کے تھے زیادہ دن قائم رکھا جن کا خیال اس جانب ہوا کہ نہ کوئی یہاں آکر تلاوت کرتا ہے نہ بغرض استفاضہ کے صاحب قبر سے رہا ہے اور رہتا ہے یوں ہی بے ادبانہ بے تکلف گھر بنا کر رہتا ہے بلکہ محض بنظرِ تفاخر اور مباہاۃ فخریہ خیمہ ڈالتے یا قبہ بناتے ہیں اس سے منع فرمایا۔ چنانچہ منتقی شرح موطا امام مالک رحمہ اللہ میں ہے۔ ابوالولید سلیمان اندلسی مالکی المتوفی ۴۹۴ھ فرماتے ہیں:۔

واما القصصها وتبییضها | (ترجمہ) تقصیص قبر کو قلعی یا سفید مٹی

Marfat.com

بالجيرا والتراب الابيض فقد
قال ابن حبيب نهى عن
ذالك والنقش على القبر
كره ابن القاسم ان يجعل
على القبر ملاطة ويكتب
فيها ولم يربا العمود والخشبة
والحجر يعرف بها القبر من غير
ان يكتب فيها بأسا ووجه
ذالك منع ما تقدمناه من
المباهاة واباحة ما عرا منها
واما الفسطاط يضرب على القبر
فقد قال ابن حبيب ضربه
على قبر المرأة افضل من
ضربه على قبر الرجل
لما يستر منها عند اقبارها
وضربه عمر رضى الله عنه
على قبر زينب رضى الله عنها
بنت جحش وكره ضربه على
قبر الرجل ابن عمر وابو هريرة
وابو سعيد الخدرى و
ابن المسيب وضربة عائشة

سے سفید کرنے کو کہتے ہیں۔ ابن
حبیب رحمہ اللہ (بخوف فخر و مباہات)
سفید کرنے اور قبر پر نقش و نگار
بنانے سے منع فرماتے ہیں۔ ابن قاسم
رحمہ اللہ قبر پر پتھر بچھا کر اُس پر
لکھنے کو فعل مکروہ سمجھتے تھے اس
واسطے کہ اس میں کوئی غرض
صحیح نہیں معلوم ہوتی اور توہین
حروف کا خوف غالب ہے۔ اور
فرماتے تھے اگر لکڑی یا ستون یا
بڑا پتھر بغیر لکھنے کے بغرض علامت
اور نشان قبر قریب قبر میں نصب
کر دیا جائے کچھ حرج نہیں ہے
اور امورِ مذکورہ سے منع کرنا بھی
جائز ہے جب یہ امور بغرض فخر و
مباہات اور نمائش کے ہوں ورنہ
امور مذکور بھی مباح ہیں البتہ قبر
پر خیمہ ڈالنے کی نسبت ابن حبیب
رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ عورت کی
قبر پر خیمہ ڈالنا بہ نسبت مرد کی
قبر کے افضل ہے خصوصاً دفن سے

Marfat.com

رضی اللہ عنہا علی قبر اخیہا عبد الرحمٰن وضربہ محمد بن الحنفیۃ علی قبر ابن عباس قال ابن حبیب واراہ واسعا الیوم الیومین والثلثۃ ویبات فیہ ان خیف من نبش او غیرہ وانما کرھہ من کرھہ لمن ضربہ علی وجہ السمعۃ والمباھاۃ۔ وھکذا فی العینی شرح البخاری۔

پہلے کہ اس میں پردہ پوشی ہے اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت ام المؤمنین زینب بنت جحش پر خیمہ قائم کر دیا تھا۔ البتہ حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما اور حضرت ابو ہریرہ اور ابو سعید خدری اور ابن مسیب رحمہم اللہ مرد کی قبر پر خیمہ ڈالنے کو مکروہ جانتے تھے مگر حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے (جن کی نسبت حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ میرا آدھا علم عائشہ رضی اللہ عنہا کے سینہ میں ہے) اپنے بھائی عبد الرحمٰن بن ابی بکر کی قبر پر خیمہ قائم کیا تھا۔ اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے صاحبزادے حضرت محمد بن حنفیہ نے حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کی قبر مبارک پر (جو طائف میں ہے اور خالد، سپہ سالار ابن سعود نامسعود نے اسی قبر مبارک کے قبہ کو بحکم نجدی مردود شہید کر کے قبر کو اپنی جوتیوں سے پامال کیا۔ اور اس پر پیشاب کیا اور آخر کار بموجب تحریر اخبار رسالت اور اخبار غالب بمبئی اپنے کیے کی سزا کو پہنچا اور غازیان حجاز اور مدینہ طیبہ کے ہاتھوں زہ اور سپہ سالار دوم سالم غیر مسلم اور اس کا بیٹا

---

[1] منتقی شرح مؤطا امام مالک جلد ۲ صفحہ ۲۳ ؎

Marfat.com

مقام بدر کی لڑائی میں مثل ابوجہل اور ابی بن خلف کے مارا گیا فالحمد للہ ثم الحمد للہ۔ گو ابن سعود مردود ابھی اپنی حرکتوں سے باز نہیں آیا اور سنا ہے کہ اہل مدینہ کو قتل کر رہا ہے اور وہاں کی قبور اور قبّوں پر اور مساجد کو برابر کر رہا ہے۔ اللہ ان خبروں کو غلط کرے۔ ورنہ یاد رہے کہ اب اُس کی ہلاکت کا زمانہ بہت قریب آ گیا ہے۔ مشکوٰۃ شریف میں ہے (بروایت بخاری و مسلم شریف)

عن سعد قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یکید اھل المدینۃ احد الا انماع کما ینماع الملح فی الماء۔

(ترجمہ) حضرت سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں بداندیشہ کرے گا کوئی اہل مدینہ کے ساتھ مگر ایسا گھُل جائے گا جیسا نمک پانی میں گھُل جاتا ہے۔

خداوند کریم بہت جلد ابن سعود اور اُس کے نامراد لشکر کے قتل کی بھی خبر سُنا دے آمین، ثم آمین!

## فقہاءِ اسلام کے نزدیک بزرگانِ دین کی قبروں پر عمارت اور گُنبد بنانا کیسا ہے؟

علامہ ابن حبیب رحمۃ اللہ فرماتے ہیں میرے نزدیک حسبِ ضرورت اور بہ نیّتِ خالص جب تک چاہے قبر پر خیمہ قائم رکھے ایک دِن دو دِن تین دِن۔ اور اگر قبر کے اُکھڑنے کا خوف ہو یا کسی اور ضرورت سے تو اُس میں سو بھی رہے تو جائز ہے۔ اور جس کسی نے مکروہ کہا ہے بطریق مباہات اور فخر اِن اُمور کو مکرُوہ لکھا ہے۔ اور حق یہ ہے کہ نیّتِ مباہات اور فخر اور ریا تو نماز کے متعلق بھی سعدی علیہ الرحمۃ اس طرح تحریر فرماتے ہیں

Marfat.com

کلیدِ درِ دوزخ است آں نماز ٭ کہ درچشم مردم گذاری دراز

## علامہ محمد طاہر حنفی

اور نیز مجمع البحار کی جلد دوم ص۸۷ میں علامہ محمد طاہر حنفی فرماتے ہیں :۔

وقد اباح السلف ان یبنی علی قبور المشائخ والعلماء المشاهیر لیزورهم الناس ویستریحون بالجلوس فیه۔

(ترجمہ) بے شک سلف صالحین کے نزدیک مشائخ اور مشاہیر علماء کی قبروں پر مکان بنانا جائز ہے تاکہ زیارت کرنے والے آئیں اور وہاں آرام سے بیٹھ کر تلاوت قرآن کریم وغیرہ کریں۔

## علامہ شیخ احمد طحطاوی حنفی

طحطاوی علی مراقی الفلاح ص۳۳۵ میں علامہ شیخ احمد طحاوی حنفی رحمۃ اللہ تحریر فرماتے ہیں :۔

وقد اعتاد اهل مصر وضع الاحجار حفظا للقبور عن الاندراس والنبش ولا بأس به وفی الدرر لا یجصص ولا یطین ولا یرفع علیه بناء وقیل لا بأس به وهو المختار۔

(ترجمہ) بلاشک اہل مصر عادی ہو گئے ہیں۔ قبروں کی حفاظت کی غرض سے قبروں پر پتھر بچھانے کے تاکہ بیٹھ جانے اور کھدنے سے محفوظ رہیں اس میں شرعاً کوئی ڈر نہیں ہے اور درر غرر میں ہے قبر پختہ نہ بنائی جائے اور چھاپی نہ جاوے اور اس پر عمارت بلند نہ بنائی جاوے۔ مگر قول مختار یہی ہے۔"

جو علماء محققین فرماتے ہیں کہ امور مذکورہ جائز ہیں ان میں کوئی ڈر نہیں ہے۔ خود حضرت امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک بمصلحتِ بقاء قبر

Marfat.com

قبر کا پختہ بنانا جائز ہے۔

**امام اعظم ابو حنیفہ** چنانچہ صفحہ ۲۵۹ میزان شعرانی میں ہے:-

ومن ذالك قول الائمة ان القبر لا يبنى ولا يجصص مع قول ابى حنيفة رحمه الله بجواز ذالك فالاول مشدد والثانى مخفف۔

(ترجمہ) یعنی بعض اُن مسائل سے جن میں اختلاف ہے درمیان امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ اور دیگر آئمہ کے ایک یہ مسئلہ بھی ہے کہ امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک قبر کا پختہ بنانا اور نقش قبر پر مثل دیوار اونچا کرنے کو بناء رکھنا جائز ہے بخلاف دیگر آئمہ کرام کے۔

**علامہ شامی** اور ردّ المحتار حاشیہ درمختار کی جلد اوّل صفحہ ۶۶۲ میں علامہ شامی قدس سرہٗ تحریر فرماتے ہیں:-

وفى الاحكام عن جامع الفتاوىٰ وقيل لا يكره البناء اذا كان الميّت من المشائخ والعلماء والسادات۔ الخ

کتاب الاحکام میں جامع الفتاویٰ سے لکھا ہے اگر میّت مشائخ کرام اور علماء کرام اور سادات عظام سے ہے اُن کی قبور پر قبہ بنانا مکروہ نہیں ہے۔ اس عبارت سے ظاہر ہے کہ جو مکروہ فرماتے ہیں وہ بہ نسبت قبور عوام الناس کے فرماتے ہیں نہ کہ بہ نسبت قبور علماء کرام اور اولیاء عظام۔

**علامہ اسمٰعیل حقّی** تفسیر رُوح البیان جلد اوّل صہ۸۲۹ میں علامہ اسمٰعیل حقی قدس سرہٗ تحریر فرماتے ہیں:-

قال الشيخ عبد الغنى النابلسى "فى كشف النور عن اصحاب القبور"

(ترجمہ) علامہ عبد الغنی نابلسی رحمۃ اللہ اپنی کتاب "کشف النور عن اصحاب القبور"

Marfat.com

ماخلاصہ ان البدعۃ الحسنۃ الموافقۃ لمقصود الشرع تسمی سنۃ فبناء القباب علی قبور العلماء والاولیاء والصلحاء ووضع الستور والعمائم والثیاب علی قبورھم امر جائز اذا کان القصد بذلک التعظیم فی اعین العامۃ حتی لا یحتقروا صاحب ھذا القبر وکذا ایقاد القنادیل والشمع عند قبور الاولیاء والصلحاء من باب التعظیم والاجلال ایضاً للاولیاء فالمقصد فیھا مقصد حسن ونذر الزیت والشمع للاولیاء یوقد عند قبورھم تعظیماً لھم ومحبۃ فیھم جائز ایضاً لا ینبغی النھی عنہ۔

میں بہت بسط سے تحریر فرماتے ہیں اس کا خلاصہ یہ ہے کہ جو بدعت حسنہ مقصود شریعت کے موافق ہو اس کو سنت کہتے ہیں بناء علیہ قبور علماء صلحاء اولیاء اللہ پر قبوں کا بنانا قبر پر چادر ڈالنا عمامہ وغیرہ (بغرض اعلام شان) رکھنا ایک امر جائز ہے۔ جب ان امور سے مقصود اظہار شان علم اور اور عظمت اولیاء اللہ ہو نظر عوام میں تاکہ وہ صاحب قبر کو حقیر نہ سمجھیں۔ ایسے ہی قندیل اور موم بتیوں کا قبور اولیاء کے پاس روشن کرنا بغرض اظہار شان عظمت وجلال اولیاء اللہ ہوتا ہے اور اس سے مقصد حسن مقصود ہوتا ہے اور نذر زیتون اور موم بتی جلانے کی قبور کے نزدیک بغرض اظہار عظمت اولیاء اللہ اور بقتضاء اظہار محبت جائز ہے اس سے منع کرنا مناسب نہیں۔

**خلاصہ**:۔ ان تمام احادیث اور اقوال فقہاء اور اقوال شراح حدیث کا یہ ہوا کہ اونچی قبر بہ نیت پہچان صاحب قبر اور اظہار عظمت

Marfat.com

اولیاء اللہ اور قائم رہنے قبر کے زمانہ دراز تک جائز ہے۔ بوجہ اُونچی قبر بنانے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے قبر حضرت عثمان بن مطعون رضی اللہ عنہ کو اور نہ برابر کرنے اُس قبر کے وقت ارشاد فرمانے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تصویروں کو مٹانے اور قبروں کے برابر کرنے کے واسطے اور اس سے یہ بھی ظاہر ہوگیا کہ جن قبروں کے برابر کرنے کا حکم تھا وہ یہود و نصاریٰ کی قبریں تھیں، یا مشرکوں کی۔ جن قبروں کو یہود و نصاریٰ نے سجدہ گاہ بنا رکھا تھا ورنہ حضرت عثمان بن مطعون رضی اللہ عنہ کی قبر مبارک ضرور برابر کر دی جاتی۔ اور یہ عبارتِ روح البیان بعینہٖ تحریرالمختار لردّ المختار میں علامہ فقیہ الاکبر شیخ عبدالقادر رافعی فاروقی حنفی مفتیٔ دیارِ مصریہ، علامہ شامی کے اس قول کے تحت میں (وقیل لایکرہ البناء) تحریر فرماتے ہیں:۔

علاوہ ازیں اس قسم کی بہت سی روایتیں موجود ہیں جن کی اس مختصر رسالہ میں گنجائش نہیں۔ البتہ اکثر صحابۂ کرام بمقتضاء محبت خیرالانام چونکہ حضور سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے صاحبزادوں کی قبر بقدر کوہانِ شتر اُونچی رکھی تھی۔ اُونچی قبر رکھنے کو پسند نہیں فرماتے تھے اور بمقتضاء حدیث مذکورہ بخاری شریف حضرت عثمان بن مطعون رضی اللہ عنہ کی قبر کو اُونچی دیکھ کر مسلمانوں کی اُونچی قبر پر انکار نہیں کر سکتے تھے، اس لیے کہ یہ انکار فعلِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر انکار تھا۔ لامحالہ فعلِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بہ نسبت قبر عثمان بن مطعون رضی اللہ عنہ بیانِ جواز پر محمول ہوگا۔ اسی واسطے حضرت فضالہ بن عبید رضی اللہ عنہ نے جب مقام رودس میں ایک صحابی کا انتقال ہوگیا اُنہوں نے اُن

Marfat.com

کی قبر کو اُسی انداز پر برابر کرا کے رکھا۔ شراح حدیث فرماتے ہیں کہ مراد برابر کرنے سے یہی ہے کہ اُونچی قبر نہ بنائی بلکہ بقصد کوہانِ شتر رکھی۔ جب رودس ملک رُوم تک مسلمانوں میں یہ امر رائج ہو گیا تھا کہ قبر اُونچی نہیں رکھتے تھے۔ لامحالہ یہ جو ص۳۱ جلد سوم مسلم شریف میں ہے۔

عن ابی الہیاج الاسدی قال قال لی علی ابن ابی طالب الا ابعثك علی ما بعثنی علیہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم ان لا تدع تمثالا الا طمسته ولا قبرا مشرفا الا سویته۔

(ترجمہ) حضرت ابوالہیاج اسدی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا کہ کیا نہ بھیجوں میں تجھ کو اُس کام پر جس کام پر مجھ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بھیجا تھا اور فرمایا تھا کہ کسی تصویر کو مت چھوڑو مگر اُس کو برابر کر دو اور کسی اُونچی قبر کو نہ چھوڑو مگر اُس کو برابر کر دو۔

اس حدیث کے یہی معنیٰ ہیں کہ مشرکوں کے بتوں کے ساتھ ہی یہود و نصاریٰ کی قبروں کو نہ چھوڑو مگر اُس کو برابر کر دو نہ کہ مسلمانوں کی قبروں کو اس واسطے کہ یہود و نصاریٰ ہی زیادہ اُونچی قبریں بناتے تھے اور جیسے مشرک بتوں کو پُوجتے تھے یہود و نصاریٰ قبروں کو پُوجتے تھے اور قبروں پر مسجدیں بنا کر قبروں کو سجدہ کرتے تھے۔

چنانچہ صفحہ ۱۷۷ بخاری شریف میں ہے:۔

عن عائشة رضی اللہ عنہا عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال فی مرضه الذی مات فیہ

(ترجمہ) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت فرماتی ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ

Marfat.com

لعن اللہ الیھود والنصارٰی اتخذ واقبور انبیائھم مساجد قالت لولا ذالک لابرز قبرہ صلی اللہ علیہ وسلم غیرانی اخشی ان یتخذ مسجدا۔

علیہ وسلم نے اپنی اُس مرض میں کہ جس میں حضور اس عالم دُنیا سے تشریف لے گئے ارشاد فرمایا کہ لعنت کیجئو اللہ یہود و نصارٰی پر کہ اُنہوں نے اپنے پیغمبروں کی قبروں کو سجدہ گاہ بنالیا تھا (یعنی قبروں کو آگے لے کر سجدہ کیا کرتے تھے) فرمایا حضرت صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اگر حضور کی قبر کی طرف لوگوں کے سجدہ کرنے کا خوف نہ ہوتا تو آپ کی قبر مبارک ظاہر میدان میں رکھی جاتی نہ کہ حجرہ میں، اور حجرہ میں قبر مبارک رکھنے سے یہ احتمال مطلقاً منقطع ہوگیا۔

چنانچہ صفحہ ۲۷۹ جلد اول ردالمختار میں ہے تحت عبارت ذیل درالمختار:۔

(وتکرہ فی اماکن کمقبرۃ) لان اصل عبادۃ الاصنام اتخاذ قبور الصالحین مساجد وقیل لانہ تشبہ بالیھود والنصارٰی وعلیہ مشی فی الخانیۃ۔

(ترجمہ) یعنی قبرستان میں نماز مکروہ ہونے کی علت یہی ہے کہ صالحین کی قبروں کو سجدہ گاہ بناتے تھے اور اُن کی تصویروں کو پُوجتے تھے اور بعض نے کہا علت کراہت یہود و نصارٰی کی مشابہت ہے۔ اور مختار قاضی خان علیہ الرحمۃ اُن کے فتاوٰی میں بھی ہے۔ چنانچہ صراحۃً دوسری حدیث میں حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لا تجعلوا قبری وثنا یعبد یعنی مت بناؤ تم میری قبر کو بُت کہ پُوجی جاوے۔ چنانچہ عینی شرح[1] بخاری شریف میں ہے:۔

[1] عینی شرح بخاری جلد ۲ صفحہ ۳۵۳؛

Marfat.com

وانما نهى عنه لاتخاذهم القبور الصور آلهة وفيه دليل على تحريم تصوير الحيوان خصوصا الآدمي الصالح وفيه منع بناء المساجد على القبور ومقتضاه التحريم كيف وقد ثبت اللعن عليه واما الشافعي واصحابه فصرحوا بالكراهة وقال البندنيجي والمراد ان يسوى القبر مسجدا فيصلى فوقه وقال انه يكره ان يبنى عنده مسجد فيصلى فيه الى القبر واما المقبرة الداثرة اذا بنى فيها مسجد ليصلى فيه فلم ار فيه بأسا لان المقابر وقف وكذا المسجد فمعناهما واحد وقد ذكرنا عن قريب مذاهب العلماء فى الصلوٰة على القبر وقال البيضاوى لما كانت اليهود والنصارىٰ يسجدون لقبور الانبياء

(ترجمہ) حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے قبروں پر مسجد بنانے سے اس واسطے منع فرمایا کہ مشرکوں نے قبروں اور تصویروں کو معبود بنا لیا تھا اور اس حدیث میں دلیل ہے حرمت تصویر بنانے جاندار کی اور نیک آدمیوں کی اور بنانے مسجدوں کی قبروں پر اس لیے کہ ایسے لوگوں پر لعنت کرنا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ثابت ہے اور امام شافعی رحمہ اللہ اُن کے شاگرد بالتصریح مکروہ فرماتے ہیں علامہ بندنیجی فرماتے ہیں کہ مراد حدیث میں قبروں کو برابر کر کر اُن پر مسجد بنا کر اُن پر نماز پڑھنے سے ممانعت ہے چنانچہ فرماتے ہیں قبر کے قریب مسجد بنا کر قبر کی طرف نماز پڑھنا مکروہ ہے اور قبرستان عام میں قبروں کو چھوڑ کر مسجد بنا کر اُن میں نماز پڑھنے میں کوئی حرج نہیں اس لیے کہ مسجد اور مقبرہ دونوں

Marfat.com

تعظیما لشأنهم و یجعلونها قبلة یتوجھون فی الصلوٰة نحوها واتخذ وھا اوثانا لعنھم النبی صلی اللّٰه علیه وسلم ومنع المسلمین عن مثل ذالك فامامن اتخذ مسجدا فی جوار صالح وقصد التبرك بالقرب منه لا للتعظیم له ولا للتوجه الیه فلا یدخل فی الوعید المذکور[1]

وقف ہوتے ہیں۔ دونوں کا ایک مطلب ہے، یعنی نفع اُٹھانا تمام سُنّی مسلمانوں کا۔ چنانچہ زمین قبرستان میں نماز کے متعلق جو اقوالِ علماء تھے ہم بیان کر چکے ہیں۔ علامہ بیضاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں چونکہ یہود و نصاریٰ تعظیماً انبیاء علیہم السلام کی قبروں کو سجدہ کرتے تھے اور اُن کو قبلہ بنا کر اُن کی طرف نماز میں مُنہ کرتے تھے اور اُن کو بُت بنا لیا تھا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن پر لعنت کی۔ اور مسلمانوں کو ایسے کاموں سے منع فرمایا اور بطریق تبرک صالحین کی قبر کے قریب مسجد بنا کر اگر اس طرح نماز پڑھی جاوے کہ قبر کی طرف مُنہ نہ ہو تو وعید لعنت کا کوئی نمازی مستحق نہیں ہو سکتا۔

اور حدیث لا تتخذ وا قبری عیدا کے معنی تو تمام دیوبندیوں کے حاجی امداد اللہ صاحب قدس سرہٗ نے یہی لکھے ہیں کہ "فقط سال بسال ہی عید کی طرح میری قبر پر آنا مقرر نہ کرو بلکہ ہمیشہ آتے رہنا"

اور حدیث مذکور کے بعینہٖ یہی معنے حضرت مولانا عبدالحق محدث دہلوی قدس اللہ سرہٗ صفحہ ۲۰۲ جذب القلوب میں حافظ منذری اور علامہ تاج الدین سبکی رحمہما اللہ سے نقل فرماتے ہیں اور یہ معنے بھی ہو سکتے ہیں کہ میری قبر کو عید

---

[1] عینی شرح بخاری جلد ۲ صفحہ ۳۵۲؂

Marfat.com

کی طرح مثل ٹپہ وغیرہ جائز کھیلوں کی جگہ بھی نہ بنانا کہ کبھی بوجہ بے ادبی معتوب نہ ہو جاؤ۔ واللہ اعلم۔

اور فتاویٰ ہندیہ باب آداب المسجد میں ہے :-

وھذا کلہ (یعنی) کراھۃ الصلوٰۃ الی القبر وغیرہ اذا لم یکن بین المصلی وبین ھذہ المواضع حائط او سترۃ اما اذا کان لا یکرہ۔[1]

(ترجمہ) یعنی قبر وغیرہ کی طرف نماز پڑھنا تب مکروہ ہے جب درمیان میں نمازی اور قبر کے دیوار یا سترہ نہ ہو اور اگر درمیان میں دیوار سترہ ہو قطعاً مکروہ نہیں۔

اور جب حجرہ یا گنبد میں قبر چھپی ہے اور حجرہ یا گنبد کی طرف رُخ کر کے کوئی نماز پڑھے تو نہ مشابہت یہود و نصاریٰ ہوگی نہ خوفِ پرستش۔ غالباً اسی غرض سے حسبِ فرمان صدیقہ رضی اللہ عنہا سلف سے اب تک انبیاء اولیاء و مشائخ کی قبور کے گرد گنبد بنتے چلے آئے ہیں۔ ہکذا فی العینی شرح البخاری جز ۴ صفحہ ۱۵۰)

عمدۃ القاری یعنے عینی میں بخاری شریف کی اسی روایت کی شرح میں مسطور ہے کہ حضرت عبدالرحمٰن بن ابوبکر رضی اللہ عنہما کی قبر پر خیمہ دیکھ کر حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا او لڑکے اس کو علیٰحدہ کر دے اُن کے عمل کا سایہ اُن کو کافی ہے۔ علامہ عینی رحمہ اللہ تحریر فرماتے ہیں :-

وھی الاشارۃ الی ان ضرب الفسطاط لغرض صحیح کالتستر من الشمس مثلا للاحیاء لا لاظلال المیت جاز الخ[2]

(ترجمہ) اور یہ یعنے حضرت عبداللہ بن عمر کا فرمانا کہ ان کو ان کے عمل کا سایہ کافی ہے۔ اشارہ ہے اس طرف کہ اگر قبر پر خیمہ یا قُبّہ زندہ

(حاشیہ بر صفحہ آئندہ)

Marfat.com

فاتحہ خوانوں کے دھوپ سے بچنے کی غرض صحیح سے بنایا جاوے نہ کہ میت پر سایہ رہنے کی نیت سے تو جائز ہے۔

چنانچہ بدائع الصنائع میں بھی ہے :۔۔۔۔۔

روی ان عبد اللّٰہ بن عباس رضی اللّٰہ عنھما المامات بالطائف صلے علیہ محمد بن الحنفیہ وکبر علیہ اربعا وجعل لہ لحدا وادخلہ القبر من قبل القبلۃ وجعل قبرہ سنما وضرب علیہ فسطاطا[1]

(ترجمہ) یعنی جب حضرت عبد اللّٰہ بن عباس رضی اللّٰہ عنہما کا طائف میں انتقال ہوا تو حضرت محمد بن حنفیہ علاتی بھائی حضرات امام حسنین رضی اللّٰہ عنہما نے چار تکبیر کے ساتھ اُن کی نماز جنازہ ادا کی اور بغلی میں قبلہ کی طرف سے داخل کیا اور اُن کی قبر کوہان شتر کے برابر بنائی اور اُس پر خیمہ قائم کیا۔"

لہٰذا جنہوں نے جائز کہا ہے بصورت غرض صحیح جائز فرمایا ہے اور جنہوں نے منع فرمایا ہے میت پر سایہ رہنے کی نیت سے بنانے کو منع فرمایا ہے اور یہ سب احکام بغرض صحیح اور بلا غرض کے بہ نسبت اُس زمانہ کے اور اُن ملکوں کے ہے جہاں جس وقت ہزاروں آثار عظمت و شوکتِ اسلام موجود تھے بخلاف اس زمانہ کفر و الحاد اور ضعفِ اسلام کے کہ آجکل عام مسلمانوں اور مشرکوں اور کافروں پر اگر عظمتِ اسلامی کا اثر ہے تو

---

(حاشیہ صفحہ سابقہ) [1] فتاوی ہندیہ باب آداب المسجد جلد پنجم صفحہ ۳۵۴۔

[2] عمدۃ القاری جلد چہارم صفحہ ۲۰۴۔

(حاشیہ صفحہ موجودہ) [1] بدائع الصنائع جلد اوّل صفحہ ۳۲۰ ؛

Marfat.com

انہیں بزرگانِ دین کی باعظمت مزاروں کی بدولت ہے لہٰذا مولانا عبدالحق محدث دہلوی رحمہ اللہ شرح سفر السعادت کے ص۲۷۲ میں تحتِ عبارت "و نہی فرمود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کہ بر قبرہا مساجد بنا کنند الخ"... تحریر فرماتے ہیں کہ :-

جو کچھ علامہ مجدالدین فیروزآبادی مصنف سفر السعادت نے تحریر فرمایا کہ "قبروں پر بناء کرنے اور چراغ جلانے سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا تھا حق ہے"

اور اس بحث میں صحیح حدیثیں آئی ہیں اور زمانہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اور خلفائے راشدین میں اسی سُنّت پر عملدرآمد تھا لیکن بعد زمانہ خلفاءِ راشدین میں اسی سنّت پر عملدرآمد تھا۔ لیکن بعد زمانہ خلفاءِ راشدین یہ تکلفات بہ نسبت قبور اولیاء اللہ پیدا ہوئے اور چونکہ عوام کی نظر ظاہری شان و عظمت پر ہوتی ہے اس آخر زمانہ میں یہی مصلحت سمجھی گئی کہ شوکت اور عظمت اہلِ اسلام اور صالحین عظام اور مشائخ کرام کُفّار اور عوام کے دِل میں بغیر تکلفات ظاہری کے نہیں ہوتی۔ خصوصاً ہندوستان میں جہاں اعداءِ دین[1] مشرکین ہنود اور کُفّار بہت ہیں اور ان مزاراتِ اولیاء اللہ کی شان شاہانہ کو دیکھ کر ہنود کے دل پر رُعب پڑتا ہے اور مُطیع اسلام بنے رہتے ہیں اور بہت افعال و اعمال اور طریقے وہ ہیں کہ سَلف اُن کو مکروہ سمجھتے تھے اور اس زمانہ میں مُستحسن سمجھے جاتے ہیں۔ علاوہ بریں اگر جاہل بے دین نام کے مُسلمان کوئی فعلِ شنیع کریں تو اس سے ساحتِ[2] عزّتِ اولیاء

---

[1] اعداءِ دین : دینِ اسلام کے دشمن [2] ساحت : آنگن صحن، دامن۔

Marfat.com

اللہ پاک ہے۔ اُن سے اُن کی ارواح مبارکہ ہرگز خوش نہیں ہوتیں ۔"
انتہی خلاصۂ ترجمہ۔ اور اس سے بہت کچھ زائد علامہ اسماعیل حنفی رحمہ اللہ،
علامہ عبد الغنی نابلسی رحمہ اللہ سے تفسیر رُوح البیان میں اور علامہ ابن عابدین
شامی میں تحریر فرماتے ہیں۔

## اولیاء اللہ کی قبُور کی محافظت، حُرمت، نام و نشان، اظہارِ عظمت و شان و سہولت زائرین (برائے سلام و فاتحہ خوانی) کے نقطۂ نظر سے گنبد والی، اُونچی قبُور بنانا جائز ہے

خلاصہ اس تمام تحقیقِ محققین مذکور کا یہ ہوا کہ بغرض محافظت قبر اور
علامت اس امر کے کہ یہ قبر فلاں بزرگ کی ہے اگر قبر اُونچی بنائی جائے
تو بموجب ہر دو حدیث بخاری شریف جو بہ نسبت قبر مبارک حضرت
عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ گذر چکیں جائز ہے اور رفعل رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم یا بہ نیّت اظہار شانِ اولیاء اللہ نظر کفار اور عوام النّاس میں اور
بغیر اس مفاد کے بلا سود اُونچا کرنا مکروہ ہے۔ اور یہی معنے ہیں اُن عبارتوں
کے جو کنز الدقائق، بحر الرائق، ہدایہ شرح وقایہ، درمختار شامی طحطاوی،
عینی ہدایہ وغیرہ سے۔

سیکرٹری انجمن انصار المسلمین راولپنڈی نے بے دین نجدیوں کی حمایت
میں حنفی بن کر اپنے اشتہار میں جس کا عنوان "قُبّے اور حنفی علماء کرام" ہے

Marfat.com

حنفی مسلمانوں کو دھوکا میں ڈالا ہے۔ چنانچہ حاشیہ کنز سے بعلامت فتح جو یہ عبارت لکھی ہے ولا یزاد علی الذی اخرج منہ لان الزیادۃ علیہ بمنزلۃ البناء اس کے یہ معنے ہیں کہ جتنی مٹی قبر سے نکلی ہے اس سے زائد قبر بنانے میں نہ صرف کی جاوے اس واسطے کہ اس سے زائد صرف میں لانا ایسا ہی ہے جیسے قبر پر کسی مکان کی بنیاد قائم کر دی۔ جو موجب توہینِ قبرِ اہلِ اسلام ہے۔ چنانچہ بدائع میں بھی ہے :-

ویکرہ ان یزاد علی تراب القبر الذی خرج منہ لان الزیادۃ علیہ بمنزلۃ البناء وفیہ بعد سطر کرہ ابوحنیفۃ رحمہ اللہ ان یوطا علی قبر او یجلس علیہ او ینام علیہ او یقضی علیہ حاجۃ من بول او غائط لما روی عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ نھی عن الجلوس علی القبور[1]۔

(ترجمہ) مکروہ ہے قبر کی نکلی ہوئی مٹی کے علاوہ دوسری مٹی سے قبر کا بلا کسی غرض صحیح کے بلند کرنا اس لیے کہ یہ بمنزلہ دیوار بنانے کے ہے قبر پر۔ اسی کتاب میں ایک سطر بعد ہے۔ مکروہ ہے امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک یہ کہ جماع کیا جائے قبر پر یا کھود دی جائے قبر یا اُول سے یا بیٹھے اس پر کوئی یا کوئی اس پر سوئے یا پیشاب یا پاخانہ کو اُس پر بیٹھے۔ اس واسطے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے قبر پر بیٹھنے سے منع فرمایا ہے۔

اور اگر لا یبنی علیہ کے یہی معنے لیے جاویں کہ قبر پر قبّہ نہ بنایا جاوے تو بموجب تحقیقِ مذکورہ علامہ بدرالدین عینی رحمہ اللہ یہ نہی مخصوص ہو گی اُسی

---

[1] بدائع جلد اوّل صفحہ ۳۲۰ ؛

Marfat.com

صُورت کے ساتھ جب قُبّہ اس نیت سے بنایا جاوے کہ صاحبِ قبر پر سایہ رہے اور صاحبِ قبر سایہ سے نفع اُٹھائے۔ اس لیے کہ بموجب قولِ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما صاحبِ قبر کو اُس کے نیک عملوں کا سایہ کافی ہے نہ کہ اُس صُورت میں بھی جب اس نیت سے بنایا جائے کہ فاتحہ خوانوں اور بہ نیت ایصالِ ثواب اور نفع پکڑنے میت کے تلاوتِ قرآن سے تلاوت کرنے والوں کے آرام کے لیے بنایا جائے ورنہ حضرت محمد بن حنفیہ رحمۃ اللہ ابن اسد اللہ سیدنا علی کرم اللہ وجہہٗ طائف میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کی قبر مبارک پر اُس زمانہ کے قُبّہ اور مکانات کے انداز پر کیوں خیمہ قائم فرماتے اور جب مسلمانوں پر اللہ نے کثرتِ فتوحات سے فراخی کی اور اپنے رہائشی مکانات پُختہ بنا کر رہنے لگے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کا قُبّہ بھی اور نیز دیگر صحابہ کرام اور اہل بیت عظام اور اولیاء اُمت کے بھی قُبّے بغرضِ آسائش زائرینِ فاتحہ خوان پُختہ بنائے اور بلا انکار کسی عالمِ ربانی کے آج تک بنتے چلے آئے یا اس لیے بنا دیے گئے تھے کہ کوئی قبر کو سجدہ گاہ نہ بنالے اور قبر قُبّہ کے اندر چھُپی رہے اور یہود و نصاریٰ کی طرح اگر قبر کی طرف رُخ کر کے کوئی جاہل نماز پڑھنے لگے تو مشابہت پیدا نہ ہو۔ ہاں پہلے بھی گرائے تو اسی نجدی خبیث کے دادا محمد بن عبدالوہاب نے (علیہ ) یا اس ظالم بے دین سفاک ابن سعود نے خذلہ اللّٰہ واھلکہ و مراللّٰہ دیارھم وقرب اللّٰہ اجالھم نے۔

## کیا مخالفینِ مزاراتِ مُقدّسہ کے اپنے مکانات سنّتِ نبوی کے مُطابق ہیں؟

اور تعجب یہ ہے کہ خود وہ اور اُس کے اتباع نجدیانِ ہند وغیرہ

عُمدہ عُمدہ پُختہ مزین مکانوں[1] میں رہتے ہیں اور دعویٰ اتباعِ سُنت کا کرتے ہیں حالانکہ سرورِعالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وصَحبہٖ وسلم نے اُن خس پوش بالوں سے بنائے ہوتے مکانوں کی تعمیر کو پسند نہ فرمایا بلکہ کچی اینٹوں کا قُبّہ اپنے رہنے کے واسطے بنانے والے ایک صحابی سے سلام وکلام ترک فرمادیا یہاں تک کہ اُس نے قُبّہ کو مسمار کردیا۔ دیکھو جلد چہارم آخر صفحہ ۵۳۹ و ۵۳۰

سنن ابو داؤد میں ہے :-

عن عبد اللہ ابن عمرو قال مرّ بی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وصحبہٖ وسلم وانا اطین حائطا لی انا وامّی فقال ماھذا یا عبد اللہ فقلت یا رسول اللہ شئ اصلحہ فقال الامر اسرع من ذالك۔

(ترجمہ) حضرت عبداللہ بن عمرو فرماتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہمارے مکان کی طرف سے جو گذرے اور مجھ کو اور میری والدہ کو اپنے حاطہ مکان کو چھاپتے ہوتے دیکھا تو فرمایا۔ عبداللہ یہ مشغولی کیسی ہے۔ میں نے عرض کیا حضور! ہم اس حاطے کو درست کر رہے ہیں۔ فرمایا عبداللہ! موت تو اس سے بھی جلدی آنے والی ہے۔

ابو داؤد کی شرح مسمی بعون المعبود میں ہے جو ایک غیر مقلد کی تالیف ہے کہ علامہ منذری فرماتے ہیں۔ یہ حدیث ترمذی شریف اور ابن ماجہ میں بھی ہے۔ علامہ ترمذی فرماتے ہیں کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اس

---

[1] جیسا کہ فی زمانہ سعودی بادشاہوں کے بیش بہا قیمتی اور بلند و بالا قلعے اور محلات، جن پر اخبارات و رسائل وحجاج وقت گواہ ہیں ؛

Marfat.com

کے بعد یہ دوسری حدیث ہے :۔۔۔

عن انس بن مالک ان رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم خرج فرای قبۃ مشرفۃ فقال ما ھذہ قال لہ اصحابہ ھذا الفلان رجل من الانصار قال فسکت وحملھا فی نفسہ حتی اذا جاء صاحبھا رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم یسلم علیہ فی الناس اعرض عنہ صنع ذالک مرارا حتی عرف الرجل الغضب فیہ والاعراض عنہ فشکی ذالک الی اصحابہ فقال واللّٰہ انی لانکر رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم قالوا خرج فرای قبتک فرجع الرجل الی قبتہ فھدمھا حتی سواھا بالارض فخرج رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم ذات یوم فلم یرھا فقال ما فعلت

(ترجمہ) حضرت انس رضی اللّٰہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور سرورِ عالم صلی اللّٰہ علیہ وسلم باہر تشریف لائے اور آپ نے ایک اُونچا قبّہ دیکھا فرمایا یہ کیا ہے اَصحاب کرام نے عرض کیا کہ یہ فلاں شخص کا ہے انصار سے. آپ چُپ ہو رہے اور یہ بات دل میں رکھی جب اُس مکان والے صحابی خدمتِ اقدس میں حاضر ہوئے اور حضور کو بہت غصّہ میں پایا اور سلام عرض کیا۔ آپ نے اُن سے مُنہ پھیر لیا یہاں تک کہ اُنہوں نے کئی بار سلام عرض کیا اور حضور نے ہر دفعہ مُنہ پھیر لیا۔ صحابی مذکور نے سمجھ لیا کہ حضور غصّہ میں ہیں اور ناراض ہیں لہٰذا اَصحاب کرام سے وجہ ناراضگی کی دریافت کی۔ لوگوں نے عرض کیا تمہارا اُونچا مکان دیکھ کر ناراض ہوتے ہیں۔ اُنہوں نے

Marfat.com

القبة قالوا شكى الينا صاحبها اعراضك عنه فاخبرناه فهدمها فقال اما ان كل بناء وبال على صاحبه الا ما لا الا ما لا يعني ما لا بد منه واخرج ابن ماجة ايضاً هـٰـذين الحديثين لكن قال فيه ـ

فوراً اُس قُبّہ کو گرا کر زمین سے برابر کر دیا۔ بعدہٗ پھر جب حضور اُس طرف تشریف لائے اور وہ مکان نہ دیکھا تو فرمایا وہ مکان کیا ہوا۔ لوگوں نے عرض کیا آپ کو اُس مکان کی وجہ سے ناراض پاکر مکان والے نے اُس کو مسمار کر دیا۔ فرمایا مکان مکان بنانے والے پر مُوجبِ وبال ہے مگر اس قدر جس کے بغیر گذر نہ ہو اور ضروری ہو۔

اور یہ دونوں حدیثیں ابن ماجہ شریف میں بھی ہیں۔ لیکن دوسری حدیث کے آخر میں مروی ہے کہ آپ نے قُبّہ سکونت کے ڈھا دینے والے کے حق میں دو بار فرمایا فیرحمہ اللہ۔ فیرحمہ اللہ ـ مگر مشکوٰۃ شریف میں ہے:-

## کونسا مال و دولت بُرا نہیں

عن سفیان الثوری رضی الله عنه قال كان المال فيما مضى يكره فاما اليوم فهو ترس المؤمن وقال لولا هـٰـذه الدنانير لتمندل بنا هؤلاء

(ترجمہ) حضرت سفیان ثوری سے رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں ہم سے پہلے زمانے یعنی زمانہ صحابہ کرام میں مال سے کراہت کی جاتی تھی مگر آج وہ مومن کے لیے .

Marfat.com

الملوك وقال من كان فی یدہ من هذہ شئی فلیصلحہ فانہ زمان ان احتاج کان اول من یبذل دینہ وقال الحلال لا یحتمل الصرف[1]

ڈھال ہے اور فرمایا اگر یہ دینار نہ ہوں تو یہ بادشاہ لوگ ہم کو ہاتھ پونچھنے کا رومال بنالیں۔ اور فرمایا جس کے پاس ان دیناروں سے کچھ ہو اُس کو چاہیے اچھی طریق پر باتباع شریعت اُن کو خرچ کرے۔ اس واسطے کہ یہ وہ زمانہ ہے کہ محتاجی کی صورت میں اوّل دین خرچ کرنا پڑتا ہے۔ یعنی آدمی مضطر ہو کر اپنا دین برباد کر دیتا ہے اور فرمایا کہ حلال مال بیجا خرچ کرنے کا احتمال نہیں رکھتا یعنے جو خوفِ خدا سے حلال طریق پر مال حاصل کرے گا وہ خلافِ شریعت خرچ بھی نہیں کرے گا۔

اور صفحہ ۳۱۶ باب معشیۃ اصحاب النبی صلے اللہ علیہ وسلم میں ہے :-

عن شقیق عن ابی مسعود رضی اللہ عنہما قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یأمر بالصدقۃ فینطلق احدنا یتحامل حتی یجئی بالمد وان لاحدھم الیوم مائۃ الف۔

(ترجمہ) حضرت ابو مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم جب ہم کو صدقہ کا حکم فرماتے ہم بوجھ اُٹھا کر مزدوری کر کے ایک مُدّ یعنی تقریباً ڈھائی پاؤ کھجوریں وغیرہ لاتے اور اب ہمارے پاس ایک لاکھ موجود ہے۔

لہٰذا جیسے زمانِ سابق میں مال رکھنے کو مکروہ سمجھتے تھے۔ پکے بلند

---

[1] مشکوٰۃ شریف فصل ثالث باب استحباب المال صفحہ ۴۵۱ ؛

Marfat.com

مکانوں میں رہنا بھی مکروہ سمجھتے تھے اسی طرح بغرض آرام زائرین اور فاتحہ خوانان خوش آئین قبور اولیاء اللہ پر قبّے بنانے کو بھی مکروہ سمجھتے تھے مگر جب بغرض اظہارِ استغنا کے دُنیا داروں پر علماء و صوفیاء کو اتنی مال حاصل کرنے کی ضرورت پڑی کہ وہ بنظرِ حقارت نہ دیکھیں اور ان کی نظروں میں حقیر نہ ہوں اور اُن پر اُن کے واعظ و نصائح کا اچھا اثر پڑے پکے مکانوں میں بھی رہنے کی اگر مال حلال سے حاصل ہوں ضرورت محسوس ہوئی کہ وہ چھپروں میں رہتا دیکھ کر ذلیل نہ سمجھیں اور اُن کے وعظ و نصائح کو بے وقعتی سے نہ دیکھیں۔

علیٰ ہذا القیاس قبّے اور زینت ظاہری کی بھی قبور اولیاء اللہ پر ضرورت پڑی کہ کبھی ٹوٹی قبر دیکھ کر کفار یہ نہ سمجھ لیں کہ اکثر مسلمان حالتِ زندگی میں بھی غربت میں رہتے ہیں اور باوجود عالم و فاضل ہونے کے ان کے بزرگوں کی قبروں پر بھی خاک ہی اُڑتی رہتی ہے بلکہ کچی قبر بقدر کہان شتر کا آج کل تو چند روز میں پتہ بھی نہ چلے کہ کس بزرگ کی قبر ہے چنانچہ یہ عمل بالکل ظاہر و باہر ہے کہ ایسی کچی قبریں چند روز میں بے نام و نشان ہو جاتی ہیں اُن پر فاتحہ پڑھنے کو بھی کوئی نہیں کھڑا ہوتا اسی واسطے شاہانِ سلف، عاشقانِ اولیاء اللہ نے حضرت خواجہ بزرگ خواجہ معین الدین چشتی رحمۃ اللہ، خواجہ نظام الدین اولیا رحمۃ اللہ وغیرہ اولیاء اللہ کی قبور کو تہہ خانوں میں بدستور کچی بقدر کہان شتر رکھ کر اوپر شاندار قبّے اور بغرض اظہارِ علامت قبر و لحاظِ عظمتِ اولیاء اللہ شاندار قبروں کی صورت بنا دیئے تاکہ قبر کے اوپر سے لوگ نہ گذریں نہ قبر پر کوئی بیٹھے۔ نہ قبر کی طرف کوئی سجدہ کر سکے نہ نماز پڑھ سکے

Marfat.com

بلکہ اگر کوئی ناواقف جانب قبر نماز پڑھے بھی تو دیوار قبّہ درمیان میں آجائے اور نماز مکروہ نہ ہو۔ کما ہٗ بتحقیقہ فی العینی وشرح سفر السعادت اس واسطے ابوداؤد مع عون المعبود[1] میں ہے :-

عن ابی هريرة رضی الله عنه قال قال رسول الله صلی الله عليه وسلم لان يجلس احدكم علی جمرة فتحرق ثيابه حتی تخلص الی جلده خير من ان يجلس علی قبر۔ وعن مرثد الغنوی يقول قال رسول الله صلی الله عليه وسلم لا تجلسوا علی القبور ولا تصلوا اليها وعن بشير مولی رسول الله صلی الله عليه وسلم فی حديث طويل قال حانت من رسول الله صلی الله عليه وسلم نظرة فاذا رجل يمشی فی القبور عليه نعلان فقال يا صاحب السبتين ويحك الق بسبتيتك فنظر

(ترجمہ) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قبر پر بیٹھنے سے بہتر ہے کہ آدمی آگ کی چنگاری پر بیٹھ جائے کہ وہ کپڑے جلاکر اس کے جسم تک پہنچ جائے۔ حضرت مرثد غنوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مت بیٹھو قبروں پر اور نہ نماز پڑھو تم قبروں کی طرف یعنی بلا حائل ہونے کسی دیوار وغیرہ کے اور حضرت بشیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور کی نظر ایک شخص پر پڑی کہ وہ جوتیوں سے قبروں میں چل رہے تھے۔ آپ نے فرمایا اے جوتیوں والے تجھ پر افسوس ہے جوتی نکال کر

---

[1] ابوداؤد مع عون المعبود جلد ۳ صفحہ ۲۱۰ مطبوعہ مطبع انصاری ؛

Marfat.com

الرجل فلما عرف رسول الله صلی الله علیه وسلم خلعهما فرمی بهما۔

چل۔ انہوں نے جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو پہچان لیا جوتیاں نکال پھینکیں۔

عون المعبود اگرچہ ایک غیر مقلد کی تالیف ہے مگر اس میں بھی علامہ خطابی اور علامہ سندھی اور علامہ عینی کی شروح سے لکھا ہے کہ بغرض احترامِ قبورِ اہلِ اسلام حضور نے جوتیوں سے قبروں میں چلنے پر اعتراض کیا اور صـ ۳۲۰ بدائع الصنائع میں ہے :۔

وکرہ ابوحنیفة رحمه الله ان یوطا علی قبر او یجلس علیه او ینام علیه او تقضی علیه حاجة من بول او غایة لما روی عن النبی صلی الله علیه وسلم انه نهی عن الجلوس علی القبور۔

(ترجمہ) اور مکروہ سمجھتے تھے امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ قبروں کے کھوندے جانے کی پاؤں سے اور قبر پر بیٹھنے اور سونے کو اور قبر پر پیشاب کرنے و پاخانہ پھرنے کو اس لیے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے قبر پر بیٹھنے سے منع فرمایا ہے۔

اور اسی صفحہ بدائع میں ہے :۔

ولا بأس بزیارة القبور والدعاء للاموات ان کانوا مومنین من غیر وطئ القبور لقول النبی صلی الله علیه وسلم انی کنت نهیتکم عن

(ترجمہ) یعنی مستحب ہے، زیارت قبور اور دُعا کرنا اموات کے لیے بغیر اس کے کہ قبریں کھودی جاویں بسبب فرمان عالی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کہ بے شک میں نے تم کو زیارتِ قبور سے منع فرمایا تھا

Marfat.com

زیارۃ القبور الا فزوروھا فانھا تذکرکم الآخرۃ ولعمل الامتہ من لدن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وصحبہ وسلم الی یومنا ھذا۔

لیکن اب تم قبروں کی زیارت کیا کرو اس واسطے کہ زیارت قبور تم کو آخرت کی یاد دلائے گی اور اس واسطے کہ اُمّت مرحومہ کا زمانہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے آج تک اسی پر عملدر آمد ہے کہ قبروں کی زیارت کو جاتے اپنے اموات کے لیے دُعائے مغفرت کرتے ہیں خصوصاً اولیاء اللہ کی قبروں پر تو بیٹھ کر تلاوت قرآن مجید کرتے ہیں اور ان کے فیوض وبرکات سے مستفیض ہوتے ہیں۔

چنانچہ مولانا شاہ عبدالعزیز علیہ الرحمۃ بن مولانا شاہ ولی اللہ محدث دہلوی علیہ الرحمۃ صہ۱۲ تفسیر عزیزی میں تحت آیۃ اذا السماء انشقت تحریر فرماتے ہیں :-

وبعض از خواص اولیاء اللہ را کہ آلہ جارحہ تکمیل وارشاد بنی نوع خود گردانیدہ اندریں حالت ہم تصرف در دنیا واستغراق آنہا بجہت کمال وسعت مدارک آنہا مانع توجہ باین سمت نمی گردد واویسیان تحصیل کمالات باطنی ازانہا می نمائند وارباب حاجات ومطالب حل مشکلات

Marfat.com

خود از انہا می طلبند و یابند و
زبانِ حال آنہا درالوقت ہم مترنم
بایں مقالاتست ۔ ع
''من آیم بجاں گر تو آئی بتن''

اور بعینہٖ یہی مضمون بلکہ اس سے بہت زائد مُدلّل باحادیث قاضی ثناء اللہ پانی پتی علیہ الرحمۃ تحت آیۃ کریمہ ولا تقولوا لمن یقتل فی سبیل اللہ الآیۃ ص۱۴۲ پارہ سیقول تفسیر مظہری میں تحریر فرماتے ہیں من شاء فلینظر۔

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حامداً و مصلیاً و مسلماً

# مسئلہ قبور و قبہ جات

## افاضۂ امام الوقت ملک العلماء حضرت مولانا عبد الباری صاحب قبلہ فرنگی محلی

(منقول از اخبار "ہمدرد" دہلی مورخہ ۱۶ صفر ۱۳۴۴ھ)

مشہور ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے وہ درخت جس کے نیچے بیعت الرضوان میں حضور نے سایہ لیا تھا بخوفِ پرستش کھدوا ڈالا مگر یہ نہیں کہا جاتا ہے کہ صحابہ کے وقت میں مآثر پر جو مساجد تھے اُن کو حضرت نے کھودنے کا حکم نہیں دیا حالانکہ لوگوں کی زیارت پسند نہیں کی چنانچہ اپنے ساتھی سے کہا کہ ان مساجد پر اگر وقتِ نماز ہو تو پڑھ لیا کرو اور فرمایا کہ اگلی اُمتیں اسی وجہ سے ہلاک ہوئی ہیں کہ انہوں نے معبد ایسے مآثر پر بنایا تھا۔ اس سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ زمانہ صحابہ میں لوگ اس کی زیارت کرتے تھے حضرت کے تشدد کے باوجود انہوں نے نہ تو لوگوں کو زیارت اور نماز سے باز رکھا نہ مساجد کو شکست کرایا تفصیل اس کی غالباً مولوی عنایت اللہ صاحب کے مضمون میں ہوگی اس واقعہ کو حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کنز العمال میں روایت کیا ہے۔

مسجد ہر حالت میں قابلِ احترام ہے خصوصاً وہ مساجد جو مآثر متبرکہ میں ہوں، میں نہیں سمجھتا کہ نجدی یہ کیوں کرتے ہیں اور مزار کے قبوں اور مساجد

Marfat.com

کو کیوں گراتے ہیں. سوائے اس کے اور کوئی وجہ نہیں کہ ان میں اگلی بربریت اب تک موجود ہے. مزارات کے جوار میں مسجد بنانے کو تمام علمائے نے جائز بتایا ہے اور قرآن شریف سے اس کا جواز اس آیت سے نکلتا ہے جس کو "ہمدرد" نے لکھا ہے آپ اس کو بغور ملاحظہ کیجئے وہ مساجد بنانے والے خوش اعتقاد اچھے لوگ تھے جیسا کہ تفسیر کبیر سے معلوم ہوتا ہے. انہوں نے مسجد مسلمانوں کے لیے بنوائی تھی جیسا کہ مدارک سے معلوم ہوتا ہے. ابن کثیر کا اپنا خیال قابلِ احتجاج دیگر کبار علماء کے قابل نہیں ہے جس حدیث سے انہوں نے استدلال کیا ہے وہ حدیث اُن کے مدعا پر دلالت کرنے سے قاصر ہے.

آپ خود ملاحظہ کیجئے کہ لنتخذن علیھم مسجداً قرآن میں بلا انکار اور اعتراض کے مذکور ہے اور علیٰ بمعنی عند کے ہے اسی وجہ سے مفسرین کہتے ہیں علیٰ باب الکھف برخلاف حدیث کے کہ اسی میں مذکور ہے کہ اتخذوا قبور انبیاءھم مساجد خود قبروں کو وہ سجدہ گاہ بناتے تھے. قبروں کو مسجد کرنا اور ان کے قرب میں مساجد بنانا دونوں کا فرق آپ خود ملاحظہ کر سکتے ہیں اس سے تعارض دونوں نصوں میں نہیں ہے اسی وجہ سے ہم قرآن پر بھی عمل کرتے ہیں اور حدیث پر بھی اور کہتے ہیں کہ قرب مقابر اور جوار صالح میں مسجد بنانا مستحسن ہے مگر قبر پر مسجد بنانا ناجائز ہے پہلا امر قرآن سے ثابت ہے اور دوسرا حدیث سے ثابت ہے.

ہاں جو لوگ اس آیت سے بنا علی القبور کے جواز پر استدلال کرتے ہیں ان کی توجیہ میری سمجھ میں نہیں آتی. باوجود اس کے خفاجی اور روح المعانی والے میں زمین آسمان کا فرق ہے پھر موخر الذکر منسوب تو وہب ہیں اُن کے اقوال ان کے بدعات کی تائید میں قابلِ قبول نہیں ہیں. بیضاوی اور امام رازی وغیرہ جو تصریح کرتے ہیں وہ قوی ہے. الوسی نے جو دلیل بیان کی ہے وہ بھی قابلِ احتجاج نہیں ہے. ابھی وہ جو ابن کثیر نے لکھی

Marfat.com

ہے آپ خود اس پر غور کریں تو یہ بات ظاہر ہو جائے گی کہ قبور کو مساجد بنانا اور ان کی عبادت کرنا امر آخر ہے اور قبور کے کنارے مسجد بنانا امر آخر ہے حضور کا سر بسجود ہونا مقابر میں خصوصاً لیلۃ البرأت میں متواتر ہے۔

اب رہ گیا مقابر پر قبتوں کا بنانا، مجھے بہت حیرت ہوئی کہ جب تلاش کیا تو اس کی ممانعت پر کوئی نص نہیں ملی آپ کی صرف وہی حدیث جس کو میں نے آپ سے زبانی عرض کیا تھا کہ نہی رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم عن البناء علی القبور۔ یہ حدیث حصول مدعا میں غیر کافی ہے نہیں معلوم ہوتا ہے کہ نہی سے کیا مراد ہے نہی تحریمی یا تنزیہی، بظاہر نہی تنزیہی ہے جیسا کہ اس طریقہ ادا سے ارشاد فرمایا ہے نہی عن تشئید البناء مضبوط کرنے کو مکانات کے آپ نے رد کا یہ روک ظاہر ہے کہ تنزیہی تھی ورنہ بڑے بڑے عمارات سب کھدوا کر پھینک دینا چاہیے پھر بناء علی القبور سے کیا مراد ہے آیا اس کے گرد اگرد کچھ بنانا یا اس پر بنانا احتمال ہوتا ہے کہ عند کے معنی میں علی ہو۔ ظاہر ہے کہ یہ معنی مجازی ہیں لہذا اس سے خود نفس قبر پر بنانے کی ممانعت نکل جائے گی کیونکہ جمع بین الحقیقت والمجاز درست نہیں ہے بفرض یہ احتمال مان بھی لیا جائے تو کہا جائے گا کہ یہ حکم عام قبور کا ہے مخصوص قبور کا نہیں ہے اس امر کی تخصیص علماء کی عبارات سے ہے اور خود حضور اقدس کے مزار سے ہے کہ اندر حجرۂ حضرت عائشہ کے ہوا جو سقف تھا۔ گنبد کی تو اس وقت مسجد بھی نہیں تھی جیسی حیثیت مسجد کی تھی ویسی حجرۂ حضرت عائشہ کی تھی۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس کی مرمت کرائی اور حضرت عمر بن عبد العزیز نے نئے سرے سے اس کی تعمیر کرائی۔ صحابہ کے وقت میں بلا انکار کے قبور پر منڈھوار جسے قبہ کہتے ہیں ہونا ثابت ہوتا ہے۔ بعض نے اس کی مخالفت کی تو وہ بھی بطور کراہت تنزیہی کے ہے۔ نہی خود اس کے امکان و قوع پر دلالت کرتی ہے اور نہی چونکہ تنزیہی ہے تو اس کا اثر اسی قدر ہوگا جو دیگر امور خلاف اولیٰ

Marfat.com

کا ہے۔ ملابس اور مساکن و عمارات وغیرہ میں جتنی جتنی وسعت ہوتی گئی مال میں ترقی ہوتی ہے۔ زندوں اور مردوں دونوں کی یکساں حالت ہے۔

یہ بات بھی سمجھ لینی چاہیے کہ صیغہ نہی یعنی لا تفعل سے چاہے تحریم ثابت ہو مگر لفظ نہی سے جس کے معنی روکنے کے ہیں تحریم کا بلا قرینہ ثابت ہونا غیر مسلم ہے ورنہ اسی لفظ سے گرم کھانے سے منع کیا ہے۔ ہر روز کنگھی سے منع کیا ہے۔ دھوپ چھاؤں میں بیٹھنے سے روکا ہے۔ دودھ والے جانوروں کے ذبیحہ سے روکا ہے۔ یہ سب بھی حرام ہو جائیں گے۔ ہاں بعض محرمات کو بھی اسی لفظ سے روکنے کا ذکر ہے تو اُن کی تحریم دوسرے نصوص سے ثابت ہے اس واسطے تحریم کا حکم ان پر دیا جاتا ہے لفظ نہی سے تحریم ثابت نہیں کی گئی ہے۔ اوّل درجہ ممانعت کا مکروہ تنزیہی ہے اور خلاف اولیٰ ہے وہی مراد ہو سکتی ہے لیکن یہ بات فروگذاشت نہ ہونا چاہیے کہ خلاف اولیٰ کسی امر آخر سے اور سبب قوی سے مستحسن بلکہ اگر مقدمہ واجب ہو جائے تو واجب ہو جاتا ہے وہ کچھ حرام نہیں ہے جس کا ازالہ لازم ہو۔ بلکہ حرام ظنی بھی حسب تصریح قاضی شوکانی کے اس قابل ہے کہ اس پر سکوت کیا جائے تو جو لوگ قبہ کی تحریم کے قائل ہیں وہ بھی سکوت ہی کو مقدم کرتے ہیں۔ میں نے باتباع اخی المعظم مولانا عبدالحیؒ مکروہ تنزیہی کا قول اختیار کیا ہے ورنہ عام علماء و اکابر نے قبور صلحاء پر قبہ کا بنانا مستحسن لکھا ہے۔ فقہاء کی عبارتیں یا مجتہدین کے ارشادات میں تحریم کا پتہ نہیں چلتا ہے اور تخصیص کسی کی نہیں ہے حالانکہ نصوص فقہی اکثر مطلق بولے جاتے ہیں مگر وہ مقید ہوتے ہیں کسی نہ کسی معتبر کتاب میں اس کی تخصیص اور قید ظاہر کر دی جاتی ہے۔ چنانچہ ان احکامات مطلقہ کی قید بھی فقہ میں موجود ہے وہ یہ ہے کہ اگر بغیر فائدہ یہ عمارت ہو تو مکروہ تنزیہی ہے اور اگر ملک موقوفہ یا ملک غیر میں ہو تو حرام ہے اور اگر فوائد مرتب ہوں تو مکروہ بھی نہیں ہے بلکہ مستحسن ہے اور ان کے فوائد سے یہ لکھا ہے کہ ان پر

Marfat.com

فاتحہ پڑھنے کے لیے جو لوگ آتے ہیں ان کو راحت ہو لوگوں کی نظر میں عظمت اہل قبر کی ظاہر ہو وغیر ذالک۔ امید ہے کہ ان سب کو مصرح مولوی عنایت اللہ سلمہ لکھیں گے۔

قبور پر قبوں کی بجنسہ وہی حالت ہے جو مساجد کی ہے۔ ولید کی بنائی ہوئی مسجد ابان بن عثمان کو ناپسند ہوئی۔ کیا شاندار مسجدیں جو سلف کے زمانہ میں تھیں اگر وہ کھو ڈالی جائیں تو بتائیے یہ سنت ہوگا یا بدعت۔ میرے نزدیک تو بدعت ہے اس واسطے کہ اس قسم کے استحکام دنیا کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے رسم و رواج کے اعتبار سے روکا تھا اور مصارف کی تقلیل کی وجہ سے باز رکھا تھا ورنہ کوئی ایسی شے نہ تھی کہ روکی جاتی۔ اب یہ کہنا کہ اس کے اندر بدعات ہوتے ہیں بفرض تسلیم ان کو روکا جا سکتا ہے۔ مکانات اور عالیشان محلات میں تو محرمات ہوتے ہیں تو ان کی وجہ سے مکان نہیں گرا دیا جاتا ہے اگر کسی کا مکان گرایا جائے تو اس کی توہین ہے یا نہیں۔ ہم سمجھتے ہیں کہ ان وحوش کو اس سے کیا فائدہ ہے۔

اس سے ہم صبر کرتے اگر اندیشہ نہ ہوتا کہ خانہ کعبہ کی وقعت اتنی قلوب اہل اسلام میں نہیں جتنی مدینہ طیبہ کی عظمت و محبت ہے اور اس میں بھی اختلاف ہے۔ امام شافعی تو جدار کعبہ کو سمت قبلہ ہونے کے قائل ہیں۔ امام ابو حنیفہ تو فضا کافی سمجھتے ہیں۔ قوی اندیشہ ہے کہ لوگ جدار ہی کو قبلۂ عبادت سمجھیں اس واسطے اگر ایک موحد جذبۂ توحید میں آ کے اس کو ڈھا دے تو پھر کون اعتراض ہو سکتا ہے۔ کیا یہ منشا لارڈ کچنر کا جس کی بناء پر خدام کعبہ قائم ہوئی نہیں پورا ہو سکتا ہے۔ اس کو ذرا غور و فکر سے ملاحظہ کیجئے۔ ہمارے جس قدر اندیشے ہیں سب ایک ایک کر کے پورے ہو رہے ہیں۔ اللہ ان کو پورا نہ کرے ورنہ مرکز اسلامی تشریف لے جاوے گا۔ مگر اب کہاں رہا ہے۔

Marfat.com

تیسرا امر تعمیر قبور کا ہے۔ میں اس جگہ اپنا عقیدہ اپنے جدّ اکرم مولانا عبدالرزاق قدس سرہٗ کی عبارت میں پیش کیے دیتا ہوں جو نصوص شرعیہ متواترہ ومتفقہ پر مبنی ہے اس پر بھی کہتا ہوں کہ کسی کو یاد ہو یا نہ ہو مجھے اس پر اعتقاد ہے وہ یہ ہے۔ انوار غیبیہ صفحہ ۳۰ مطبوعہ مجتبائی اور قبر بمنزلہ جسم کے ہو جاتی ہے پس جو معاملات کہ زندوں کے جسم کے ساتھ کرنے میں روح کو ایذا ہوتی ہے اسی طرح دفن کے بعد قبر کے ساتھ وہ معاملات کرنے سے روح کو ایذا ہوتی ہے اور جو معاملات زندہ کے ساتھ کرنے سے باعث فرحت روح ہوتے ہیں وہ قبر کے ساتھ کرنے میں بھی باعث فرحت روح ہوتے ہیں۔

پس جو جو تعظیمات کہ حالت حیات میں اہل قبور کے واسطے عمل میں آتے تھے قبور کے ساتھ ان کا حفظ لازم ہے، لیکن جو تعظیم ممنوعات شرع سے ہو وہ ہر وقت ممنوع ہے۔ پس بنانا قبر پختہ کا واسطے نشانی باقی رہنے کے درست ہے" یہ عبارت رسالہ مذکورہ کی ہے۔

علامہ عسقلانی وغیرہ وغیرہ تصریح کرتے ہیں کہ قبور کفار تو کھودے جا سکتے ہیں مگر قبور اہل اسلام نہیں کھودی جا سکتی ہیں۔ بلکہ بعض فقہائے متقدمین نے تو کفار کے قبور کو بھی روا نہیں رکھا ہے۔ مسلمانوں کی قبور کا کھودنا تو سب کے نزدیک ہتک حرمت اصحاب قبور کی ہے۔

اس میں شک نہیں کہ عموماً قبر زمین سے بلند کی گئی ہے خصوصاً آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی قبر کہ وہ ایک بالشت یا کچھ کم یا کچھ زائد بلند ہے آپ کا مزار ماہی پشت تھا یا مربع اس میں اول قول ائمہ ثلاثہ کا ہے اور دوسرا قول امام شافعی کا ہے مگر دونوں کے نزدیک جائز ہے کہ دوسرے قول پر عمل کیا جائے صرف افضلیت اور مسنونیت اور عدم افضلیت میں خلاف ہے۔

اس جگہ ایک حدیث حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی ہے جس کو میں نے

Marfat.com

ذکر کیا افسوس ہے کہ اس کے علاوہ تلاش سے بھی حسن صحیح بلکہ ضعیف بھی کوئی دوسری حدیث نہیں ملی۔ اول تو قصہ حال ہے معلوم نہیں حضرت علی کو کن قبور کے برابر کرنے کا حکم ہوا تھا بظاہر کفار کے قبور کا حکم ہوا ہوگا اس واسطے کہ اس وقت وہی قبور تھے پھر علت عبادت تھی یا کوئی دوسرا امر پھر اس کی تعیین کہ وہ کتنا بلند ہونے پر برابر کر دی جائے۔ غیر مذکور پھر کس شے کے برابر کر دی جائے یہ بھی مجہول ارشاد ہوا ہے:

ولا مشرفاً الا سویتہ، نہ کوئی قبر بلند پاؤں میں مگر یہ کہ اس کو برابر کر دوں بظاہر معلوم ہوتا ہے کہ قبر مشرف سے مراد وہی قبر ہے جس کو حد سے متجاوز بلند کیا ہو ورنہ چاہیے تھا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مزار کو بھی زمین کے ساتھ ملا دیتے یہ امر ظاہر ہے اس حدیث کو جمہور اہل سنت نے غیر قابل احتجاج سمجھا اور یہ مسلک صرف بعض کا ہے اس واسطے کہ یہ تمام تر احادیث و افعال کے خلاف ہے خود آنحضرت کے روبرو حضرت بلال نے قبر حضرت ابراہیم کو بنایا اور اس پر پانی ڈالا اس سے گارے سے قبر بنانے کا جواز نکلتا ہے۔

اگرچہ پختہ قبر کرنا بھی مکروہ تنزیہی ہے جیسا کہ نہی اس کے بارہ میں وارد ہوئی ہے مگر نشان قبر نہ مٹنے کے خیال سے خود حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عثمان بن مظعون کے مزار پر پتھر رکھا تھا وہ اس قدر بڑا تھا کہ جن صاحب کو حکم دیا گیا اُن سے اُٹھ نہ سکا تو خود اُٹھانے میں مدد دی اس سے پختہ قبر بننے کے جواز پر دلیل لائی جاتی ہے اور وہ حدیث جس میں نہی ہے یا نہی تنزیہی پر محمول ہوئی یا نسخ پر کیونکہ پہلے زیارت قبور کی بھی ممانعت تھی جب اس کا جواز ہوا تو قبر کا قائم رہنا بھی جائز ہوگا۔

قبر پر کتابت کرنے کی بھی نہی ہوئی ہے امام ابو حنیفہ اسی پتھر والی حدیث سے اس کے جواز کا حکم دیتے ہیں کیونکہ مقصود شارع نشان قبر کا قائم رکھنا ہے اسی وجہ سے فقہاء نے زمین کی کمزوری کے باعث پختہ کرنے کا بھی حکم دیا ہے۔

Marfat.com

یہاں تک کہ بعض نے تو تابوت کا اور وہ بھی لوہے کا ہو تو اس کی بھی اجازت دے دی ہے اور علت نہی کو بھی مختلف ظاہر کیا ہے۔ بعض نے بلندی کی بھی کوئی حد نہیں رکھی ہے۔ خصوصاً اہل شرف کے لیے اور واقعہ یہی ہے کہ کوئی دلیل، حرمت یا کراہت تحریمی پر قائم نہیں ہے حتیٰ کہ رفع قبر میں تو شوکانی صاحب کو بھی کہنا پڑا کہ تحریم اس کی ظنی ہے اس وجہ سے سکوت جائز ہے۔ پھر اس کے انہدام کی کیا وجہ ہے۔

الحاصل آپ سمجھ لیں کہ ہم قبروں کی توہین کو مثل زندوں کی توہین کے سمجھتے ہیں اس کو کوئی معمولی امر نہیں سمجھتے۔

---

Marfat.com

# قبوں کی حرمت پر ایک نظر

از جناب مولانا محمد عنایت اللہ صاحب افسر مدرس مدرسہ عالیہ نظامیہ لکھنؤ

اخبار ''ہمدرد'' مورخہ ۳۰ اگست ۱۹۲۵ء میں ایک مضمون مزارات پر قبوں وغیرہ بنوانے کے متعلق عدم جواز کا نظر سے گزرا میرا خود پہلے سے بھی خیال تھا کہ قبوں اور پختہ قبروں کے جواز و عدم جواز کے متعلق ایک مضمون لکھوں مگر دوسرے مشاغل کی وجہ سے اس ارادہ کو پورا نہ کر سکا کہ ہمدرد کے اس مضمون نے میرے ارادہ کو پختہ کر دیا خاص کر مولانا محمد علی صاحب کی خواہش نے اور زائد اس امر کی جانب توجہ دلائی۔

ہمدرد کے مضمون نگار مولانا عبدالحی صاحب فاروقی پروفیسر جامعہ ملیہ ہیں۔ مولانا موصوف نے شروع مضمون میں یہ تسلیم کیا ہے کہ قرآن پاک میں قبوں و مزارات وغیرہ کے احکام موجود نہیں ہیں اور ایک آیت جس سے جواز ثابت ہوتا ہے وبقول ابن کثیر و آلوسی لائق احتجاج نہیں ہے اس کے بعد مولانا نے احادیث و فقہ سے عدم جواز ثابت کیا ہے۔

ہم اپنے مضمون میں سر دست یہی ثابت کرنا چاہتے ہیں کہ قرآن و حدیث و اجماع امت (فقہ) و قیاس کسی سے بھی قبوں اور مزارات کو زمین سے بلند کرنے اور ان کے پاس مسجدیں بنوانے کی حرمت تو کیا کراہت تحریمی بھی ثابت نہیں ہوتی پس ان کو کھدوا دینے اور برباد کر دینے کی کوئی علت موجبہ نہیں ہے بلکہ خوف فتنہ بین المسلمین و شائبہ اہانت قبور کی وجہ سے قبور و قبوں کے انہدام سے باز ہی رہنا شیوۂ ہمدردان اسلام ہونا چاہیے۔ اوّلاً ہم مولانا کو یہ امر بتانا چاہتے ہیں کہ قرآن کی جو آیت مولانا

Marfat.com

نے تحریر فرمائی ہے یعنی :

فقالوا ابنوا علیهم بنیانا ربهم اعلم بهم قال الذین
غلبوا علی امرهم لنتخذن علیهم مسجداً ۔

وہ صراحتاً آپ کے اقرار کے بموجب مدعی کے خلاف ہے اور ابن کثیر اور حال کے علامہ آلوسی کی عبارتیں قرآن کا مقابلہ کرنے کے لیے کافی نہیں ہو سکتی ہیں اور بقول مولانا محمد علی کے قرآن کا مقابلہ تو حدیث متواتر بھی نہیں کر سکتی۔ چہ جائیکہ مفسرین کی عبارتیں اور ایک غیر مشہور حنبلی کے اقوال اس کے علاوہ آلوسی کی عبارتوں سے احتجاج ویسا ہی ہے کہ خود ابن عبدالوہاب کے اقوال سے احتجاج کیا جائے کون نہیں جانتا کہ آلوسی اور نواب صدیق حسن خاں اس قدر ہم خیال تھے کہ آلوسی کی تفسیر نواب صاحب مرحوم نے طبع کرائی۔ آلوسی زادہ نواب صاحب مرحوم کے تلامذہ میں سے تھے ابن تیمیہ و ابن قیم کے مقلد جامد تھے ان کے اقوال سے استناد بلا کسی دوسری دلیل کے کیسے لائق اعتبار ہو سکتا ہے اور سچ تو یہ ہے کہ اگر آلوسی کے اقوال پر ہم بھروسہ کریں تو خود مولانا فاروقی ہی کے اقوال پر کیوں نہ بھروسہ کیا جائے عراق تک شد رحال کی کیا ضرورت ہے۔ رہا ابن کثیر کا قول تو وہ ظاہر قرآن کے مقابل ہے اور شہاب خفاجی (جنہوں نے اسی آیت سے جواز تعمیر قبہ نکالا ہے) ان کا قول بظاہر قرآن کے موافق ہے پس ہم کو کوئی وجہ نہیں معلوم ہوتی کہ ہم کیوں نہ کہیں کہ ظاہر قرآن خفاجی کے ساتھ ہے اور جب تک اس کے مقابل کوئی دلیل نہ ہو کسی طرح اس کی تردید نہیں ہو سکتی۔ علاوہ اس کے ابن کثیر نے جن احادیث سے استدلال کیا ہے وہ اس آیت سے کوئی تعلق نہیں رکھتیں آپ خیال فرمادیں کہ قبور کو مسجد بنانا اور قبروں کے قریب مسجد بنانا دونوں میں کتنا عظیم فرق ہے قرآن میں جس واقعہ کا ذکر ہے اُس کے متعلق تمام مفسرین ذکر کرتے ہیں کہ مسجد باب کہف پر یا کہیں قریب بنائی گئی تھی اور یہاں احادیث میں جو چیز رد کی گئی ہے وہ نفس

Marfat.com

قبر کو سجدہ گاہ بنانا ہے۔ قرب اور جوار کی ممانعت اُس سے ثابت نہیں ہے۔
اس سے معلوم ہوگیا کہ قرآن مولانا فاروقی کی کسی طرح تائید نہیں کرتا جس کا خود مولانا نے اعتراف بھی کیا ہے بلکہ بظاہر مخالفت کرتا ہے اب احادیث کو دیکھیں تو مولانا نے جن احادیث کا تذکرہ کیا ہے دراصل وہ دو حدیثیں ہیں جن میں سے ایک حدیث جس کو اکثر محدثین نے اپنی سندوں سے مختلف الفاظ سے ذکر کیا ہے یہ ہے کہ اللہ یہود و نصاریٰ پر لعنت کرے کہ انہوں نے انبیاء کی قبروں کو سجدہ گاہ بنالیا (الحدیث)

دوسری حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی ہے جس کا ترجمہ مولانا نے حسب ذیل کیا ہے: "کیا تمہیں نہ روانہ کروں اس کام کے لیے جس کام کے لیے رسول اللہ صلعم نے مجھے روانہ کیا تھا آپ نے مجھ سے ارشاد فرمایا کہ میں کوئی اونچی قبر نہ چھوڑوں مگر یہ کہ اس کو برابر کردوں اور نہ کوئی تصویر مگر یہ کہ اس کو مٹا دوں"۔ پہلی حدیث مختلف الفاظ سے مروی ہے جن سب میں صرف قبروں کو سجدہ گاہ بنانے کی ممانعت مروی ہے ان احادیث کو تحریر فرما کر مولانا تحریر فرماتے ہیں:

کتاب وسنّت کی یہ تصریحات ببانگِ دُہل اس حقیقت کا اعلان کر رہے ہیں کہ قبروں پر مسجدیں بنانا قبہ تعمیر کرنا وہاں جا کر یمن و برکت حاصل کرنے کے لیے نماز پڑھنا اور ان کے لیے اوقاف مقرر کرنا ناجائز اور حرام ہے شریعت اسلام کو ان چیزوں سے کوئی تعلق نہیں ہے اور ان عمارتوں کا گرانا دراصل شریعتِ اسلام کا ایک بہترین فرض ادا کرنا ہے۔"

مولانا نے اس عبارت میں دعویٰ کیا ہے کہ اوپر کی مذکورہ آیاتِ قرآنی اور احادیثِ نبوی سے حسبِ ذیل دعوے ثابت ہوگئے۔

(۱) قبروں پر مسجد بنانا حرام ہے۔
(۲) قبہ تعمیر کرنا حرام ہے۔

Marfat.com

(۳) وہاں جا کر یمن و برکت حاصل کرنے کے لیے نماز پڑھنا حرام ہے۔
(۴) ان کے اوقات مقرر کرنا حرام ہے۔
(۵) اُن عمارات کا گرانا اہم ترین فرض ادا کرنا ہے۔

یہ مولانا کے پانچ دعوے ہیں اور مولانا کا خیال ہے کہ مذکورہ آیات و احادیث سے یہ سب ثابت ہو گئے۔ مولانا خود انصاف فرمالیں کہ آپ نے اپنے دعویٰ کے موافق میں ایک آیت "نصف آیت" ایک لفظ بھی قرآن شریف کا کہیں اوپر ذکر کیا جس سے آپ کے مذکورہ پانچوں دعووں میں سے ایک دعویٰ بھی ثابت ہو سکے۔ ہم نے ہمدرد میں بس کے اوپر کا ایک ایک لفظ پڑھا ہے۔ ہم کو تو کہیں بھی کوئی لفظ قرآن شریف کا جو آپ نے اپنے دعوے کے ثبوت میں لکھا ہو نہیں ملا۔ مضمون بھر میں صرف ایک آیت ذکر کی گئی ہے اور وہ صرف یہ دکھانے کے لیے کہ اس آیت سے قبہ و غیرہ کا جواز ثابت کرنا درست نہیں ہے۔ اس کا کوئی تعلق مولانا کے دعووں کے ثبوت سے نہیں ہے جس کو صرف مولانا نے بھی صرف رد کرنے کے لیے ذکر کیا ہے اگر اُسی سے مولانا کا دعوی ثابت ہے تو مولانا نے خود ہی اس کی تردید کر دی ہے تو کیا خود ہی اپنے دعویٰ کو رد فرمایا ہے۔ اس کے علاوہ تو کوئی آیت مضمون بھر میں مذکور نہیں ہے۔ اب احادیث کو دیکھیے اس میں سے سوائے ایک کے اور سب احادیث میں قبروں کو مسجد بنانے کی ممانعت مروی ہے۔ مولانا نے خود مسجد کا ترجمہ سجدہ گاہ کیا ہے ظاہر ہے کہ قبروں کو سجدہ گاہ بنانا اور چیز ہے اور قبروں کے قریب اُس سے ہٹ کر مسجد بنانا اور چیز ہے اور قبہ تو بالکل علیحدہ شے ہے اگر حدیث میں قبر کو سجدہ گاہ بنانے کی ممانعت ہے تو اُس کا قبہ سے کیا تعلق ہے زائد سے زائد جو ان احادیث سے ثابت ہو سکتا ہے وہ یہ کہ قبر کو سجدہ نہ کرنا چاہیے۔ اب مولانا ہی بتائیں کہ قبہ کے بنانے سے اس کا کیا تعلق ہے اور آپ کے دعووں سے تو ذرا بھی اس کا تعلق نہیں ہے۔ مولانا کی خدمت

Marfat.com

میں یہ بھی گذارش ہے کہ کسی چیز کا حرام ہونا احادیث احاد سے ثابت نہیں ہوتا۔ بلکہ اگر مولانا ہی سے گذارش ہے۔ قرآن پاک کی آیت سے ہم استدلال کریں اور آپ کے ان پانچوں دعووں کے مقابل اسی آیت سے استدلال کریں تو غالباً مولانا کو مفسرین کی کمزور اور غیر معتبر اقوال کے دامن میں پناہ لینا کے سوا کوئی چارہ نہ ہوگا اور مولانا کے پیش کردہ احادیث احاد بھی اگر بفرض وہ آپ کے مدعیٰ کے موافق بھی ہوں تو قرآن کی آیت کے مقابل نہ ہو سکیں گی۔ (دیکھو مولانا محمد علی کا مضمون قتل مرتد کے بارے میں) دوسری حدیث حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی ہے جس کا تعلق قبر کو اونچا کرنے سے ہے قبتوں وغیرہ سے اُس کا تعلق نہیں ہے جیسا کہ آپ کے ترجمہ سے خود ظاہر ہے۔

اصل یہ ہے کہ حنفیہ اور شافعیہ میں بحث یہ ہے کہ آیا قبر کو گاؤدم ہونا چاہیے اونٹ کے کوہان کے مانند یا مسطح ہونا چاہیے حنفیہ پہلے کو اور شافعیہ دوسرے کو مسنون بتاتے ہیں اور ہر ایک اپنی موافقت میں دلائل حدیث سے پیش کرتے ہیں حنفیہ چند احادیث جو اپنے استدلال میں پیش کرتے ہیں اُن میں سے بعض حسب ذیل ہیں:

(۱) عن سفیان التمار انہ رای قبر النبی صلی اللہ علیہ وسلم مسنماً (بخاری)

سفیان تمار سے مروی ہے کہ انہوں نے حضور انور کی قبر شریف ابھری ہوئی کوہان شتر کی طرح دیکھی ۔

(۲) عن ابراھیم قال اخبرنی من رای قبر النبی صلی اللہ علیہ وسلم قبر ابی بکر وعمر فاشزۃ من الارض و علیہا فلق من مدرا بیض (امام محمد)

ابراہیم کہتے ہیں کہ مجھ سے اس شخص نے جس نے حضور انور اور شیخین کے مزار مبارک دیکھے ہیں یہ بیان کیا ہے کہ یہ قبور زمین سے اونچے تھے (ابھرے ہوئے تھے) اور اُن پر سفیدی چھوٹی مٹی کی تھی ۔

Marfat.com

(۳) عن جابر قال سُئلت ثلثة كلهم له فی قبر رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیه وسلم اب اباجعفر محمد بن علی و سئلت قاسم بن محمد و سئلت سالم بن عبداللّٰہ اخبرونی عن قبور ابائکم فی بیت عائشة وکلھم قالوا انها مسنمة (ابن شاہین)

حضرت جابر سے مروی ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ میں نے ایسے تین شخصوں سے سوال کیا جن میں سے ہر ایک کے باپ کی قبر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر کے پاس تھی یعنی ابوجعفر محمد بن علی اور قاسم بن محمد اور سالم بن عبداللہ سے میں نے سوال کیا کہ تم لوگوں کے باپوں کی قبریں حضرت عائشہ کے حجرہ میں کس طرح بنی ہوئی ہیں۔ ان سب نے کہا کہ وہ قبریں کوہان شتر کی طرح بلند ہیں:

(۴) قال القاری السنة ان یعلم القبر وان یرفع شبرًا کقبرہٖ علیه الصلوٰۃ والسلام کما رواہ ابن حبان فی صحیحه۔

ملّا علی قاری کہتے ہیں کہ سنت یہ ہے کہ کہ قبر کا نشان ہو اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مزار کی طرح ایک بالشت بلند ہو جیسا کہ ابن حبان نے اپنی صحیح میں لکھا ہے:

اس کے علاوہ دوسری احادیث بھی حنفیہ کی مؤید ہیں اور شافعیہ اسی حدیث سے جو مولانا نے تحریر فرمائی ہے تربیع اور تسطیح قبر پر استدلال کرتے ہیں حنفیہ جواب میں کہتے ہیں کہ اس حدیث سے ممانعت ایک بالشت سے زائد قبر بلند کرنے کی ہے ایک بالشت سے کم بلند کرنے کی ممانعت کیسے ہو سکتی ہے، باوجودیکہ خود حضور انور کا مزار مبارک زمین سے بلند تھا اور اگر حضرت علی اور دیگر اصحاب کبار اس کو بُرا سمجھتے تو ضرور روکتے بلکہ اس کے برخلاف خود حضرت علی کے متعلق مروی ہے کہ قبر سے ٹیک لگائے ہوتے بیٹھے تھے تو ظاہر ہے کہ اگر قبر بلند نہ تھی تو تکیہ کیسے لگائے تھے۔ اس ہمارے بیان سے معلوم ہوا کہ اس حدیث کا تعلق کسی طرح قبہ اور عمارت ماحول القبر سے محدثین کے نزدیک نہیں

Marfat.com

ہے۔ اگر بالفرض یہ تسلیم کر لیا جائے کہ اس میں ممانعت قبہ کی ہے تو جہاں کہیں قبر کی تربیع سے (زمین دوز) منع کیا گیا ہے تو کیا آپ کے خیال میں اس جگہ پر قبہ بنانے کا حکم دیا گیا ہے۔ اس کے بعد ہم نہیں سمجھ سکتے کہ مولانا نے اوپر کون سی آیت یا حدیث تحریر فرمائی ہے جس سے اُن کے کسی دعویٰ کا ثبوت بھی ہوسکے خود بھی براہِ کرم مولانا اپنے پانچوں دعووں اور مذکورہ بالا احادیث کو دیکھیں اور ہمیں مطلع فرمائیں کہ محل استدلال کون سا لفظ ہے۔ خیال رہے کہ محض احتمالات اور وہ بھی خلاف ظاہر سے حرمت تو کجا کراہت بھی ثابت ہونا ضروری نہیں ہوتا اس کے بعد مولانا نے دوسرے پرچہ ہمدرد میں فقہا کی عبارتیں پیش کی ہیں اُن کا مفصل جواب آگے آتا ہے لیکن ایک امر ضروری یہاں پر گذارش کر دینا ہے کہ اختلاف فقہا کی صورت میں کسی امر کا قطعی الحرمت ہونا کسی طرح پر لائق تسلیم نہیں ہے اور خاص کر جب کہ سلف سے لیکر خلف تک کسی بات پر عمل کرتے چلے آئیں تو وہ عند الفقہا حرام نہیں رہ سکتا۔ علیہ العمل و علیہ عمل مشائخنا علیہ عمل القوم علامات فتویٰ سے ہیں۔

جب آپ فقہا کے مسالک سے بحث کیجئے گا تو آپ کو لازم ہے کہ ان کے اصول پر بحث کیجئے!

توجیہ القول بما لا یرضیٰ بہ قائلہٗ درست نہیں ہے۔ مولانا نے سب سے پہلے جو عبارت لکھی ہے وہ مدونۃ الکبریٰ کی ہے جس کو امام مالک کی تصنیف فرمایا ہے، ہم کو حیرت ہے کہ المدونۃ الکبریٰ کن امام مالک کی تصنیف ہے آیا یہی امام مالک جو مشہور صاحب مذہب ہیں یا کوئی اور امام مالک آج تک امام مالک کی تصانیف میں سے سوائے مؤطا کے اور کسی کا پتہ نہیں ملا تھا مگر شکر ہے کہ مولانا کے ذریعے سے ایک اور تصنیف امام مالک کی معلوم ہوگئی۔ ہم مولانا کی نیت پر حملہ نہیں کرتے البتہ اتنا ضرور

Marfat.com

کہتے ہیں کہ چاہے بلا ارادہ ہو مگر عبدالرحمٰن ابن قاسم کی تصنیف کو امام مالک کی جانب منسوب کرنا صحیح طریقہ اثبات مدعٰی کا نہیں ہے۔ امام شافعی کی کتاب الام کی عبارت میں لفظ احب موجود ہے، ان میں سے کوئی ایک عبارت بھی تو یہ نہیں بتاتی کہ قبہ بنانا مسجدیں قبور صالحین میں بنانا وغیرہ وغیرہ مولانا کے چار امروں میں سے کوئی بھی حرام ہے۔

کراہت اور چیز ہے حرمت اور شئے، کراہت سے حرمت لازم نہیں آتی۔ ہماری سمجھ سے یہ امر باہر ہے کہ مولانا نے درمختار کی عبارت کا وہ حصہ کیوں چھوڑ دیا جس میں صراحتاً جواز بناء مصنف نے بیان کی ہے۔ پوری عبارت حسب ذیل ہے:

ولا یرفع علیه بناء وقیل لاباس به وهوالمختار۔ — اس پر کوئی تعمیر بلند نہ کی جائے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس میں کوئی حرج نہیں اور یہی مختار ہے:

مولانا انصاف فرمائیں کہ اُس عبارت کو چھوڑ دینا جو اُن کے خلاف تھی اور جس کے متعلق علامت فتوٰی بھی درج ہے کس قدر زبردستی ہے۔ مولانا کو اختیار تھا صاحب درمختار کی پوری عبارت تحریر فرما کر اُس کی تردید کر دیتے مگر یہ طریقہ تو کسی طرح مناسب نہیں ہے کہ اپنے موافق عبارت کا پہلا حصہ ذکر کر دیا جائے اور بعد کا جو اپنے خلاف ہو اس کو چھوڑ دیا جائے یہ تو بعینہٖ لا تقربو الصلوٰۃ کا معاملہ ہے۔ اس سے بھی زائد ہم کو تعجب ہے کہ مولانا نے جب درمختار ملاحظہ فرمائی تو اسی کے ساتھ اس کا حاشیہ تکلیف اُٹھا کر کیوں نہ ملاحظہ فرمایا جس میں صاف طور سے لکھا ہے کراہت کے قول کے بعد:

وفی الاحکام عن جامع الفتاوٰی وقیل لایکره البناء اذکان — اور جامع الفتاوٰی سے احکام میں منقول ہے، یہ بھی کہا گیا ہے کہ قبر پر

Marfat.com

المیت من المشائخ والعلماء والسادات۔ تعمیر کرنا مکروہ نہیں اگر صاحبِ قبر علماء اور بزرگوں میں سے ہو۔

مولانا ہمیں معاف فرمائیں گے۔ اس قسم کی عبارتوں میں تصرفات بعض بہت زائد بدگمانیاں پیدا کرا دیتی ہیں۔ اسی طرح مولانا نے نہایہ اور شرح مختصر کی عبارت کا بیچ کا حصہ ذکر نہیں فرمایا جس سے پوری طرح مطلب واضح ہوتا۔ یہ عبارتیں حسبِ ذیل مولانا نے تحریر کی ہیں:

ھدم البناء جوبًا بحرمته لما فیه من التضیق علی الناس۔ (نہایۃ المحتاج) نظاھرہ ھذہ التحریم ولو کان مکروھًا لنفذت الوصیۃ (شرح مختصر)

ہم کو افسوس ہے کہ دونوں کتابیں ہمارے پاس نہیں ہیں ورنہ ہم پوری عبارت کے ساتھ جس کے بیچ کے حصہ کو مولانا نے حذف کر دیا ہے ملا کر پڑھتے اور معلوم کرتے کہ آیا درمختار کی عبارت کی طرح کہیں اس میں بھی تو تصرف نہیں ہے اور یہ کہ ان کا کیا مطلب ہے مگر پھر بھی اس سے قطع نظر مولانا کو ہم بتانا چاہتے ہیں کہ ان دونوں میں سے ہر شخص نے صاف طور پر صراحتاً اسی کتاب میں جیسا کہ آپ نے خود تحریر فرمایا ہے کراہت لکھی ہے اور شرح مختصر میں تو صاف صاف اوپر کراہت لکھ کر یہ بتایا ہے کہ اگر کسی شخص نے وصیت کی ہے کہ مرنے کے بعد قبر پر گھر بنا دیا جائے تو یہ وصیت پوری نہیں کی جائے گی۔ شارح کہتے ہیں کہ اس سے تو بظاہر حرمت معلوم ہوتی ہے مولانا بتائیں کہ اس میں شارح کا تردد معلوم ہوتا ہے یا اس کی قطعی رائے یہاں پر مولانا نے عبارت کا ترجمہ اس طور پر کیا ہے کہ ہم اس کو کسی طرح بھی صحیح نہیں کہہ سکتے اور مولانا کی نیک نیتی پر چونکہ حملہ کرنا مقصود نہیں ہے لہٰذا عجلت پر محمول کرتے ہیں۔ یہ ترجمہ کی غلطی کچھ اسی عبارت میں نہیں ہے بلکہ اوپر کی عبارتوں

Marfat.com

میں بھی ہے اور اس غلط ترجمہ کا یہی نتیجہ ہے کہ مولانا نے نتیجہ نکالنے میں غلطی کی ہے عبارت حسب ذیل مولانا نے لکھی ہے (جو خود بھی غلط اور ٹکڑے ٹکڑے سے ہے)

فیمن اوصیٰ ان یبنی علی قبرہ بیت نظاھرہ ھٰذہ التحریم ولو کان مکروھًا لنفذت الوصیۃ۔

ترجمہ مولانا نے یہ کیا ہے: ایک شخص وصیت کرتا ہے کہ اس کی قبر پر ایک عمارت بنائی جائے تو اُس کی وصیت نافذ نہ ہوگی کیونکہ قبروں پر عمارت بنانا حرام ہے۔

مولانا انصاف فرمائیں کہ آیا اس عبارت کا ترجمہ یہی ہوا جو انہوں نے تحریر فرمایا ہے کیا بیت کا ترجمہ عمارت ہے۔ کتاب میں نظاہرہ التحریم بیکار الفاظ ہیں۔ کیا عدم نفاذ وصیت خود شارح کا قول ہے اور اس کا فتویٰ ہے۔ اب مولانا مجھ سے سنیں کہ اس عبارت کا کیا مطلب ہے گو میرے پاس کتاب موجود نہیں ہے پھر بھی جو میں لکھا غالباً وہی کتاب کا مطلب ہوگا براہِ کرم پھر جناب ملاحظہ فرمادیں مطلب یہ ہے اوپر شارح نے بناء علی القبور اور بقول آپ کے احاطہ کھینچنے کو مکروہ لکھا ہے۔ اس کے بعد شارح لکھتے ہیں کہ مصنف یا کسی اور عالم نے بیت بنانے کی وصیت کے عدم نفاذ کا فتویٰ دیا ہے۔ اس سے بظاہر حرمت معلوم ہوتی ہے حالانکہ اوپر کراہت مذکور ہے۔

پس عبارت سے یا تو مصنف پر اعتراض کرنا مقصد ہے یا تردد ظاہر کرنا اس کے بعد یہ بھی گذارش ہے کہ قبر پر گھر بنانے کے جواز سے قبہ کا عدم جواز ثابت نہیں ہوتا ممکن ہے کہ گھر کا عدم جواز اس حدیث سے ماخوذ ہے جس میں گھر میں قبر بنانے کی ممانعت حرج نماز وغیرہ کی وجہ سے مذکور ہوئی ہے اس سے بھی قبہ کا عدم جواز ثابت نہیں ہوتا۔ لہٰذا یادش بخیر ابن تیمیہ کی عبارت

Marfat.com

سے نہیں معلوم کہ مولانا نے کیا ثابت کرنا چاہا ہے اوّل تو ابن تیمیہ کی عبارت سے استفادہ اسی طرح پر ہے جیسے پطرس کی عبارتوں سے آپ تثلیث نقل کریں اور ہم کو الزام دیں۔ آپ ہی فرمائیے کہ اگر آپ اسی طرح عیسائیوں کے اقوال نقل کرنا شروع کر دیں تو کیا وہ ہم پر حجت ہو جائیں گے۔

دوسرے ہماری سمجھ میں نہیں آتا کہ ابن تیمیہ کی عبارت سے یہ کہاں ثابت ہوا کہ مطلقاً اونچی قبر بنانا اور اس کے پاس قبہ بنانا حرام ہے اور اس کا ہدم واجب ہے بیشک وہ امور جو مذکور ہیں ممکن ہے کہ ان کی حرمت پر آپ استدلال اس عبارت سے کر سکیں، لیکن ان کی وجہ سے قبوں کی حرمت ابن تیمیہ کے کلام سے ثابت نہیں۔ بقیہ عبارات فقہا جو مولانا نے لکھی ہیں وہ مولانا کے مدعائے حرمت کو ثابت کرنے سے قاصر ہیں کیونکہ بحر الرائق میں صراحتاً جیسا کہ آپ نے ذکر کیا ہے کراہت بناء کی بیان کی گئی ہے اور اگر کراہت ثابت ہو جائے تو بھی آپ کے مدعی کو مفید نہیں ہے کیونکہ آپ حرمت کے قائل ہیں اور اسی کا دعویٰ بھی فرمایا ہے۔ کراہت کے ثبوت سے آپ کوئی فائدہ نہیں حاصل کر سکتے۔ غرض کہ ہمارا خیال ہے کہ کہ مولانا نے اپنے مضمون میں کوئی دلیل بھی اپنے چاروں دعووں میں سے کسی کے ثبوت کی نہیں دی ہے۔ اور جو کچھ ثابت بھی کر سکے وہ صرف کراہت لیکن اسی کے بالمقابل نہ صرف فقہا بلکہ سلف بلکہ زمانۂ صحابہ میں خیام فسطاط (قبے) اور دیواریں اور چھت قبروں پر بنائی گئیں اور علماء نے اس پر سکوت کیا یا کم از کم علماء نے اس کے متعلق انکار شدید نہیں کیا ظاہر ہے کہ ایسے مختلف فیہ امور کے بارے میں خاص کر جب کہ اختلاف بھی کراہت و جواز بلا کراہت کا ہو ابن سعود کا ایسا فعل کرنا جس سے اہانت مسلمین بلکہ خود اہانت سید المرسلین کی نہ صرف ہماری نظروں میں بلکہ تمام کفار و مشرکین کی نظروں میں متصور ہو بلکہ پھر یہ بھی مظنہ ہو کہ کفار انہیں افعال کو سند پکڑ کے تمام قبور بلکہ سید القبور

Marfat.com

کے ساتھ ارادۂ فاسد کر سکیں گے اور کم از کم تمام اہل اسلام میں ایسا فتنہ رونما ہونے کا اندیشہ ہو جس کا انسداد بھی نہ ہو سکتا ہو کس طرح جائز ہو سکتا ہے اب ہم وہ عبارتیں آخر میں تحریر کرتے ہیں جن سے مولانا کے مدعی کے خلاف بھی روشنی پڑتی ہے۔

ولما مات الحسن بن علی ضربت امرأته القبة علی قبره ثم رفعت فسمعت صائحاً یقول الا هل وجد والی اخر الحدیث (بخاری)

حضرت امام حسن کی وفات کے بعد اُن کی زوجہ نے آپ کی قبر پر قبہ قائم کیا پھر تھوڑے زمانہ کے بعد اس کو اٹھا دیا پس ایک آواز سنائی دی کہ کیا انہوں نے اپنی گمشدہ چیز پا لی:

وضرب عمر رضی اللہ علی قبر زینب بنت جحش وقال ابن التین فمن کرہ ضربه علی قبر الرجل ابن عمر وابو سعید وابن المسیب۔

حضرت عمر نے حضرت ام المومنین زینب بنت جحش کی قبر پر فسطاس بنایا۔ ابن تین نے کہا کہ جن لوگوں نے مرد کی قبر پر قبہ وغیرہ قائم کرنا منع کیا ہے ان میں ابن عمر اور ابو سعید اور ابن مسیب ہیں:

وضربته عائشة علی قبر اخیها فنزعه ابن عمر وضربه محمد بن حنیفة علی قبر ابن عباس (عینی)

حضرت عائشہ نے اپنے بھائی کی قبر پر قبہ قائم کیا تو ابن عمر نے اس کو ہٹا دیا اور محمد بن حنفیہ نے ابن عباس کی قبر پر قبہ قائم کیا:

عن عروة بن زبیر لما سقط علیهم الحائط فی زمان الولید بن عبد الملك اخذ وافی بنائه (بخاری)

عروہ بن زبیر سے روایت ہے کہ جب ان مزارات پر ولید بن عبدالملک کے زمانہ میں دیوار گر پڑی تو اس کی پھر تعمیر شروع ہوئی (بخاری)

قال عمر بن دینار و عبید اللہ

عمر بن دینار اور عبید اللہ بن ابی

Marfat.com

بن ابی یزید لم یکن علی عہد نبی صلی اللہ علیہ وسلم علی بیت نبی صلی اللہ علیہ وسلم حائط فکان اول من بنی علیہ جدارا عمر بن الخطاب قال عبید اللہ کان الجدار قصیرا ثم بناہ عبد اللہ بن زبیر (عینی) وقد اباح السلف البناء علی قبر المشائخ والعلماء المشہورین لیزورھم الناس ویستریحوا بالجلوس فیہ (ملا علی قاری شرح مشکوٰۃ)

زید راوی ہیں کہ حضور کے عہد مبارک میں حضور کے کسی حجرہ میں دیوار نہ تھی تو سب سے پہلے اس کی دیوار حضرت عمر نے بنوائی۔ عبید اللہ یہ بھی کہتے ہیں کہ یہ دیوار چھوٹی تھی پھر عبد اللہ بن زبیر نے اس کو بنوایا (عینی) اگلے بزرگوں نے مشائخ اور مشہور علماء کی قبروں پر قبور وغیرہ بنوانا جائز رکھا ہے تاکہ لوگ اُن کی زیارت کر سکیں اور بآرام وہاں بیٹھ سکیں۔ (شرح مشکوٰۃ للقاری)

عن المعرور بن سوید قال کنت مع عمر بین مکۃ والمدینۃ فصلی بنا الفجر ثم رای اقواما ینزلون فیصلون فی مسجد فسأل عنھم فقالوا مسجد صلی فیہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال انما ھلک قبلکم انھم اتخذوا آثار انبیائھم بیعا من مر بشی من ھذہ المساجد فحضرت الصلوٰۃ فلیصل والا فلیمض (عب، کنز الاعمال)

معرور بن سوید راوی ہیں کہ میں حضرت عمر کے ساتھ مکہ اور مدینہ کے راستہ میں تھا تو آپ نے فجر کی نماز پڑھائی پھر آپ نے لوگوں کو دیکھا کہ اترتے ہیں اور ایک مسجد میں نماز پڑھتے ہیں تو آپ نے اس کی وجہ دریافت کی لوگوں نے کہا کہ یہ وہ مسجد ہے جس میں حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھی ہے۔ حضرت نے کہا تمہارے قبل کی امتیں اس وجہ سے ہلاک ہو گئی ہیں کہ انہوں نے اپنے انبیاء کے نشانات پر کنائس تعمیر کر لیے تھے تم میں سے جو شخص ان مساجد میں آئے اور نماز

Marfat.com

کا وقت آئے تو ان میں نماز پڑھ لے ورنہ گزر جائے (کنز الاعمال)

رأيت سالم بن عبد الله يتحرى اماكن من الطريق فيصلي فيها ويحدث ان اباه كان يصلي فيها وانه راى النبي صلى الله عليه وسلم يصلي في تلك الامكنة وحدثني نافع عن ابن عمر رضي الله عنهما انه كان يصلي في تلك الامكنة (بخاری شریف)

میں نے سالم بن عبداللہ کو دیکھا کہ راستہ میں چند جگہوں میں قصداً نماز پڑھتے اور کہتے کہ یہاں پر ان کے باپ نماز پڑھتے تھے اور کہتے تھے۔ (یعنی ابن عمر) کہ انہوں نے حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہاں پر نماز پڑھتے دیکھا تھا اور نافع سے بھی یہی مروی ہے۔ (بخاری)

مات الحكم بن ابي العاص في خلافة عثمان فضرب على قبره فسطاس في يوم صائف فتكلم الناس في ذالك فقال عثمان رضي الله عنه قد ضرب في عهد عمر على زينب بنت جحش فسطاس فهل رايتم عائباً عاب ذلك (اصابہ)

حکم بن ابی عاص خلافت عثمان کے زمانہ میں مرے تو ان کی قبر پر قبہ قائم کیا گیا سخت گرمی میں پس اس پر لوگوں نے اعتراض کیا پس حضرت عثمان نے ارشاد فرمایا کہ حضرت عمر کے زمانہ میں یہی امر حضرت زینب کی قبر پر کیا گیا تو کیا تم لوگوں نے کسی شخص کو دیکھا کہ جس نے اس کو معیوب سمجھا ہو۔

قال البيضاوي لما كانت اليهود والنصارى يسجدون لقبور الانبياء تعظيما لشانهم ويجعلونها قبلة يتوجهون في الصلوة نحوها واتخذوا وثانا لعنهم النبي صلى الله عليه وسلم ومنع المسلمين

بیضاوی کہتے ہیں چونکہ یہود و نصاری اپنے انبیاء کے قبور کا انکی عظمت کرتے ہوئے سجدہ کرتے تھے اور اپنا قبلہ صلاتی بناتے تھے ان لوگوں نے قبروں کو بُت بنا لیا تھا اس لیے اُن پر نبی صلعم نے لعنت بھیجی اور مسلمانوں

Marfat.com

عن مثل ذلك فامامن نبی مسجدا فی جوار صالح وقصد التبرک بالقرب منه لا للتعظیم لہ ولا لاتوجہ نحوہ فلا یدخل فی ذلک الوعید (علامہ عسقلانی)

کو ایسے امور سے آپ نے روکا لیکن جوار علما میں جس نے مسجد بنائی محض ان کے قبور کے قرب سے برکت حاصل کرنے کے لیے اور بلالحاظ ان کی تعظیم کے بغیر اس جانب توجہ کے تو وہ اس وعید میں داخل نہیں ہے۔ (عسقلانی)

مولانا کے مضمون کے متعلق تو ہم صرف اسی قدر لکھنا چاہتے ہیں البتہ ایک امر زیادتی فائدہ کے واسطے ہم یہاں ذکر کر دینا ضروری خیال کرتے ہیں احادیث میں جہاں کہیں احکام بلفظ امر آتے ہیں ان سے ہر جگہ فرضیت ہی سمجھنا ضروری نہیں ہے اور اسی طرح جہاں کہیں لفظ نہی وارد ہوا ہو تو اس سے حرمت ہی ہر جگہ سمجھنا ضروری نہیں ہے۔ احادیث میں ایک نہیں بلکہ دس بیس سے زائد جگہوں میں لفظ نہی وارد ہوئی ہے مگر اس سے حرمت مراد نہیں ہے بلکہ کہیں کراہت تحریمی کہیں کراہت علادی (تنزیہی) کہیں بوجہ طبی نقصانات کے کہیں بوجہ کسی شخص خاص کی مصلحت کے لفظ نہی مروی ہوئی ہے بعض حدیثوں میں ایسا بھی ہوا ہے کہ پسندیدہ چیزوں کی نہی کی گئی ہے جس میں سے بعض حرام بعض مکروہ ہیں۔ ہم کثیر احادیث میں سے صرف دو تین حدیثیں مثال کے طور پر لکھتے ہیں اور اس سے صرف یہی امر ثابت کرنا چاہتے ہیں کہ لفظ نہی سے بلا کسی دلیل کے حرمت ہی مراد لینا صحیح نہیں ہے۔

نہی عن الشرب فی آنیۃ الذھب والفضۃ ونہی عن لبس الذھب والحریر ونہی عن جلود النمور ان یرکب علیہا ونہی عن المتعۃ ونہی عن تشئید البناء نہی

حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے سونے اور چاندی کے برتن میں شرب سے منع فرمایا ہے اور سونے اور ریشم کے پہننے سے منع فرمایا ہے اور چیتے کی کھالوں کی زین بنانے سے منع فرمایا

Marfat.com

عن تشئید البناء نھی ان یمس الرجل ذکرہ بیمینہ وان یمشی فی نعلٍ واحدٍ نھی عن ان یستقبل القبلۃ ببول وغائط نھی عن السوم قبل طلوع الشمس وعن ذبح فتی الغنم۔

ہے۔ متعہ سے منع فرمایا ہے۔ مکان کو مضبوط و مستحکم بنانے سے روکا ہے مسّ ذکر بیمینہ سے مرد کو منع فرمایا ہے ایک جوتہ پہن کر چلنے سے منع فرمایا ہے۔ پیشاب اور پاخانہ کے وقت قبلہ رو ہونے اور قبلہ کی طرف پشت کرنے سے منع فرمایا ہے۔ طلوع آفتاب کے قبل سودا چکانے سے اور جوان بھیڑ کے ذبح کرنے سے منع فرمایا ہے:

اس کے بعد ہم چاہتے ہیں کہ قبہ اور قبر کی بحث سے گذر کر حرمین کے ساتھ جو بدسلوکیاں ہوئیں ہیں اور خاص کر مدینہ پاک پر جو حملہ کیا گیا ہے اس کے متعلق بھی ہم چند احادیث ذکر کر دیں۔

# چند احادیث حسب ذیل ہیں

فمن احدث فیھا حدثاً اواوی محدثاً فعلیہ لعنۃ اللّٰہ والملٰئکۃ والناس اجمعین لا یقبل منہ صرف ولا عدل (بخاری)

جس شخص نے مدینہ میں فتنہ و فساد مچایا یا فتنہ کا قصد کیا اس پر اللہ اور ملائکہ اور لوگوں کی لعنت ہے اور اللہ اس کے کسی نفل و فرض کو قبول نہ کرے گا:

لا یکید اھل المدینۃ احد الا انماع کما ینماع الملح فی الماء (بخاری)

مدینہ والوں سے جو شخص فریب کرتا ہے وہ اس طرح گھلتا ہے جسطرح نمک پانی میں:

من اراد اھل ھٰذہ البلدۃ لبسوء اذابہ اللّٰہ کما یذوب

جو شخص مدینہ والوں سے برائی کا ارادہ کرتا ہے اللہ اس کو اس طرح پگھلاتا

Marfat.com

الملح فی الماء وله فی روایة ولا یرید احد اهل المدینة لسوء الا اذابه الله فی النار ذوب الرصاص او ذوب الملح فی الماء (مسلم)

ہے جس طرح نمک پانی میں اور دوسری روایت میں (وعید اس طرح ذکر ہے) اللہ اس کو پگھلاتا ہے جس طرح رانگہ آگ میں اور نمک پانی میں :

ایما جبار اراد فی المدینة بسوء اذله الله کما یذوب الملح فی الماء (للجنید)

جس ظالم نے مدینہ میں برائی کا ارادہ کیا اس کو اللہ اس طرح پگھلائے گا جس طرح نمک پانی میں :

اللھم اکفھم من دھمھم بباس یعنی اھل المدینة ولا یریدھا احد لسوء الا اذابه الله کما یذوب الملح فی الماء (للبزار)

اے اللہ مدینہ والوں کو ان لوگوں سے محفوظ رکھ جو ان کو تکلیف پہنچائے اور جو ان کے ساتھ برائی کا ارادہ کرے گا اللہ اس کو پگھلا دے گا جس طرح نمک پانی میں گھل جاتا ہے :

عن سعید بن المسیب ان رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم اشرف علی المدینة حتی روا عفرة ابطه ثم قال اللھم من ارادنی واھل بلدی لسوء فعجل ھلاکه (لابن زبالہ)

سعید بن مسیب سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب مدینہ تشریف لائے ہاتھ اٹھا کر دعا مانگی اور فرمایا اے اللہ جو میری اور میرے شہر والوں کے ساتھ برائی کا ارادہ کرے اسکو تو جلد ہلاک کر :

من اخاف اھل المدینة اخافه الله یوم القیامة وغضب علیه ولم یقبل منه صرفا ولا عدلا (اوسط طبرانی)

جو شخص مدینہ والوں کو ڈرائے گا اللہ قیامت کے دن اس کو ڈرائے گا اور اپنا غضب اس پر نازل فرمائیگا اور کسی فرض و نفل کو اس شخص کے نہ

Marfat.com

قبول کرے گا :

عن جابران امیرا من امراء الفتنة قدم المدینة وکان قد ذھب بصر جابر فقیل لجابر لو تنحیت عنه فخرج یمشی بین ابنیه فنکب فقال تعس من اخاف رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم فقال ابناہ او احدھما یا ابت و کیف اخاف رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم وقد مات فقال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم یقول من اخاف اھل المدینة فقد اخاف ما بین جنبی (لابن حبان وللاحمد)

جابر روایت کرتے ہیں جب ان کی بینائی جاتی رہی تھی اور امراء فتنہ میں سے ایک امیر مدینہ منورہ میں آیا مجھ سے کہا گیا کہ اگر میں گھر میں بیٹھ رہوں (نماز کی ادائیگی کے لیے مسجد نہ جاؤں) تو بہتر ہے جابر ایک روز اپنے مکان سے نکلے اور آپ کے صاحبزادے آپ کے دائیں بائیں تھے کہ اُس امیر نے یا کسی شخص نے آپ کو دھکا دیا جابر نے کہا افسوس کس شخص نے خوف دلایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو آپ کے دونوں صاحبزادوں نے یا ایک نے پوچھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تو وفات پا چکے ہیں اُن کو کس طرح خوف دلایا جاویگا آپ نے فرمایا کہ فرمایا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس شخص نے مدینہ والوں کو ڈرایا اُسے مجھکو ڈرایا :

من اذی اھل المدینة اذاہ اللہ وعلیه لعنة اللہ والملائکة والناس اجمعین لا یقبل منه صرف ولا عدل (فی الکبیر للطبرانی)

جو شخص اہل مدینہ کو تکلیف پہنچائیگا اللہ اس کو تکلیف پہنچائے گا اور اس پر خدا اور ملائکہ اور لوگوں کی لعنت ہے اور اللہ اس کے کسی فرض و نفل کو نہ قبول کرے گا :

ابن زبیر موعًا المدینة مهاجری وفیھا مضجعی ومنھا مخراجی

ابن زبیر مرفوعًا روایت کرتے ہیں کہ مدینہ میری ہجرت گاہ ہے اور اس میں

Marfat.com

حق علی امتی حفظ جیرانی
فیها من حفظ وصیتی کنت
لہٗ شہیدا یوم القیامہ من
ضیعها اوردہ اللہ حوض الخبال
قیل وما حوض الخبال یارسول
اللہ قال حوض من صدید اھل
النار وفی مدارک العیاض
قال محمد بن مسلمۃ سمعت
مالکا یقول دخلت علی المھدی
فقال اوصنی فقلت اوصیک
بتقوی اللہ وحدہ والعطف
علی اھل بلد رسول اللہ صلی
اللہ علیہ وسلم وجیرانہ فانہ
بلغنا ان رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم قال المدینۃ مہاجری
ومنها مبعثی وبها قبری واھلها
جیرانی وحقیق علی امتی
حفظ جیرانی فمن حفظهم
فی کنت لہ شفیعا وشہیدا
یوم القیامہ ومن لم یحفظ
وصیتی فی جیرانی سقاہ اللہ
من طینۃ الخبال۔

میری خوابگاہ ہے اور اُسی سے میں
نکلوں گا۔ میری امت کے لیے ضروری
ہے کہ میرے جیران کی حفاظت مدینہ
میں کرے جس شخص نے میری وصیت
پر عمل کیا قیامت کے دن میں اس
کا گواہ ہوں اور جو اس وصیت کو
رائیگاں کرے گا اللہ قیامت کے دن
اس شخص کو حوض خبال پر لائے گا
صحابہ نے دریافت کیا یا رسول اللہ
حوض خبال کون حوض ہے آپ نے
فرمایا کہ وہ دوزخیوں کا حوض ہے۔
مدارک عیاض میں ہے کہ محمد بن سلمہ
نے کہا کہ میں نے مالک کو کہتے سنا ہے
کہ میں (مالک) مہدی کے پاس
گیا اور اس نے کہا مجھ کو کچھ وصیت
کرو انہوں نے کہا کہ میں تم کو صرف
یہ وصیت کرتا ہوں کہ خدا سے
ڈرو اور مدینہ کے باشندوں کیساتھ
مہربانی سے پیش آؤ اس لیے مجھ کو
یہ حدیث پہنچی ہے کہ حضور سرورِ عالم
صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے
کہ مدینہ میری ہجرت گاہ ہے اور
اور اسی سے میرا بعث ہے اور اس میں میری قبر ہے اور اس کے باشندے میرے

Marfat.com

جار ہیں۔ پس میری امت کو لازم ہے کہ میرے جار کی نگہبانی کریں۔ پس جس شخص نے میری امت میں سے میرے جار کی حفاظت کی اس کی شفاعت قیامت کے دن میں کروں گا اور جو شخص میرے جار کی حفاظت نہ کرے گا اس کو اللہ قیامت کے دن خبال کی مٹی کھلائے گا (یعنی عذاب کرے گا) ؛

آخر میں ہم مولانا فاروقی صاحب سے صرف ایک سوال دریافت کرنا چاہتے ہیں اور غالباً اس کے جواب سے بہت کچھ غلط فہمیاں اور شکوک دفع ہو سکیں گے۔

## وہ سوال یہ ہے!

براہِ کرم آپ یہ بتائیں کہ قبہ اور روضۂ اطہر سرکار رسالت کا آپ کے نزدیک ہدم اور گرا دینا اہم ترین فرض اسلامی ہے، یا جائز ہے یا حرام یا مکروہ، اگر حرام یا مکروہ ہے تو براہ کرم دلیل حرمت یا کراہت بھی مذکور فرمائیے گا اور اگر آپ جائز یا فرض سمجھتے ہیں تو جواب دینا کافی ہے دلیل کی ضرورت نہیں ہے فقط!

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# مکہ معظمہ کے مزارات اور موالد شریعت اور فقہ اسلام کی روشنی میں حق و باطل کا فیصلہ

(از: مولوی سید اعجاز علی صاحب صاحبزادہ اجمیر شریف)

اس عرصہ میں اکثر احباب نے زبانی متعدد بار بلکہ قریب قریب ہر ڈاک میں ایک نہ ایک خط کے ذریعہ سے ہمارے اکابر اور دیگر علمائے کرام سے مزارات اور مولد کے قبوں کے انہدام کے متعلق مذہبی فتویٰ طلب کیا ہے۔ قبروں پر عمارت کی تعمیر اور قبوں کے بنانے کے متعلق صحیح احادیث میں ممانعت کے احکام بیان کیے جاتے ہیں۔ اُن کی تفصیل کے لیے ایک مبسوط مضمون کی ضرورت ہے۔

میں سردست یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جن مقامات کو مزارات اور موالد کی حیثیت سے مقدس اور برگزیدہ اشخاص سے نسبت دی جا رہی ہے ان کے متعلق فقہاء بالعموم اور فقہائے حنفیہ بالخصوص کیا تحریر فرماتے ہیں، اور پختہ و شاندار تعمیر چاہے پانچویں صدی میں ہو یا اس کے قبل یا اس کے بعد یا پہلے فتنۂ وہابیہ کے دفع ہونے کے بعد ہو یا (اب پھر خدا نے چاہا) اس فتنہ کے دُور ہونے کے بعد ہو اور بنانے کی کوئی غرض ہو چاہے نام و نمود ہو یا اخلاص، مطلب رضائے الٰہی ہو، مسلمانوں کی نیت کے کھوج سے قطع نظر کر کے اور حسن ظن رکھتے ہوئے یا بدظنی کر کے۔ بہرحال اس بارے میں فقہاء کا

Marfat.com

قول بہتر ہے نہ کہ مورخوں کا۔

## مولد فاطمہ رضی اللہ عنہا

ہم پہلے مولد سیدتنا فاطمہ رضی اللہ عنہا کے متعلق ازروئے فقہ حکم لکھتے ہیں یہی وہ مقام ہے جس کو بیت سیدتنا خدیجہ رضی اللہ عنہا کہا جاتا ہے۔ ملا علی قاری اپنے منسک میں تحریر فرماتے ہیں:

| | |
|---|---|
| یستحب زیارۃ بیت سیدتنا | سیدتنا خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا |
| خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا | کے دولت کدہ کی زیارت کرنا مستحب |
| وھوالذی ولدت فیہ فاطمۃ الزھراء | ہے۔ یہی وہ گھر ہے جس میں حضرت |
| رضی اللہ عنہا وھو مسکن | فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا پیدا ہوئیں |
| رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم | یہ مسکن ہے رسول اللہ صلی اللہ |
| مقیمافیہ حتی ھاجرمنہ وھو | علیہ وسلم کا جس میں آپ تشریف |
| افضل مواضع مکۃ بعد المسجد | فرما رہے۔ یہاں تک کہ اسی گھر |
| الحرام علی ما قالہ الطبرانی وغیرہ | سے آپ نے ہجرت فرمائی۔ یہ گھر |

مقامات مکہ میں مسجد حرام کے بعد سب سے زیادہ فضیلت رکھتا ہے جیسے کہ مشاہیر سے طبرانی وغیرہ نے

| | |
|---|---|
| من الاعلام فتعبیر بقولہ و | کہا ہے اس لیے معلوم ہوا کہ ھو افضل |
| قیل ھوافضل موضع بمکۃ بعد | موضع بمکۃ بعد المسجد کا قیل کے |
| المسجد" لیس فی محلہ اذ لم یعلم | لفظ سے ماتن کا ذکر کرنا صحیح نہیں |

خلاف فی حکمہ۔ ہے اس لیے کہ اس حکم میں کسی قسم کا اختلاف نہیں ہے:

اس عبارت سے صاف ظاہر ہے کہ مولد فاطمہ ایک متفق علیہ زیارت گاہ ہے اور سلف اور خلف میں سے کسی کو اس امر میں اختلاف نہیں ہے کہ یہ مقام مکہ معظمہ میں مسجد حرام کے سوا سب سے افضل ہے۔ یہاں تک کہ ملا علی قاری ماتن کے قول "قیل" پر اعتراض کرتے ہیں اور سمجھتے ہیں "قیل" سے اشارہ اختلاف اور ضعف کا ہے حالانکہ محققین نے تصریح کی ہے کہ ہر

Marfat.com

جگہ قیل تضعیف اور تعلیل کے لیے نہیں ہے۔

**مولد نبوی ﷺ** اسی کتاب میں ہے کہ مولد نبی کی زیارت مستحب ہے باوجودیکہ اس امر میں اختلاف ہے کہ وہ مقام جو جمہور کے نزدیک مولد النبی ہے وہی واقع میں مولد ہے لیکن استحباب زیارت سے ہر شخص سمجھ سکتا ہے کہ قول مختار یہی ہے کہ جہاں قبہ مولد بنا ہوا تھا وہی مولد النبی ہے اگرچہ بعض اختلاف کریں لکھتے ہیں:

| | |
|---|---|
| ومولد النبی صلی اللہ علیہ وسلم وھو فی الشعب المعروف بمکۃ علی خلاف فی کون مولدہ صلی اللہ علیہ وسلم علی ما بینتہ فی مورد الرومی فی مولد النبی۔ | مولد نبی صلی اللہ علیہ وسلم مکہ کی ایک مشہور گھاٹی میں ہے مگر اس کے مولد ہونے میں اختلاف ہے جیسا کہ میں نے اس کو مورد الروی فی مولد النبی صلی اللہ علیہ وسلم میں بیان کیا ہے: |

**مولد علی رضی اللہ عنہ** مولد علی کی بھی زیارت مستحباب سے ہے اور خلفاً عن سلف برابر لوگ اس کی زیارت کرتے رہے اس کی بھی تصریح ملا علی قاری نے کی ہے۔ اس مقام پر بھی ایک قبہ کی مسجد بھی بنی ہوئی ہے اور وہ غالباً کھدنے سے بھی رہ گئی ہے۔

**دار ابی بکر ن الصدیق رضی اللہ عنہ** دار ابی بکر ن الصدیق زقاق حجر میں ہے اس جگہ دو پتھر ہیں ایک حجر متکلم اور دوسرا حجر متکی ، اس کی زیارت بھی مستحب ہے۔

**دار ارقم** اس کی بھی زیارت مستحب ہے معلوم ہوا ہے کہ یہ بھی مسجد تھی اور منہدم کر دی گئی ہے اس کے متعلق ملا علی قاری لکھتے ہیں:-

دار الارقم وھو مسجد عند الصفا وفیہ سلم عمر رضی اللہ عنہ

Marfat.com

وکمل الاربعین وحصل به عز الدین ونزل یا ایها النبی حسبك الله ومن اتبعك من المؤمنین۔ دار ارقم صفا کے پاس ایک مسجد ہے اور اسی میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اسلام لاکر یہاں مسلمانوں کی چالیس کی تعداد پوری کی جس کی وجہ سے دین کو عزت حاصل ہوئی اور یہیں آیت یا ایہا النبی حسبك الله ومن اتبعك من المؤمنین نازل ہوئی:

## غار جبل ثور

جبل ثور کے جس غار میں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ پوشیدہ ہوئے اور جہاں آیہ ثانی اثنین اذ ہما فی الغار نازل ہوئی اس کی بھی زیارت مستحب ہے کتاب مذکور میں ہے:

وغار جبل ثور وھو الذی فی القران ذکرہ ثانی اثنین اذ ھما فی الغار۔

اور غار جبل ثور کی زیارت مستحب ہے اور وہ وہ غار ہے جس کا قرآنمیں ذکر ثانی اثنین اذ ھما فی الغار سے کیا گیا ہے:

## غار جبل حرا

جبل حرا کے غار میں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم چلہ کشی فرماتے تھے اور آیہ اقرأ اس میں نازل ہوئی اور شق صدر بھی اسی جگہ مروی ہوا ہے اس کی بھی زیارت مستحب ہے۔

وکان صلی اللہ علیه وسلم یتعبد فیه معتزلا قبل الرسالة واول مانزل علیه فیه اقرأ باسم ربك الذی خلق الأیات و قد روی ابو نعیم ان جبریل و میکائیل شقا صدارہ وغسلاہ ثم قالا اقرا باسم ربك الذی خلق وکذا روی شق صدارہ

غار جبل حرا میں قبل مبعوث ہونے کے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم تنہا عبادت فرماتے تھے اور یہیں پہلے پہل وحی آپ پر نازل ہوئی وہ اقراء باسم ربک الذی خلق کی آیتیں ہیں اور ابو نعیم نے روایت کی ہے کہ جبرئیل اور میکائیل (علیہم السلام) دونوں نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا سینہ

Marfat.com

الشريف هنا ايضا الطيالسی والحرث فی مسند یهما علی ماذکرہ القسطلانی فی المواهب اللدنیہ۔

مبارک چاک کیا اور اس کو دھویا پھر دونوں نے آپ سے اقراء باسم ربک الذی خلق پڑھنے کو کہا۔ طیالسی اور حارث دونوں نے اپنے اپنے مسند میں اسی جگہ سینہ مبارک کے چاک کیے جانے کو روایت کیا ہے جیسا کہ قسطلانی نے مواہب لدنیہ میں ذکر کیا ہے:

**مسجد الرایہ** مسجد رایہ میں بھی نماز پڑھنا مستحب ہے اور اس کی زیارت کرنا بھی کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے وہاں نماز پڑھی ہے اس کو بھی ملا علی قاری نے لکھا ہے یسنا جاتا ہے کہ یہ مسجد بھی منہدم کی گئی ہے۔

**مسجد جنّ** یہ وہ مقام ہے کہ جہاں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم جنوں سے ملے اور انہوں نے آنحضرت سے قرآن سنا اور یہ بھی احتمال ہے کہ جہاں یہ مسجد بنی ہوئی تھی وہاں پر عبداللہ ابن مسعود کو لیلۃ الجنّ میں چھوڑ دیا تھا اور اُن کے گرد ایک خط کھینچ دیا تھا کہ اس جگہ بیٹھے رہیں یہاں سے باہر نہ نکلیں۔ جیسا کہ ملا علی قاری نے لکھا ہے۔ ہمیں حیرت ہے کہ بعض لوگوں نے مسجد جنّ کی بے اعتباری کی غرض سے دو واقعے جنوں کے لکھ کے یہ ثابت کرنا چاہا ہے کہ جہاں مسجد جنّ ہے وہ ان دونوں واقعات کی جگہوں میں نہیں ہے۔ نخلہ اور مدینہ منورہ کے اندر جنوں کی ملاقات کو منحصر سمجھتے ہیں حالانکہ علامہ ابن تیمیہ سے آلوسی بغدادی طے نقل کیا ہے کہ چھ مرتبہ جنوں کا قصہ پیش آیا ہے۔ دو مرتبہ کی نفی سے چار مرتبہ اور بھی باقی رہتے ہیں۔ یہاں قصہ جن پر گفتگو کرنا نہیں ہے اس مسجد کے کھد نے پر افسوس ہے کہ جو موسوم بہ مسجد جنّ ہے اور جس کی زیارت فقہائے حنفیہ نے جائز سمجھی ہے علاوہ ان زیارت گاہوں کے جن مساجد کا توڑا جانا ممنوع ہوا ہے جبل ابی

Marfat.com

قبیس کی مسجد ہے اور مسجد تنعیم اور مسجد کبش ہے یہ سب ایسی ہیں کہ جن کی زیارت مستحب ہے اور ان کی اصلیت کتب علماء میں موجود ہے۔

قربان گاہ اسمٰعیل مسجد کبش ہے۔ عوام کہتے ہیں کہ اس میں سورۂ کوثر نازل ہوئی۔ ممکن ہے کہ ان کا قول غلط ہو لیکن فضائل میں روایت ضعیف معتبر ہے۔ کسی بقعہ کی فضیلت جبکہ مشہور ہوگئی ہو اور خلفاً عن سلفٍ مروی ہو تو اُس کے انکار کی کوئی وجہ نہیں اور پھر سورۂ کوثر کا مکہ ر نازل ہونا بھی محقق ہے۔

**قبر حضرت آمنہ** کہا جاتا ہے کہ قبر حضرت آمنہ مقام ابواء میں ہے اور جس جگہ قبر اور قبہ بنا ہوا ہے وہ مقام ابواء نہیں ہے حالانکہ مقام ابواء کی تعیین میں اختلاف ہے جو لوگ اس قبر کو جو حضرت آمنہ کے نام سے ہونا تسلیم کرتے ہیں اُن کے نزدیک یہی ابواء ہے۔

حضرت موسٰی علیہ السلام کی قبر شریف میں اختلاف ہے حدیث میں کوئی جگہ بتائی گئی ہے اور مشہور کسی جگہ ہے اور قبہ اور قبر کہیں بنی ہوئی ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نہ وہ قبر کھودی اور نہ اس کی عمارت۔ اس لیے کہ ایک قول یہ بھی ہے کہ وہی مقام قبر ہے۔

**مقبرۂ بنو ہاشم** ایک حصہ جنت المعلیٰ کا ہے جہاں حضرت عبد مناف اور حضرت عبد المطلب اور جناب ابو طالب کی قبریں ہیں اس جگہ کہا جاتا ہے کہ یہ سب کفار تھے اس لیے ان کی قبریں کھدوائی گئیں۔

اوّل تو کفار کی قبور کا کھودنا بھی بلا ضرورت ثابت نہیں ہے دوسرے ان حضرات کا کفر متفق علیہ نہیں ہے۔ عبد مناف اور عبد المطلب کے ایمان کے لیے تو رسائل علامہ سیوطی وغیرہ دیکھنا چاہیے اور ابو طالب کے ایمان

Marfat.com

کے لیے اسنی المطالب فی ایمان ابی طالب ملاحظہ کرنا چاہیے۔

**مزاراتِ معلّٰی** جنّت معلیٰ کی زیارت بھی مستحب ہے اور یہاں صحابہ و تابعین مدفون ہیں لیکن ہم لوگوں کے نزدیک بالیقین کوئی قبر کسی صحابی یا صحابیہ کی معین نہیں ہے اگرچہ مثل حضرت خدیجۃ الکبریٰ کے مزار کے بعض خوابوں اور کشفوں سے تعین کرلی گئی ہے لیکن جس طرح اس بات کا احتمال ہے کہ قبر معین فلاں مخصوص شخص کی نہیں ہے اس طرح یہ بھی قطعی نہیں ہے کہ وہاں وہ مدفون نہیں ہے۔ ایسی صورت میں قبروں کا انہدام یا اُن پر جو قبّے بنے ہوئے ہیں اُن کا انہدام امر شرعی نہیں ہے اس جگہ چند باتیں لکھ دینا ضروری ہیں اوّلاً علماء کا اتفاق ہے کہ مسلمانوں کی عزّت مردہ اور زندہ حالت میں برابر ہے محقق علامہ ابن ہمام صاحب فتح القدیر تحریر فرماتے ہیں:

الاتفاق علی حرمة مسلم میتة کحرمته حیًا۔ — یہ امر متفق علیہ ہے کہ مردہ مسلمان کی عزت زندہ کی سی ہے:

اور حدیث شریف میں ہے:

کسر عظم المیت واذاہ ککسرہ حیًا۔ — مردے کی ہڈیوں کو توڑنا اور اس کو تکلیف پہنچانا مثل زندہ کی ہڈیوں کے توڑنے کے ہے:

اس کو امام احمد حنبل، ابوداؤد اور ابن ماجہ وغیرہ نے روایت کیا ہے اور بعض روایتوں میں اس طرح ہے۔

المیت یوذیہ فی قبرہ مایوذیہ فی بیتہ۔ — مردے کو وہی چیزیں تکلیف پہنچاتی ہیں جو اس کو گھر میں تکلیف پہنچاتی ہیں:

اور عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

اذی المومن فی موتہ کاذاہ فی حیاتہ۔ — مومن کو مرنے کے بعد اذیت دینا ویسا ہی ہے جیسا اس کی زندگی میں اس کو اذیت دینا:

Marfat.com

ایسے ہی آثار اور نصوص ہیں جن سے علماء نے اتفاق کیا ہے کہ مردوں کو ان چیزوں سے اذیت ہوتی ہے جن چیزوں سے زندوں کو۔

دوسری بات یہ ہے کہ گنبد بنانا ایسی جگہ جہاں قبر نہ ہو غالباً کسی کے نزدیک بھی ناجائز نہ ہوگا اور اگر قبر پہ گنبد ہو تو وہابیوں کے نزدیک کھودڈالنا چاہیے ساتھ ہی اس کے یہ بھی معلوم ہے کہ جھوٹی قبر کی زیارت ناجائز ہے۔ احادیث سے ایسی زیارت کی حرمت ثابت ہوتی ہے جہاں قبر بغیر مقبور کے ہو تو اب ہم کو حیرت ہے کہ جہاں حضرت خدیجہ کی قبر تھی وہاں کا قبہ کیوں کھودا گیا اور قبر کیوں باقی رکھی گئی۔

ہم کو معلوم ہوا ہے کہ قبریں صرف قبوں کو اتارا گیا ہے۔ اگر یہ تسلیم کر لیا جائے کہ قبور یقیناً مقبورین کرام کی ہیں تو ان کی بے حرمتی ہوئی اور اگر وہ قبور بے اعتبار ہیں اور ان میں مقبورین کرام نہیں ہیں تو پھر اُن پر جو قبہ بنا ہوا تھا وہ چاہے کھودا جاتا یا نہ کھودا جاتا قبروں کو کھودنا لازم تھا۔

تیسری بات یہ ہے کہ ہمارے علماء کے نزدیک تو ایسے مقام پر نہ قبر کھودی جائے گی نہ قبہ کے اتارنے کی ضرورت ہے بلکہ عوام کو ان کی غلطی سے مطلع کیا جائے گا اس واسطے کہ ممکن ہے کہ وہ قبر اُسی مخصوص بزرگ کی ہو یا کسی دوسرے مسلمان کی ہو تو اس میں ہڈیاں ہوں یا نہ ہوں سب حالتوں میں بجوف قبور جواز کی کوئی وجہ نہیں ہے وہ ناجائز ہے۔ خزانۃ الروایۃ میں ہے:

| | |
|---|---|
| واذا سار المیت ترابا فی القبور یکرہ دفن غیرہ فی قبرہ لان الحرمۃ باقیۃ ولا یجوز لاحد ان یبنی فوق القبور بیتا او مسجداً لان موضع القبر حق المقبور ولھذا | جب میت قبر میں مٹی ہو جاوے تب بھی کسی دوسرے کا اس کی قبر میں دفن کرنا مکروہ ہے کیونکہ حرمت باقی ہے اور نہیں جائز ہے کسی کے لیے کہ قبروں پر گھر بنائے یا مسجد کیونکہ قبر کی جگہ مقبور کا حق ہے اور |

Marfat.com

لا یجوز نبشہ (انتہی مختصراً) اسی لیے اس کی قبر کا کھودنا درست نہیں:
اس جگہ ضروری ہے کہ ہم ظاہر کر دیں کہ بعض فقہا مثل علامہ زیلعی کے لکھتے ہیں:

| | |
|---|---|
| ولو بلی المیت وصار ترابًا جاز دفن غیرہ فی قبرہ وزرعہٗ والبناء علیه۔ | اگر میت ریزہ ریزہ ہو جاوے اور اور بالکل خاک ہو جائے تو اس کی قبر میں دوسرے کا دفن کرنا اور اس پر کھیتی کرنا اور گھر بنانا درست ہے: |

مگر علامہ شرنبلالی نے امداد الفتاح میں علامہ زیلعی کے اس قول کی رد کی ہے اور لکھا ہے:

| | |
|---|---|
| ویخالفه ما فی التتارخانیة اذا صار المیت ترابًا فی القبر یکرہ دفن غیرہ فی قبرہ لان الحرمة باقیة۔ | زیلعی کے قول کے مخالف تتارخانیہ کا یہ قول ہے کہ جب میت خاک ہو جاوے قبر میں مکروہ ہے کسی دوسرے کا اس کی قبر میں دفن کرنا کیونکہ حرمت باقی ہے: |

ظاہر ہے یہ معلوم ہو جاتا کہ میت کے سب اجزا قبر میں مٹی ہو گئے ہیں بغیر کھودے نہیں ہو سکتا اور بغیر اس علم قطعی کے قبر کھودی نہیں جا سکتی اسی کے ساتھ یہ بھی ملحوظ رہے کہ میت کو اذیت دینا شرعًا ممنوع ہے لہذا کھودنے کی کوئی صورت معقول نہیں ہے۔

اس جگہ ایک فائدہ کی طرف اشارہ کرنا ضروری ہے وہ یہ کہ عام طور پر قبہ وغیرہ بنانے کے عدم جواز بلکہ انہدام پر ایک حدیث نقل کی جاتی ہے اور اس حدیث کے سوا کوئی حدیث یا آیت قرآن مانعین کے پاس نہیں ہے مگر یہ حدیث ان کی رعا کے لیے کسی طرح کافی نہیں ہے نہ فقہا کا قول ویکرہ البناء علیه ان کے لیے مفید ہے اس واسطے کہ صاف ظاہر ہے کہ مراد بناء علی القبر کے عین قبر کے اوپر عمارت بنانا ہے نہ کہ اس کے گرد اگرد کوئی مکان بنانا اور

Marfat.com

وہ بھی متصل اسطور پر کہ حق مقبور اس سے تلف ہو۔ لہٰذا جو لوگ اس حدیث یا ایسی عبارات فقہیہ سے استدلال کرتے ہیں اُن کو سمجھ لینا چاہیے کہ یہ استدلال اقل درجہ احتمال کی وجہ سے باطل ہے افسوس ہے کہ ایسے ہی استدلالات پر مقامات مقدسہ ساجد اور مقابر کا کھودنا جائز کیا جارہا ہے بلکہ فرض اور واجب بتایا جاتا ہے اور قبوں کا بنانا حرام، کفر اور شرک کہا جاتا ہے اور عوام کے عقائد بگاڑے جاتے ہیں۔ وہابیوں کی ایک طرف تو برأت کی جاتی ہے کہ انہوں نے قبروں کو نہیں توڑا اور دوسری طرف ان قبروں کو لا اصل بتایا جاتا ہے جو اگر لا اصل ہیں تو کھودنے کے قابل ہیں اور پھر وہابیوں کو پابند شریعت سمجھا جاتا ہے۔

ابن سعود کے اس فعل کی تائید کی جاتی ہے کہ انہوں نے مساجد کو منہدم کیا اور پیکرِ اسلام مجسمۂ سنت حضرت عمر فاروق کے اسوۂ حسنہ پر عمل پیرا ہونے کی نصیحت

نہیں کیا جاتا ہے کہ شاداب، سرسبز اور سایہ دار درختوں کے کھودنے کی احادیث میں ممانعت ہے اور یہ بھی قصہ اسی طرح حضرت عمر کی طرف منسوب ہے جیسے کتب خانہ اسکندریہ کا جلانا مگر افسوس اس فعل عمری اور سنت فاروقی کی طرف توجہ نہیں دلائی جاتی ہے جو مقابر انبیاء کے ساتھ تھی اور باوجود ان کی اختلاف رائے کے وہ باوجود اس کے کہ اس کے وہ مساجد وہ مآثر سے تھے۔ انہدام نہیں کیے گئے۔ کنز العمال کو دیکھنا چاہیے معلوم ہوگا کہ حضرت عمر نے اس مسجد میں نماز نفل پڑھنے پر اعتراض کیا تھا جہاں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی نماز پڑھی تھی اور اس کی وجہ سے صحابہ و تابعین وہاں نماز ادا کرتے تھے مگر وہ مسجد نہیں کھودی۔

ایسے ہی قابلِ غور ہے جو کہا جاتا ہے کہ امام شافعی نے امراء سے انہدام

Marfat.com

قبوں کا روایت کیا ہے حالانکہ قبوں کے بارے میں خود ان کا مسلک ہے کہ اگر موقوفہ زمین میں قبہ ہو تو کھدوا جائے گا کیونکہ اس کا بنانا حرام ہے ورنہ مکروہ ہے۔ اس جگہ اتنا ہی لکھنا کافی ہے۔ انشاءاللہ آئندہ اس کی اور تحقیق کی جائے گی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# مولانا سورتی کے مضمون پر ایک نظر

جناب مولانا عنایت اللہ صاحب فرنگی محلی کے مضمون مندرجۂ ہمدرد کے جو جوابات ہمدرد میں شائع ہوئے ہیں اس مضمون میں پوری تحقیق کے ساتھ اس کا جواب دیا گیا ہے اور غالباً

اخبار ہمدرد میں قبہ وغیرہ کی بحث پر اولاً مولانا فاروقی صاحب نے ایک مضمون تحریر فرمایا تھا جس کا جواب میں نے لکھا اور ہمدرد و ہمدم میں شائع کر دیا گیا۔ میری خوش قسمتی ہے کہ میری تردید کے لیے ایک مضمون کافی نہ ہوا اور ایک کے بعد دوسرا اور دوسرے کے بعد تیسرا، تین مضامین شائع ہوئے اور پھر یہ بھی معلوم ہوا کہ ابھی اور مضامین بھی سپرد قلم کیے جائیں گے۔ مجھ کو افسوس ہے کہ جس متانت کی امید مجھے مضمون نگاران ہمدرد سے تھی وہ صحیح ثابت نہ ہوئی اور طعن آمیز جملوں اور ذاتی حملوں سے بھی احتیاط کرنے میں ضبط رکھا گیا۔

ناظرین میرے مضمون اور ان کے جوابوں کو براہ کرم سامنے رکھ کر ایک مرتبہ پھر پڑھیں اور انصاف کریں کہ ایک فرنگی محلی کٹھ ملا اور ایک روشن دماغ تعلیم یافتہ کے طرز تحریر میں کیا فرق ہے۔ مجھکو افسوس

Marfat.com

ہے کہ میں ایسے الفاظ کا جواب دینے سے قاصر ہوں البتہ نفس مضمون کے ضروری اجزاء کا جواب محض اس لیے دینا چاہتا ہوں کہ شاید اصلاح ہو جاوے وما ارید الا الاصلاح ما استطعت وما توفیقی الا باللہ علیہ توکلت والیہ انیب۔

مجھے حیرت ہے کہ میرے جواب دینے والے دو صاحبوں میں آپس میں سخت اختلاف رائے ہے اس کو میں کس طرح رفع کروں۔ مولوی عبدالماجد صاحب کے خیال میں میں نے کوئی ایجابی اور اثباتی دعویٰ نہیں کیا اور مولانا سورتی صاحب مجھ کو جواز کا مدعی خیال فرماتے ہیں اور سب سے زائد یہ لطف ہے کہ اس پر بس نہیں بلکہ درمختار کے محتمل عبارت کو میری بہت بڑی دلیل خیال فرماتے ہیں۔ بہر حال اس کا فیصلہ تو ہم انہیں دونوں پر چھوڑتے ہیں لیکن اپنے دونوں کرم فرماؤں سے اتنا ضرور گذارش کرتے ہیں کہ وہ میرا مضمون پڑھتے ہوئے شاید اس امر کو ملحوظ نہ رکھ سکے کہ میرا مضمون مولانا فاروقی کے جواب میں تھا اور ابتدائی نہ تھا اس لیے میں نے اس کی تنقید پر اکتفا کی ہے اور نہ تو کسی اپنے دعوے کو مصرح کیا اور نہ اس کے دلائل لکھے ہیں۔ میری حیرت کی کوئی انتہا نہ رہتی جب میں یہ دیکھتا ہوں کہ مولانا سورتی صاحب نے یہ فرض کر لیا ہے کہ میں نے جواز قبہ وغیرہ پر دو دلائل لکھے ہیں۔

پہلے درمختار کی عبارت اور دوسرے شامی کی عبارت اور اسی پر مجھ کو ناز ہے۔ مولانا میری عبارت کو پڑھیں اور انصاف فرمائیں کہ آیا میں نے یہ عبارتیں مولانا فاروقی پر الزام دینے کے لیے پیش کی ہیں یا ان کو اپنے دلائل میں شمار کیا ہے۔ شاید میرے مضمون کا آخری حصہ مولانا کی نظر سے محروم رہا جس میں میں نے وہ عبارتیں تحریر کی ہیں جو مولانا فاروقی کے خلاف تھیں اگر مولانا سورتی ان عبارتوں

Marfat.com

کو میری جانب منسوب کردہ دعوے کی دلائل سمجھتے تو اس کی توجیہ بھی ہو سکتی تھی مگر درمختار کی عبارت کو میری دلیل قرار دینا سراسر زیادتی ہے اور نہ اس کے باطل کر دینے سے منسوب کردہ دعوے پر کوئی اثر پڑتا ہے مولانا سورتی کا پورا مضمون صرف اسی امر کی تردید میں ہے کہ درمختار اور اس کے حواشی کی عبارت میرے دعوے کی دلیل بننے کی صلاحیت نہیں رکھتی بالفرض تھوڑی دیر کے لیے میں تسلیم کر لوں کہ یہ دونوں عبارتیں اس دعوے کو ثابت کرنے سے قاصر ہیں جو مولانا سورتی میری جانب منسوب کرتے ہیں تو کیا اس سے مولانا فاروقی کا دعویٰ ثابت ہو جائے گا۔

میں واضح طور پر مولانا سورتی کو بتانا چاہتا ہوں کہ واقعہ یہ ہے کہ مولانا فاروقی صاحب نے اپنے دعوے میں حرمت قبہ وغیرہ کے متعلق درمختار کی عبارت پیش فرمائی تھی میں نے اس پر اعتراض کیا کہ مولانا فاروقی کو چاہیے تھا کہ وہ پوری عبارت تحریر فرماتے اور جو جملہ کہ بظاہر اس کے مخالف تھا اس کو نہ چھوڑتے یہ اختیار تھا کہ اس کی تردید بھی کر دیتے۔ اب مولانا فاروقی کی پیش کردہ عبارت کو مولانا سورتی زبردستی میری دلیل قرار دیتے ہیں۔ اسی طرح مولانا فاروقی کے اوپر میں نے یہ بھی اعتراض کیا تھا کہ وہ حاشیہ درمختار کی عبارت بھی دیکھ لیتے تو اچھا تھا جس میں استحباب کو بیان کیا ہے مولانا سورتی صاحب اس کو بھی میری دلیل قرار دیتے ہیں۔ میں اس طریقہ استدلال کو سمجھنے سے قاصر رہا۔

مولانا سورتی نے میرے طویل مضمون میں صرف یہی جگہ اپنے خیال میں مخدوش پائی اور اس کی تردید فرماتے ہوئے بقیہ کے واسطے دوسرے مضمون کا منتظر رکھا۔ اس ضمن میں مولانا نے یہ بھی کوشش فرمائی ہے کہ میرے ان اعتراضات کے مقابل میں جن میں یہ دکھایا گیا کہ مولانا فاروقی سے نقل عبارت میں تسامح ہو گیا اور میں اس کو مولانا فاروقی کی دیانت پر حملہ کیے

Marfat.com

بغیر عجلت پر محول کرتا ہوں (ہمدرد ۸ ستمبر) مولانا سورتی نے مجھ پر بھی نقل عبارات میں کئی جگہ تصرف کا الزام دیا ہے۔ مولانا سورتی تحریر فرماتے ہیں کہ:

(۱) دلیل اوّل جو مولانا فرنگی محلی نے پیش کی یہ ہے۔

وفی الاحکام عن الجامع الفتویٰ قبل لا یکرہ البنا اذا کانت المیت من المشائخ والعلماء والسادات۔

میں نے یہ عبارت ان لفظوں میں درمختار کے حاشیہ میں نہیں پائی خدا جانے عبارت کے نقل کرنے میں خود مولانا سے سہو ہو گیا یا کوئی اور بات ہوئی اصل عبارت یوں ہے:

وفی الاحکام عن الجامع الفتاویٰ وقیل لا یکرہ البناء اذا کان المیت من الخ۔

مجھ کو دونوں عبارتوں میں تین حرفوں میں صرف فرق معلوم ہوا پہلے فتاویٰ کی جگہ فتویٰ لکھا ہے۔ دوسرے قیل کے پہلے میں نے واؤ چھوڑ دیا ہے تیسرے میں نے کان کے حدت بڑھا دی ہے یعنی مذکر کے بجائے مونث کا صیغہ لکھ دیا ہے۔

میں مولانا سورتی ہی پر اسکا انصاف چھوڑتا ہوں کہ بالفرض اگر یہ تینوں تصرف میں نے بالقصد بھی کیے ہیں تو اس سے نفس بحث پر کیا اثر پڑا، کیا جو عبارت مولانا سورتی نے لکھی ہے اس سے میرا پیش کردہ اعتراض دفع ہو گیا، کچھ کمزور ہو گیا، کچھ خلل پذیر ہو گیا۔ بظاہر تو ایسا نہیں ہے تو پھر خدا کے واسطے مولانا سورتی فرمائیں کہ ان لفظی غلطیوں کی گرفت احقاق حق کے واسطے کیا مفید نتیجہ پیدا کرتی ہے۔ اس کے بعد مولانا سورتی مجھ سے یہ بھی سنیں کہ اس میں سوائے واؤ کے رہ جانے کے (جس سے کوئی تغیر معنی میں نہیں ہوتا ہے) واقعتاً نقل میں کوئی غلطی بھی نہیں ہے۔ ہمدرد میں مولانا

Marfat.com

دیکھیں مجھ کو تو کانت کی بجائے کان ہی چھپا ہوا معلوم ہوا۔ معلوم نہیں مولانا نے کانت میری کس عبارت میں دیکھا ہے اور لفظ فتاوی کا رسم الخط بصورت فتوی بھی ہے صرف اس پر کھڑا زبر بنا دینا کافی ہے۔

اگر مولانا تکلیف فرما کر میرے مضمون کو ۹ ستمبر کے ہمدم میں ملاحظہ فرما لیتے تو معلوم ہو جاتا کہ اس میں یہی عبارت مندرج ہے اور اس میں فتوی الف ہی کے ساتھ ہے۔ مجھے امید ہے کہ آئندہ اس قسم کی بحثوں سے مولانا سورتی اجتناب فرما دیں گے جو کسی طرح شانِ اہلِ علم کے موافق نہیں ہے۔

دوسرا اعتراض مولانا نے اس عبارت پر یہ بھی کیا ہے کہ یہ قول مجہول ہے اور یہ کہ بعد کی عبارت میں نے نقل نہیں کی۔ مولانا سورتی سے میں پھر عرض کرتا ہوں کہ میں مدعی نہیں ہوں میں مولانا فاروقی کی تردید کر رہا ہوں۔ مولانا فاروقی درمختار سے مطلقاً حرمت ثابت کرنا چاہتے ہیں۔ میرے اس پر تین اعتراض ہیں:

**اولاً** تو درمختار کی عبارت محتمل ہے۔

**دوسرے** اس سے کراہت ثابت ہوتی ہے نہ کہ حرمت۔

**تیسرے** محشی نے تصریح کر دی ہے کہ بعض صورتوں میں (یعنی علماء و مشائخ کی قبروں پر) یہ کراہت باقی نہیں رہتی بلکہ استحباب ہو جاتا ہے۔

آپ ہی فرمائیے کہ آپ کی بیان کردہ قید سے میرے ان تین اعتراضوں میں سے کونسا اعتراض کمزور یا ساقط ہو گیا۔ ہاں اگر میں مطلقاً جواز کا دعویٰ کرتا اور اپنی دلیل میں یہ عبارت پیش کرتا تو آپ اعتراض کر سکتے تھے کہ دعویٰ عام دلیل خاص ہے۔ مگر مولانا فاروقی کے استدلال کی غلطی کو واضح کرنے کے لیے سورتی کی بیان کردہ قید سے ادنیٰ بھی اثر نہیں پڑتا

Marfat.com

اسی وجہ سے میں نے اس کو لکھنا ضروری نہیں سمجھا تھا۔ ہم مولانا سورتی سے یہ عرض کر دینا چاہتے ہیں کہ نقل میں تغیر اور گرفت اسی وقت قابل لحاظ ہے جبکہ اس سے کسی طرح کا مدعی یا مجیب کو نقصان یا فائدہ پہنچتا ہو ورنہ وہ لفظی گرفتیں غیر قابل لحاظ ہوں گی اور پھر جب کہ کوئی تغیری عبارت میں نہ ہو تو محض یہ الزام کہ آگے کی عبارت کیوں نہیں لکھی باوجودیکہ آپ کے نفس مدعی پر اثر نہ پڑتا ہو لائق بحث علماء نہیں ہے اگر ایسا ہی الزام مفید ہو سکے تو میں بھی بعینہ یہی اعتراض مولانا پر کر سکتا ہوں کہ مولانا نے کتاب الاجارۃ شامی کی عبارت میں الفاظ حذف کر دیئے ہیں اور غلط نقل[1] کر دی ہے اصل عبارت غالباً یہ ہے:

ان ما فی المتون مقدم علی ما فی الشروح وما فی الشروح مقدم علی ما فی الفتاوی۔

مگر ایسے اعتراضات مفید مطلب نہیں ہیں۔ مجہول روایت سے استدلال درست نہیں ہے۔ اس کے متعلق مولانا سے گزارش ہے کہ میں نے استدلال کب کیا ہے یہ اعتراض ہے نہ کہ استدلال۔ پھر لفظ قیل ہر جگہ ضعف پر دلالت نہیں کرتا۔ عمدۃ الرعایہ میں ہے:

| | |
|---|---|
| فائدہ کثیراً ما یذکرون حکماً مصدراً بلفظ قیل ویکتب الشراح والمحشون تحتہ انہ اشارۃ الی ضعفہ والحق | فائدہ: بہت ایسا ہوتا ہے کہ کوئی حکم لفظ "قیل" سے بیان کیا جاتا ہے اور شراح اور محشیں اس کے تحت میں لکھ دیتے ہیں کہ "قیل" سے |

---

[1] ہم نے شامی کتاب الاجارہ بالاستیعاب مطالعہ کی ہے مگر اس میں نہ مولانا سورتی کی عبارت ملی اور نہ ہماری اصلاح کردہ عبارت۔ براہِ کرم مولانا سورتی عبارت کا صحیح حوالہ دیں۔

Marfat.com

انه ان علم قائله انه التزم
ان یذکر الحکم المرجوح بهذه
الصفة ولیشیر بها الی ضعفه
فقضی به جزماً کما علم من عادة
مولف ملتقی الابحر (ملتقی الاکبر)

اس قول کے ضعف کی جانب اشارہ
ہے حالانکہ صحیح امر یہ ہے کہ اگر قائل
کے متعلق یہ معلوم ہو جائے کہ وہ اس
امر کا التزام رکھتا ہے کہ وہ لفظ قیل
سے قول مرجوح ہی بیان کرتا ہے
اور قیل سے قول کے ضعف کی بابت اشارہ کرتا ہے جیسا کہ صاحب
الملتقی الابحر کے متعلق یہ امر معلوم ہے اور ان کا طریقہ یہی ہے؛
کی عبارت نقل کے بعد پھر لکھتے ہیں:

والا فلا جزم بذلک ومن ثم
قال الشرنبلانی فی رسالته
المسائل البهیة الزاکیة
علی الاثنی عشریة صیغة
قیل لیس کل ما دخلت علیه
یکون ضعیفاً۔

ورنہ یقینی طریقہ سے نہیں کہا جا سکتا
کہ قیل سے ضعف کی جانب اشارہ ہے
یہی وجہ ہے کہ شرنبلانی نے اپنے رسالہ
المسائل البہیۃ الزاکیہ علی الاثنی عشریہ
میں لکھا ہے کہ ہر وہ قول جس پر
قیل داخل ہو ضعیف نہیں ہوا کرتا۔

اس کے علاوہ خود آپ کی ہی پیش کردہ عبارت قیل لا بأس به وهو المختار اس کی تردید کر رہی ہے یہ قول باوجودیکہ مجہول ہے مگر مختار ہے مولانا ہمیں معاف فرمائیں گے ع

توبہ فرمایان چرا خود توبہ کمتر میکنند

مولانا ہمارے اوپر تو قول مجہول سے استدلال کا الزام لگاتے ہیں اور خود ایک ہی کالم کے بعد قول مجہول اذا اختلفوا فیه نقیل الفتوٰی علی الاطلاق علی قول ابی حنیفة سے ہمارے مقابل ایک مضبوط اصولی قاعدہ بنا کر الزام دینا چاہتے ہیں معلوم نہیں کہ کاتب نے کس وجہ سے مولانا کی اس عبارت کے ترجمہ میں قیل کا ترجمہ ہی چھوڑ دیا ہے تاہم جو

Marfat.com

شخص اپنے استدلال میں قول مجہول کو پیش کرتا ہے کم از کم اُس کو تو حق نہیں ہے کہ دوسروں پر اعتراض کرے۔

مولانا سورتی کا دوسرا اعتراض جس کو مولانا نے دوسری دلیل کی تردید سمجھی ہے اس کے متعلق گذارش ہے کہ یہاں پر تین عبارتیں ہیں ایک صاحب تنویر الابصار کی، دوسری درمختار کی تیسری شامی کی۔ اب آپ ملاحظہ فرمائیں کہ تنویر کی عبارت وہوالمختار پر ختم ہو جاتی ہے اور اسی پر میرا اعتراض ختم ہو جاتا ہے یعنی یہ عبارت تنویر کی کم از کم محتمل اس امر کو ہے کہ ضمیر بناء کیجانب پھیری جائے بلکہ یہی قرب مرجع کی وجہ سے ظاہر ہے پس اس لیے جزو اوّل لکھنا اور جزو ثانی یعنی قیل لا باس بہ وهوالمختار کو حذف کر دینا خلاف انصاف ہے اذا جاء الاحتمال بطل الاستدلال۔

علامہ شامی نے صاحب درمختار کے قول کمافی کراهة السراجیہ پر اعتراض کیا ہے کہ اس کا مانحن فیہ سے کوئی تعلق نہیں ہے اسی وجہ سے میں نے اپنے مضمون میں یہ لکھ دیا تھا کہ یہ دوسرا امر ہے کہ مولانا فاروقی اس عبارت کو لکھ کر اس کی تردید کر دیں بالجملہ عبارات محتملہ و مجملہ سے دلائل دینا صحیح طریقہ اثبات مدعی کا نہیں ہے۔ اس کے بعد جس قدر اور عبارتیں مولانا نے لکھی ہیں ان کا تعلق صرف اسی قدر ہے کہ ان سے کراہت بناء ثابت ہوتی ہے مگر فاروقی صاحب کہ مدعی حرمت کے ہیں ان کے واسطے یہ عبارتیں مفید نہیں ہیں۔ تاہم اتمام فائدہ کے خیال سے مولانا سورتی سے اتنی گذارش ہے کہ اولاً تو قبہ کے متعلق جو روایت امام صاحب سے نقل کی گئی ہے اس کا امام صاحب کا مذہب ہونا ضروری نہیں کتب فقہاء میں اس کی تصریح موجود ہے کہ عن کے ذریعہ سے جو روایت امام صاحب سے منقول ہو وہ خواہ مخواہ امام صاحب کا مذہب نہیں

Marfat.com

ہوتا پس امام صاحب سے روایت ہونا اور چیز ہے اور ان کا مذہب ہونا اور چیز ہے پھر جبکہ ابن رشد کی عبارت سے خود مولوی عبدالماجد صاحب نے اپنے امام صاحب کا مذہب جواز نقل کیا ہے تو ہم اس روایت سے کیسے استدلال کر سکتے ہیں بناء علی القبر کی تفسیر خود فقہانے "سفط" سے کی ہے اور سفط تابوت صغیر کو کہتے ہیں۔ فقہاء کی اس تفسیر کے بعد کسی کو گنجائش نہیں ہے کہ اس سے قبہ کی حرمت ثابت کرے۔ ہم سردست اپنے ان بیانوں کے متعلق چند عبارتوں کے ذکر پر اکتفا کرتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| الفرق بین عندہ و عنہ ان الاول دال علی المذھب والثانی علی الروایۃ فاذا قالوا ھذا عند ابی حنیفۃ دل ذالک علی انہ مذھبہ واذا قالوا عنہ کذا دل ذالک علی انہ روایۃ عنہ | عندہٗ اور عنہ کے درمیان یہ فرق ہے کہ اوّل مذہب ہونے پر دلالت کرتا ہے اور ثانی روایۃ ہونے پر، تو جب کہتے ہیں کہ "ہذا عند ابی حنیفۃ" تو یہ اس امر پر دلالت کرتا ہے کہ یہ ان کا مذہب ہے اور جب وہ "عنہ کذا" کہتے ہیں تو یہ اس امر پر |

(عمدۃ الرعایۃ) دلالت کرتا ہے کہ اس کی ان سے ایک روایت ہے:

| | |
|---|---|
| ولا یرفع علیہ البناء قالوا اوادبہ السفط الذی فی دیارنا علی القبور ولا یجعل السفط علی القبور (خزانۃ الفتاوی) | اور قبر پر بناء نہ اٹھائی جائے فقہانے کہا ہے کہ مراد اس سے سفط ہے کہ ہمارے دیار میں قبور پر ہوتا ہے۔ قبور پر سفط کی ممانعت ہوئی (خزانۃ الفتاوی) |
| کرہ ابو حنیفۃ البناء علی القبر وان یعلم بعلامۃ قالوا اراد بالبناء السفط الذی علی القبر | امام ابو حنیفہ مکروہ سمجھتے ہیں کہ قبر پر بناء ہو اور یہ کہ کوئی علامت قبر کے لیے بنائی جائے فقہا کہتے |

Marfat.com

فی دیارنا (مفید المستفید عن المحیط) ویستعار للتابوت الصغیر (المغرب فی تفسیر لفظ السفط)

ہیں کہ بناء سے امام صاحب نے سفط کو مراد لیا ہے جس کا رواج ہمارے دیار میں پایا جاتا ہے (مفید المستفید عن المحیط) چھوٹے تابوت کے لیے استعمال کیا جاتا ہے:

مولانا سورتی نے ہمارے طویل مضمون پر صرف یہی اعتراض کیے ہیں اور کوئی کوشش مولانا فاروقی پر سے اعتراضات دفع کرنے کی نہیں کی۔ جو اعتراض ہمارے اوپر کیے گئے ہیں ہمارے ہاں میں کوئی اہمیت نہیں رکھتے اور ان سے مبحث پر کوئی اثر پڑتا ہو اور اگر وہ اعتراضات بفرض محال ثابت ہو بھی جاویں تو ان سے حرمتِ قبہ وغیرہ ثابت نہیں ہو جاتی۔

مولانا فاروقی کو اپنے بیان کردہ امور کی حرمت ثابت کرنا اور ان کے برباد کرنے کو اہم ترین فرض ثابت کرنا چاہیے اور وہ اب تک کسی طرح ثابت نہیں کر سکے۔

---

Marfat.com

# ہدایۃ المضلین فی مکائد النجدیین

(از جناب مولانا محمد عبدالہادی صاحب قبلہ فرنگی محلی)

جاننا چاہیے کہ وہابیہ کے عقائد و اقوال عقائد اہل السنۃ والجماعۃ سے بالکل مخالف ہیں۔ وہ لوگ مسلمانوں کی خون ریزی کو اور ان کی مال کی تضیع کو حلال جانتے ہیں اور قسم اور عہد کا توڑنا ان کے نزدیک حلال ہے چنانچہ زمانہ گذشتہ میں جب انہوں نے طائف پر قبضہ پایا ہے انہوں نے قسم کھائی تھی کہ مسلمانوں پر تلوار نہیں اٹھائیں گے اور ان کو لکڑیوں اور پتھروں سے نہ ماریں گے حالانکہ اسی زمانہ میں ایک لاکھ سے زائد مسلمانوں کو قتل کیا جس کی تفصیل رسالہ کشط الاہاب عن تقیفی عبدالوہاب میں موجود ہے:

وقد اخبرنی من علی قولہ التعدیل ان عدد من قتل علی ایدی ھؤلاء المسرفین یزید علی مائۃ الف قتیل وقتلھم اھل طائف وھم جم غفیر بعد المجاھدۃ والحلف بانھم لا یضیعون فیھم السیف بالعصی والاحجار۔

اور وہ لوگ مسلمانوں کی تکفیر کرتے ہیں اور جہلا کو ان کے عقائد سے ہٹاتے ہیں اور متقدمین اولیا اور صلحا کی توہین کرتے ہیں امر بالمعروف و نہی عن المنکر کے ضمن میں لوگوں کو دھوکا دیتے ہیں اور امر بالمعروف کا اپنے فریب پر طمع کرتے ہیں ان کے امر بالمعروف کی حالت اس شربت

Marfat.com

کی ایسی ہے کہ نہایت لذیذ و شیریں اور خوشبودار تو ہے مگر اس میں چند قطرے خون اور پیشاب کے پڑ جاویں تو وہ نجس ہو جائے گا اگرچہ وہابیہ بظاہر امر بالمعروف کرتے ہیں مگر نفسانیت سے خالی نہیں ہے جیسا کہ اس شربت سے ہر مسلمان پرہیز کرتا ہے ویسا ہی ان کے امر بالمعروف سے پرہیز ضروری ہے۔

اگرچہ وہابیہ ظاہر میں نہایت مقدس اور پاکیزہ معلوم ہوتے ہیں مگر باطن ان کا تیرہ و تاریک ہے ان کے اعمال اگر ظاہر میں اچھے معلوم ہوتے ہیں مگر باطن میں نفاق بھرا ہوا ہے جیسا ان کے چہروں سے معلوم ہوتا ہے کہ داڑھیاں ان کی اوپر سے لگی ہوئی ہیں اگرچہ کیسی ہی گنجان کیوں نہ ہوں اگرچہ ان کو چوتھائی حصہ بھی ایمان سے ملتا تو وہ ایسے اعتقادیات کو چھوڑ دیتے اور قبور اولیاء اللہ پر بول و براز کو اچھا جانتے ہیں اور مولد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی اہانت کرتے ہیں اور مسلمانوں کے خون ریزی کو بہتر جانتے ہیں وھی التغوط علی قبور اولیاء بل عند مولد النبی واھراق الدماء اور مسلمانوں کے مالوں کو مال غنیمت شمار کرتے ہیں اور مشرک کے لفظ سے مسلمانوں کو مخاطب کرتے ہیں اور شفاعت کی اہانت کرتے ہیں جو انبیاء علیہم السلام کے واسطے ثابت ہے ونھب اموال المسلمین واستحلالھا والخطاب بیا مشرک لھم والازدراء بالشفاعۃ الثابتۃ للانبیاء اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی توہین ان کا عین ایمان ہے اور آپ کو اپنی لکڑیوں سے بدتر جانتے ہیں۔ وہ لوگ علی الاعلان ممبروں پر علی رؤس الاشہاد کہتے ہیں کہ یہ لکڑی ہماری محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے نافع تر ہے اس واسطے کہ ہم اس لکڑی پر تکیہ کرتے ہیں اور بکریوں کو اس سے چراتے ہیں اور خوف کے وقت ہم اس لکڑی کو استعمال کرتے ہیں اور محمد صلی اللہ علیہ

Marfat.com

وسلم ہم کو بعد مرنے کے کچھ نفع نہیں پہنچا سکتے نعوذ باللہ من ذلک
قولهم على المنابر وعند الجماعات وروس الاشهاد بالاعلان
ايها الناس ان عصانا ماهذه انفع لنا من محمد بالازمان لا
فانتوكا عليها ونهش لها على الغنم ونستعملها والاهوال ومحمد
لا يغنى منها شيئاً بعد الارتحال انتهى . کیا ایسے لوگوں پر اسلام کا
اطلاق ہو سکتا ہے یہ لوگ اسلام سے خارج فرعون وہامان سے بدتر
سمجھے جا سکتے ہیں ۔ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی کوئی وقعت ان کے
نزدیک نہیں ہے تو قبور کی کیا وقعت ہو سکتی ہے چنانچہ بارہا انہوں
نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کی قبر پر بول و براز کیا ہے
جیسا کہ مروی ہے :

وقد اخبرني رجل من طائف ستهد قبر ابن عباس
رضى الله عنهما ان هولاء يخرون عملاً على قبره بالليالى
وانا احمل الخزء وارمية وتحقيق هذا بالتوالى اور اولیاء اللہ
اور انبیاء کو صیغۂ ندا سے توسل کرنے کو ناجائز کہتے ہیں اور کہتے ہیں کہ
اولیاء اور انبیاء مر گئے ہیں اور سننے اور دیکھنے کی قوتیں ان سے لے
لی گئی ہیں، پس ان سے توسل اور ندا ایسا ہے جیسا پتھروں سے ندا
کرنا اور توسل کرنا ہے حالانکہ نفوس اولیاء اور انبیاء کے قید سے
بعد مرنے کے چھوٹ گئے ہیں ان کی قوت زندوں سے زائد ہے نفوس
اولیاء کے بعد مفارقت ابدان کے جو کچھ آسمانوں اور زمینوں اور دریاؤں
اور پہاڑوں میں ہے ان کے نفوس کے نزدیک یکساں ہے روح ان کی
بعد مرنے کے بسیط ہو جاتی ہے ۔ اولیاء اللہ پر کیا منحصر ہے بلکہ عام
مومنین اور کفار اور یہود اور نصاریٰ بھی بعد مرنے کے سنتے ہیں اور
قوت ان کی باقی رہتی ہے چنانچہ جنگ بدر میں ابوجہل وغیرہ مقتول

Marfat.com

ہوئے اور نعشیں ان کی کنوؤں میں ڈال دی گئیں تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم ان کے پاس تشریف لے گئے اور فرمایا:

یا فلان قد وجدت ما وعدنی ربی حقا فهل وجدتم ما وعد ربکم حقا فقیل یارسول اللہ اتنادیهم وهم اموات فقال صلی اللہ علیہ وسلم والذی نفسی بیدہ انهم لاسمع بهذا الکلام منکم الا انهم لا یقدرون علی الجواب۔ پس بعض صحابہ نے عرض کیا کہ یارسول اللہ کیا آپ ندا کرتے ہیں ان لوگوں کو حالانکہ وہ مردہ ہیں اور مردہ خطاب کے سزاوار نہیں ہیں۔ پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے وہ لوگ سنتے ہیں لیکن جواب دینے پر قادر نہیں ہوتے ہیں۔

جب یہ حال کفار نابکار کا ہے کہ بعد مرنے کے سنتے ہیں تو مسلمان کیونکر ہمارے پکارنے کو نہ سنیں گے۔ ضرور وہ حضرات سنتے ہیں بعد مرنے کے اور اپنے اہل وعیال کو پہچانتے ہیں اور غسل دینے والوں اور کفن پہنانے والوں کو اور نماز پڑھانے والوں کو اور دفن کرنے والوں کو اور جنازہ کے ہمراہیوں کو پہچانتے ہیں چنانچہ حضرت عمرو بن دینار سے مروی ہے: قال مامن میت یموت الا ویعلم مایکون فی اهله بعده انهم یغسلونه ویکفنونه وانه لینظر الیهم اور حضرت مالک بن انس سے مروی ہے بلغنی ان ارواح المومنین مرسلة مرسلة مذهب حیث شاءت اور حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے: انما مثل المومن حین یخرج نفسه اوروحه مثل رجل کان فی سجن فاخرج عنه فهو ینفسح فی الارض ویتقلب فیها یعنی نہیں ہے مثال مومن کی جس وقت کہ روح اس کی باہر آتی ہے مثال اس مرد کی ہے کہ قید میں ہو اور اس سے نکالا جائے پس وہ زمین میں پھرتا

Marfat.com

ہے اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہا انہوں نے اذا مر الرجل بلقبر الرجل یعرفہ فسلم علیہ رد علیہ السلام و عرفہ واذا مر بقبر لا یعرفہ فسلم علیہ رد السلام اور سعید بن مسیب سے مروی ہے انہوں نے سلیمان سے روایت کیا ہے کہا انہوں نے ان ارواح المومنین فی برزخ من الارض تذھب حیث شاءت۔ یعنی بتحقیق مومنین کی روحیں برزخ میں زمین سے جہاں چاہتی ہیں جاتی ہیں اور اسرار کون سے وہ مطلع ہیں اس واسطے کہ انہوں نے رحلت کی ہے تنگی عالم شہادت سے طرف کشادگی عالم غیب کے وہ عالم وسیع ہے۔ ہم کو ان احمقوں پر افسوس ہوتا ہے کہ جو خود ایک فعل کے مرتکب ہیں اور دوسروں کو ممانعت کرتے ہیں اور مشرک بتلاتے ہیں۔ خود وہابیہ روزانہ کئی مرتبہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو ندا کرتے ہیں اور ہر نماز کے التحیات میں کہتے ہیں السلام علیک ایھا النبی ورحمۃ اللہ وبرکاتہ اور پھر مسلمانوں کو منع کرتے ہیں اور ندا کے حرام ہونے کا اعتقاد رکھتے ہیں۔ یہ معجزہ ہے رسول صلعم کا کہ دوسروں کو یہ نابکار ندا کرنے کو منع کرتے ہیں اور خود اس کے مرتکب ہوتے ہیں۔

---

Marfat.com

# هُوَ الْقَادِر
# هُوَ الْمُقْتَدِر

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالْعَاقِبَۃُ لِلْمُتَّقِیْنَ
وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی شَفِیْعِ الْمُذْنِبِیْنَ رَحْمَۃٌ لِّلْعٰلَمِیْنَ
مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ

**اَمَّا بَعْدُ** ! تعظیم حضراتِ انبیائے کرام و توقیر اولیائے عُظّام، اہلسنّت وجماعت کا مُسلّم مسئلہ ہے مگر فرقہ وہابیہ نجدیہ اس کا مخالف ہے وہ کہتا ہے کہ انبیاء و اولیاء کو وسیلہ بنانا، اُن سے مدد چاہنا، اُن کو مصیبت کے وقت پُکارنا حرام اور کفر و شرک ہے حالانکہ یہ تمام امور آیات احادیث اور اقوال و افعال صحابہ کرام و سلف صالحین سے ثابت ہیں اس لیے آج کل غیر مقلد وہابی اور نجدی پرست ابن سعود وغیرہ کے افعال قبیحہ (انہدام مولد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم و صحابہ کرام علیہم الرضوان و مزارات صحابائے کرام واہلبیت عظام و ائمہ کرام وغیرہ) کو جائز ثابت کرنے کی دُھن میں مصروف ہیں اور کہتے ہیں کہ اہلبیت و اصحاب کرام کے مزارات پر عمارتیں بنانا اُن کی شان و عظمت ظاہر کرنا قطعاً حرام ہے یا وہاں مسجد تعمیر کرنا، نماز پڑھنا دُعا مانگنا ناجائز و شرک ہے۔

جو لوگ نماز میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے تصوّر کو معاذ اللہ گائے اور گدھے کے خیال سے بدتر بتائیں۔

(دیکھیے صراطِ مستقیم تالیف اسماعیل دہلوی صفحہ ۸۶، صرف ہمت بسوئے شیخ و امثال آں از معظمین گو جناب رسالتماب باشند بچندین مرتبہ بدتر از استغراق درصورت گاؤ خرِ خود است)

Marfat.com

جولوگ انبیا و اولیا سے مدد چاہنے اُنہیں پکارنے کو کفر و شرک ٹھہرائیں اُن سے توسّل حرام کہیں، نواب صدیق حسن خان بھوپالی التاج المکلل صفحہ ۲۲۷ و ۲۲۸ میں قاضی عبدالرحمٰن بھگلی سے عبدالعزیز بن سعود نجدی کا قول نقل کرتے ہیں:-

لا يدعىٰ الا الله لا يستغاث الا به اظهر الله الحق على يد شيخ الاسلام محمد بن عبد الوهاب فبين الذى نحن عليه وهو دين غالب الناس اليوم من الاعتقادات فى الصٰلحين وغيرهم ودعوتهم عند الشدائد والاستعانة بهم وطلب الحاجات منهم وانه الشرك الاكبر۔

یعنی اللہ ہی کو پکارا جائے اور اسی سے استغاثہ کیا جائے اللہ نے شیخ محمد بن عبدالوہاب کے ہاتھ پر حق ظاہر کر دیا انہوں نے بتا دیا کہ جو آج کل اکثر لوگوں کا دین ہے یعنی صالحین وغیرہ سے اعتقاد ان کو مصیبتوں کے وقت پکارنا، اُن سے مدد چاہنا اور حاجتیں طلب کرنا شرک اکبر ہے؛

تقویت الایمان مؤلفہ مولوی اسمٰعیل دہلوی صفحہ ۵ میں ہے، اکثر لوگ پیروں پیغمبروں اور اماموں کو اور شہیدوں کو مشکل کے وقت پکارتے ہیں، کوئی بیٹے کا نام عبدالنبی، کوئی غلام محی الدین کوئی غلام معین الدین، غرض جو کچھ ہندو اپنے بتوں سے کرتے ہیں سو یہ جھوٹے مسلمان اولیا اور انبیا سے کر گزرتے ہیں پھر اگر کوئی ان سے کہے کہ تم افعال شرک کرتے ہو تو یہ اس کو جواب دیتے ہیں کہ شرک جب ہوتا کہ ہم ان اولیا و انبیا کو اللہ کے برابر سمجھتے، ان کو ہم اللہ کا ہی بندہ جانتے ہیں اور یہ قدرت تصرف ان کو اسی نے بخشی ہے اور وہ اللہ کے پیارے ہیں اور اس کی جناب میں ہمارے سفارشی ہیں اور اسی طرح کی خرافاتیں بکتے ہیں۔

Marfat.com

ابوالقاسم صاحب بنارسی بازپرس لکھتے ہیں، "جب انبیا اور اولیا اپنے نفس کے نفع اور نقصان کے مالک نہیں تو دوسروں کے کیا خاک ہو سکتے ہیں"

جو لوگ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے روضہ کی جانب سفر کو حرام اور شرک بتائیں۔

فصل الخطاب صفحہ، میں محمد بن عبدالوہاب سے منقول ہے:-

(لا یشد الرجال الا لزیارۃ المسجد والصلوٰۃ فیہ)

قمر بنارسی ۱۳ جنوری ۱۹۲۵ء خط میں لکھتے ہیں، مسجد نبوی کی زیارت کی نیت سے سفر جائز ہے اور کسی کے مزار کی زیارت کی نیت سے سفر کرنا ناجائز۔

مولوی محمد اسماعیل دہلوی تقویۃ الایمان صفحہ ۱۱ میں لکھتے ہیں جو کوئی کسی پیر و پیغمبر کو یا کسی کے چلہ یا دکان یا تبرک یا قبر کو رکوع کرے یا ہاتھ باندھ کر کھڑا ہووے یا دور دراز سے قصد کر کے جاوے یا اس کے گرد و پیش کے جنگل کا ادب کرے اس پر شرک ثابت ہوتا ہے۔

ان لوگوں اور ان کے ہم خیالوں سے کیا تعجب ہے کہ وہ انبیا و اولیا اہل بیت و اصحاب کے مزارات کی عزت و عظمت کو حرام و شرک بت پرستی اور ان کے توڑنے کو ایسا واجب اور ثواب بتائیں جس طرح بتوں اور مندروں کا توڑنا اور مولوی ثناء اللہ امرتسری لکھتے ہیں کہ اگر سلطان محمود غزنوی کا فعل (سومنات مندر کا توڑنا) شرعاً جائز تھا تو سلطان نجدیا ان کی افواج کا یہ فعل مولد النبی و دیگر مولد و مزارات صحابہ و اہل بیت کا توڑ دینا بھی جائز ہے۔ سچی بات یہ ہے کہ سلطان غزنوی کے فعل میں ایک قسم کی ناجوازی کا شبہ باقی ہے، لیکن سلطان نجدی کے فعل میں عدم جواز کا ذرا بھی شبہ نہیں (ہمدم ۶ ستمبر ۱۹۲۵ء) ایڈیٹر زمیندار لکھتے ہیں اس دا بن

Marfat.com

سعود) سے صرف اتنا قصور سرزد ہوا ہے کہ اس نے بعض مولد و مقابر کے قبے اتروا ڈالے جہاں صدہا مشرکانہ رسوم ادا ہوتی تھیں رزمیندار ۲۴ صفر ۱۳۴۴ھ

# زیرِ بحث مسئلہ کے دو پہلو

مسئلہ کے دو پہلو ہیں **اوّل** قبوُر کے پُختہ کرنے، ان کے قریب مسجد تیار کرنے، ان کے گرد عمارات وغیرہ بنانے کا اثبات۔

**دوسرے** وہابی غیر مقلد اور نجدی پرست مخالفین کے اقوال کا رد۔

اصل مبحث پر روشنی ڈالنے سے قبل چند ضروری اصول کا ذکر مناسب معلوم ہوتا ہے جن سے مقصود سمجھنے میں نہایت آسانی ہو جاتی ہے۔

**اصل اوّل**: آیات و احادیث کی تفسیر و شرح سمجھنے کے لیے معتبر مفسرین و شراح احادیث و مستند علما اہل سنّت و جماعت کی طرف رجوع کرنا لابد ہے مثلاً بعض گمراہ ملائکہ و جنّہ و معجزات وغیرہ کا انکار کرتے ہیں اور آیات و احادیث کی من گھڑت تاویل کرتے ہیں یونہی بعض مردود غلط ہیں۔

**اصل دوم**: غالباً ایسے مسائل بہت کم نظر آئیں گے جن میں کچھ نہ کچھ اختلاف نہ ہو لہٰذا ایسا ہوتا ہے کہ ایک مقام پر ہر مسئلہ میں جمہور محققین اور اکثر علماء معتبرین کے اقوال معتبر ہوں گے۔

**اصل سوم**: بعض مسائل میں ایسا ہوتا ہے کہ ایک مقام پر اجمال کے ساتھ بیان کیا جاتا ہے اور دوسرے مقام پر تفصیل کے ساتھ یا ایک جگہ مطلق اور دوسری جگہ مقید یا کہیں عموم کے طور پر اور کہیں تخصیص کے طور پر تو اس سے چارہ نہیں کہ تمام نصوص و اقوال میں تطبیق دیجا دے اور سب عبارتوں کو ملا کر جو نتیجہ نکلتا ہے اس کو معتبر سمجھا جائے مثلاً

Marfat.com

قرآن شریف میں فرمایا جاتا ہے :-
لا یعلم الغیب الا اللہ ۔ اگر اس کے ظاہر معنی لیے جائیں کہ علوم غیبیہ خدا کے سوا مطلقاً کسی کو حاصل نہیں تو دوسری آیات سے انکار لازم آتا ہے ۔ ایک مقام پر ارشاد ہوتا ہے :-

لا یظہر علیٰ غیبہ احدا الا من ارتضیٰ من رسول ۔

دوسری جگہ فرمایا جاتا ہے :-

ماکان اللہ لیطلعکم علی الغیب ولکن اللہ یجتبی من رسلہ من یشاء ۔

ایک اور مقام پر ہے :- وما ھو علی الغیب بضنین ، جن سے ظاہر ہے کہ بعض رسولوں کو اللہ غیب بتا دیتا ہے اس لیے ضروری ہے کہ ان آیات میں مطابقت سمجھتے ہوئے یہ عقیدہ رکھا جائے کہ ذاتی وکلی مستقل علم غیب تو ذات باری کے ساتھ خاص ہے مگر اسی کی عطا و بخشش سے اس کے بعض مخصوص بندوں کو اس قدر علم غیبیہ حاصل ہوتے ہیں جتنے اس نے عطا فرمائے ۔ ان اصولوں کی تمہید کے بعد ہم اصل مسئلہ کی طرف رجوع کرتے ہیں اور پہلے وہ دلائل بیان کرتے ہیں جن سے انبیاء و اولیا کے مشاہد اور مزارات کے قریب نماز پڑھنا ، عمارت و مسجد وغیرہ بنانا ثابت ہے اس کے بعد مخالفین کے اقوال کا جواب دیں گے (انشاء اللہ المقتدر)

Marfat.com

# انبیاء کرام و اولیاء عظام کے مزارات پر عمارت بنانے نماز پڑھنے اور مساجد بنانے کا اثبات از قرآن مجید و احادیث مبارکہ

## آیات قرآنیہ

آیت نمبر ۱: واتخذوا من مقام ابراھیم مصلی (ترجمہ) اور بناؤ مقام ابراہیم کو جائے نماز :

تفسیر مدارک میں اس کی تفسیر یوں فرمائی۔ اتخذوا موضع صلوٰۃ تصلون فیہ وعنہ علیہ الصلوٰۃ والسلام انہ اخذ بید عمر فقال ھذا مقام ابراھیم قال افلا نتخذہ مصلی فقال علیہ الصلوٰۃ والسلام لم او مر بذالک فلم تغب الشمس حتی نزلت وقیل مصلی مدعی ومقام ابراھیم الحجر الذی فیہ اثر قدمیہ الخ

یعنی ہم نے حکم دیا کہ مقام ابراہیم میں نماز کی جگہ مقرر کرو جہاں تم نماز پڑھو۔ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے روایت ہے کہ آپ نے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ہاتھ پکڑ کر فرمایا کہ یہ مقام ابراہیم ہے، انہوں نے عرض کیا کہ آیا ہم اس کو نماز پڑھنے کی جگہ نہ بنائیں آپ نے فرمایا کہ مجھے اس کا حکم نہیں دیا گیا، پھر آفتاب غروب نہ ہونے پایا کہ آیت نازل ہوگئی۔ بعض نے مصلے کے معنی مقام دعا بتلاتے ہیں اور مقام ابراہیم وہ پتھر ہے جس پر

Marfat.com

حضرت ابراہیم علیہ السلام کے قدموں کا نشان ہے :
اس آیت سے ثابت ہوا کہ مقامِ ابراہیم کو متبرک اور مقدس سمجھ کر وہاں نماز پڑھنا ربّ العزت جل جلالہٗ اور رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا حکم ہے۔

**آیت نمبر ۲** : وقال لھم نبیھم ان ایۃ ملکہ ان یاتیکم التابوت فیہ سکینۃ من ربکم وبقیۃ مما ترك ال موسیٰ وال ھارون تحملہ الملئکۃ ان فی ذٰلك لاٰیۃ لکم ان کنتم مومنین۔

ترجمہ: اور ان (بنی اسرائیل) سے ان کے نبی نے کہا کہ اس (طالوت) کی بادشاہی کی علامت یہ ہے کہ تمہارے پاس صندوق آئے جس میں تمہارے ربّ کی طرف سے سکون و اطمینان ہے اور اس میں سے باقی ماندہ ہے جو آلِ موسیٰ و آلِ ہارون نے چھوڑا ہے اس صندوق کو فرشتے اٹھائے ہوں گے بیشک تمہارے لیے اس میں نشانی ہے اگر تم مومن ہو :

**تفسیر مدارک میں ہے :۔**
وبقیۃ ھی رضا من الالواح وعصی موسیٰ وثیابہ وشئ من التوراۃ ونعلا موسیٰ وعمامۃ ھارون علیھما السلام
یعنی حضرت موسیٰ و ہارون علیہم السلام کی باقی ماندہ اشیاء یہ تھیں الواح کے ٹکڑے حضرت موسیٰ علیہ السلام کا عصا آپ کی نعلین آپ کے کپڑے کچھ حصہ توریت کا اور ہارون علیہ السلام کا عمامہ :
اس سے ظاہر ہے کہ یہ تبرکات بنی اسرائیل کے نزدیک نہایت محترم تھے اور خداوند عالم نے ان کو یہ عزت بخشی کہ ان کو آسمان پر اٹھا لیا پھر جب طالوت کو ملک عطا فرمایا تو پیغمبر وقت کی زبان سے ظاہر فرما دیا کہ طالوت

Marfat.com

کی سلطنت کی علامت یہ ہے کہ وہ صندوق تمہارے پاس آجائے جس میں یہ تمام تبرکات ہیں چنانچہ فرشتے ان کو آسمان سے زمین پر لائے۔

آیت نمبر ۳: فقالوا ابنوا علیهم بنیانا ط ربهم اعلم بهم ط قال الذین غلبوا علی امرهم لنتخذن علیهم مسجدا ۰

تفسیر مدارک میں ہے:۔

(فقالوا) حین توفی الله اصحاب الکهف (ابنوا علیهم بنیانا) ای علی باب کهفهم لئلا یتطرق الیهم الناس ضنابة بتربتهم ومحافظة علیها کما حفظت تربة رسول الله صلی الله علیه وسلم بالحظیرة (ربهم اعلم بهم قال الذین غلبوا علی امرهم من المسلمین وملکهم کانوا اولی بهم وبالبناء علیهم (لنتخذن علیهم) علی باب الکهف (مسجدا) یصلی فیه المسلمون ویتبرکون بمکانهم۔

یعنی جب اللہ تعالیٰ نے اصحاب کہف کو وفات دی تو لوگوں نے کہا کہ ان کے غار کے دروازہ پر عمارت بنادو تاکہ لوگ ان تک نہ پہنچ سکیں اور ان کی تربت حفاظت سے رہے جس طرح رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی تربت مبارکہ خطیرہ سے محفوظ ہے۔ ان لوگوں نے جو اپنے امر پر غالب تھے کہا کہ ہم غار کے دروازہ پر مسجد بنائیں گے جس میں مسلمان نماز پڑھیں اور ان کے مکان و مقام سے برکت حاصل کریں:

ان دونوں آیتوں کے متعلق نجدی شاید کہیں کہ یہ احکام دوسری شریعتوں کے متعلق ہیں اس کا جواب ظاہر ہے کہ اگرچہ ان میں ادیانِ سابقہ کے واقعات ذکر فرمائے گئے ہیں لیکن چونکہ اس کا نسخ کسی نص صریح سے ثابت نہیں اس لیے شریعت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف نہیں اصول

Marfat.com

فقہ کا مسئلہ ہے کہ اگلی شریعتوں کے احکام جب قرآن و حدیث میں بغیر انکار مذکور ہوں تو وہ بھی کتاب الٰہی اور سنتِ نبی میں داخل ہیں نور الانوار میں ہے،
(واما شرائع من قبلنا فملحقه بالكتاب والسنة)
قمر الاقمار میں ہے (هذه الشرائع انما تلزمنا اذا قصها الله و رسوله غير انكار كقوله تعالىٰ وكتبنا عليهم فيها ان النفس بالنفس الخ بلکہ آیت نمبر ۱ سے بالتصریح شریعت مصطفویہ میں مقام ابراہیم کو متبرک سمجھا وہاں دُعا مانگنا نماز پڑھنا ثابت ہے اور ان امور کا کفر و شرک ہونا تو کسی طرح ممکن ہی نہیں کیونکہ کفر و شرک کسی شریعت میں جائز ہو ہی نہیں سکتا ربّ عزّوجل اس کو کسی زمانہ میں جائز نہیں رکھتا۔ اگر معاذ اللہ یہ کفر و شرک ہوتا تو ان امور کو قرآن حکیم مقام مدح و ثنا میں بیان نہ فرماتا۔

## احادیث شریفہ

**حدیث نمبر ۱:** ابوداؤد شریف میں حضرت مطلب ابن ابی دواعہ سے مروی ہے: لما مات عثمان بن مظعون اخرج بجنازة فدفن امر النبي صلى الله عليه وسلم رجلا ان ياتيه بحجر فلم يستطع حملها فقام اليها رسول الله صلى الله عليه وسلم وحسر عن ذراعيه قال المطلب قال الذي يخبرني عن رسول الله صلى الله عليه وسلم كاني انظر الى بياض ذراعي رسول الله صلى الله عليه وسلم

یعنی جب حضرت عثمان بن مظعون نے وفات پائی اور وہ دفن کردیئے گئے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو پتھر اُٹھانے کا حکم فرمایا مگر وہ اس کو نہ اُٹھا سکا تو آپ خود اس پتھر کے پاس تشریف لے گئے اور اپنی آستینیں چڑھا لیں، راوی بیان فرماتے ہیں کہ جب آپ نے اپنی کلائیوں سے کپڑا اُٹھایا تو گویا میں آپ کی کلائیوں کی سپیدی دیکھ رہا تھا پھر

Marfat.com

حین حسر عنهما ثم حملها فوضعها عند راسه فقال اعلم بها قبر اخی وادفن الیه من مات عن اهلی۔

آپ نے اس پتھر کو اٹھا کر حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سر کے قریب رکھ دیا اور فرمایا کہ اس پتھر سے میں اپنے بھائی کی قبر کی علامت کرتا ہوں اور میرے اہل میں سے جو کوئی وفات پائے گا اس کو ان کے پاس دفن کروں گا:

اس حدیث شریف سے معلوم ہوا کہ خاص اور مقربان الٰہی کی خصوصیت ورشان وعظمت ظاہر کرنا اوران کی مقدس قبور پر کوئی خاص علامت کرنا پتھر رکھنا یا اُن کا اسم گرامی لکھنا یا اسی قسم کا کوئی دوسرا فعل جائز اور خود رسول کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کے مبارک قول وفعل سے ثابت ہے نواب قطب الدین خان صاحب شاگرد مولوی اسحاق دہلوی مظاہر حق میں لکھتے ہیں، عثمان بن مظعون بھائی تھے حضرت کے دودھ شریک لکھا ہے از ہار میں کہ معلوم ہوا اس سے کہ مستحب ہے یہ کہ رکھی جاوے قبر پر نشانی پہچان کے لیے۔

**حدیث نمبر ۲**: امام شافعیؒ اور شرح السنۃ حضرت امام جعفر صادق سے وہ اپنے والد حضرت امام باقر سے راوی ہیں :۔

ان رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم رش علی قبر ابنه ابراهیم ووضع علیه حصباء)

یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے صاحبزادہ ابراہیم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی قبر پر پانی چھڑکا اور اس پر سنگ ریزے رکھے :

اس حدیث سے یہ ثابت ہوا کہ قبر سے جو مٹی نکلے اس پر زیادہ کرنا اور سنگ ریزے اور پتھر وغیرہ رکھنا جائز ومباح ہے۔

ملا علی قاری رحمہ اللہ شرح میں لکھتے ہیں :۔

Marfat.com

(حصباء) وھی الحصی الصغار قال ابن الملك وھو یدل علی ان وضع الحصباء علیه سنة لئلا ینبش السبع ولیکون علامة له۔

یعنی ابن الملک نے کہا ہے کہ یہ حدیث اس پر دلالت کرتی ہے کہ قبر پر سنگریزے رکھنے سنت ہے تاکہ درندہ اس کو اکھیڑ نہ ڈالے اور وہ اس کے لیے علامت ہو ؛

حدیث نمبر ۳ : ابوداؤد شریف میں ہے :۔

عن القاسم بن محمد قال دخلت علی عائشة فقلت یا اماہ اکشفی لی عن قبر النبی صلی اللہ علیه وسلم فکشفت لی عن ثلثة قبور لا مشرفة ولا لاطئة مبطوحة ببطحا العرصة الحمراء۔

یعنی قاسم بن محمد سے روایت ہے کہ میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس حاضر ہوا اور کہا کہ اے ام المومنین مجھ کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے دونوں اصحاب (ابوبکر صدیق و حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما) کی قبریں کھول کر دکھا دیجیے آپ نے مجھے تینوں قبریں کھول کر دکھا دیں جو نہ بہت بلند تھیں اور نہ بہت پست اور ان پر سرخ میدان کے سنگریزے پڑے تھے ؛

مظاہر حق میں ہے کہ یہ قبریں حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے حجرے میں تھیں اور جب تک دروازہ کھلا ہوا تھا اس پر پردہ پڑا رہتا تھا۔

حدیث نمبر ۴ : ابن سعد راوی ہیں ؛

عن عمرو بن دینار و عبید اللہ بن ابی یزید قالا لم یکن علی عھد النبی صلی اللہ علیه وسلم علی بیت النبی صلی اللہ علیه وسلم حائط فکان اول من بنی علیه جدارا عمر بن الخطاب قال عبید اللہ کان الجدار قصیرا ثم بناہ عبد اللہ بن زبیر رض۔

یعنی عمرو بن دینار اور عبداللہ بن ابی یزید روایت کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ

Marfat.com

علیہ وسلم کے عہد مبارک میں آپ کے حجرے پر دیوار نہ تھی سب سے پہلے اس کی دیوار حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بنوائی۔ عبید اللہ کہتے ہیں کہ یہ دیوار چھوٹی تھی پھر اس کے بعد عبداللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بنوائی (خلاصۃ الوفا صفحہ ۱۴۳)

**حدیث نمبر ۵:** مواہب لدنیہ میں ہے:

عن هشام بن عروة عن ابيه لما سقط عليهم الحائط يعني حائط حجرة النبي صلى الله عليه وسلم في زمان الوليد بن عبد الملك اخذوا في بنائه رواه البخاري.

ہشام بن عروہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حجرہ شریفہ کی دیوار ولید بن عبدالملک کے زمانہ میں شہید ہو گئی تو خدام بارگاہ نبوی نے اس کی تعمیر شروع کی۔

## تاریخ گنبدِ روضۂ اقدس

اس کا اقرار بعض مخالفین کو بھی مجبوراً کرنا پڑا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے مزار مطہر کے گرد جو عمارت ہے وہ جائز ہے اگرچہ بظاہر یہاں احادیث کے خلاف ہے جو وہابیہ کی طرف سے پیش کی جاتی ہیں۔ آج کل سید سلیمان صاحب ندوی مخالفین کے مایہ ناز سمجھے جاتے ہیں وہ لکھتے ہیں کہ یہ خام عمارت اتنے دنوں قائم نہ رہ سکتی تھی اس کو ایک مستحکم عمارت کی صورت میں بدل دیا گیا اور یہ کارنامہ خود قرن اول میں صحابہ کی حیات اور ائمہ تابعین کے عہد میں حضرت عمر بن عبدالعزیز کے ہاتھوں انجام پایا، لیکن اس کے اوپر قبہ نہ تھا بلکہ چھت مسقف تھی جیسا کہ خلاصۃ الوفا میں مسند دارمی کے حوالہ سے منقول ہے۔ یہاں انہوں نے صاف طور پر تسلیم کیا ہے کہ رسول کریم علیہ الصلاۃ والتسلیم کی قبر اقدس کے گرد مستحکم عمارت اصحاب کرام اور تابعین عظام کے زمانہ حیات میں تعمیر ہوئی پس قبور پر

Marfat.com

عمارت بنانے کے جواز میں کیا کلام و شبہ باقی رہا۔

اسی کے بعد سید سلیمان ندوی اپنی تاریخ دانی کا ثبوت دیتے ہوئے فرماتے ہیں: یہ قبہ سب سے پہلے سلطانِ مصر فایتبائیؒ کے عہد میں ۸۸۱ھ میں تعمیر ہوا۔ اس قبہ کی تعمیر کے وقت علامہ سمہودی نے اس کی مخالفت کی تھی (زمیندار ۲۰ صفر ۱۳۴۴ھ)

یہ آپ کی ایک بڑی بھاری تاریخی غلطی ہے اس لیے کہ حسب تحریر علامہ سمہودی قبہ حجرۂ نبویہ سب سے اوّل تقریباً ۶۷۸ھ میں احمد بن البرہان الرابعی نے تعمیر کیا اس کے بعد قبہ شریفہ کی تجدید سلطان الناصر حسن بن محمد بن قلادون کے عہد میں ہوئی۔ اس کے بعد اشرف شعبان بن حسین بن محمد کے زمانہ میں ہوئی ۷۶۵ھ میں اس کو مستحکم کیا گیا ملاحظہ ہو خلاصۃ الوفا میں علامہ سمہودی فرماتے ہیں:۔

واما قبة الحجرة الشريفة المحاذية لها با على سطح المسجد تمييزا لها فلم تكن قبل حريق المسجد الاول ولا بعده الى دولة المنصور قلادون الصالحي بل كان قديما حول ما يوازي الحجرة في سطح المسجد خطير من اجر مقدار نصف قامة تصنيرا لها عن بقية سطح المسجد حتى كانت سنة ثمان وسبعين وستمائة فعمل هناك قبة مربعة من اسفلها مثمنة من اعلاها وكان المتولى لعملها الكمال احمد بن البرهان الربعي ناضر قوص ذكره في الطالع السعيد وجددت القبة الشريفة المذكورة ايام الناصر حسن بن محمد بن قلادون واحكمت ايام الاشرف شعبان بن حسين بن محمد سنة خمس وستين وسبع مائة الخ

Marfat.com

حضرت مولانا شیخ عبدالحق محدث دہلوی علیہ الرحمہ کے قول سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے چنانچہ جذب القلوب میں فرماتے ہیں :۔

درسنہ ثمان وسبعین وستمائۃ در دولت قلاوون صالحی قبہ خضرا کہ بالائے حظیرۂ شریفہ است بلند تر از سقف بطرزیکہ الآن باشباک نحاس بنا فرمودند الآن بنائے مسجد شریف کہ در سنہ احدی والف کہ مسودہ ابن اوراق بہ بیاض می رود موجود است بنائے ملک قایتبائی است کہ از ملوک مصر بود وخادم حرمین شریفین در حدود سنہ ثمان وثمانین وثمانمائۃ وجود یافتہ :

پھر سلطان قایتبائی کے زمانہ ۸۸۱ھ میں جو تجدید ہوئی اور حضرت شیخ سمہودی مدنی نے مخالفت کی وہ اس غرض سے نہ تھی کہ وہ اس کو (قبہ کی تعمیر) حرام وناجائز سمجھتے تھے بلکہ غایت ادب واحتیاط اور حفاظت آثار قدیمہ کے خیال سے انہوں نے یہ رائے دی تھی کہ بقدر ضرورت صرف اصلاح وترمیم کردی جائے چنانچہ فرماتے ہیں :۔

لعلمی بانہ یجرالی ھدم غالب جدران الحجرۃ وفیہ الاتساع فیما ینبغی فیہ الاقتصار فیہ علی قدر الضرورۃ۔

**حدیث نمبر ۶** : علامہ عینی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں ، (عمدۃ القاری میں)

وضرب عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ علی قبر زینب بنت جحش ؓ

یعنی حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت زینب بنت جحش پر خیمہ قائم کیا :

**حدیث نمبر ۷** : اسی عمدۃ القاری میں ہے :۔

وضربہ محمد بن الحنفیۃ

یعنی محمد بن حنفیہ نے حضرت

Marfat.com

علی قبر ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ.

ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مزار پر خیمہ نصب کیا:

**حدیث نمبر ۸** : بخاری شریف میں سالم بن عبداللہ کے متعلق روایت ہے:-

یتحری اماکن من الطریق فیصلی فیہا و یحدث ان اباہ کان یصلی فیہا وانہ رای النبی صلی اللہ علیہ وسلم یصلی فی تلک الامکنۃ.

یعنی میں نے سالم بن عبد اللہ کو دیکھا کہ راستہ میں چند مقام تلاش کرکے وہاں نماز پڑھتے اور فرماتے میرے والدان جگہوں میں نماز پڑھا کرتے تھے:

**حدیث نمبر ۹** : اسی میں نافع سے روایت ہے:-

عن ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما انہ کان یصلی فی تلک الامکنۃ.

مجھ سے نافع نے بیان کیا کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان مقامات پر نماز پڑھا کرتے تھے:

**حدیث نمبر ۱۰** : حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس جگہ پر جہاں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیٹھتے تھے ہاتھ رکھ کر اپنے منہ پر پھیرا (تبرکاً چوما)

**حدیث نمبر ۱۱** : حاکم حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی ہیں:-

ان فاطمۃ رضی اللہ عنہا کانت تزور قبر عمہا حمزۃ کل جمعۃ فتصلی وتبکی عندہ.

یعنی حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا ہر جمعہ کو حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کی قبر کی زیارت فرماتی تھیں اور وہاں نماز پڑھتی اور روتی تھیں:

**حدیث نمبر ۱۲** : یحییٰ راوی ہیں کہ حضرت فاطمہ رضی اللہ

Marfat.com

تعالیٰ عنہا دو تین دن کے بعد شہدائے اُحد کی قبور پر تشریف لے جاتیں.

فتصلی هناك و تبكی پس وہاں نماز پڑھتیں اور دُعا
وقد عوحتی ماتت. مانگتی تھیں. وقت وفات تک

آپ کا یہی عمل رہا ؛

**حدیث نمبر ۱۳:** ابو جعفر سے مروی ہے کہ حضرت فاطمہ بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی قبر پہ جا کر زیارت کرتیں اور اس کی مرمت واصلاح فرماتیں اور کبھی اس پر پتھر رکھ کر علامت کر دیتیں.

**حدیث نمبر ۱۴:** ابن شیبہ زید بن السائب سے راوی ہیں کہ مجھ کو میرے جد نے خبر دی کہ جب حضرت عقیل بن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے گھر میں کنواں کھودا تو ایک منقوش پتھر ظاہر ہوا جس پر لکھا تھا کہ یہ ام المومنین حضرت ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی قبر ہے پس حضرت عقیل نے کنواں بند کر کے اس پر عمارت بنا دی. بن السائب فرماتے ہیں میں اس عمارت و مکان میں گیا تو اس قبر کو وہاں میں نے دیکھا.

حضرت شیخ سمہودی لکھتے ہیں :

قلت فهوا لا صل فی زیارتہ‌ن یعنی اس مشہد میں جو مشہد عقیل کے
با لمشهد المعروف فی قبلتہ قبلہ میں امہات المومنین کے نام سے
مشهد عقیل. مشہور ہے ان کی زیارت کرنے کی اصل یہی ہے ؛

**حدیث نمبر ۱۵:** ابن زبالہ خالد بن عوسجہ سے راوی کہ میں ایک رات حضرت عقیل بن ابی طالب کے دولتخانہ کے اس گوشہ کیطرف دُعا مانگ رہا تھا جو دروازہ سے متصل ہے تو میرے پاس جعفر بن محمد تشریف لائے اور فرمایا تم یہاں کسی اثر (حدیث و روایت) کے مطابق کھڑے ہو میں نے کہا نہیں فرمایا یہ وہ مقام ہے جہاں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

رات میں آکر اہل بقیع کے لیے دعائے مغفرت فرماتے تھے۔

**حدیث نمبر ۱۶** : اصابہ فی احوال الصحابہ میں ہے :-

مات الحکم بن ابی العاص فی خلافۃ عثمان فضرب علی قبرہ فسطاس فی یوم صائف فتکلم الناس فی ذالک فقال عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ قد ضرب فی عہد عمر علی زینب بنت جحش فسطاس فھل رایتم عائبا عاب ذالک۔

یعنی حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خلافت میں حکم بن ابی العاص کا انتقال ہوا اور ان کی قبر پر گرمی میں خیمہ قائم کیا گیا تو لوگوں نے اس کے متعلق کچھ کلام کیا حضرت عثمانؓ نے فرمایا کہ حضرت عمرؓ کے عہد میں حضرت زینب بنت جحش کی قبر پر خیمہ قائم کیا گیا تھا تو کیا تم نے کسی کو دیکھا تھا کہ اس پر اعتراض کیا ہو؟

ان تمام احادیث سے ان امور پر کافی روشنی پڑ گئی کہ حضرات انبیاء مرسلین اور اہل بیت طاہرین، اصحاب مکرمین اور اولیاء و علماء صالحین کی قبور پر عمارت و قبہ بنانا خیمہ لگانا ان کے مشاہد و آثار متبرکہ کے قریب بغرض حصول برکت بیٹھنا نماز پڑھنا دعا مانگنا وہاں مساجد تعمیر کرنا کوئی مخصوص علامت مقرر کرنا نام وغیرہ لکھنا جائز و مباح اور بے شبہ حلال و درست ہے۔

**حدیث نمبر ۱۷** : حدیث شریف میں ہے :-

ماراہ المسلمون حسنا فھو عند اللہ حسن۔

یعنی جس چیز کو مسلمان اچھا سمجھیں تو وہ اللہ کے نزدیک بھی اچھی ہے :

مسلمانوں سے مراد علماء صلحاء ہیں اور اس میں شک نہیں کہ اولیاء و شہداء و صالحین کے مزارات پر قبے وغیرہ سینکڑوں برس سے بنتے چلے آتے ہیں اور اس کو بڑے بڑے علماء و صلحا نے جائز رکھا اور

Marfat.com

مستحسن ٹھہرایا ہے پس ان کا یہ فعل و تعامل اس حدیث شریف کے مطابق درست جائز اور حسن ہے۔

**حدیث نمبر ۱۸** : مسلم میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

| | |
|---|---|
| لان یجلس احدکم علی جمرہ فتحرق ثیابہ فتخلص الی جلدہ خیرلہ من ان یجلس علی قبر | یہ بات کہ تم میں سے کوئی انگارے پر بیٹھ جائے جو اس کے کپڑے جلا کر اس کی کھال تک پہنچے اس سے بہتر ہے کہ وہ قبر پر بیٹھے : |

**حدیث نمبر ۱۹** : امام احمد ابوداؤد ابن ماجہ راوی ہیں حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے :

| | |
|---|---|
| کسر عظم المیت واذاہ ککسرہ حیا | مردہ کی ہڈی توڑنا اور اس کو تکلیف دینا ایسا ہی ہے جیسے زندہ کی ہڈی توڑنا : |

**حدیث نمبر ۲۰** : ابن ابی شیبہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی ہیں :

| | |
|---|---|
| اذی المومن فی موتہ کاذاہ فی حیاتہ | مسلمانوں کو اس کی وفات کے بعد ایذا دینا ایسا ہی ہے جیسے اس کو حیات میں ایذا دینا : |

پس مُردہ کی عزت و حرمت مسلمانوں کی قبر پر بیٹھنے اس کی بیحرمتی کرنے کی ممانعت اس حدیث سے ہے۔ نجدی اور ان کے طرفدار بتائیں کہ اکابر صحابہ و اہل بیت کرام کے مزارات کی توہین ارشاد سید المرسلین کی صریح مخالفت ہے یا نہیں۔

**حدیث نمبر ۲۱** : حضرت ابومحذورہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی پیشانی کے بال اتنے لمبے تھے کہ بیٹھ کر ان کو چھوڑتے تھے تو زمین تک پہنچ جاتے تھے۔ ان سے کہا گیا کہ بالوں کو اس قدر کیوں بڑھا رکھا ہے

Marfat.com

تراشتے کیوں نہیں فرمایا کہ ایک مرتبہ حضور کا دست مبارک ان کو لگ گیا تھا اس لیے تبرکاً میں ان کو محفوظ رکھتا ہوں (مدارج)

**حدیث نمبر ۲۲**: حضرت خالد بن الولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے موئے مبارک اپنی ٹوپی میں بطور تبرک رکھا کرتے تھے (مدارج)

ان دونوں روایتوں سے معلوم ہوا کہ جلیل القدر اصحاب کرام کے فعل سے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے آثار مقدس کو محترم سمجھنا ان سے برکت حاصل کرنا ان سے اپنے مقاصد میں نفع پانا ثابت ہے۔

**حدیث نمبر ۲۳**: بخاری حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے راوی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دو قبروں پر تشریف فرما ہوئے جن پر عذاب ہو رہا تھا آپ نے ایک تر شاخ لیکر اس کے دو حصے فرمائے پھر ہر قبر میں ایک حصہ گاڑ دیا۔ صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ یہ آپ نے کیوں کیا فرمایا اُمید ہے کہ جب تک یہ خشک نہ ہوں ان قبروں سے عذاب کم ہو جاوے۔

**حدیث نمبر ۲۴**: بخاری میں ہے حضرت بریدہ اسلمی نے وصیت فرمائی کہ میری قبر میں دو شاخیں گاڑ دی جائیں۔ ان دونوں حدیثوں سے ثابت ہوا کہ میت کو بعض چیزوں سے ثواب اور فائدہ پہنچتا ہے۔

**حدیث نمبر ۲۵**: بخاری میں روایت ہے خارجہ بن زید فرماتے ہیں کہ ہم حضرت عثمان کے زمانہ میں جوان تھے اور ہم سب میں سے زیادہ ڈگ اس شخص کی ہوتی تھی جو حضرت عثمان بن مظعون کی قبر کو پھلانگ جاتا تھا۔ خارجہ بن زید انصاری تابعین ثقات اور اہل مدینہ کے فقہاء سبعہ میں سے ہیں۔ اس روایت سے ظاہر ہے کہ حضرت عثمان بن مظعون کی قبر بہت اونچی تھی۔ حاشیہ بخاری مطبوع احمدی میرٹھ میں

Marfat.com

ہے (ان اشد نا دتبۃ ھذا ایثیر الی ان قبر عثمان کان مرتفعا صفحہ ۱۸۲)

حدیث نمبر ۲۶: ابن ماجہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :-

| | |
|---|---|
| کنت نہیتکم عن زیارۃ القبور فزوروھا فانہا تزھد فی الدنیا وتذکر الاٰخرۃ | میں نے تم کو زیارتِ قبور سے منع کیا تھا اب انکی زیارت کرو کہ وہ دنیا میں زاہد بناتی اور آخرت کی یاد دلاتی ہے |

حدیث نمبر ۲۷: امام مسلم حضرت بریدہ سے راوی رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں :-

| | |
|---|---|
| نہیتکم عن زیارۃ القبور فزوروھا۔ | میں نے تم کو زیارتِ قبور کی ممانعت کی تھی اب زیارت کرو : |

حدیث نمبر ۲۸: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں میں نے عرض کیا یا رسول اللہ میں (زیارتِ قبور کے وقت) کیا کہوں آنحضرت نے فرمایا یہ کہو (السلام علیٰ اہل الدیار)

حدیث نمبر ۲۹: ترمذی میں ہے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اپنے بھائی حضرت عبدالرحمٰن بن ابی بکر کی زیارت کی۔

حدیث نمبر ۳۰: ترمذی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے راوی کہ وہ زمزم شریف کا پانی لے جایا کرتی تھیں اور فرماتی تھیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بھی یہ پانی لیجایا کرتے تھے۔

حدیث نمبر ۳۱: رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم زمزم کا پانی لے جاتے اور بیماروں پر ڈالتے پلاتے تھے اور اسے آپ نے حضرات امام حسن و امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو چٹایا (المسلک المنقسط) ان دونوں حدیثوں سے ثابت ہوا کہ زمزم شریف کا پانی

Marfat.com

تبرک ہے اس کی تعظیم کرنی چاہیے اور اس طریقہ سے اس کا استعمال نہ چاہیے جس سے اس کی بے تعظیمی ہو اسی لیے اس سے استنجاوغیرہ حرام و مکروہ ہے۔ لباب اور المسلک المتقسط میں ہے :-

ولا یستعمل الا علی شئ طاھر و ذکرہ الاستنجاء بہ وکذا ازالۃ النجاسۃ الحقیقۃ من ثوبہ او بدنہ حتی ذکر بعض العلماء تحریر ذالك ویقال انہ استنجی بہ بعض الناس فحدث بہ الباسور صفحہ ۲۷۵ :

اب دیکھئے کہ نجدی ان احادیث و احکام کی صریح خلاف ورزی کر رہے ہیں، زمزم کے پانی سے استنجا کرتے ہیں۔

---

# روایات فقہیہ اور اقوال ائمہ و علماء

(۱) حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نزدیک قبر پہ عمارت بنانا گچ کرنا جائز ہے رحمۃ الامیہ میں ہے :-

ولا تبنی القبور ولا تجصص عند الثلاثۃ وجوز ذالك ابو حنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ۔

امام شعرانی میزان کبریٰ میں لکھتے ہیں :-

قول الائمۃ الثلثۃ ان القبر لا یبنی علیہ ولا یجصص مع قول ابی حنیفۃ بجواز ذالك ۔

(۲) حضرت امام محمد رحمۃ اللہ علیہ سے مروی ہے کہ قبر سے نکلی ہوئی مٹی سے زیادہ مٹی وغیرہ ڈالنا جائز ہے اور اس میں مضائقہ نہیں،

Marfat.com

روی عن محمد انه لا باس بذالك شامی بحوالہ حلیہ۔

(۳) حضرت امام شافعی رضی اللہ عنہ کے نزدیک پکی اینٹ مکروہ نہیں، عینی شرح ہدایہ میں ہے۔

قال الا ترازی وعند الشافعی لا یکرہ الآجر۔

(۴) امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنہ کے نزدیک قبر کی لپائی مباح اور جائز ہے۔ علامہ عینی شرح ہدایہ میں لکھتے ہیں :۔

اباح احمد التطلیین۔

(۵) امام سرخسی فرماتے ہیں کہ اگر زمین اکثر نرم و کمزور ہو تو پکی اینٹ لکڑی اور لوہے کا تابوت قبر میں رکھنا جائز ہے :۔

قیده الامام السرخسی بان لا یکون الغالب علی الاراضی النزوالرخاوة فان کان فلا باس بهما ای الآجر والخشب) کاتخاذ تابوت من حدید لهذا۔ بحر الرائق۔

(۶) امام تمرتاشی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں قبر کے اوپر پکی اینٹ وغیرہ لگانا مکروہ نہیں :۔

قال الامام التمرتاشی هذا اذا کان حول المیت فلو فوقه لا یکره لانه یکون عصمة ابن السبع (شامی)

(۷) ابن حبیب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں :۔

ضربه علی قبر المرأة افضل من ضربه علی قبر الرجل۔

علامہ عینی عمدۃ القاری میں فرماتے ہیں : قبر پر خیمہ لگانا جائز ہے اور عورت کی قبر پر لگانا بہ نسبت مرد کے افضل ہے۔

(۸) مشائخ بخارا فرماتے ہیں ہمارے شہر میں پکی اینٹ مکروہ نہیں کیونکہ زمین کمزور ہونے کے سبب اس کی ضرورت وحاجت ہے۔

Marfat.com

قال مشائخ بخاری لا یکرہ الآجر فی بلدتنا للحاجۃ
الیہ لضعف الاراضی (شامی)

(۹) تنویر الابصار اور ردِ مختار میں ہے :۔

(ولا باس باتخاذ تابوت) ولو من حجر او حدید (لہ عند الحاجۃ) کرخاوۃ الارض۔

یعنی حاجت کے وقت مثلاً زمین نرم ہو تو میت کے لیے پتھر یا لوہے وغیرہ سے تابوت بنانے میں کچھ مضائقہ نہیں :

(۱۰) تنویر الابصار و درمختار میں ہے :۔

قیل لا باس بہ وھو المختار۔ یعنی کہا گیا کہ قبر پر کہگل کرنے اور اس کے گرد عمارت بنانے میں کوئی حرج نہیں اور یہی مذہب و قول مختار و پسندیدہ ہے :

(۱۱) درمختار میں ابن ملک سے منقول ہے کہ میت کی (قبر) اوپر اگر پکی اینٹ یا لکڑی لگائی جائے تو مکروہ نہیں :۔

(لا الآجر) المطبوخ والخشب لو حولہ اما فوقہ فلا یکرہ ابن ملک۔

(۱۲) علامہ سید محمد امین ردالمحتار میں لکھتے ہیں :۔

وفی الاحکام عن جامع الفتاویٰ وقیل لایکرہ البناء اذا کان المیت من المشائخ والعلماء والسادات راھ۔

یعنی احکام میں جامع الفتاویٰ سے منقول ہے کہ کہا گیا ہے کہ قبر کے گرد عمارت بنانا مکروہ نہیں ہے جب کہ میت مشائخ وعلماء وسادات میں سے ہو :

اس مقام پر یہ ذکر کر دینا دلچسپی سے خالی نہ ہوگا کہ مولوی داؤد صاحب غزنوی[1] نے اپنی دیانت و واقفیت کا ثبوت دیتے ہوئے درمختار کی عبارت

[1] غیر مقلدین کا امام :

Marfat.com

نمبر ۹ اور رد المحتار کی عبارت نمبر ۱۲ کے متعلق ایک عجیب وغریب بحث کی ہے چنانچہ آپ لکھتے ہیں،

یہاں تک تو مصنّف نے اپنی رائے ظاہر کردی ہے اس کے بعد لکھتے ہیں:
وقیل لا باس بہ پھر لکھتے ہیں اس کے بعد شامی کا ایک قول پیش کیا جاتا ہے :۔ قولہ ویرفع علیہ بناءً ای یحرم لومازینۃ ویکرہ لوللاحکام وقیل لا یکرہ البناء اذا کان المیت من ا لخ)

اس عبارت میں بھی پہلے تو اپنا مستقل قول اور رائے ظاہر کی ہے پھر قیل کے ساتھ دوسرا قول نقل کیا ہے یہ قول بھی مجہول ہے۔

**قول**: یہ محض غلط ہے، اولاً عبارت صرف مصنف نے لا یطین ولا یرفع علیہ بناء عام شہرت کے مطابق لکھا، لیکن بعد کو دوسرا قول بھی جو اس کے مخالف ہے لکھ دیا اس سے یہ ہرگز مفہوم نہیں ہوتا کہ قول اول مصنف کا مذہب یا رائے ہے بلکہ وہو المختار کہہ کر صاف بتا دیا کہ دوسرا قول ہی مختار وپسندیدہ ہے کہ قبر پر لیپنے یا اس پر عمارت بنانے میں کوئی حرج نہیں اور پہلا قول مختار وپسندیدہ نہیں ہے۔

ثانیاً علامہ شامی نے قول ماتن لا یرفع علیہ بناء کے متعلق "امداد" سے یہ عبارت نقل کی ای یحرم للوللزینۃ الخ اس کے بعد "احکام" اور "جامع الفتاویٰ" سے نقل کیا وقیل لا یکرہ البناء الخ پس غزنوی صاحب نے یہاں دو خیانتیں کی ہیں،

اوّل یہ تو ویکرہ لوللاحکام کے بعد "امداد" کا حوالہ نہیں لکھا اور اس کو علامہ شامی کا مستقل قول اور رائے بتا دیا۔

دوسرے "وقیل لا یکرہ البناء" کے اوّل سے " وفی الاحکام عن جامع الفتاویٰ" اُڑا کر لکھ مارا کہ یہ قول مجہول ہے۔

ثالثاً علامہ شامی قدس سرہ السامی نے احکام وجامع الفتاوی کا

Marfat.com

یہ قول لکھ کر کہ جب میت علماء و سادات و مشائخ سے ہو سکوت کیا اس کا کوئی رد نہیں کیا بلکہ تقریر کی جس سے ظاہر ہے کہ یہ قول ان کو بھی مسلم ہے یہاں صرف اتنی قید بڑھا دی کہ لکن ھذا فی غیر المقابر مسبلۃ یعنی عام قبرستان کے لیے یہ حکم نہیں۔

(۱۳) نیز در مختار میں سراجیہ سے منقول لا باس بالکتابۃ ان احتیج الیہا حتی لا یذھب الاثر ولا یمتھن، یعنی قبر پر لکھنے میں حرج نہیں اگر اس کی حاجت ہو کہ اثر و نشان نہ جاتا رہے اور اس کی توہین نہ ہو۔

(۱۴) رد المحتار میں ہے:-

لان النھی عنھا وان صح فقد وجد الاجماع العملی بھا ویتقوی بما اخرجہ ابوداؤد باسناد جید ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حمل حجرا فوضعھا عند راس عثمان بن مظعون وقال اعلم بھا قبر اخی وادفن الیہ من مات من اھلی فان الکتابۃ طریق الی تعرف قبر بھا الخ

یعنی اگرچہ لکھنے سے ممانعت آئی ہے لیکن اس پر عملی طور پر اجماع پایا جاتا ہے اور اس کی تائید اس سے ہوتی ہے جو حدیث ابوداؤد رحمۃ اللہ علیہ نے بہ سند جید ذکر کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک پتھر اٹھا کر حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سرہانے رکھ دیا اور فرمایا کہ اس سے میں اپنے بھائی کی قبر پر نشان کرتا ہوں اور جو کوئی میرے اہل میں سے وفات پائے گا اس کو انہی کے پاس دفن کروں گا۔ تو لکھنا قبر کے پہچاننے کا ایک طریقہ ہے۔ آخر میں لکھتے ہیں:-

قال حسن التمسك بما یفید حمل النھی علی عدم الحاجۃ

یعنی لکھنے کی ممانعت اس وقت ہے جب اس کی حاجت

Marfat.com

کما مرّ۔ نہ ہو ؛

(۱۵) حاکم رحمۃ اللہ تعالےٰ علیہ فرماتے ہیں :۔

ان ائمة المسلمين من المشرق الى المغرب مكتوب على قبورهم وهو عمل اخذ به الخلف عن السلف.

یعنی مشرق سے مغرب تک ائمہ مسلمین کی قبروں پر لکھائی موجود ہے اور یہ عمل خلف نے سلف سے لیا ہے ؛

(۱۶) حلیہ میں ہے :۔

روى عن محمد انه لاباس بذالك ويويده ماروى الشافعى وغيره عن جعفر بن محمد عن ابيه ان رسول الله صلى الله عليه وسلم رش على قبر ابنه ابراهيم ووضع عليه حصباء وهو مرسل صحيح.

امام محمد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے مروی ہے کہ قبر سے نکلی ہوئی مٹی پر زیادتی سے حرج نہیں اور اس کی تائید وہ حدیث کرتی ہے جو امام شافعی وغیرہ نے جعفر بن محمد سے انہوں نے اپنے والد سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ وسلم نے اپنے صاحبزادہ ابراہیم کی قبر پر پانی چھڑکا اور سنگریزے رکھے ؛

(۱۷) اسی میں ہے :۔

نقل غير واحد عن الامام ابى الفضل انه يجوزه فى اراضيهم لرخاوتها.

یعنی امام ابوالفضل سے متعدد فقہا نے نقل کیا ہے کہ انہوں نے زمین کی نرمی کے سبب پکی اینٹ وغیرہ کو جائز رکھا ہے ؛

(۱۸) حلیۃ الناجی میں ہے :۔

قوله وان يبنى عليها وقيل لاباس به وهو المختار.

یعنی قبر کے گرد عمارت بنانے میں بعض کے نزدیک حرج نہیں اور یہی مختار ہے

Marfat.com

(۱۹) اسی میں ہے :۔

لا باس بالکتابۃ اذا احتیج الیھا حتی لا یذھب الاثر ولا یمتھن کذا فی الحاشیۃ۔

قبر پر لکھنے میں حرج نہیں جبکہ اس کی حاجت ہو کہ نشان نہ مٹ جائے اور قبر کی بے حرمتی نہ ہو :

(۲۰) غنیۃ المستملی میں نتیۃ المفتی سے منقول :۔ المختار انہ لا یکرہ التطیین یعنی مذہب مختار یہ ہے کہ قبر پر لپائی مکروہ نہیں :

(۲۱) اسی میں ہے :۔

قیل لا باس بہ عند رخاوۃ الارض وکان الشیخ الامام ابوبکر محمد بن الفضل یجوز استعمال رفوف الخشب اتخاذ التابوت فی بخاری۔

بعض نے کہا زمین نرم ہو تو تابوت میں مضائقہ نہیں، امام ابوبکر نے بخارا میں تختہ اور تابوت کا استعمال جائز بتایا :

(۲۲) اسی میں منافع اور مبسوط کا قول منقول ہے :۔

اختاروا الشق فی دیارنا لرخاوۃ الارض فیتعذر اللحد فیھا حتی اجازوا الاجر ورفوف الخشب والتخاذ التابوت ولو کان من جدید۔

ہمارے ملک میں صندوقی قبر اختیار کی گئی ہے کہ زمین کی نرمی کے سبب بغلی دشوار ہے یہاں تک کہ پکی اینٹ اور تختوں اور تابوت کی خواہ لوہے کا ہو اجازت دی ہے :

(۲۳) اسی میں محیط سے نقل ہے :۔

واستحسن مشائخنا اتخاذ التابوت للنساء یعنی ولو لم یکن الارض رخوۃ فانہ اقرب الی الستر والتحرز عن مسھا عند الوضع فی القبر ہمارے مشائخ نے عورتوں کے لیے تابوت بنانے کو مستحسن ٹھہرایا ہے اگرچہ زمین نرم نہ ہو کیونکہ اس میں پردہ ہے اور قبر میں رکھتے وقت

Marfat.com

ہاتھ لگنے سے حفاظت ہے ؛

(۲۴) عینی شرح کنز میں ہے :-

قیل لا باس بھما عند رخوۃ الارض۔ کہا گیا ہے کہ زمین نرم ہو تو پکی اینٹ اور لکڑی میں حرج نہیں ؛

(۲۵) اسی میں ہے :- لا باس برش الماء ووضع الحجر للعلامۃ۔
پانی چھڑکنے اور علامت کے لیے پتھر رکھنے میں مضائقہ نہیں ؛

(۲۶) اسی میں ہے :- قیل لا باس بھا۔ بعض نے کہا کہ قبر پر لکھنے میں کوئی مضائقہ نہیں ؛

(۲۷) عینی شرح ہدایہ میں فرمایا :- عند بعض مشائخنا اذا جعل الاجر خلف اللبن علی اللحد لا باس بہ۔ ہمارے بعض مشائخ کے نزدیک جب لحد پر کچی اینٹ کے پیچھے پکی اینٹ رکھی جائے تو کچھ مضائقہ نہیں ؛

(۲۸) اسی میں ہے :- عن محمد لا باس بان یزاد علی تراب القبر۔ امام محمد سے روایت ہے کہ قبر کی مٹی پر زیادہ کرنے میں حرج نہیں ؛

(۲۹) اسی میں لکھتے ہیں :- لا باس بحجر او اجر یصنعہ علیہ۔
اس میں مضائقہ نہیں کہ قبر پر پتھر یا پکی اینٹ رکھے ؛

(۳۰) مجمع الانہر میں ہے :-

کرہ ستر اللحد بھا و بالحجارۃ والجص لکن لو کانت الارض رخوۃ جاز استعمال ما ذکر۔ لحد کو پکی اینٹ لکڑی پتھر اور گچ سے چھپانے میں کراہت ہے لیکن اگر زمین نرم ہو تو ان چیزوں کا استعمال جائز ہے ؛

(۳۱) اسی میں لکھا ہے :-

یرفع القبر استحبابا غیر مسطح قدر شبر فی ظاھر الروایۃ مستحب ہے کہ قبر مسطح نہ ہو اور ظاہر الروایۃ میں ایک بالشت سے

Marfat.com

وفیہ اباحۃ الزیادۃ۔ اُونچی ہو اور اس سے زیادہ اونچی بھی مباح ہے ؛

(۳۲) نیز اسی میں ہے :-

المختار ان التطیین غیر مکروہ۔ — مختار یہ ہے کہ قبر لیپنا مکروہ نہیں ہے ؛

(۳۳) اسی میں خزانہ سے منقول ہے :-

لاباس بان یوضع الحجارۃ علی راس القبر ویکتب علیہ شئی۔ — اس میں کچھ حرج نہیں کہ قبر کے سرہانے پتھر رکھا جائے اور کچھ لکھا جائے ؛

(۳۴) اسی میں تبیین سے نقل کیا :-

ان کانت الارض رخوۃ فلا باس بالشق واتخاذ التابوت ولو من حدید۔ — اگر زمین نرم ہے تو صندوقی قبر اور لوہے کا تابوت بنانے میں کوئی مضائقہ نہیں ؛

(۳۵) در منتقےٰ میں لکھا :

ویکرہ الاٰجر والخشب الا بارض رخوۃ۔ — یعنی زمین نرم میں پکی اینٹ اور لکڑی مکروہ نہیں ؛

(۳۶) اسی میں ہے :-

الا ان یکون الارض رخوۃ فیخیر بین الشق واتخاذ تابوت ولو من حدید۔ — یعنی زمین نرم ہو تو صندوقی قبر بنانے اور تابوت رکھنے میں اگرچہ وہ لوہے کا ہو اختیار ہے ؛

(۳۷) علامہ طحطاوی رحمۃ اللہ علیہ درمختار کے قول لا الاٰجر والخشب لوحول المیت امالوفوقہ فلا یکرہ کے متعلق لکھتے ہیں لانہ یکون عصمۃ من السبع جحر۔ یعنی میت کے اوپر پکی اینٹ اور لکڑی مکروہ نہیں کیونکہ اس کے سبب درندہ سے حفاظت ہوگی وہ قبر کو نہ کھود سکے گا، ہاں میت کے گرد یہ چیزیں نہ چاہئیں ؛

Marfat.com

(۳۸) وہی قول درمختار وجاز ذالك حوله بارض رخوة کے حاشیہ میں فرماتے ہیں :-

| | |
|---|---|
| قوله وجاز ذالك ای الآجر والخشب کمافی النهر۔ | یعنی نرم زمین میں پکی اینٹ اور تختہ میت کے گرد جائز ہے : |

(۳۹) اس میں ہے :-

| | |
|---|---|
| قوله ولا يطين ای الا الضرورة۔ | یعنی ضرورت کے لیے قبر کی کہگل جائز ہے : |

(۴۰) بحرالرائق میں لکھا ہے :-

| | |
|---|---|
| امالوكان فوقه لا يكره لانه يكون عصمة من السبع۔ | یعنی اگر پختہ اینٹ یا تختہ میت کے گرد نہ ہو بلکہ لحد وغیرہ کے اوپر ہو تو مکروہ نہیں کہ یہ درندوں سے حفاظت ہوگی : |

(۴۱) اسی میں ہے :-

| | |
|---|---|
| قال فی الفتاوی الیوم اعتادوا السفط ولا باس بالتطيين۔ | یعنی فتاویٰ میں ہے کہ آج کل سفط (تابوت) کا طریقہ عام طور پر ہے اور قبر کی لپائی میں کچھ مضائقہ نہیں : |

(۴۲) اسی میں ظہیریہ سے منقول ہے :-

| | |
|---|---|
| لو وضع عليه شئ من الاشجار او كتب عليه شئ فلا باس به عند البعض۔ | یعنی قبر پر کوئی درخت رکھ دیا جائے یا کچھ لکھ دیا جائے تو بعض کے نزدیک حرج نہیں : |

(۴۳) فتاویٰ عالمگیری میں ہے :-

| | |
|---|---|
| حکی عن الشیخ الامام ابی بکر محمد بن الفضل رحمة الله انه جوزا تخاذ | یعنی شیخ امام ابو بکر محمد بن الفضل سے روایت ہے کہ انہوں نے زمین کی نرمی اور کمزوری کے |

Marfat.com

التابوت فی بلادنا لرخاوۃ الارض قال ولو اتخذ التابوت من حدید لا باس بہ۔

سبب اجازت دے دی ہے کہ اگر لوہے کا تابوت رکھا جائے تو حرج نہیں ؛

(۴۴) اسی میں ہے :۔

اذا خربت القبور فلا باس بتطیینها کذا فی التاتارخانیة وھوالاصح وعلیہ الفتوی کذا فی جواھر الاخلاطی۔

یعنی جب قبریں خراب ہو جائیں تو ان پر کہگل کرنے میں مضائقہ نہیں، ایسا ہی تاتارخانیہ میں ہے اور یہی اصح ہے اور اسی پر فتویٰ ہے اسی طرح جواہر اخلاطی میں ہے ؛

(۴۵) علامہ عینی شرح بخاری میں فرماتے ہیں :۔

ضرب الفسطاط ان کان لغرض صحیح کالتستر من الشمس مثلا للاحیاء لا لاظلال المیت فقط جاز۔

ج رابع صفحہ ۲۰۴ متعلق رائے ابن عمر وقال خارجہ۔

(۴۶) مراقی الفلاح میں ہے :۔

وھذا عند الوجدان وفی محل لا یوجد الا الصخر فلا کراھة فیہ فقولھم وکرہ الآجر والخشب محمول علی وجود اللبن بلا کلفة والا فقد یکون الخشب والآجر موجودین ویعدم اللبن لان الکراھة لکونھا للاحکام والزینة اما اذا ارید بہ دفع اذی السباع او شئی اخر فلا یکرہ اہ ملخصاً۔

(۴۷) علامہ طحطاوی اس کے حاشیہ میں لکھتے ہیں :۔

Marfat.com

قولہ وھذا ای استحباب اللبن والقصب قولہ الا
الصحرا ای اولا جر قولہ لان الکراھۃ الخ علۃ
المحذون ای فلا یکرھان حینئذ قولہ ولذا قال
بعض مشایخنا قال فی الخانیۃ یکرہ الاجر اذا کان
مما یلی المیت اما فیما وراء ذالک فلا باس و فی
الحسامی قد نص اسمعیل الزاھد بالاجر خلف
اللبن علی للحد واوصی بہ کذا فی الشرح قولہ
اوشئ اخر کقطع الرائحۃ اوکانت البلاد کثیرۃ المطر۔

(۴۸) جامع الرموز میں ہے :۔
وکرہ الاجر ولخشب ای ستر اللحد بھما وبالحجارۃ
والجص کما فی الحلابی وقیل ان الاجر لم یکرہ الا الزینۃ
وفی التمرتاشی لا باس بالاجر بعد الاھالۃ وفی الخزانۃ
لا باس بان یوضع حجارۃ علی راس القبر ویکتب علیہ شئ۔

(۴۹) اسی میں ہے : والمختار ان التطیین غیر مکروہ ۔

(۵۰) اسی میں ہے :۔
یرفع القبر استحبابا غیر مسطح قدر شبر فی ظاھر الروایۃ
کما فی الکرمانی وفیہ اشعار باباحۃ الزیادہ علی قدر
شبر فی روایۃ ۔

(۵۱) تفسیر روح البیان میں حضرت شیخ عبد الغنی نابلسی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ
کی کتاب کشف النور میں اصحاب القبور سے منقول ہے :۔
ان البدعۃ الحسنۃ الموافقۃ لمقصود الشرع تسمی سنۃ
فبناء القباب علی قبور الاولیاء والعلماء ووضع الستور
والعمائم والثیاب علی قبورھم امر جائز اذا کان القصد

Marfat.com

بذالك التعظیم فی اعین العامۃ حتی لا یحتقر
واصاحب القبر۔

(۵۲) علامہ شامی نے بھی ردالمحتار کتاب الکراہیۃ میں عبارت مذکورہ نقل فرمائی اور اس کو برقرار رکھا۔

(۵۳) علامہ شیخ عبدالقادر اور رافعی حنفی مفتی دیار مصریہ نے بھی التحریر المختار میں یہ عبارت ذکر کی ہے۔

(۵۴) فتاویٰ قاضی خان میں ہے :۔

حکی عن الشیخ الامام ابی بکر محمد ابن الفضل الخ وہی عبارت جو فتاویٰ عالمگیری سے ابھی ہم نقل کر چکے ہیں۔

(۵۵) اسی میں فرمایا ہے :۔

| | |
|---|---|
| ویکرہ الاجر فی اللحد اذا کان یلی المیت اما فیما وراء ذالک لا باس بہ۔ | یعنی لحد کے اندر میت کے متصل پکی اینٹ مکروہ ہے مگر اس کے علاوہ ہو تو حرج نہیں ؛ |

(۵۶) اسی میں ہے :۔

| | |
|---|---|
| وان کتب علیہ شیئا اووضع الاحجار لا باس بذالک عند البعض۔ | یعنی اگر قبر پر کچھ لکھ دے یا پتھر رکھے تو اس میں بعض کے نزدیک مضائقہ نہیں ؛ |

(۵۷) شیخ الاسلام کشف الغطاء میں فرماتے ہیں :۔

مکروہ است تجصیص کردن بر قبر کذا فی اکثر الفتاویٰ والشروح و در معدن گفتہ ایں قول قدماء است و متاخرین مستحسن انگشتہ اند آنرا۔ یعنی قبر پر گچ کرنا مکروہ ہے معدن میں ہے کہ یہ متقدمین کا قول ہے مگر موخرین نے اس کو بہتر بتایا ہے۔

(۵۸) پھر مطالب المومنین سے نقل کرتے ہیں :۔

Marfat.com

دیدیم در بخارا قبرہا راکہ بنا کردہ شدہ بود بہ خشت ہائے پختہ ہموار کردہ شدہ۔ یعنی ہم نے بخارا میں پکی ہموار اینٹوں سے بنی ہوئی قبریں دیکھیں۔

(۵۹) اسی میں تجنیس سے کہگل کرنے کے متعلق منقول ہے کہ اس میں حرج نہیں اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اپنے صاحبزادہ ابراہیم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی قبر پر کہگل کرنا وارد ہے۔

(۶۰) اسی میں ہے :۔
در مضمرات گفتہ مختار عدم کراہت است۔ یعنی مختار یہ ہے کہ کہگل مکروہ نہیں۔

(۶۱) اسی میں ہے :۔
در سفر السعادۃ از ترمذی نقل کردہ کہ بعضے از اہل علم کہ حسن بصری از ایشان ست درگل کردن قبور رخصت کردہ اند و شافعی نیز ہم برین است۔
یعنی شرح سفر السعادت میں ترمذی سے نقل کیا ہے کہ بعض اہل علم مثلاً حضرت حسن بصری و امام شافعی علیہم الرحمۃ نے قبروں پر کہگل کرنے کی اجازت دی ہے۔

(۶۲) اسی میں خلاصہ اور ظہیریہ سے قبر پر لکھنے یا پتھر رکھنے کی اجازت نقل کی ہے۔

(۶۳) اسی میں جامع الفتاویٰ سے منقول ہے :۔
تحقیق بتوارث یافتیم نوشتن در براز مشائخ خود و اگر مکروہ بودی چگونہ اجازت دادندے۔
یعنی ہم نے توارث اور تعامل اپنے مشائخ کا قبروں پر لکھنا پایا اگر یہ مکروہ ہوتا تو وہ کیوں اجازت دیتے۔

Marfat.com

(۶۴) اسی میں شرعہ اور سراجیہ سے قبر پر علامت بنانے کا جواز نقل کرکے حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ کے متعلق جو حدیث وارد ہوئی ہے ذکر کی ہے۔

(۶۵) اسی میں قبر پر گنبد بنانے کے متعلق عمدۃ الابرار سے نقل کیا ہے کہ بعض کے نزدیک اس میں حرج نہیں۔

(۶۶) اسی میں مطالب المومنین سے نقل کیا کہ سلف نے مشایخ و علماء مشہورین کی قبر پر عمارت بنانا مباح کیا ہے تاکہ لوگ زیارت کریں اور وہاں بیٹھ کر آرام پائیں۔

(۶۷) اسی میں ہے کہ مدینہ مطہرہ میں اصحاب کرام کی قبور پر عمارات اگلے زمانہ سے موجود ہیں اور ظاہر یہی ہے کہ یہ اس زمانہ کے علما کی تجویز سے ہوا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مرقد منور پر بھی قبۂ عالی ہے۔

(۶۸) اسی میں قبر پر سائبان و خیمہ وغیرہ لگانے اور لوح قائم کرنے کی نسبت فرماتے ہیں:

اگر غرض صحیح داشتہ باشد در آں باک نیست و آں چنانکہ در بنا بر قبر بہ نیت آسائش مردم و چراغ افروختن در مقابر بقصد دفع ایذار مردم از تاریکی راہ و نحو آں گفتہ اند کذا یفہم من شرح الشیخ۔

یعنی قبر پر خیمہ لگانا، عمارت بنانا لوگوں کی آسائش کے لیے یا چراغ جلانا کہ آدمیوں کو اندھیرے میں تکلیف نہ ہو یا کوئی اور فائدہ ہو تو حرج نہیں۔

(۶۹) اسی میں خلاصہ اور قاضی خان سے نقل کیا کہ اگر پکی اینٹ لحد میں میت کے قریب نہ ہو تو کوئی حرج نہیں تاکہ درندہ سے پناہ ہے۔

Marfat.com

(۷۰) اسی میں تجنیس سے نقل کیا کہ امام اسماعیل زاہد نے اجازت دی ہے کہ لحد پر کچی اینٹوں کے پیچھے پکی اینٹیں رکھ دی جائیں اور انہوں نے اس کی وصیت فرمائی تھی۔

(۷۱) اسی میں بلندی قبر کے متعلق لباب سے نقل کیا کہ ایک بالشت سے اونچی قبر جائز ہے۔

(۷۲) پھر لکھا ہے :۔

اما بلند ساختن زیادہ ازیں مقدار بقدر اعتدال در قبور علماء و اکابرین جائز بلکہ مستحسن باشد نظر بقا قاصر نظر آن زمان تا رعب ایشاں بر قلوب آلنا تکن گردد۔

یعنی بالشت سے زیادہ بقدر اعتدال اونچا کرنا علماء و اکابرین کی قبروں میں جائز بلکہ بہتر ہے۔ اس زمانہ کی قاصر نظر کے اعتبار سے تاکہ ان کا رعب اور شوکت لوگوں کے دلوں میں جاگزین ہو جائے۔

(۷۳) مولانا علی قاری رحمۃ الباری مرقاۃ المفاتیح میں لکھتے ہیں :۔

رخص بعضهم التطيين منهم الحسن البصري وقال الشافعي لا باس ان يطين القبر ذكره الطيبي.

یعنی بعض علمانے قبر پہ کہگل کرنے کی اجازت دی ہے انہیں میں سے حضرت حسن بصری ہیں اور شافعی بھی کہتے ہیں کہ اس میں کچھ مضائقہ نہیں یہ طیبی نے ذکر کیا ہے ؛

(۷۴) اسی میں ہے :۔

و قد اباح السلف البناء على قبر المشايخ والعلماء المشهورين ليزورهم الناس ويستريحوا بالجلوس فيه۔

یعنی سلف اور اگلے حضرات نے مشہور مشائخ اور علماء کی قبر پر عمارت کو مباح کہا ہے اور جائز رکھا ہے تاکہ لوگ ان کی زیارت کریں اور اس میں بیٹھ کر آرام پائیں ؛

Marfat.com

(۷۵) حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی شرح سفرالسعادۃ میں لکھتے ہیں:
"دفن در جوار قبور صلحا وحضور وشہود در ساحت عزت ایشاں موجب برکت ونورانیت وصفاست وزیارۃ مقامات متبرکہ ودعا در آنجا متوارث است یعنی بزرگوں کی قبر کے قریب دفن اور ان کے معزز مقام اور مکان میں حاضری برکت اور نورانیت وصفائی قلب کا موجب ہے، مقاماتِ متبرکہ کی زیارت اور وہاں دعا مانگنا قدیم زمانہ سے چلا آتا ہے۔

(۷۶) اسی میں ہے:۔ درآخر زمان الخ یعنی چونکہ عوام کی نظر ظاہری مصلحت پر مبنی ہوتی ہے اس لیے آخر زمانہ میں مشائخ اور بزرگوں کے مقابر ومشاہد پر تعمیر میں بعض چیزیں زیادہ کردی گئیں تاکہ اہل اسلام اور نیک لوگوں کی شوکت وعظمت ظاہر ہو۔

(۷۷) اسی میں ہے امام شافعی گفتہ است کہ قبر امام موسیٰ کاظم سلام اللہ علیہ وآبائہ الکرام تریاق مجرب است برائے اجابت دعا۔ یعنی امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ امام موسیٰ کاظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی قبر مقدس مقبولیت دعا کے واسطے تریاق مجرب ہے۔

(۷۸) اسی میں ہے: "در زیارت قبور احترام اہل آن را در استقبال وجلوس وتادب ہماں حکم است کہ در حالت حیات بود کذا قال الطیبی۔
یعنی قبور کی زیارت میں صاحب قبر کا احترام اسی طرح چاہیے جس طرح حالت حیات میں کیا جاتا ہے۔ ان کی طرف منہ کرنا، بیٹھنا اور ادب کرنا ویسا ہی لازم آتا ہے۔

(۷۹) مدارج النبوۃ میں ہے: در مطالب المومنین گفتہ است کہ

Marfat.com

مباح داشتہ اند سلف کہ بنا کردہ شود بر قبر مشائخ و علماء مشہور تا زیارت کنند ایشاں را مردم و استراحت یابند دراں و بنشینند در سایہ آں نقل کردہ است آنرا زمفاتیح شرح مصابیح و گفتہ است کہ دیدم بہ بخارا قبور کہ عمارت کردہ شدہ است و خشتہائے تراشیدہ و تجویز کردہ آنرا اسماعیل زاہد کہ از مشاہیر فقہاء است۔

(۸۰) اسی میں ہے: و چراغ افروختن بر قبور ممنوع است مگر آنکہ در سایہ آں کارے کنند یا نزدیک باں راہے رود۔

یعنی قبروں پر چراغ جلانا اس وقت جائز ہے کہ اس کی روشنی میں کوئی کام کریں مثلاً قرآن شریف پڑھیں، یا اس کے قریب راستہ چلتا ہو۔

(۸۱) اسی میں ہے: و از جملہ اعظام و اکابر آنحضرت است صلی اللہ علیہ وسلم اکبار جمیع انچہ متعلق است بوئے از مشاہد و اماکن و معاو بدانچہ دست شریف وے بداں رسیدہ و بوی شناختہ شدہ۔

یعنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم و توقیر میں یہ بھی داخل ہے کہ ان تمام مقامات کی عزت کی جائے جہاں آپ تشریف فرما ہوئے یا آپ نے عبادت کی یا آپ کا ہاتھ پہنچا۔

(۸۲) اسی میں ہے کہ امام مالک رحمۃ اللہ علیہ اپنی جانور پر سوار نہ ہوتے اور فرماتے مجھے خدا سے شرم آتی ہے کہ میں اس زمین کو اپنے جانور کے سُم سے پامال کروں جس میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم آرام فرما ہیں اور جہاں آپ نے قدم مبارک رکھے ہیں، اسی لیے امام مالک نے اپنے تمام گھوڑے امام شافعی کو دے دیئے۔ امام شافعی نے کہا کہ اپنے لیے بھی کوئی گھوڑا رہنے دیجئے تو انہوں نے اسی قسم کا جواب دیا۔

Marfat.com

(۸۳) اسی میں ہے کہ احمد بن فضلویہ، جو زاہد غازی اور تیر انداز تھے فرماتے تھے کہ میں کمان کو اپنے ہاتھ سے بغیر طہارت کے نہیں چھوتا جب سے میں نے سُنا ہے کہ آنحضرت اپنے دستِ شریف میں کمان لیا کرتے تھے۔

(۸۴) اسی میں عقبہ جبل منیٰ کے متعلق جہاں بیعت اولیٰ واقع ہوئی فرماتے ہیں کہ اب وہاں ایک مسجد ہے کہ اس کی حاضری اور بیعت کا واقعہ یاد کرنے سے مشتاق دلوں میں نور و ایمان پیدا ہوتا ہے اور دُعا و تضرع و ابتہال کا باعث ہے۔

(۸۵) علامہ سمہودی مدنی علیہ الرحمۃ خلاصۃ الوفا میں لکھتے ہیں :-

ذکر المسعودی ماحاصلہ ان هنالك رخامة مكتوب فيها هذا قبر فاطمة بنت رسول الله سیدة النساء العلمین الخ۔

یعنی مسعودی نے ذکر کیا ہے کہ وہاں ایک پتھر پر لکھا ہے کہ یہ حضرت فاطمہ اور دیگر اہل بیت رضوان اللہ علیہم کے مزارات ہیں اور یہ ۳۳۲ھ میں ذکر کیا ہے؛

(۸۶) پھر فرماتے ہیں :-

بل فی کلام سبط ابن الجوذی مایقتضی نقل ذالك عن الواقدی وهو مدنی مولده بالمدينة سنة ثلثين ومأة فهو دال على ان تلك الكتابة قديمة۔

یعنی سبط ابن جوزی کے کلام سے اس کا واقدی علیہ الرحمۃ سے منقول ہونا معلوم ہوتا ہے اور وہ مدنی ہیں، ان کی پیدائش سنہ ۱۳۰ھ میں ہے۔ پس اس سے ظاہر ہے کہ یہ لکھائی قدیم ہے؛

(۸۷) وہی مراغی علیہ الرحمۃ سے نقل فرماتے ہیں :

فيبغى الدُعآء فيه وقد اخبرنى غير واحد ان الدُعآء

یعنی دارِ عقیل بن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نزدیک دُعا مانگنی چاہیے

Marfat.com

هنالك مستجاب۔ اور میں نے سُنا ہے کہ وہاں دُعا مقبول ہوتی ہے ؛

(۸۸) اس کے بعد خود لکھتے ہیں :۔

الاماکن التی دُعا بها صلی الله علیه وسلم کلها اماکن اجابة ولذا یستحب الدُعاء فیها۔

یعنی وہ تمام مقامات جہاں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دُعا فرمائی ہے اجابت وقبول دُعا کے مواقع ہیں اسی لیے وہاں دُعا مستحب ہے ؛

(۸۹) وہی فرماتے ہیں :۔

اذا شارف المدینة الشریفة وترأت له قبة الحجرة المنیفة فلیستحضر عظمتها وتفضیلها ویمثل فی نفسه مواقع اقدامه الشریفة عند تردده فیها۔

یعنی جب مدینہ شریف کے قریب پہنچے اور حجرہ مبارکہ کا قبہ نظر آئے تو اس کی عظمت وفضیلت کا تصوّر کرے اور اپنے نفس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مقدس قدموں کا تصور جمائے جس وقت آپ وہاں آتے جاتے ہوں گے ؛

(۹۰) وہی لکھتے ہیں :۔

یلاحظ بقلبه مدة اقامته بالمدینة جلالتها وتردده صلی الله علیه وسلم فیها ولا یرکب بها دابة بهما قدر علی المشی کما فعل مالك رحمة الله وقال استحیی من الله ان اطا تربة فیها رسول الله صلی الله وعلی آلـه وسلم بحافر دابة الخ

یعنی جب تک مدینہ منورہ میں ٹھہرا رہے اپنے دل سے اس کی جلالت وعظمت اور اس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی آمد ورفت کو ملاحظہ کرے اور جہاں تک پیادہ پا چل سکے جانور پر سوار نہ ہو جس طرح امام مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کیا اور فرمایا میں اللہ پاک سے شرم کرتا ہوں کہ اس زمین

Marfat.com

کو جانور کے کُھر سے پامال کروں جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما ہیں ؛

(۹۱) وہی فرماتے ہیں :-

ویستحب اتیان بقیة المساجد والاثار المنسوبة للنبی صلی اللہ علیہ وسلم مما علمت عینه او جهته وکذا الابار التی شرب او تطهر منها والتبرک بذالک۔

باقی مساجد و آثار جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف منسوب ہیں وہاں جانا مستحب ہے یونہی وہ کنویں جن کا پانی آپ نے پیا ان سے طہارت کی ان پر حاضری اور ان سے برکت لینا مستحب ہے ؛

(۹۲) لباب المناسک میں شیخ امام رحمۃ اللہ سندی اور اس کی شرح المسلک المتقسط میں شیخ ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں :-

(والنظر فی زمزم عبادة) ای اذا قصد به القربة (ویجوز الاغتسال والتوضؤ بماء زمزم علی وجه التبرک) الخ ملخصاً۔

زمزم میں نظر کرنا عبادت ہے جبکہ اس سے قربت مقصود ہو اور زمزم کے پانی سے تبرک کے طور پہ نہانا اور وضو کرنا جائز ہے ؛

(۹۳) اسی میں ہے :-

ویستحب حمله الی البلاد ای تبرکاً للعباد الخ۔

یعنی زمزم کا پانی دوسرے شہروں کو لوگوں کیلئے تبرکاً لیجانا مستحب ہے ؛

(۹۴) اسی میں اماکنِ اجابت (دُعا قبول ہونے کے مقامات) کا ذکر فرماتے ہیں مطاف، ملتزم، میزاب کے نیچے، بیت اللہ کے اندر، بیر زمزم کے قریب، مقام ابراہیم کے پیچھے، صفا، مروہ، عرفات، مزدلفہ، منیٰ، جمرات، بیت اللہ دیکھنے کے وقت، حطیم کے اندر، حجر اسود، رکن یمانی وغیرہ۔

(۹۵) اسی میں ان مقدس مقامات کا ذکر کرتے ہوئے جہاں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز ادا فرمائی ہے لکھتے ہیں :-

Marfat.com

فینبغی لمن قصد الآثار ان یعم الاماکن التی ورد فیہا الاخبار رجاء ان یظفر بمصلی سید الاخیار۔

اس شخص کو جو آثار کا قصد کرے چاہیے کہ ان تمام مقامات پر حاضر ہو جن کے متعلق روایات وارد ہیں اس امید پر کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نماز پڑھنے کی جگہ مل جائے:

(۹۶) اسی میں ہے:۔

یستحب زیارۃ بیت سیدتنا خدیجۃ رضی اللہ تعالی عنہا الخ۔

یعنی حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالی عنہا کے مکان کی زیارت مستحب ہے::

جس میں حضرت فاطمہ زہرا رضی اللہ تعالی عنہا پیدا ہوئیں اور اسی میں وقت ہجرت تک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مقیم رہے جو مسجد الحرام کے بعد مکہ مکرمہ کے تمام مقامات سے بالاتفاق افضل ہے اور مولد نبی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم اور دار ابی بکر رضی اللہ تعالی عنہ اور مولد علی رضی اللہ تعالی عنہ اور دار ارقم اور غار جبل ثور جس کا ذکر قرآن پاک میں آیا ہے:۔

(ثانی اثنین اذ ھما فی الغار) اور غار جبل حرا جہاں رسالت سے قبل آنحضرت صلی اللہ تعالی علیہ وسلم تنہا عبادت فرمایا کرتے تھے وہیں آپ پر سب سے اول آیات قرآن مجید (اقرا باسم ربك) نازل ہوئیں اور آپ کا سینہ مبارک شق کیا گیا۔ اور مسجد الجن جہاں آپ کے پاس آ کر جنوں نے قرآن کریم سنا یا جہاں آپ نے ابن مسعود رضی اللہ عنہ کو خط کھینچکر چھوڑا تھا اور مسجد شجرہ اور مسجد جبل ابو قبیس اور مسجد الرایہ اور غار مرسلات وغیرہا کی زیارت مستحب ہے۔

(۹۷) اسی میں ہے: جنۃ المعلی، جو جنۃ البقیع کے بعد سب سے افضل مقبرہ ہے اور ان دونوں کی فضیلت میں بکثرت احادیث وارد ہیں" کے حضرات صحابہ کرام و تابعین عظام و اولیاء و صلحاء فخام کے مزارات کی

Marfat.com

زیارت مستحب ہے۔ ان بزرگوں کے مزارات کی زیارت کرے اور برکت حاصل کرے اور ان پر سلام کرے۔

(۹۸) اسی میں ہے :-

ولیغتنم ایام مقامہ بالمدینۃ المشرفۃ فیحرص علی ملازمۃ المسجد وادامتہ النظر الی الحجرۃ الشریفۃ او القبۃ المنفۃ مع المھابۃ والخضوع فانہ ای النظر المذکور عبادۃ کالنظر الی الکعبۃ الشریفۃ۔

مدینہ شریف میں قیام کو غنیمت سمجھے مسجد مبارک کی ملازمت اور حجرہ شریفہ یا قبہ منیفہ کی طرف خوف وخضوع کے ساتھ برابر نظر رکھنے پر حریص رہے کیونکہ یہ عبادت ہے جس طریقہ پر کعبہ مکرمہ کی طرف نظر کرنے میں :

(۹۹) اسی میں ہے :۔ وجمیع سواری المسجد یستحب الصلوٰۃ عندھا لانھا لاتخلو عن النظر النبوی الیھا وصلوٰۃ الصحابۃ عندھا۔

مسجد کے تمام ستونوں کے قریب نماز مستحب ہے کیونکہ ان پر حضور کی نظر ضرور پڑی ہو گی اور صحابہ کرام نے ان کے قریب نماز پڑھی ہوگی :

(۱۰۰) اسی میں ہے :-

ویستحب زیارۃ اھل البقیع کل یوم واتیان المساجد ای الاربعۃ وغیرھا والمشاھد الجموما واحد والآبار المنسوبۃ الیہ صلی اللہ علیہ وسلم۔

ہر روز اہل بقیع کی زیارت اور مساجد اربعہ وغیرہ اور تمام مشاہد اور احد اور ان کنوؤں پر حاضری جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف منسوب ہیں مستحب ہے :

(۱۰۱) اسی میں ہے : ویبدی احین وصولہ الی قرب اخذ

Marfat.com

ومساجده بمسجد حمزة سيد الشهداء عم سيد الانبياء رضی اللہ تعالیٰ عنه فیسلم علیه بخشوع وخضوع مع مراعاة غاية الادب والاجلال التام فعن ابن مسعود رضی اللہ عنه ما رأينا رسول الله صلى الله عليه وسلم باكيا قط اشد من بكائه على حمزة بن عبد المطلب وضعه في القبلة ثم وقف على جنازته وانتحب حتى النشغ من البكاء اى شهق حتى كاد ان يغشى يقول ياحمزة يا عم رسول الله صلى الله عليه وسلم واسد رسوله ياحمزة يا فاعل الخيرات يا حمزة يا كاشف الكربات يا حمزة يا ذاب عن وجه رسول الله

جب احد اور اس کی مسجدوں کے قریب پہنچے تو سید الشہداء عم سید الانبیاء حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی مسجد سے شروع کرے خشوع وخضوع اور نہایت ادب واجلال تام کے ساتھ ان پر سلام بھیجے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو کبھی اس قدر روتے نہ دیکھا جس قدر حضرت حمزہ بن عبد المطلب پر روتے دیکھا ان کو آپ نے قبلہ میں رکھا پھر ان کے جنازہ کے قریب کھڑے ہو کر رونے لگے یہاں تک کہ چیخنے لگے اور قریب تھا کہ بے ہوش ہو جاویں اور فرماتے تھے اے حمزہ اے عم رسول اللہ اے رسول خدا کے شیر اے حمزہ اے نیک کام کرنے والے اے حمزہ اے مصیبتوں کے دور کرنے والے اے حمزہ اے رسول اللہ سے دشمنوں کے دور کرنے والے ۔

Marfat.com

# مُخالفین کے دلائل اور اُن کا جواب

اوّل تو طرفداران نجدیہ کہتے رہے کہ ابن سعود نے مزارات و مآثر شہید نہیں کئے لیکن جب اس کی حرکت بخوبی ثابت ہو گئی تو اس فعل شنیع کی تائید کرنے لگے۔ سید سلیمان ندوی، مولوی کفایت اللہ دہلوی، مولوی ثناء اللہ امرتسری، مولوی عبدالماجد دریاآبادی، مولوی عبدالحیٰ پروفیسر جامع ملیہ، مولوی ظفر الملک لکھنوی وغیرہم نے اس تائید و حمایت میں کافی حصہ لیا۔ ہم ان تمام مضامین کے اہم استدلالات پر بحث کریں گے۔

قبروں کے پختہ کرنے اور ان پر قبّے وغیرہ بنانے کی ممانعت و حرمت پر مخالفین کی سب سے بڑی دلیل دو حدیثوں پر مبنی ہے۔

**اوّل** وہ حدیث جس کو حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے روایت کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قبر کے گچ کرنے اس پر عمارت بنانے اس پر لکھنے اس پر بیٹھنے اس کو روندنے اور پامال کرنے سے منع فرمایا۔

**دوسرے** وہ حدیث جو ابوالہیاج اسدی سے مروی ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مجھ سے فرمایا کہ کیا میں تم کو اس کام کے لیے روانہ نہ کروں جس کے لیے مجھ کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے روانہ فرمایا تھا کہ تم تصویروں کو مٹا دینا اور بلند قبروں کو برابر کر دینا۔

## پہلی حدیث کا جواب

**اوّلاً** پہلی حدیث کا جواب یہ ہے کہ قبر کی عمارت وغیرہ سے ممانعت اس صورت میں فرمائی گئی ہے کہ کسی فائدہ و غرض صحیح کے واسطے نہ ہو بلکہ فخر و مباہات و تکبر کے واسطے ہو۔ پس ممانعت کی علت عدم فائدہ یا

Marfat.com

زینت و تفاخر ہے جب وہ علت نہ ہوگی تو ممانعت بھی نہ ہوگی۔

(۱) شیخ علی قاری رحمۃ اللہ علیہ مرقاۃ المفاتیح میں تورپشتی سے اس حدیث کے متعلق نقل فرماتے ہیں:

یحتمل وجھین احدھما البناء علی القبر بالحجارۃ وما یجری مجراھا والآخر ان یضرب علیھا خباء ولنحوہ وکلاھما منھی لعدم الفائدۃ فیہ۔

قبر پر پتھر وغیرہ سے عمارت بنانے یا خیمہ وغیرہ لگانے کی ممانعت عدم فائدہ کی وجہ سے ہے؛

(۲) پھر خود فرماتے ہیں:

قلت فلیستفاد منہ انہ اذا کانت الخیمۃ لفائدۃ مثل ان یقعد القراء تحتھا فلا تکون منھیۃ

یعنی اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ جب خیمہ کسی فائدہ کے لیے ہو مثلاً قرآن پڑھنے والے اس کے نیچے بیٹھیں تو ممنوع نہیں؛

(۳) اسی میں فرمایا:

لعل ورد النھی لانہ نوع زینۃ۔

یعنی نہی اس لیے وارد ہوئی ہے کہ گچ کرنے میں ایک قسم کی زینت ہے؛

پس اگر زینت مقصود نہ ہو بلکہ درندوں سے قبر کی حفاظت مقصود ہو یا زمین کی نرمی کے سبب گچ وغیرہ کی ضرورت ہو کہ بغیر اس کے قبر کا بقاء و قیام نہ ہو سکے تو ممانعت نہ ہوگی، جیسا کہ فقہائے کرام نے بالتصریح بیان فرمایا ہے اور اوپر ہم بہت سی عبارتیں اس بارہ میں نقل کر چکے ہیں۔

(۴) مجمع البحار الانوار میں ہے؛

منھی عنہ لعدم الفائدۃ وقد اباح السلف ان یبنی علی قبور المشائخ والعلماء المشاھیر

یعنی فائدہ نہ ہونے کے سبب ممنوع ہے اور سلف (اگلے بزرگوں) نے مباح بتایا ہے کہ مشہور مشائخ اور

Marfat.com

| | |
|---|---|
| ليزورهم الناس وليتريحوا بالجلوس فيه۔ | علماء کی قبروں پر عمارت بنائی جائے تاکہ لوگ ان کی زیارت کریں اور اسمیں بیٹھ کر آرام پائیں ؛ |

اس عبارت میں بصراحت مذکور ہے کہ جب فائدہ نہ ہو تو عمارت وغیرہ کی ممانعت ہے لیکن چونکہ بزرگوں کے مزارات پر عمارت بنانے میں فائدہ ہے کہ آدمی وہاں بیٹھ کر آرام پائیں اور اطمینان سے زیارت کریں گے اور قرآن شریف پڑھیں گے اس لیے جائز ہے۔

(۵) امام ترمذی اس حدیث کے بعد فرماتے ہیں :

| | |
|---|---|
| قد رخص بعض اهل العلم منهم الحسن البصري في تطيين القبور و قال شافعي لاباس ان يطين القبر۔ | یعنی بعض اہل علم مثلاً حسن بصری اور امام شافعی نے قبر کی لپائی جائز بتائی ؛ |

**ثانیاً** حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت زینب۔ محمد ابن الحنفیہ نے حضرت ابن عباس کے مزار پر خیمہ لگایا۔ حضرت عثمان کے زمانہ میں حکم بن ابی العاص کی قبر پر خیمہ قائم کیا گیا۔ دیکھیے حدیث ۶، ۷ و ۱۶۔ حضرت عقیل نے حضرت ام حبیبہ کی قبر پر عمارت بنائی۔ دیکھیے حدیث ۱۴، تو کیا یہ حضرات حدیث جانتے اور سمجھتے نہ تھے۔

**ثالثاً** قبر پر لکھنے سے ممانعت اس وقت ہے جب کہ قدر حاجت سے زیادہ یا بغیر ضرورت ہو۔

**رابعاً** کتابت سے نہی منسوخ ہے جیسا حاکم سے مروی ہے :

(۶) ملا علی قاری لکھتے ہیں :

قيل ليسن كتابة اسم الميت
لا سيما الصالح ليعرف عند

Marfat.com

تقادم الزمان لان النهی عن
الکتابۃ منسوخ کما قال الحاکم
او محمول علی الزائد علی ما
یعرف بہ حال المیت ام وفی
قولہ لیسن محل بحث والصحیح
انہ یقال انہ یجوز۔

**خامساً** حضرت ام حبیبہ کی قبر پر حضرت عقیل کو ایک پتھر ملا جس پر ان کا نام لکھا ہوا تھا۔ دیکھو حدیث ۱۴۳۔

**سادساً** اسی حدیث میں قبر پر بیٹھنے اس کو پامال کرنے سے بھی تو ممانعت ہے اس کو نجدی پرست کیوں نظر انداز کر دیتے ہیں (کیا ابن سعود کا وظیفہ کھا کر آنکھوں میں چربی چھا گئی جو یہ الفاظ نظر نہیں آتے) دیگر احادیث بھی وارد ہیں کہ مردہ کو تکلیف دینا جائز نہیں دیکھو حدیث ۱۸، ۱۹، ۲۰ کیا نجدیوں نے احکامِ شریعت اور احادیث شریفہ کی خلاف ورزی نہیں کی۔ کیا انہوں نے مزارات کو پامال اور ان کی تحقیر نہیں کی اور ان پر نجاستیں نہیں ڈالیں جانور نہیں باندھے۔

**سابعاً** بعض مخالفین نے لکھ دیا کہ اس حدیث کو بخاری نے بھی روایت کیا، جیسا کہ مزارات حجاز مطبوعہ امرتسر صفحہ ۵ میں اور ایڈیٹر الناظر لکھنؤ کے مضمون ہمدم مورخہ ۲۶ ستمبر ۱۹۲۵ء میں ہے ہم ان صاحبوں کو لکھتے ہیں کہ وہ بتائیں کہ بخاری شریف کی کس کتاب اور کس باب میں یہ حدیث مذکور ہے۔

**ثامناً** نواب صدیق حسن بھوپالی رئیس الوہابیہ مسک الختام میں سبل سے ناقل ہیں، رفتہ اند جمہور بآنکہ نہی بناء و تجصیص برائے تنزیہ است یعنی جمہور علماء کے نزدیک عمارت وگچ سے ممانعت و کراہت

Marfat.com

تنزیہی مراد ہے۔

# دوسری حدیث کے جوابات

**اولاً** یہ حکم مشرکوں اور کافروں کی قبروں کے متعلق تھا نہ کہ اہل اسلام کے واسطے اور اس پر صریح قرینہ یہ ہے کہ تصویر مٹانے اور بلند قبر ہموار کرنے کا حکم اس حدیث میں ایک ساتھ موجود ہے لیکن اہلِ اسلام کی قبور پر تصویریں کہاں ہوتی ہیں البتہ مشرکوں کی قبروں پر بت بلند عمارت کے ساتھ قائم ہوتے ہیں۔

(۷) علامہ علاء الدین علی ماردینی قاضی دیارِ مصریہ متوفی ۷۴۵ھ ہجری الجوہر النقی میں فرماتے ہیں:

قلت الظاهر ان المراد قبور المشركين بقرينة عطف التمثال عليها وكانوا يجعلون عليها الانصاب والابنية فاراد عليه السلام ازالة اثار الشرك۔

یعنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جو حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حکم دیا تھا اس میں ظاہر یہی ہے کہ مشرکوں کی قبریں مراد ہیں جن کا قرینہ یہ ہے کہ تمثال (تصویر) کا عطف کیا گیا ہے اور مشرک قبروں پر بت اور عمارتیں بنوایا کرتے تھے: پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارادہ کیا کہ شرک کے آثار کو زائل کر دیا جائے۔

**ثانیاً** حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانہ میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے مزار مبارک کے گرد عمارت بن چکی تھی تو کیا حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس حکم کی تعمیل کی تھی۔ نہیں ہرگز نہیں یونہی حضرت عقیل رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جو حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بھائی تھے

Marfat.com

ام المومنین حضرت اُمّ حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی قبر پر عمارت بنوائی خود رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ کی قبر پر اتنا بھاری پتھر رکھا کہ دوسرا شخص اس کو اٹھا بھی نہ سکا تو آنحضرت نے آستینیں چڑھا کر اٹھایا۔ دیکھئے حدیث ۱۷ اور ان کی قبر اتنی اونچی تھی کہ جو اس کو پھلانگ جاتا تھا اس کی ڈگ سب سے بڑی ہوتی تھی دیکھو حدیث ۲۵ پس ان دونوں حدیثوں کے ساتھ ہی ساتھ دوسری حدیث اور واقعات کو پیشِ نظر رکھنا ضروری ہے۔

**ثالثاً** اس حدیث سے قبر زیادہ بلند کرنے کی ممانعت نکلتی ہے نہ کہ قبر کے گرد عمارت بنانے کی۔

**رابعاً** آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو اور حضرت علی نے ابوالہیاج اسدی کو اوّل تو تصویریں مٹانے کے لیے حکم فرمایا اس کے بعد قبروں کے متعلق ارشاد فرمایا۔ نجدی اور ان کے ہوا خواہ قبروں کے ہدم پر تو اس قدر زور دیتے ہیں مگر تصویروں کے مٹانے میں ذرا بھی کوشش نہیں کرتے بلکہ خود تصویریں بناتے ان کے سامنے کھڑے ہو کر سر جھکاتے اور فاتحہ خوانی کرتے ہیں۔ مولانا احمد مختار صاحب صدیقی وفد خدام الحرمین اپنے مکتوب ۲۰ شعبان المعظم ۱۳۴۳ھ لکھتے ہیں، ابن سعود نے شاہی دعوت کی۔ کھانے میں مٹھائی اور چاول وغیرہ کے اونٹ گھوڑے گدھے اور نجدی شکل کے ہتھیا بند بدو دسترخوان پر بکثرت چنے تھے۔ ہمارے سید وفد فدائے ملت سید حبیب صاحب کا سوال مزیدار تھا کہ کیا یہ جائز ہے پوچھتے ہی ابن سعود کے چہرہ پر سیاہی دوڑ گئی" ظفر الملک ایڈیٹر الناظر لکھنؤ نے مسٹر تلک کی تصویر کے سامنے فاتحہ پڑھی دیکھئے اخبار حقیقت لکھنؤ۔ لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔

بعض احادیث اور بھی ان کی طرف سے پیش کی جاتی ہیں ان کو بھی

Marfat.com

ہم ذکر کیے دیتے ہیں اور ہر ایک کا مفصل جواب بھی لکھتے ہیں۔

# تیسری حدیث اور اس کے جوابات

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے زیارت قبور کرنے والی عورتوں پر لعنت کی اور نیز ان لوگوں پر جو قبروں پر مسجدیں بنائیں اور چراغ جلائیں۔

**اقول اوّلاً**۔ ابتداء اسلام میں زیارت قبور سے منع فرمایا گیا تھا بعد کو اجازت مرحمت فرمادی گئی جیسا حدیث میں وارد ہے دیکھئے حدیث نمبر ۲۶ و نمبر ۲۷

**ثانیاً**۔ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ثابت ہے کہ وہ ہمیشہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت فرمائیں اور اپنے بھائی عبدالرحمٰن کی قبر پر زیارت کرنے تشریف لے گئیں دیکھئے حدیث نمبر ۲۹۔

حضرت فاطمہ زہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی قبر پر جائیں، شہدائے احد کی قبور پر جائیں دیکھو حدیث نمبر ۱۱ و نمبر ۱۲ و نمبر ۱۳ نیز حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو زیارت قبور کی اجازت خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے دیکھو حدیث نمبر ۲۸۔

**ثالثاً**۔ فقہائے کرام نے تصریح فرمائی ہے کہ عورتوں کو بھی زیارات قبور کی زیارت و رخصت ثابت ہے ملاحظہ ہو عبارت ذیل:

(۸) جامع الرموز میں ہے:۔

وزیارت القبور مستحبة للرجال وكذا للنساء على الاصح۔

(۹) درمختار میں ہے: لا باس بزيارة القبور ولو للنساء

Marfat.com

لحدیث کنت نہیتکم۔

(۱۰) بحرالرائق میں لکھا ہے:

والاصح ان الرخصة ثابتة لهما۔

(۱۱) کشف بزدوی میں:۔ والاصح ان الرخصة ثابتة للرجال والنسآء جمیعا فقد روی ان عائشة رضی الله عنها کانت تزور قبر رسول الله صلی الله علیه وسلم فی کل وقت وانها خرجت حاجة زارت قبر اخیها عبدالرحمٰن۔

(۱۲) فتح المنان میں ہے اکثر علما بر ثبوت رخصت اند برائے مردان وزنان ہمین ست مذہب ائمہ ثلثہ سوائے احمد کہ از وے دو روایت ست۔

(۱۳) ترمذی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں:

قد رائی بعض اهل العلم ان هذا کان قبل ان یرخص النبی صلی الله علیه وسلم فی زیارة القبور فلما رخص دخل فی رخصة الرجال والنسآء۔

(۱۴) ملا علی قاری اس قول کو نقل کر کے فرماتے ہیں:

(وهذا هو الظاهر۔)

(۱۵) وہی فرماتے ہیں: فهذه الاحادیث بتعلیلها تدل علی ان النسآء کالرجال فی حکم الزیارة اذا زارت بالشروط المعتبرة فی حقهن۔

**رابعًا۔** عورتوں پر لعنت اس وقت ہے کہ زیارت قبور میں کوئی دوسری حرام بات کریں مثلاً نوحہ وغیرہ۔

(۱۶) مرقاۃ میں ہے: واما خبر لعن الله زوارات محمول علی زیارتهن بلحرم کالنوح وغیرہ۔ الخ

Marfat.com

**خامساً۔** بیشک قبروں پر مساجد بنانا ان پر نماز پڑھنا ان کی طرف مُنہ کرکے نماز ادا کرنا جائز نہیں مگر قبور کے قریب مسجد بنانا صلحاء و بزرگانِ دین کے مزارات کے قرب و جوار میں نماز پڑھنا ان کی روح سے فیوض و برکات حاصل کرنا۔ وہاں اس امید پر اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگنا کہ صاحبِ قبر جو بارگاہِ الٰہی میں مقرب ہے اس کی برکت سے قبول ہوگی یقیناً جائز بلا ریب مباح ہے۔

(۱۷) ملّا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ نے مرقاۃ میں لکھا ہے :-

وقید علیها یفید ان اتخاذ المساجد بجنبها لا باس به ویدل علیه قوله علیه السلام لعن الله الیهود والنصاریٰ الذین اتخذوا قبور انبیائهم وصالحیهم مساجد.

حدیث میں علیہا کی قید بتاتی ہے کہ قبروں پر مسجد بنانا جائز نہیں مگر ان کے قریب مسجد بنانے میں حرج نہیں اور اس پر آنحضرت کا یہ قول دلالت کرتا ہے کہ اللہ یہود و نصاریٰ پر لعنت کرے جنہوں نے اپنے انبیاء اور صلحاء کی قبروں کو مسجد بنا لیا۔

(۱۸) وہی (لعن الله الیهود والنصاریٰ) الخ کی شرح میں فرماتے ہیں :- سبب لعنهم اما لانهم کانوا یسجدون لقبور الانبیاء تعظیماً لهم وذالك هو الشرك الجلی واما لانهم کانوا یتخذون الصلوٰة الله تعالیٰ والسجود علی مقابرهم والتوجه الی قبورهم حالة الصلوٰة کذا قاله بعض الشراح من أئمتنا ویؤیده ماجاء فی روایته یحذر ما صنعوا قال القاضی کانت الیهود النصاریٰ یسجدون لقبور انبیائهم ویجعلونها قبلة ویتوجهون فی الصلوٰة نحوها اما من اتخذ مسجدا فی

Marfat.com

جوار صالح او صلى فی مقبرة وقصد الاستظہار بروحہ او وصول اثر عبادتہ علیہ لا التعظیم لہ والتوجہ نحوہ فلا حرج علیہ الا تری ان مرقد اسمٰعیل علیہ السلام فی المسجد عند الحطیم والنہی عن الصلوٰۃ فی المقابر مختص بالقبور المنبوشۃ لما فیہ من النجاسۃ کذا ذکرہ الطیبی۔

یعنی یہود و نصاریٰ کی لعنت کا سبب یا تو یہ ہے کہ وہ انبیاءؑ کی قبروں کو سجدہ کرتے تھے یا یہ کہ قبروں پر سجدہ کرتے تھے اور نماز میں ان کی طرف مُنہ کرتے تھے۔ قاضی کہتے ہیں کہ اگر بزرگ کی قبر کے پاس مسجد بنائے وہاں اس کی رُوح سے مدد کے قصد یا اثر عبادت اس کو پہنچنے کے ارادہ سے نماز پڑھے تو حرج نہیں کیا تم نہیں دیکھتے کہ حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کا مزار مسجد حرام میں حطیم کے قریب ہے اور قبرستان میں نماز سے ممانعت ان قبروں کے ساتھ مخصوص ہے جو اکھڑی کھدی ہوں کیونکہ وہاں نجاست ہوگی، ایسا ہی طیبی رحمۃ اللہ علیہ نے ذکر کیا ہے؛

(۱۹) وہی حدیث (الا وان من کان قبلکم یتخذون قبور انبیائھم وصالحیھم مساجد) کی شرح میں لکھتے ہیں (ای بالمعنی السابق) اگلے لوگ اپنے پیغمبروں کی قبروں کو سجدہ کرتے تھے یا ان پر سجدہ کرتے اور عبادت ادا کرتے تھے۔

(۲۰) مجمع بحار الانوار میں ہے :۔

وحینئذ ما کرہ من اتخاذ المساجد علی القبور ارادبہ — قبور پر مسجد بنانا جو مکروہ ہے اس سے مراد یہ ہے کہ قبروں کو برابر

Marfat.com

تسویۃ القبور مسجدا یصلی فیہ وقیل ان یبنی عندہ مسجد الیصلی فیہ الی القبور واما المقبرۃ الدائرۃ اذا بنی فیھا مسجد الیصلی فیہ فلا باس لان المقبرۃ کالمسجد واما اتخاذہ فی جوار صالح لقصد التبرک لا التعظیم فلا یدخل تحتہ۔

کر کے مسجد بنا دی جاوے اور وہاں نماز پڑھی جاوے اور بعض کہتے ہیں یہ مراد ہے کہ قبر کے پاس مسجد بنا کر اس کی طرف سجدہ کرے، لیکن قبرستان میں مسجد بنا کر نماز پڑھے تو کچھ مضائقہ نہیں کہ مقبرہ مسجد کی طرح وقف ہے اور بزرگ کی قبر کے قریب تبرک کے قصد سے مسجد بنانا اس میں داخل نہیں:

(۲۱) مولانا شیخ عبدالحق محدث دہلوی (والمتخذین علیھا المساجد) کی شرح میں فرماتے ہیں:۔

لعنت کردہ است رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کسانے راکہ میگیرند برقبور مسجد را (یعنی سجدہ برندگان بجانب قبور بقصد تعظیم)

(۲۲) نیز لعن اللہ الیہود و نصاریٰ الخ کے متعلق فرماتے ہیں:

گرفتن قبور مساجد بدو طریق متصور است یکے آنکہ بر قبور سجدہ برند و مقصود عبادت آں دارند چنانکہ بت پرستان می پرسند دویم آنکہ اعتقاد برند کہ توجہ بر قبور ایشاں در نماز عبادت حق است ایں ہر دو طریق نامرضی و نامشروع اما اگر در قرب قبر ایشاں مسجدے بنا کنند یا نمازے کنند بے توجہ بجانب آں تا برکت مجاورت آں مواضع کہ مدفن جسد مطہر ایشاں ست و بامداد نورانیت روحانیت ایشاں عبادت کمال قبولے یابد ورایں مقام معذوری لازم نمی آید و باکے نیست کذا قال الشیخ ابن حجر مکی۔

Marfat.com

یعنی قبر پر بقصد عبادت سجدہ کرنا یا نماز میں قبر کی طرف متوجہ ہونا غیر مشروع ہے مگر اولیاء کی قبور کے قریب مسجد بنانا نماز پڑھنا اس طرح کہ قبر کی جانب منہ نہ ہو تاکہ اس جگہ کے قریب ہونے کے باعث جہاں ان کا پاک جسم دفن ہے اور ان کی روحانیت کے نور کی مدد سے عبادت کو کمال و قبول حاصل ہو جائے تو اس میں کوئی قباحت اور حرج نہیں جیسا کہ شیخ ابن حجر مکی نے فرمایا ہے۔

(۲۳) بحر الرائق میں ہے :۔

ذکر فی الفتاوی اذا غسل موضعا فی الحمام لیس فیہ تمثال وصلی فیہ لا باس بہ وکذا فی المقبرۃ اذا کان فیہا موضع اعد للصلوٰۃ ولیس فیہ قبر ولا نجاسۃ۔

یعنی قبرستان میں نماز کے لیے کوئی جگہ بنالی جاوے اور وہاں قبر و نجاست نہ ہو تو نماز جائز ہے ؛

(۲۴) اسی کے مثل غنیۃ المصلی میں لکھا ہے۔

(۲۵) جامع الرموز میں ہے :

لا یکرہ فی جہۃ القبر الا اذا کان بین یدیہ بحیث لو صلی صلوٰۃ الخاشعین وقع بصرہ علیہ۔ یعنی قبر کی سمت میں نماز مکروہ نہیں مگر جب کہ قبر اس طرح سامنے ہو کہ اگر خشوع کے ساتھ نماز پڑھے تو اس کی نگاہ قبر پر پڑے ؛

(۲۶) خلاصہ میں مذکور ہے :

ھذا اذا لم یکن بین المصلی وھذہ المواضع حائل کالحائط وان کان حائط لا یکرہ۔

کراہت اس وقت ہے کہ نمازی اور قبر کے درمیان کوئی حائل دیوار وغیرہ نہ ہو اگر دیوار ہو تو مکروہ نہیں ؛

Marfat.com

**سادساً**۔ خود مسجد حرام میں حضرات انبیاء کرام کے مزارات واقع ہیں۔ سابق میں مرقاۃ کی عبارت مذکور ہو چکی ہے کہ حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کا مرقد مبارک مسجد حرام میں ہے۔

(۲۷) حضرت امام محمد کتاب الآثار میں فرماتے ہیں:

| | |
|---|---|
| اخبرنا ابو حنیفہ قال حدثنا عطاء بن السائب قال قبر هود وصالح وشعیب فی المسجد الحرام۔ | یعنی امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ عطا بن سائب سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت ہود حضرت صالح حضرت شعیب علیہ السلام کی قبریں مسجد حرام میں ہیں: |

**سابعاً**۔ قبروں پر چراغ جلانا اسی وقت ممنوع ہے جب بے کار ہو اور اس میں کوئی فائدہ نہ ہو، لیکن اگر کسی مصلحت سے ہو تو ممنوع و ناجائز نہیں۔ مثلاً قبروں کے قریب راستہ ہے اور گزرنے والوں کو اندھیرے میں تکلیف ہوتی ہے یا وہاں مسجد ہے اور لوگوں کو تاریکی میں نماز پڑھنے سے مشقت اور ایذا ہوتی ہے یا وہاں آدمی بیٹھتے ہیں یا قبور اولیا او صلحا کی ہیں اور لوگ زیارت و قرأت قرآن کے واسطے حاضر ہوتے ہیں اس لیے وہاں چراغ روشن کرنے کی ضرورت ہے۔ ایسی صورتوں میں روشنی جائز و مباح ہے۔

(۲۸) سید عبد الغنی نابلسی رحمۃ اللہ علیہ حدیقہ ندیہ میں فرماتے ہیں:

| | |
|---|---|
| المتخذین علیها السرج ای الذین یوقدون السرج علی القبور عبثا من غیر فائدۃ۔ | قبروں پر چراغ جلانے والے یعنی بیکار اور بلا فائدہ قبور پر چراغ جلانے والے: |

(۲۹) وہی فرماتے ہیں:۔

| | |
|---|---|
| اما اذا کان موضع القبور مسجدا او علی طریق او کان | لیکن جب قبروں کے قریب مسجد یا راستہ ہو یا وہاں کوئی بیٹھا ہو یا کسی |

Marfat.com

هناك احد جالس او كان قبر ولی من الاولیاء او عالم من المحققین تعظیما لروحه علی تراب جسده کاشراق الشمس علی الارض اعلاما للناس انه ولی لیتبرکوا به و یدعو الله تعالیٰ عنده فیستجاب لهم فهو امر جائز لا منع منه والاعمال بالنیات۔

ولی یا محقق عالم کی قبر ہو اور وہاں شمع روشن کریں تاکہ اس کی رُوح کی عظمت ظاہر ہو جو خاک جسم پر اس طرح روشنی ڈال رہی ہے جس طرح آفتاب زمین پر۔ اور لوگوں کو معلوم ہو جائے کہ یہ ولی ہے پس وہ اس سے برکت حاصل کریں اور وہاں اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگیں کہ مقبول ہو جاوے

تو یہ امر جائز ہے جس سے ممانعت نہیں اور اعمال کی بنیاد و مدار نیت پر ہے۔

(۳۰) صاحب تفسیر روح البیان اور ردالمختار میں علامہ سید محمد امین شامی اور التحریر المختار میں علامہ شیخ عبدالقادر رافعی حنفی مفتی دیار مصریہ کتاب کشف النور عن اصحاب القبور سے ناقل ہیں۔

رابقاد القنادیل والشمع عند قبور الاولیاء والصلحاء من باب التعظیم والاجلال ایضا للاولیاء فالمقصد فیها مقصد حسن و نذر الزیت والشمع للاولیاء یوقد عند قبورهم تعظیما لهم ومحبته فیهم جائز ایضا لا ینبغی النهی عنه)

اولیاء و صلحاء کے مزارات کے قریب قندیل شمع روشن کرنا تعظیم و تکریم اولیا کی قسم سے ہے تو اس کا مقصد اچھا ہے اور اولیا کے لیے روغن زیتون اور شمع نذر کرنا کہ وہ ان کے مزارات کے قریب روشن کیا جائے ان کی تعظیم و محبت کے ارادہ سے جائز ہے جس سے منع نہ کرنا چاہیے۔

**ثامناً**۔ حدیث میں ان لوگوں پر لعنت وارد ہے جو قبروں پر چراغ جلائیں ان پر لعنت نہیں ہے جو قبروں کے پاس روشنی کریں، حدیث کے

Marfat.com

الفاظ یہ ہیں : (والمتخذین علیھا المساجد والسرج) یہاں کلمہ (علی) فرمایا گیا ہے جس کے معنی "اوپر" ہیں. ہم سابق میں مُلا علی قاری کا قول نقل کر چکے ہیں وقید علیھا یفید الخ یعنی "علیھا" کی قید بتاتی ہے کہ قبرو کے اوپر مسجد بنانا حرام ہے ، لیکن قبروں کے قریب بنانے میں کوئی حرج نہیں پس یونہی قبروں کے اوپر چراغ روشن کرنا جائز نہیں مگر ان کے پاس جلانا درست و مباح و جائز ہے۔

# چوتھی اور پانچویں روایت اور اس کے جوابات

چوتھی روایت دلیل میں بیان کی جاتی ہے کہ حضرت ابو ہریرہ نے وصیت فرمائی کہ میری قبر پر خیمہ نہ لگانا۔

**پانچویں روایت** یہ کہ حضرت ابن عمر کا گذر حضرت عائشہ کے بھائی حضرت عبدالرحمٰن کی قبر پر ہوا اس پر خیمہ نصب تھا تو آپ نے فرمایا اے غلام اس کو اکھاڑ دے کیونکہ ان پر سایہ ان کا عمل کرے گا۔

**یہ دونوں روایتیں** "مزاراتِ حجاز" میں علامہ عینی کی شرح بخاری سے منقول ہیں "**اوّل**" حضرت ابو ہریرہ کی وصیت سے خیمہ قائم کرنے کی حرمت ثابت نہیں ہوتی صرف یہ ظاہر ہوتا ہے کہ میری قبر ایسا نہ کرنا. اکثر امور جائزہ کے متعلق مقربانِ بارگاہِ رب العزت کسرِ نفسی اور اظہار عجز کے طور پر اپنے لیے ممانعت فرماتے ہیں خود رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا (لا تفضلونی علی یونس بن متی) مجھ کو حضرت یونس علیہ السلام پر فضیلت نہ دو ؛ یہ محض کسرِ نفسی اور اظہار شانِ عبودیت ہے ورنہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کا افضل العالمین و سید الانبیاء والمرسلین ہونا محقق و ثابت ہے۔

Marfat.com

**دوسرے** حضرت ابن عمر کے ارشاد سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ بعض لوگ ایسا خیال کرتے تھے کہ خیمہ قائم کرنے سے صاحب قبر پر سایہ ہو جاتا اور اس سے فائدہ پہنچتا ہے مگر یہ خیال غلط ہے اس لیے آپ نے فرمایا اور جب اس ارادے سے خیمہ وغیرہ نہ کیا جائے بلکہ کسی اور مصلحت اور فائدہ کی غرض سے ہو تو اس سے ممانعت ثابت نہیں ہوتی ہے۔

**تیسرے۔** خود علامہ عینی رحمۃ اللہ علیہ جن سے یہ روایات نقل کی گئی ہیں کیا مفہوم و مراد بیان فرماتے ہیں۔ سنیے وہ صاف لکھتے ہیں:

(۳۱) ضرب الفسطاس ان کان لغرض صحیح کالتستر من الشمس مثلا للاحیاء لا لاظلال المیت فقط جاز۔

یعنی اگر خیمہ کسی صحیح غرض کے لیے لگایا جائے مثلاً لوگوں کے دھوپ سے بچنے کے لیے نہ کہ فقط میت کے سایہ کے لیے تو جائز ہے۔

**حدیثوں** کے علاوہ وہابیہ بعض ائمہ کرام کے اقوال نقل کرتے اور روایات فقہیہ سے بھی استدلال کرتے ہیں مثلاً حضرت امام شافعی کا یہ قول (رایت الائمۃ بمکۃ یامرون بھدم مایبنی)

# اقول میں عرض ہوا

**اولاً** امام شافعی اپنا ایک مشاہدہ بیان فرماتے ہیں اپنا مذہب ارشاد نہیں فرماتے۔

**ثانیاً۔** ائمہ سے مراد حکام ہیں نہ کہ مذہبی مقتدا و علما کرام چنانچہ کتاب الام کی اصل عبارت میں "ولاۃ" کا لفظ ہے جس کا اطلاق علماء پر نہیں ہو سکتا ہے۔

**ثالثاً۔** اس عمارت کے ڈھانے کا حکم دیا جو خود قبر کے اوپر تھی۔

Marfat.com

**رابعاً**۔ جو قبر حد اعتدال سے زیادہ بلند اور اونچی تھی اس کو کم کر دیا چنانچہ اس فعل کی دلیل میں حدیث (ولا قبرا مشرفا الا سویته) پیش کرنا بھی مفہوم ظاہر کرتا ہے۔

**خامساً**۔ اگر وہی تعمیر مراد ہو جو قبر کے گرد بنائی جاتی ہے تو یہ قبور عوام سے متعلق ہے۔

**سادساً**۔ ہدم کا حکم اس صورت میں ہے کہ وقف عام میں عمارت ہو چنانچہ کتاب الام کی اصل عبارت میں اس کی تصریح موجود ہے ملاحظہ فرمائیے کتاب الام صفحہ ۲۴۶:

(قال الشافی وقد رایت من الولاۃ من یھدم بمکۃ مایبنی فیھا فلم ار الفقھا یعیبون ذالک فانکانت القبور فی الارض یملکھا الموتی فی حیاتھم اوورثتھم بعدھو لم یھدم شئ ان یتبی منھا وانما یھدم ان ھدم مالا یملکہ احد فھدمہ

> **نوٹ**: قارئین سے التماس ہے کہ اصل مسودہ سے چھ صفحات غائب ہیں اگر کسی صاحب کے پاس مکمل کتاب موجود ہو تو براہ کرم ہمیں ارسال فرمائیں تاکہ اس کے چھاپنے کا اہتمام کیا جائے۔ تشکریہ (ادارہ)

Marfat.com

کو مسمار کر کے گھوڑے دوڑائے گئے۔
(۵) شریف مستورات کی بے پردہ تلاشی لی گئی۔
(۶) شہداء کی نعشوں کو زمین پر گھسیٹا گیا۔

# مکّہ مکرّمہ میں نجدیوں کی سفاکیاں اور زیادتیاں

(۷) ام المومنین حضرت خدیجۃ الکبریٰ کے مزار مبارک کو گرا کر بندوقوں کے دستے مارے اور کہا اٹھو کچھ کرامت ہے تو دکھاؤ۔
(۸) مزار حضرت آمنہ (۹) مزار حضرت عبدالمطلب (۱۰) مزار حضرت ابن زبیر (۱۱) قبر ابو طالب (۱۲) مولد النبی صلی اللہ علیہ وسلم (۱۳) مولد حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ (۱۴) مولد حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ (۱۵) اور دیگر مزارات کو گرا دیا گیا۔
(۱۶) ایک شخص کی زبان سے حیاۃ النبی نکلا، ایک نجدی نے اس کو مار کر گرا دیا اور کہا کہ یہ کیا کلمہ کفر بکتا ہے۔
(۱۷) حضرت شیخ سنوسی جنت المعلیٰ میں فاتحہ پڑھ رہے تھے تو نجدیوں نے کہا او کافر کیا کر رہا ہے۔
(۱۸) حرم شریف میں نجدی خبیث بیت اللہ کی طرف پاؤں کر کے سوتے ہیں۔
(۱۹) حرم شریف میں جوتوں سمیت جاتے ہیں۔
(۲۰) آب زمزم سے استنجا کرتے ہیں۔
(۲۱) جو شخص حجر اسود کو بوسہ دے اسے مارتے ہیں۔
(۲۲) مسجد جن (۲۳) مسجد جبل ابو قبیس (۲۴) جائے ذبیحہ حضرت اسمٰعیل

Marfat.com

علیہ السلام کو شہید کر دیا۔

(۲۵) مساجد کی لکڑیاں سر بازار نیلام کیں۔

(۲۶) مسجد نمرہ میں ظہر وعصر جمع کرکے پڑھنا۔ جبل عرفات پر خطبۂ حج اونٹنی پر سوار ہوکر پڑھنا قدیم سنت تھی اس کو نجدیوں نے ترک کر دیا کہ یہ بدعت ہے۔

(۲۷) دلائل الخیرات شریف کو پھاڑ کر پاؤں سے روندا۔

(۲۸) حاجیوں سے رابغ سے مکہ مکرمہ تک فی اونٹ ۵۶ روپے وصول کیے مگر اونٹ والوں کو صرف ۱۴ روپے دئیے۔

(۲۹) واپسی سے مکہ مکرمہ سے رابغ تک ۴/۲۴ وصول کیے مگر اونٹ والوں کو ۸/۵ دیتے۔

(۳۰) شہر رابغ سے بندر تک ۳ روپے وصول کیے مگر اونٹ والوں کو صرف ۱۰ روپے دیئے۔

Marfat.com

# مدینہ منوّرہ میں نجدیوں کی زیادتیاں

## اور تباہ کاریاں

(۳۱) سیّدنا حضرت امیر حمزہ کا قبّہ مبارک بہت قبّوں کے درمیان واقع ہے جن کو نقصان پہنچایا (صدر مجلس عالیہ اسلامیہ فلسطین کا بحری پیغام شوکت علی صاحب کے نام)

(۳۲) حضرت امیر حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی قبر شریف منہدم کر دی۔

(۳۳) اہلِ مدینہ کو لکھ کر بھیجا کہ تم کافر ہو تم حمزہ اور عبدالقادر جیلانی کے ناموں کی پوجا کرتے ہو۔

(۳۴) عرصہ تک اہلِ مدینہ کا محاصرہ کر کے خوراک اور نہر زرقا کا پانی بند کر دیا۔

(۳۵) مسجد امیر حمزہ شہید کی۔

(۳۶) گنبدِ خضریٰ روضہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر بم پھینکے گئے۔

(۳۷) اور گولیاں چلائی گئیں۔

(۳۸) حجاج جو تاجدارِ عالم روحی بہ الفداء کے سبز گنبد کے سامنے صلوٰۃ وسلام عرض کر رہے تھے ان کو اس مبارک فعل سے روکا۔

(۳۹) ان پر گولیاں چلائیں۔

(۴۰) یہاں تک کہ تین مسلمانوں کو شہید کر دیا اور ان افعال شنیعہ اور حرکات قبیحہ کا صدور ان سے کچھ تعجب نہیں کیونکہ ان کے عقائد ہی ایسے ہیں اور اس سے پہلے بھی تیرھویں صدی ہجری میں اس قسم کے ناپاک اور شرمناک افعال و اعمال کر چکے ہیں۔ اس کی

Marfat.com

تفصیل دیکھنی ہو تو کتاب مستطاب بوارق محمدیہ و سیف الجبار تصانیف اعلحضرت قطب زمان سیف اللہ المسلول حضرت مولانا شاہ معین الحق فضل رسول صاحب القادری بدایونی قدس اللہ سرہٗ و نور اللہ مرقدہٗ مطالعہ کیجئے۔ بہت ناواقف لوگ انکے عقائید خبیثہ سے انکار کرتے تھے اور کہتے تھے کہ وہ تو حنبلی ہیں مگر کتاب مجموعۃ التوحید نے جو خود عبدالعزیز بن سعود نجدی کے حکم سے قریب زمانہ میں چھپی ہے تمام راز فاش کردیا ہم سردست اخبار "ام القریٰ" سے ایک مختصر عبارت نقل کرتے ہیں جس سے نجدیوں کے عقائد فاسدہ کی حالت روشن ہو جائے گی. ام القریٰ" ابن سعود کا خاص اخبار ہے جو مکہ مکرمہ سے شائع ہوتا ہے ۱۵ رجب ۱۳۴۴ھ کے پرچہ میں نجدیوں کے قاضی القضاۃ مکہ مکرمہ کا ایک مضمون چھپا ہے اس میں لکھا ہے :-

فالحب والخشیۃ والاجلال والدعاء والخوف والرجاء والتوکل وغیرها من العبادات کلها خالص حق الرب سبحانه لیس لاحد من المخلوقین فیها شیٔ ومن صرف فیها شیئا لغیر الله کائنا من کان فقد جعله شریکا الله فی عبادته وسواء اعتقد فیه انه یملك الضر والنفع واعتقد انه شفیع له عند الله

یعنی محبت خشیت اجلال تعظیم دعاء خوف، امید توکل وغیرہ تمام عبادات اللہ تعالیٰ کے لیے مخصوص ہیں ان میں کسی مخلوق کا کچھ حق نہیں اور جو شخص ان امور میں سے کوئی بات غیر خدا کے لیے خواہ وہ کوئی ہو صرف کرے تو وہ اس کو اللہ تعالیٰ کی عبادت میں شریک کرتا ہے خواہ اس کے متعلق یہ اعتقاد رکھے کہ وہ نفع نقصان کا مالک ہے یا اللہ کے نزدیک اس کا شفیع ہے اور اس کو اللہ کا مقرب بتاتا ہے

Marfat.com

| | |
|---|---|
| وانه یقربه الی اللہ او فعل ذالک بحکم العادۃ والتقلید للاسلاف الخ | یا یہ عادت اور سلف کی تقلید کے طور پر کرے۔ |

غور فرمائیے کہ اس عبارت میں حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم اور دیگر مقربانِ بارگاہِ رب العزت کی شفاعت و تعظیم و توقیر وغیرہ سے صریح انکار اور ان امور پر اعتقاد رکھنے والوں کو مشرک قرار دیا گیا ہے لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ؕ

اور کیوں نہ ہو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نجدیوں کو شیطانی گروہ فرمایا ہے چنانچہ صحیح بخاری شریف میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے شام اور یمن کے واسطے برکت کی دُعا فرمائی تو صحابہ نے نجد کے لیے بھی دُعا کے واسطے عرض کیا آنحضرت نے پھر شام و یمن کے واسطے دُعاء برکت فرمائی۔ اصحاب کبار نے دوبارہ نجد کے متعلق عرض کیا اس وقت آپ نے ارشاد فرمایا:

| | |
|---|---|
| ھناک الزلازل والفتن وبھا یطلع قرن الشیطان۔ | وہاں زلزلے اور فتنے ہوں گے اور شیطان کی اُمت اس جگہ ہو گی۔ |

مولانا شاہ عبدالحق محدث دہلوی اشعۃ اللمعات میں ارقام فرماتے ہیں: نجد نام زمینے بہت بلند و آن مخصوص است بما دون حجاز آنچہ متصل است بہ عراق۔

نواب قطب الدین خان صاحب شاگرد رشید مولوی اسحاق دہلوی مظاہر حق میں لکھتے ہیں:

نجد اس زمین کا نام ہے کہ بلند ہے اور وہ مخصوص ہے سوائے حجاز کے کہ جو زمین متصل ہے ساتھ عراق کے اور اگر بقول بعض مخالفین یہ تسلیم

Marfat.com

کر لیا جائے کہ اس حدیث میں حجاز کے سوا عراق وغیرہ سب کو نجد شامل و عام ہے تو بھی یہ نجد جس میں ابن عبدالوہاب وابن سعود کی جائے سکونت ہے حدیث کے مفہوم میں شامل رہتا ہے۔

# نجدی برطانوی مُعاہدہ

آخر میں ہم اس معاہدہ کا خلاصہ بھی ہدیہ ناظرین کیے دیتے ہیں جو ابن سعود نجدی اور گورنمنٹ برطانیہ کے درمیان ہوا ہے تاکہ ان لوگوں کی دروغ بافی اچھی طرح ظاہر ہو جائے جو کہتے تھے کہ اہل نجد کا یہ حملہ حرمین اور حجاز کو غیر مسلم اقتدار سے پاک کرنے کے لیے ہے۔

پہلا معاہدہ جو ۱۹۱۵ء میں ہوا جس کی تصدیق ۱۹۲۰ء میں ہوئی اس کی دفعہ اوّل میں ہے۔

"برطانیہ تسلیم کرتی ہے کہ ان مقام کا مستقل حاکم سلطان (ابن سعود) اور اس کے اجداد ہیں۔ اس کے بعد ان کے لڑکے بالے انکے صحیح وارث ہوں گے، لیکن ان میں سے کسی ایک کی سلطنت کے انتخاب کے لیے یہ شرط ہوگی کہ وہ سلطنت برطانیہ کا مخالف نہ ہو"

**دفعہ سوم:** ابن سعود وعدہ کرتا ہے کہ وہ کسی غیر قوم یا کسی سلطنت کے ساتھ کسی قسم کی گفتگو یا سمجھوتہ اور معاہدہ کرنے سے پرہیز کرے گا۔

**دفعہ چہارم:** ابن سعود عہد کرتا ہے کہ وہ اس عہد سے پھرے گا نہیں اور وہ ممالک مذکورہ یا اس کے کسی دوسرے حصہ کو برطانیہ سے مشورہ کیے بغیر بیچنے رہن رکھنے مستاجری یا کسی اور قسم کے تصرف کا مجاز نہ ہوگا۔ اس کو اس امر کا اختیار نہ ہوگا کہ کسی حکومت

Marfat.com

یا کسی حکومت کی رعایا کو برطانیہ کی مرضی کے خلاف ممالک مذکورہ بالا میں کوئی رعایت یا لائسنس دے ابن سعود وعدہ کرتا ہے کہ وہ برطانیہ کے ارشاد کی تکمیل کرے گا اور اس میں اس کی قید نہیں ہے کہ وہ اس کے مفاد کے موافق ہے یا مخالف۔

(دیکھیے روزنامہ حقیقت لکھنؤ ۲۷ اکتوبر ۱۹۲۵ء)

اس معاہدہ کا اقرار و اعتراف سید سلیمان ندوی رئیس وفد خلافت کمیٹی نیز ابراہیم بن محمد بن معمر نجدی اور حافظ ابن وہبہ نجدی نے بھی کیا ہے۔ چنانچہ سید سلیمان ندوی روداد وفد حجاز میں لکھتے ہیں:

جہاں تک سلطان کے ذاتی واقف کاروں سے ملنے اور انکی واقفیت سے فائدہ اٹھانے کا موقع ملا یہ معلوم ہوتا ہے کہ نجد و برطانیہ کے درمیان کوئی نہ کوئی معاہدہ ضرور ہے اور اس کی دفعات میں یہ بھی ہے کہ سلطان نجد اپنی مملکت کی زمین کا کوئی حصہ دوسری قوم کے ہاتھ فروخت نہیں کر سکتے اور نہ کوئی امتیاز یا حق کسی غیر انگریزی قوم کو دے سکتے ہیں نیز وہ کسی غیر سلطنت سے کوئی معاہدہ برطانیہ کی بغیر اطلاع نہیں کر سکتے، پھر اسی میں دوسرے مقام پر لکھتے ہیں:

ہم نے ان (ابراہیم بن محمد بن معمر نجدی جو چند سال پہلے سلطان نجد کے سیکرٹری رہ چکے ہیں) سے نجد و برطانیہ کے معاہدہ کے متعلق سوال کیا انہوں نے اس معاہدہ کے وجود کو تسلیم کیا۔ وفد خدام الحرمین نے اطلاع دی ہے ہم نے ہر دو انگریزی نجدی معاہدوں کے جن میں پہلا ۱۹۱۶ء میں ہوا تھا دکھائے جانے کا مطالبہ کیا۔ حافظ ابن وہبہ (وزیر ابن سعود) نے تسلیم کیا کہ جو کچھ شائع ہوا درست ہے۔

اب جدید معاہدہ مقام بحرہ میں (جو مکہ مکرمہ اور جدہ کے درمیان ہے) کیا گیا جس کا خلاصہ یہ ہے یہ معاہدہ جو سلطان ابن سعود اور جنرل

Marfat.com

کلیٹن کے درمیان ہوا ہے اس کا نفاذ کسی توقف یا منظوری کا محتاج نہیں ابن سعود تسلیم کرتا ہے کہ اس کو حق نہ ہوگا کہ وہ دول خارجہ سے تعلق پیدا کرے یہ حق صرف انگلستان کو ہوگا کہ وہ بخد کے حقوق و فوائد کی ممالک خارجہ سے حتیٰ کہ شام سے بھی نگرانی کرے۔ انگلستان کا ایک ریذیڈنٹ ابن سعود کے قصر شاہی میں رہا کرے گا۔ سلطان ابن سعود اس سے دست بردار ہوتے ہیں کہ وہ بخد کا کوئی نمائیدہ لندن میں رکھیں کیونکہ ان کے پاس ایسا کوئی شخص نہیں جو اس منصب کے قابل ہو۔ اب کہاں ہیں، بخدی پرست اخبار اور کمیٹیاں جو ابن سعود کو غازی و مجاہد فی سبیل اللہ کے القاب سے یاد کرتے اور کہتے تھے کہ وہ تو حرمین کو غیر مسلم اثر سے پاک کرنے اور شریف حسین کو جو برطانیہ کے زیر اقتدار ہے خارج کرنے کے لیے اٹھا ہے اب دیکھیں کہ ان کے خانہ ساز اور فرضی غازی نے کیسی شنیع اور قبیح حرکتیں کیں کیسے ذلیل و مذموم افعال و اعمال کا ارتکاب کیا اور کس طرح برطانیہ کا کمترین غلام ہے۔

# کیا حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سب سے آخر وصیّت

(اخرجوا الیهود والنصاریٰ من جزیرۃ العرب) کی تعمیل اب ضروری نہیں، کیا ابن سعود کا اثر بالواسطہ غیر مسلم اقتدار نہیں، کیا ابن سعود کے سب اقوال جھوٹے ثابت نہ ہوئے کیا اس کا یہ کہنا کہ میں حجاز کو نصاریٰ کے اقتدار سے پاک کرنا چاہتا ہوں اور میرا کام صرف یہ ہے کہ شریف حسین کو یہاں سے علیحدہ کر دوں، محض فریب نہ تھا۔ ہم یہاں ابن سعود کے بعض جملے نقل کرتے ہیں۔ ۲۳ صفر المظفر ۱۳۴۴ھ کو ابن سعود نے جو پیغام حکومت ہند کے نام روانہ کیا اسمیں لکھا:

Marfat.com

آپ کا خط جو مسلمان ممبران مجلس واضعان قانون ہند کے تار پر مشتمل تھا موصول ہوا ہم نے روضۂ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نیز ہر اس چیز کا جس کی بے توجہی یا اذیت پہنچانے سے مسلمان دین سے خارج اور مرتد ہو جاتا ہے اسی طرح کافی اہتمام کیا ہے جیسا مسلمان کر سکتے ہیں۔ تمامی عمارات و آثار قدیمہ کی اسی طور سے حفاظت کی گئی ہے جس طرح مسلمان کر سکتا ہے۔ یقین جانئے کہ کوئی حادثہ مدینہ منورہ میں اس قسم کا واقع نہیں ہوا جس طرح دشمنوں نے مشتہر کر رکھا ہے۔

ہرگز ہماری قوم کا ارادہ حرمین شریفین پر تسلط کرنے کا نہیں ہمارے ارادے اعلائے کلمۃ الحق و نشر سُنّت نبوی کے سوا نہیں ہم اسی طرح اپنے عہد پر قائم ہیں جیسا اللہ اور مسلمانوں سے کر چکے ہیں ہم مسلمانانِ عالم اور علماء محققین کے مقاصد سے باہر نہیں ہو سکتے۔

موتمر اسلامی بُلانے حجاز میں جمہوریت قائم کرنے مسلمانانِ عالم کے فیصلہ پر معاملات حجاز چھوڑنے کا وعدہ۔ کیا تھا لیکن جدّہ میں داخل ہونے کے بعد اپنی بادشاہی کا اعلان کر دیا ہم تو پہلے ہی سمجھ گئے تھے کہ ابن سعود کے یہ وعدے فقط فریب دینے کے لیے ہیں ہم نے رسالۂ "حرمین شریفین اور روائی نجد" میں اول ہی لکھ دیا تھا کہ ہمیں ابن سعود کے تمام اقوال اور وعدے سُراب اور محض نمائشی نظر آتے ہیں غیر مقلدین نے اگر ان اقوال اور دعاوے کو معاذ اللہ وحی آسمانی سمجھا اور بتایا تو تعجب نہیں۔ تعجب اور سخت تعجب یہ ہے کہ بعض سُنّی یا مدعیانِ سُنّیت حضرات نے بھی ان ابلہ فریب دعووں اور وعدوں پر یقین کر کے دھوکہ کھایا یا مسلمانوں کو دھوکا دیا۔

(ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم)
واللہ یھدی من یشاء الی صراط مستقیم

Marfat.com

لیکن خدا کا شکر ہے کہ اب اکثر مسلمان نجدیوں کے عقائد اور صحیح حالات سے باخبر ہو گئے اور حجازِ مقدس میں ان کے تغلب اور جابرانہ تسلط کے مخالف ہیں۔ بہ استثنائے معدودے چند بندگانِ زر ایمان فروشوں کے خلافت کمیٹی بھی انکی حکومتِ حرمین کے خلاف ہے۔ وصلی اللہ تعالیٰ علی حبیبہ محمد خاتم النبیین واٰلہ وصحبہ الطیبین الطاہرین واولیاء امتہ وعلماء ملتہ اجمعین واخردعوانا ان الحمد للہ رب العلمین۔

## ضمیمہ فائدہ عظیمہ

یہاں یہ تذکرہ ضروری ہے کہ انہدام مقامات متبرکہ کے متعلق ابن سعود کی طرف سے یہ بھی عذر کیا گیا تھا کہ قصداً ایسا نہیں کیا گیا بلکہ بعض ناواقف فوج والوں سے یہ فعل سرزد ہو گیا ہے جس کا تدارک کر دیا جائے گا اور وہ مقدس مقامات دوبارہ تعمیر کرا دیئے جائیں گے، مگر یہ عذر و وعدہ بھی غلط ثابت ہوا۔ اعلیحضرت تاجدار دکن سلطان العلوم نظام الملک میر عثمان علی خان آصف جاہ سابع خلد اللہ ملکہ نے اپنے بعض مخصوص ارکان دولت کو حرمین شریفین روانہ کیا کہ وہ وہاں جاکر تخمینہ کریں کہ کس قدر صرفہ ہو گا تاکہ خزانہ عامرہ سے مقاماتِ متبرکہ تعمیر کر دیئے جائیں، لیکن اہلِ نجد نے بھی اس سے بھی انکار کیا۔ امید ہے کہ حضور نظام کا یہ مبارک ارادہ انشاء اللہ تعالیٰ کسی نہ کسی وقت کامیاب ہو کر رہے گا۔

آمین بجاہ سید المرسلین ؎

---

سگِ راہِ غبارِ مدینہ ؛ صوفی اصغر علی - ۱۴ اگست ۱۹۹۸ء

Marfat.com

ما راٰہ المومنون حسنا

جس فعل کو مسلمان اچھا جانتے ہیں

فھو عند اللہ حسن ۔ وہ اللہ کے نزدیک بھی اچھا ہے

ومن یعظم شعائر اللہ فانہا من تقوی القلوب

جو شخص اللہ تعالیٰ کی نشانیوں کی عظمت کرے تو بیشک یہ دلوں کی پرہیزگاری ہے

الحمد للہ کہ رسالہ لاجواب

در تحقیق جواز بنائے قباب وحرمت ہدم قباب یعنی

# کشف الحجاب

# عن مسئلۃ البناء والقباب

از عالم حقانی طبیب روحانی اٰیۃ من آیات اللہ مفتی اہل السنۃ حضرت مولانا مولوی محمد مظہر اللہ صاحب نقشبندی مجددی دہلوی امام مسجد فتح پوری دہلی۔ حسب فرمائش جناب حکیم محمد اسحاق صاحب ایڈیٹر اخبار مبلغ و ناظم جمعیۃ خدام الحرمین دہلی

Marfat.com

# سُوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ عامہ مقابر مسلمین یا اپنی مملوکہ زمین میں عام مومنین یا اُمراء و سلاطین یا انبیاء و مرسلین صحابہ و تابعین، علماء و صلحاء و سادات معظمین کے مزارات پر قبہ بنانا خواہ برائے تکبر و تفاخر ہو خواہ بغرض اظہار عظمت دینی وغیرہ اغراض صحیحہ شرعیہ کے ہو، مطلقاً حرام و مکروہ ہے، یا ان کے حکم میں کچھ تفصیل ہے، نیز قبروں کے توڑنے کا حکم اس حدیث شریف میں وارد ہوا ہے وہ کن کی قبور تھیں، مومنین کی یا کافرین کی۔

عَنْ اَبِی الْھَیَّاجِ الْاَسَدِیِّ قَالَ قَالَ لِیْ عَلِیٌّ اَلَا اَبْعَثُكَ عَلٰی مَا بَعَثَنِیْ عَلَیْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنْ لَا تَدَعَ تِمْثَالًا اِلَّا طَمَسْتَهٗ وَلَا قَبْرًا مُشْرِفًا اِلَّا سَوَّیْتَهٗ (رواہ مسلم)

ابو ہیاج اسدی سے روایت ہے انہوں نے فرمایا کہ مجھ سے علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ کیا میں تم کو اُس فعل کے لیے نہ بھیجوں جس کے لیے مجھ کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بھیجا تھا، (حضور نے یہ حکم دیا تھا) کہ ہر مورت بغیر مٹائے اور ہر بلند قبر بغیر برابر کیے نہ چھوڑنا۔

قبر مربع یا بصورت کوہان شتر بنانی چاہیے اور بلندی قبر کا ادنیٰ درجہ کس قدر ہے۔ بینوا و توجروا۔

المستفتیان اراکین جمعیۃ خدام الحرمین

# الجواب وہو الموفق للصواب

الحمد للہ وکفی والصلوٰۃ والسلام علی عبادہ الذین اصطفیٰ خصوصا علی سید الانبیاء محمد ن المجتبیٰ وآلہ المرتجی ؛

Marfat.com

**اَمَّا بَعْدُ** قبروں پر قبہ وغیرہ بنانا علی الاطلاق حرام نہیں حرمت کے لیے نصِ قطعی درکار ہے اور یہاں کوئی ایسی نص موجود نہیں جس سے اس کی حرمت ثابت ہو البتہ اخبار احاد میں اس کی ممانعت کی جانب ضرور اشارہ پایا جاتا ہے چنانچہ حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے :۔

| | |
|---|---|
| قال نھی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان یجصص القبر وان یبنی علیہ وان یقعد علیہ (رواہ مسلم) | رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قبر پر چونا گچ کرنے اور اس پر بنا کرنے اور اس پر بیٹھنے سے ممانعت فرمائی ۔ |

لیکن شارحین نے اس حدیث کے مختلف معنی بیان فرمائے ہیں بعض نے فرمایا کہ اس سے مراد وہ خیمہ ہے جس کو زمانۂ جاہلیت کے کفار اپنے مُردوں کی قبروں پر نصب کرتے تھے ۔ قاضی خاں میں ہے :۔

| | |
|---|---|
| قالوا اراد بالبناء السفط الذی یجعل علی القبر فی دیارنا انتھی ما فیہ وبکذا فی البحر۔ | علماء نے فرمایا کہ حدیث میں بنا سے مراد وہ خیمہ ہے جو ہمارے ملک میں قبروں پر نصب کیا جاتا ہے۔ |
| وقال التوربشتی (کرہ البناء) لانہ من صنیع اھل الجاھلیۃ ای کانوا یظللون علی المیت الی سنۃ ۔ انتھی ما فی المرقات۔ | علامہ توربشتی نے فرمایا کہ قبر پر بنا اس لیے مکروہ ہے کہ وہ مشرکین کے افعال سے ہے یعنی اُن کا طریقہ تھا کہ وہ ایک سال تک مردہ پر سایہ کرتے تھے۔ |

بعض نے فرمایا کہ عین قبر پر مقدار شرعی سے زیادہ کرنا مراد ہے تو گویا کہ انہوں نے اس بناء کو قبر مشرف پر محمول کیا ہے جس کا اہل کتاب میں دستور تھا۔ درمختار میں اور اس کے حاشیہ ردالمختار میں ہے :۔

| | |
|---|---|
| ویھال الترابُ علیہ وتکرہ الزیادۃ علیہ لانہ بمنزلۃ | اور قبر پر مٹی ڈالی جائے اور جو مٹی قبر سے نکلی ہے اس پر زیادتی کرنا مکروہ |

Marfat.com

البناء لما صح عن جابر قال نهى رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان یجصص القبر وان یبنی علیہ. انتہی.

ہے اس لیے کہ وہ بھی بمنزلۂ بناء کے ہے اور یہ کراہت بوجہ اُس حدیث کے ہے جو حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے صحت کو پہنچی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قبر کو چونہ گچ کرنے اور اس پر بناء کرنے سے ممانعت فرمائی ہے:

اسی طرح دوسرے مقام پر فرمایا:۔

ویسنم ندبا فی الظہیریہ وجوبا قدر شبر وہو مقتضیٰ النہی المذکور ویؤیدہ ما فی البدائع من التعلیل بانہ من صنیع اہل الکتاب والتشبہ بہم فیما منہ بد مکروہ اھ لکن فی النہر ان الاول اولیٰ قلت ولعل وجہہ شبہۃ الاختلاف. انتہی.

اور قبر کو کوہان شتر کی صورت میں بقدر ایک بالشت اونچی کی جاوے ازراہ استحباب اور ظہیریہ میں کہا کہ اس قدر اونچی بنائی جاوے (شامی نے کہا کہ) نہی مذکور یعنی حدیث جابر کا اقتضاء بھی وجوب ہے اور اس کی تائید اس تعلیل سے ہوتی ہے جو بدائع میں مذکور ہے کہ قبر کا اونچا کرنا اہل کتاب کے افعال سے ہے اور اہل کتاب سے اُن امور میں تشبہ کرنا جن میں ناچاری نہیں مکروہ ہے (بدائع کی عبارت ختم ہوئی، لیکن نہر الفائق میں کہا کہ قول اوّل یعنی یہ قول کہ قبر کا بقدر ایک بالشت کے اونچا کرنا مستحب ہے) اولیٰ ہے میں کہتا ہوں کہ اس کی وجہ شاید اختلاف کی وجہ سے شبہ کا واقع ہوجانا ہے۔

حاشیہ ابوداؤد میں ہے:۔

مُشْرِفاً بکسر الراء من اشرف اذا ارتفع وہو الذی بنی

مشرفاً بکسر احرف رے، اشرف سے مشتق ہے جو بمعنی ارتفع (بلند ہوا)

Marfat.com

علیہ حتی ارتفع۔ انتہی

اور مشرف وہ قبر ہے جس پر بناء کی جائے یہاں تک کہ اونچی ہو جائے :

اور بعد امعان نظر یہی احتمال اوجہ معلوم ہوتا ہے کہ اس حدیث پاک میں نفس قبر ہی کے متعلق احکام بیان فرمائے گئے ہیں کہ قبر پر چونہ گچی نہ کی جائے اور یہ زینت ہے اور قبر محل زینت نہیں اس پر اینٹ پتھر سے چنائی کرکے اونچا نہ کیا جائے کہ یہ بے فائدہ ہے دوسرے یہ اہل کتاب کا بھی طریقہ ہے اور بے ضرورت اُن کا طریقہ اختیار کرنا مکروہ ہے، اس پر بیٹھا نہ جائے کہ اس میں صاحب قبر کی اہانت ہے اور اس کو ایذا دینا ہے بعض نے فرمایا کہ یہ حدیث ان دونوں معنی کا احتمال رکھتی ہے۔

قال التوربشتی یحتمل وجھین احدھما البناء علی القبر بالحجارۃ وما یجری مجراھا والاخران یضرب علیھا خباء ونحوہ۔ انتہی

تورپشتی نے کہا ہے کہ نہی کی حدیث میں دو احتمال ہیں ایک یہ کہ قبر کے اوپر پتھر اور پتھر کے مثل (اینٹ و مٹی وغیرہ) سے بنا کرنا، دوسرے یہ کہ خیمہ اور خیمہ کے مثل دوسری چیز نصب کرنا :

بعض نے اس کے ساتھ بنائے حجرہ کا احتمال بھی شامل فرمایا۔

مجمع البحار میں ہے :-

نھی ان یجصص وان یکتب علیھا وان یبنی علیھا تجصیص القبور مکروہ وکذا البناء وھو ان یبنی علیھا بحجارۃ ونحوہ وان یضرب علیھا خیمۃ او یبنی علیھا بیت۔ انتہی

آنحضرت نے قبر پر گچ کرنے اور لکھنے اور بنا کرنے سے منع فرمایا، قبروں پر گچ کرنا مکروہ ہے نیز بنا کرنا بھی مکروہ ہے اور وہ یہ ہے کہ نفس قبر پر پتھر اور پتھر کے مثل دوسری چیز سے بنا کی جائے اور اس پر خیمہ نصب

Marfat.com

کیا جائے یا قبر پر گھر بنایا جائے ؛

پھر اس کے ساتھ یہ بھی احتمال ہے کہ اس سے شاید قبر پر مکان مسکونہ بنانے کی ممانعت مراد ہو کہ اس میں اہانت صاحب قبر کے علاوہ اُس کے حق کا تلف کرنا بھی ہے. چنانچہ فقہائے کرام نے جہاں قبور کے اوپر مکان مسکونہ کی بناء کو مکروہ فرمایا ہے وہاں اسی دلیل سے استدلال فرمایا ہے غرض کہ جب اس حدیث پاک کے معنی میں اس قدر احتمالات موجود ہیں تو یہ بات بھی صاف ہو گئی کہ یہ حدیث پاک قطعی الدلالۃ بھی نہیں اب جب یہ معلوم ہو چکا کہ یہ حدیث نہ قطعی الثبوت ہے نہ قطعی الدلالت تو اس سے حرمت تو در کنار کراہت تحریمی بھی ثابت نہیں ہوتی بعض الناس فی دفع الوسواس میں ہے :۔

ثم الادلہ اربعۃ انواع اولها قطعی الثبوت والدلالۃ کالنصوص المتواترۃ المحکمۃ وثانیها قطعی الثبوت ظنی الدلالۃ کالایات المؤدلۃ وثالثها ظنی الثبوت قطعی الدلالۃ کالاخبار التی مفهومها قطعی ورابعها ظنی الثبوت والدلالۃ کالاخبار التی مفهومها ظنی فبالاول یثبت الفرض والحرام وبالثانی والثالث یثبت الوجوب و کراهۃ التحریم وبالرابع یثبت السنۃ والاستحباب وکراهۃ التنزیهی لیکون ثبوت

دلیل کی چار قسمیں ہیں اوّل وہ دلیل جس کا ثبوت اور دلالت قطعی ہو مثلاً نصوص متواتر محکمہ دوم وہ دلیل جس کا ثبوت قطعی اور دلالت ظنی ہو مثلاً تاویل کردہ آیتیں، سوم وہ دلیل جس کا ثبوت ظنی اور دلالت قطعی ہو مثلاً وہ حدیثیں جن کے مفہوم قطعی ہیں، چہارم وہ دلیل جس کا ثبوت ظنی اور دلالت بھی ظنی ہو مثلاً وہ احادیث جن کے مفہوم ظنی ہیں، پہلی حدیث سے فرض و حرام، دوسری و تیسری دلیل سے وجوب و کراہت تحریمی اور چوتھی حدیث سے سنت و استحباب اور اور کراہت تنزیہی ثابت ہوتی ہے تاکہ

Marfat.com

الحکم بقدر دلیلہ۔ انتہی | حکم کا ثبوت دلیل کے موافق ہو:

غرض کہ ثابت ہو گیا کہ اس حدیث پاک سے حرمت یا کراہت تحریمی بناء علی القبور کی ثابت نہیں ہوتی اب یہاں یہ شبہ وارد ہوتا ہے کہ جب حدیث سے اس میں کراہت تحریمی ثابت نہیں ہوتی تو پھر ہمارے بعض فقہاء اس پر حرمت یا کراہت تحریمی کا کیوں حکم فرماتے ہیں یہاں تک کہ بعض علماء امامنا امام اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بھی اس میں کراہت کی روایت پیش کرتے ہیں تو اس کا جواب یہ ہے کہ اول تو امام صاحب سے جو روایت آئی ہے اُس کا حال معلوم نہیں کہ اُس کا ماخذ کونسی کتاب ہے اور وہ کتاب کتب ظاہر الروایت سے ہے یا غیر ظاہر الروایت سے پھر وہ الفاظ کیا ہیں جو حضرت امام صاحب سے روایت کیے گئے پس جب تک ان تمام امور کا علم نہ ہو اس کی صحت پر اعتماد نہیں کیا جا سکتا پھر اگر اس کی صحت تسلیم بھی کر لی جاوے تو اس میں بھی وہ تمام احتمالات نکلتے ہیں جو حدیث پاک کی شرح میں گزرے بلکہ بعض فقہاء کے کلام سے تو صاف ظاہر ہوتا ہے کہ حضرت امام صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ کی مراد اس بناء سے وہی بناء مراد ہے جو نفس قبر پر کی جائے نہ وہ جو قبر کے گرداگرد ہو اور یہ بات ہر اُس شخص پر جو عبارات فقہاء کے سیاق پر غور کرے گا پوشیدہ نہ رہے گی۔ غرض قبور پر ہر بناء (کہ خواہ نفس قبر پر ہو یا اس کے ارد گرد اور خواہ تفاخر و مباحات کے لیے ہو یا کسی غرض صحیح کے لیے اور خواہ مسقف ہو یا غیر مسقف اور خواہ سکونت کے لیے ہو یا زائرین کے آرام پہنچانے کے لیے اور خواہ مقام قبر کے گھیرنے کی غرض سے ہو یا کسی اور مصلحت کے لیے) بہر حال ممنوع نہیں، نہ اس طرح کی ممانعت حدیث پاک کا منشاء ہے نہ فقہائے کرام کا مسلک، پھر غرض صحیح کے لیے مسقف عمارت کی بناء کی تو خود قرآن کریم کی نص سے اصحاب کہف کی خواب گاہوں پر ثابت ہے لقولہ تعالیٰ:-

قال الذین غلبوا علیٰ امرھم | بیدروس مسلم بادشاہ اور اُس کے

Marfat.com

لنتخذن علیھم مسجدا و قال فی الجلالین فی تفسیر ھٰذہ الاٰیۃ ای یصلی فیہ وفعل ذالک علی باب الکھف انتھی وقال فی المدارک یصلی فیہ المسلمون ویتبرکون بمکانھم۔

مسلمان مصاحبوں نے (جو غلبہ پائے ہوئے تھے) کہا کہ ہم ضرور بالضرور ان (کی خواب گاہوں) پر مسجد بنائیں گے۔ جلالین میں کہا تاکہ اُس میں نماز پڑھی جائے (پس وہ اپنے ارادے میں غالب آئے) اور کہف پر مسجد بنائی گئی اور مدارک میں فرمایا کہ یہ مسجد نماز پڑھنے اور اصحاب کہف کے مبارک مکان سے برکت حاصل کرنے کے لیے بنائی ؛

پس ثابت ہو گیا کہ قبور پر مطلق بنا مباح الاصل ہے، حدیثِ پاک اور ائمہ کرام کے کلام میں اگر اس کی ممانعت ہے تو کسی عارضی قبح اور خارجی علت کی وجہ سے ہے۔ شراح عظام وفقہائے کرام نے جب اس میں غور فرمایا تو چند علتیں پائیں لہٰذا انہوں نے اُن ہی علتوں پر اس کے حکم کا مدار رکھا۔ اگر ایسی علت پائی جو تحریم کو مقتضی تھی تو ایسی صورت میں اُس بناء کو حرام فرمایا اور اگر ایسی علت پائی جو کراہت کو چاہتی تھی تو اس صورت میں مکروہ فرمایا لیکن جب ان علتوں میں سے کوئی علت نہ پائی تو ایسی حالت میں مباح فرمایا لانہ لا قبح فی ذاتہ (کیونکہ ذات میں کوئی قبح نہیں ہے) اُن علتوں میں سے جو حرمت یا کراہت کی مقتضی ہیں شارح حدیث نے اور اُن فقہاء نے (جو حضرت امام صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے کلام کی مراد بیان کرنے والے ہیں) ایک یہ علت بیان فرمائی کہ اس میں تفاخر ہے اور تفاخر حرام ہے نیز ان میں زینت بھی ہے اور میت کو زینت کی کیا حاجت پس اس میں سراسر تضییع مال ہے۔ شارح مسلم اکمال میں فرماتے ہیں:۔

اما البناء علی القبور بالرخام ونحوہ للمباھاۃ والزینۃ فقال

قبروں پر سنگ رخام اور اسی کی مثل دیگر پتھروں سے فخر اور زینت کے لیے

Marfat.com

بن بشیر لیست القبور موضع زینة ولا مباهاة والبناء علیها بشئ من ذالك حرام وان کان لحوز الموضع وتمییزه فجائز انتهی

بناء کرنے کے متعلق ابن بشیر نے کہا کہ قبریں زیبائش اور فخر کے مقام نہیں ہیں، لہذا اس قسم کی چیزوں سے ان پر بنا کرنا حرام ہے، لیکن اگر قبر کی جگہ کو گھیرنے اور ممتاز کرنے کے لیے بنا ہو تو جائز ہے :

اور علامہ حسن شرنبلانی نے فرمایا۔

یحرم البناء علیه المزینة انتھی وفی الاُمّ قال الشافعی واحب ان لا یبنی ولا یجصص فان ذالك یشبه المزینة والخیلاء ولیس الموت موضع واحد منھما انتھی ما فیه۔

زینت کے واسطے قبر پر بناء کرنا حرام ہے اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب "اُم" میں فرماتے ہیں، میں قبر پر بنا اور گچ کرنے کو پسند نہیں کرتا کیونکہ یہ زینت یعنی تفاخر اور غرور کے مشابہ ہے اور موت زینت کا مقام نہیں ہے :

دوسری علت یہ بیان فرمائی کہ یہ مشرکین کی عادت سے تھا کہ وہ اپنے مُردوں کی قبروں پر ایک سال تک خیمہ نصب کرتے تھے تاکہ قبر پر سایہ رہے۔ پس چونکہ اس سایہ سے مُردہ کو کچھ فائدہ نہ تھا محض کفار کی تقلید تھی لہذا ممانعت فرمادی گئی :۔

ثم قال التوربشتی ولانه من صنیع اهل الجاهلیة ای کانوا یظللون علی المیت الی سنة۔ انتھی ما فی المرقات۔

توربشتی کا قول ہے کہ قبر پر خیمہ نصب کرنا زمانہ جاہلیت کے لوگوں کا فعل ہے وہ لوگ ایک سال تک مُردہ پر سایہ کرتے تھے :

تیسری علت یہ بیان فرمائی کہ اس میں کوئی فائدہ نہیں۔ ملا علی قاری مرقات میں فرماتے ہیں :۔

Marfat.com

قال التوربشتی یحتمل وجہین احدھما البناء علی القبر بالحجارۃ وما یجری مجراھا والاخر ان یضرب علیھا خباء ونحوہ وکلاھما منھی لعدم الفائدۃ فیہ۔ انتھی

توربشتی نے کہا کہ نہی کی حدیث میں دو احتمال ہیں ایک یہ کہ قبر کے اوپر پتھر اور اس کے مانند سے بناء کرنا دوسرے یہ کہ خیمہ اور خیمہ کے مثل دوسری چیز نصب کرنا اور دونوں باتیں بے فائدہ ہونے کی وجہ سے منع ہیں:

پس معلوم ہوا کہ ان علتوں کے وجود کے وقت قبر پہ بناء یا حرام ہو گی یا مکروہ پھر کراہت میں بھی علماء کا اختلاف ہے اور جمہور علماء اس پر ہیں کہ بنائیں کراہت تنزیہی ہے:۔

قال فی سُبُل السلام ذھب الجمھور الی ان النھی فی البناء والتجصیص للتنزیہ والقعود للتحریم۔ انتھی

"سُبُل السلام" میں ہے کہ جمہور کا مذہب یہ ہے کہ قبر پہ بناء کرنے اور گچ کرنے کی نہی تنزیہی ہے اور قبر پہ بیٹھنے کی نہی تحریمی ہے:

لیکن جبھی کہ جب اپنی ملک میں کوئی بناء کرے ورنہ اگر ایسے قبرستان میں بناء کرے گا جس سے عامہ مومنین کا حق متعلق ہے تب بھی یہ بناء حرام ہو گی۔

مرقات میں ہے:۔

والنھی فی البناء للکراھۃ ان کان فی ملکہ وللحرمۃ فی المُسَبلۃ۔ انتھی

اگر بنا ملک بانی میں ہے تو بناء کی نہی کراہت کیلئے ہے۔ اگر بنا مسبلہ یعنی موقوفہ قبرستان میں ہے تو تحریم کیلئے ہے:

الحاصل مذکورہ صورتوں میں تو قبر پہ بناء حرام یا مکروہ ہے لیکن مذکورہ علتیں اگر نہ پائی جائیں اور کوئی شخص اپنی ملک میں کسی فائدہ کی غرض سے قبر پہ بناء کرے تو بلا کراہت جائز ہو گا چنانچہ ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ نے علت عدم فائدہ علامہ توربشتی سے نقل کرنے کے بعد اس پر تصریح فرمائی:۔

Marfat.com

حیث قال قلت فیستفا منه اذا کانت الخیمة لفائدة مثل ان یقعد القراء تحتها فلا تکون منهیة - انتھی

تورپشتی نے کہا کہ قبر پر بناء کرنا بے فائدہ ہے) اس قول سے یہ حاصل ہوتا ہے کہ خیمہ کا نصب کرنا کسی فائدہ کے لیے ہو مثلاً یہ کہ خیمہ کے نیچے قاری بیٹھ کر ختم قرآن کریں یہ ممنوع نہیں ؛

صحابہ کرام و تابعین رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کا بھی اسی پر عمل رہا کہ جب کوئی فائدہ دیکھا تو خود قبر پر خیمہ نصب فرمایا اور جس وقت اس میں کوئی فائدہ نظر نہ آیا منع فرمایا بلکہ خود ایسے خیمہ کو علیحدہ کرا دیا۔ چنانچہ بخاری میں ہے :-

ولما مات الحسن بن علی ضربت امرأته القبة علی قبره وقال العینی وضرب عمر رضی اللہ تعالیٰ عنه علی قبر زینب بنت جحش وضربت عائشة علی قبر اخیها فنزعه ابن عمر وضربه محمد بن الحنیفة علی قبر ابن عباس۔

جب حضرت حسن کی وفات ہوئی آپ کی بیوی نے آپ کی قبر پر خیمہ بشکل قبہ نصب کیا، اور عینی نے کہا کہ حضرت عمر نے زینب بنت جحش کی قبر پر نصب کیا اور حضرت عائشہ نے اپنے بھائی کی قبر پر خیمہ نصب کیا جس کو ابن عمر نے (جب ضرورت نہ دیکھی تو) کھلوا دیا، محمد بن حنیفہ نے حضرت ابن عباس کی قبر پر خیمہ نصب کیا ؛

شاہ عبدالحق صاحب محدث دہلوی جذب القلوب میں فرماتے ہیں : -

در خبر است کہ چون عقیل بن ابی طالب چاہے در دا خود حفر کرد از آں جا سنگے بر آمد کہ در وے نوشتہ اند قبر ام حبیبہ بنت صخر بن حرب عقیل آں چاہ را بانباشت و عمارتے بالائے قبر بنا کردہ سمہودی گوید روایات ہمہ ناظر اند در آں کہ قبور امہات المومنین در ہمیں جا باشد کہ الآن زیارت ایشان می کنند۔ انتھی

Marfat.com

الغرض بنائے فوق القبر کی ممانعت جبھی ہے کہ جب بغرض نیت صالح نہ ہو یا قبرستانِ موقوفہ میں ہو کہ جس سے لوگوں پر تنگی ہو پس اگر یہ دونوں باتیں نہ ہوں تو پھر بلا کراہت جائز ہے۔

اب دیکھنا یہ ہے کہ صلحائے اُمت خیر الانام علیہ التحیۃ والسلام کے مزاراتِ مقدسہ پر جو قبے بنے ہوتے ہیں ان میں کوئی غرض صالح پائی جاتی ہے یا نہیں یا ان کے بانیوں کی غرض اس سے محض تفاخر ہی تھا پس جب ہم اس میں غرض صالح موجود پاتے ہیں تو یہ ہرگز نہیں گمان کر سکتے کہ تفاخراً ان کی بناء ہوئی کہ ظنوا المومنین خیراً۔ اور غرض صالح یہاں یہ ہے کہ لوگ ان کی زیارت کریں اور اصحاب باطن یہاں حاضر ہو کر فیض یاب ہوں اور یہ دونوں باتیں اہل سنّت کے نزدیک جائز ہیں، حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ تفسیر عزیزی میں فرماتے ہیں:

"از اولیائے مدفونین انتفاع جاری است"

اور نواب قطب الدین صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ مظاہر الحق میں فرماتے ہیں:۔

"تیسری قسم زیارت کی برکت حاصل کرنے کے لیے ہے وہ زیارت اچھے لوگوں کی قبروں کی ہے اس لیے کہ ان کے لیے برزخ میں تصرفات و برکات بیشمار ہیں" انتہی

دار المختار میں امام غزالی سے ہے:۔

| | |
|---|---|
| انھم متفاوتون فی القرب من اللہ تعالیٰ ونفع الزائرین بحسب معارفھم واسرارھم۔ انتھی۔ | اولیاء اللہ قرب باری تعالیٰ اور اپنے زیارت کرنیوالوں کو نفع پہنچانے میں اپنی معرفت اور رموز کے لحاظ سے متفاوت درجہ رکھتے ہیں: |

دوسری غرض عوام کی نظروں میں صاحبِ قبر کی عظمت ڈالنا ہے تاکہ لوگ صاحبِ قبر کے مرتبہ کے موافق اس مقام کے آداب کا لحاظ رکھیں اور اس کی اہانت سے باز رہیں کہ اہل سنت کا اس پر اتفاق ہے کہ میت مسلم کی حرمت و عزت کا اسی قدر لحاظ رکھا جائے گا جیسا کہ اس کی زندگی میں رکھا جاتا تھا چنانچہ حضرت عائشہ

Marfat.com

رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں :۔

| | |
|---|---|
| کنت ادخل بیتی الذی فیہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وانی واضع ثوبی واقول انما ھو زوجی وابی فلما دفن عمر معھم فواللہ ما دخلتہ الا وانا شدودۃ علی ثیابی حیاء من عمر۔ | میں اس مکان میں جس میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بجد اطہات رونق افروز تھے. جاتی تھی اور چادر، دوپٹہ جسم پر نہ ہوتا اور میں یہ کہتی کہ ایک میرے شوہر ہیں اور دوسرے میرے باپ ہیں جب حضرت عمر اس مقام میں دفن کیے گئے تو بخدا جب میں وہاں |

آتی تو کپڑوں میں لپٹی ہوتی حضرت عمر کا لحاظ کرنے کی وجہ سے :

اس حدیث کے تحت میں نواب قطب الدین خاں صاحب فرماتے ہیں کہ :۔
اس میں دلیل ہے اس پر کہ لحاظ میت کا کرے وقت زیارت کے مانند لحاظ اس کے کہ حالت حیات اس کی میں ۔ انتہی بلفظہ

علامہ ابن الہمام فتح القدیر میں فرماتے ہیں :۔

| | |
|---|---|
| الاتفاق علی ان حرمۃ المسلم میتا کحرمتہ حیًا۔ انتہی | تمام ائمہ کا اتفاق ہے کہ مسلم میت کی عزت اور اس کا احترام زندگی کی حالت کے عزت و احترام کیطرح کرنا چاہیے |

پس ثابت ہو گیا کہ اہل اللہ کے مزارات مقدسہ پر بے فائدہ عمارات نہیں بنائی گئیں، یہی وجہ ہے کہ علماء نے بناء علی القبر کی کراہت پر بحث کرنے کے بعد انبیاء و صالحین کے مزارات مقدسہ کو اس حکم سے مستثنیٰ فرمادیا اور صاف فرما دیا کہ ان کے مزارات پر مکان کی بناء جائز ہے کہ یہاں بے فائدہ نہیں ہے،

تنویر الابصار میں ہے :۔

| | |
|---|---|
| ولا یطین ولا یرفع علیہ بناء و قیل لا باس بہ وھو المختار۔ | قبر پر کہگل نہ کی جائے اور نہ اس پر بناء بلند بنائی جائے اور کہا گیا ہے کہ |

Marfat.com

وقال فی الرد المختار فی الاحکام عن الجامع الفتاوی وقیل لا یکرہ اذا کان المیت من المشائخ والعلماء والسادات قلت لکن ھٰذا فی غیر المقابر المسبلۃ کما لا یخفی انتھی ما فیہ۔

بناء بلند بنانے میں کوئی حرج نہیں ہے اور یہ مختار مذہب ہے اور احکام میں جامع الفتاویٰ سے منقول ہے کہا گیا ہے کہ بناء قبر پر مکروہ نہیں ہے جب میت مشائخ اور علماء وسادات میں سے ہو میں کہتا ہوں کہ غیر مکروہ جب ہے کہ جب مقابر غیر مسبلہ میں ہو اور یہ بات ظاہر ہے:

(تنبیہ) یہاں سے یہ بات بھی ظاہر ہو گئی کہ شامی کے اس قول (اما ابنیاء فلم او من اختار جوازہ) کا مطلب یہی ہے کہ مطلق بناء کو جائز بتلانا صحیح نہیں جیسا کہ صاحب تنویر کے ظاہر کلام کا مفہوم ہے کیونکہ موقوفہ زمین میں بناء کے جواز کا کوئی قائل نہیں۔

اور بحر میں تفسیر روح البیان سے نقل فرمایا:۔

قال الشیخ عبد الغنی النابلسی فی کشف النور عن اصحاب القبور ما خلاصتہ ان البدعۃ الحسنۃ الموافقۃ لمقصود الشرع تسمی سنۃ فبناء القباب علی قبور الاولیاء والعلماء والصلحاء امر جائز انتھی وقال العلامۃ الباجوری فی حاشیتہ نعم استثناھا بعضھم للانبیاء والشھداء والصالحین ونحوھم۔ انتھی

کتاب "کشف النور عن اصحاب القبور" میں شیخ عبد الغنی نابلسی نے کہا جس کا خلاصہ یہ ہے کہ وہ بدعت حسنہ جو مقصود شرع کے موافق ہو وہ سنت کہی جاتی ہے لہٰذا اولیاء علماء اور صلحاء کی قبروں پر قبوں کا بنانا جائز ہے اور علامہ باجوری نے شرح ابن قاسم پر اپنے حاشیہ میں کہا، ہاں بعضوں نے انبیاء شہداء صلحاء اور ان کے امثال کی قبروں پر قبوں کے بنانے کو حدیث النہی سے مستثنیٰ کر لیا ہے:

Marfat.com

اور مجمع البحار میں ہے :۔

| | |
|---|---|
| وقد اباح السلف البناء علی قبور الفضلاء والاولیاء والعلماء لیزور الناس ویستریحون فیہ انتہی | بلاشک سلف صالحین نے فضلاء و اولیاء علماء کی قبروں پر بناء کرنے کو مباح رکھا ہے تاکہ لوگ زیارت کرنے آئیں ؛ |

اسی طرح مرقات شریف میں ملا علی قاری علامہ تورپشتی سے نقل فرماتے ہیں :۔

وقد اباح السلف البناء علی قبر المشائخ والعلماء المشهورین لیزورهم الناس ویستریحوا بالجلوس فیہ ۔ انتہی

اور شاہ عبدالحق محدث دہلوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ شرح سفر السعادت میں فرماتے ہیں :۔

در آخر زمان بجہت اقتصار نظر عوام بر ظاہر مصلحت در تعمیر و ترویج مشاہد و مقابر مشائخ و عظماء دیدہ چیزہا افزودند تا آن جا ہیبت و شوکت اہل اسلام و ارباب صلاح پیدا آید خصوصاً در دیار ہندوستان کہ اعدائے دین از ہنود و کفار بسیار اند و ترویج و اعلائے شان این مقامات باعث رعب و انقیاد ایشان است و بسا اعمال و افعال و اوضاع کہ در زمان سلف از مکروہات بودہ در آخر زمان از مستحبات گشتہ ۔ انتہی

الحاصل جن احادیث و روایات میں مطلق بناء کی ممانعت وارد ہے وہاں وہی بناء مراد ہے جس میں کوئی فائدہ نہ ہو، محض تفاخر کی راہ سے بنائی گئی ہو جیسا کہ پچھلے زمانے کے سلاطین میں ان کا رواج تھا اور اس وقت بھی بعض لوگ عوام کی قبور پر عمارتیں بناتے ہیں، پس چونکہ ان میں وہ فائدہ نظر نہیں آتا جو اہل اللہ کے مزارات سے متصور ہے لہٰذا ان کو ممانعت کی جائے

Marfat.com

گی مطلقاً ہرگز نہ کی جائے گی اور مطلقاً ممانعت کی بھی کیسے جا سکتی ہے کہ جب خود حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی قبر اطہر پر حجرہ شریف رکھا گیا اور پھر حضرت عمر اور ان کے بعد حضرت عبد اللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے اس پر بناء کی اور اُن کے بعد حضرت عمر بن عبد العزیز رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے پُرانے حجرہ شریف کو منہدم کرا کر از سرِ نو اُس کی تعمیر کی اور کسی نے اُس پر انکار بھی نہ کیا تو یہ کیسے کہا جا سکتا ہے کہ مطلقاً ہر شخص کی قبر پر بناء ممنوع و حرام ہے اگر ایسا ہوتا تو صحابہ سے اس کا ارتکاب کیونکر ہو سکتا:-

قال عمرو بن دینار و عبید اللہ بن ابی یزید لم یکن علی عهد النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم علی بیت النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حائط فکان اول من بنی علیہ جدارا عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال عبید اللہ کان جدارا قصیرا ثم بناہ عبد اللہ بن زبیر وزاد فیہ وعن رجاء بن حیوۃ قال کتب الولید بن عبد الملک الی عمر بن عبد العزیز وکان قد اشتری حجر ازواج النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان اھدمھا ووسع بھا المسجد فقعد عمر فی ناحیۃ ثم امر

عمرو بن دینار اور عبد اللہ بن ابی یزید نے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں حجرہ نبویہ پر دیوار نہ تھی اوّلاً حضرت عمر نے (خشت خام سے) دیوار بنائی (عبید اللہ کہتے ہیں کہ حضرت عمر کی بنائی ہوئی دیوار چھوٹی تھی) پھر حضرت عبد اللہ بن زبیر نے دیوار بنائی اور سابق دیوار میں اضافہ کیا۔ رجاء بن حیوۃ سے منقول ہے کہ ولید بن عبد الملک (خلیفہ اموی) نے عمر بن عبد العزیز (عامل مدینہ طیبہ) کو جو ازواج مطہرات کے حجروں کو خرید چکے تھے، لکھا کہ حجروں کو شہید کر کے مسجد کی توسیع کر دو، عمر بن عبد العزیز ایک گوشہ میں بیٹھ گئے اور حجروں کے گرانے کا حکم دیا میں نے کسی رونے والے

Marfat.com

بهدمها فما رأیت باکیا اکثر من یومئذ ثم بناہ کما اراد فلما ان بنی البیت علی القبر وھدم البیت الاول ظھرت القبور الثلاثۃ الخ (عینی)

کو اس زور سے زیادہ روتا ہوا نہیں دیکھا پھر جس طرح چاہا مسجد کو تعمیر کیا جب سابق مکان کو گرا کر قبر شریف پر نئی تعمیر شروع کی تو تینوں قبریں ظاہر ہو گئیں ؛

اور شاہ عبدالحق صاحب رحمہ اللہ محدث دہلوی جذب القلوب میں فرماتے ہیں :۔

اما حجرہ منیفہ کہ حاوی قبور شریفہ است در اول حجرہ بود داخل بیت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا از جرید نخل بر طبق سائر حجرات مصطفویہ و بعد ازاں کہ امیر المومنین عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ در مسجد زیارت کرد حجرہ را از خشت خام بنا کرد و تا زمان حدوث عمارت ولید ابن حجرہ ظاہر بود عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ تعالیٰ عنہ بحکم ولید بن عبدالملک اس را ہدم کرد و بحجارہ منقوشہ برآورد و برظاہر آن خطیرہ دیگر بناء کرد و در سنہ ثمان وستین وستماۃ در دولت قلادون صالحی قبہ خضرا کہ بالائے خطیرہ شریفہ است بلند تر از سقف مسجد بطرزیکہ الآن موجود است باشباک نحاس بناء فرمودند انتہی ملتقطا۔

غرضیکہ ثابت ہو گیا کہ محبوبانِ الٰہی کے مزارات پر کسی قسم کی عمارت بنانا صرف اس لیے کہ زائرین اس کے سایہ سے فائدہ حاصل کریں مکروہ نہیں، یہی سبب ہے کہ ایک زمانے سے اہلِ اسلام کا عمل شرقاً وغرباً اس پر ہے کہ وہ انبیاء علیہم السلام و اولیاءَ اللہ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے مزاراتِ مقدسہ پر عمارات رفیعہ بناء کرتے رہتے ہیں تاکہ مسلمان اُن کی زیارت کرنے والے آرام پائیں، شارح مسلم اکمال میں فرماتے ہیں:

ولما صح الحاکم فی مستدرکہ احادیث النھی عن البناءُ والکتب قال ولیس علیھما

حاکم نے مستدرک میں قبروں پر بناء کرنے اور لکھنے کی حدیثوں کی تصحیح کی تو یہ کہا کہ ان دونوں نہیوں پر عمل نہیں ہے۔

Marfat.com

العمل۔ انتھی | (مطلب یہ ہے کہ احادیث نہی صحیح ہیں

بصحت اثری اور صحیح نہیں ہیں بصحت عملی کہ متروک العمل ہیں)

پھر فرماتے ہیں کہ ان احادیث میں اور اس عمل میں تو تعارض ہی نہیں ہے:۔

حیث قال لا یعارض تلک الاحادیث لامکان الجمع بان یحمل مافی الاحادیث علی البناء المشرف کما کانت الجاہلیۃ تفعل انتھی

چنانچہ کہا کہ عمل سلف صالحین نہی کی حدیثوں کے معارض و مخالف نہیں ہے، کیونکہ دونوں میں تطبیق ممکن ہے، صورت یہ ہے کہ بناء جو احادیث میں مذکور ہے اس کو بناء مشرف (بلند) پر محمول کیا جائے جیسا کہ عرب اپنے زمانہ میں کرتے تھے:

بحر الرائق میں ہے:۔

ولا یرفع علیہ بناء قالوا ارادبہ السفط الذی یجعل فی دیارنا علی القبر وقال فی الفتاوی الیوم اعتادوا السفط ولا باس بالتطیین انتھی حافیہ۔

قبر پر اونچی بناء نہ بنائی جائے علمائے نے کہا کہ اونچی بناء سے مراد سفط ہے جو ہمارے ملک میں قبر پر رکھا جاتا ہے اور فتاویٰ میں کہا کہ اس زمانہ میں سفط بنانا مروج ہو گیا ہے اور قبر پر کہگل کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے:

اگر حدیث مسلم پر تنقیدی نظر ڈالی جاوے تو اس میں بھی بہت کچھ گنجائش ہے کہ اس کے بعض رواۃ میں علماء نے کلام فرمایا ہے لیکن میں اس پر بحث نہیں کرتا ورنہ اس کا یہ مطلب ہوگا کہ میں اس زمانے کے علماء کے لیے حدیث سے استدلال کرنا تو جائز جانتا ہوں اگر کلام ہے تو صرف اس میں کہ یہ حدیث حجت ہو سکتی ہے یا نہیں حالانکہ حدیث سے استدلال کرنا مجتہد ہی کا کام ہے غیر مجتہد تو بسا اوقات ضلالت کی دلدل میں پہنچا تا ہے امام اجل سفین بن عینیہ امام شافعی و امام احمد کے اُستاد اور امام بخاری و امام مسلم کے اُستاد الاستاد ارشاد فرماتے ہیں کہ الحدیث مضلۃ الا للفقہاء حدیث سخت گمراہی کا باعث ہے مگر مجتہدین کو علامہ ابن الحاج مدخل میں فرماتے ہیں:۔

Marfat.com

يريد ان غيرهم قد يحمل الشئ على ظاهره وله تاويل من حديث غيره اودليل يخفى عليه اومتروك اوجب تركه غير شئ مما لا يقوم به الا من استبحر وتفقه ۔ انتہی

حضرت سفین کی مراد یہ ہے کہ غیر مجتہد کبھی کسی حدیث کے ظاہری معنی مراد لے لیتا ہے حالانکہ دوسری حدیثیں یا کوئی دلیل جو اس پر مخفی ہے پتہ دیتی ہیں کہ یہاں معنی مخفی مراد ہیں نہ ظاہری یا وہ حدیث متروک العمل ہے جس کے ترک کے لیے متعدد وجوہ مقتضی ہیں جن پر وہی شخص اطلاع پا سکتا ہے جو عالم متبحر اور مجتہد ہو ؛

پس غیر مجتہد تو اپنے مجتہد کے بتاتے ہوئے معنی پر عمل کرے گا اور اگر اس میں بھی کوئی خفا دیکھے گا تو فقہائے متمدین کی تحقیق کی طرف رجوع لائے گا یا اُمت مرحومہ کا عمل دیکھے گا کہ کس پر ہے ، جس پر عمل دیکھے گا اُس پر کاربند ہوگا سیدنا امام مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں العمل اثبت من الاحادیث عمل علمائے ربانیین ، حدیثوں سے زیادہ مستحکم ہے اس لیے کہ وہ ہم سے زیادہ اس میں نظر رکھنے والے ہیں اُن پر حدیث کے خلاف کرنے کا گمان نہیں کیا جا سکتا ۔ یہاں تک تو بنائے فوق القبر کی کراہت و عدم کراہت میں کلام تھا اب رہا یہ کہ ان کا انہدام کہاں تک جائز ہے تو اس میں اصلاً شک نہیں کہ اگر یہ متیقن ہو کہ یہ زمین موقوفہ عامہ میں بلا اجازت مستحقین بنایا گیا ہے تب اس کا انہدام جائز ہے ورنہ حرام ہے ؛۔

لاضاعة المال ولا هانة صاحب القبر وكلاهما حرام قال الشافعي في كتاب الاُمّ فان كانت القبور في الارض يملكها الموتى في حياتهم او ورثتهم بعدهم

قبروں پر تعمیر ہو جانے کے بعد بوجہ نقصان مال و اہانت قبر ہدم ناجائز ہے کیونکہ مال کا ضائع کرنا اور صاحب قبر کی توہین کرنا حرام ہے امام شافعی صاحب فرماتے ہیں کہ

Marfat.com

لم يهدم شئ وانما يهدم ان هدم مالا يملكه احد فهدمه لئلا يحجر على الناس موضع القبر فلا يدفن فيه احد فيضيق ذلك بالناس انتهى ما فيه وقال فى الاكمال وافتى ابن رشد بوجوب هدم ما يبنى فى مقابر المسلمين من السقائف والقبب والروضات والنقض لربه قال فان كان فى ملك الرجل فحكمه حكم بناء الدور انتهى

اگر مُردوں کی قبریں اُن کی یا اُن کے ورثہ کی مملوکہ زمین میں ہیں تو اُن پر کی عمارت سے ہرگز کچھ نہ گرایا جائے گا اگر گرانا ہی ہے تو اُن ہی عمارات کو گرایا جائے گا جو موقوفہ زمین میں ہیں تاکہ لوگوں پر تنگی نہ واقع ہو۔ جو چھتیں اور قبے اور چمن مسلمانوں کے موقوف مقابر میں بنائے جائیں ان کے گرا دینے کے وجوب کا ابن رشد نے فتویٰ دیا اور ٹوٹ ان کی ان کے مالک کو دلائی اور کہا کہ اگر وہ عام قبرستان نہ ہو بلکہ اس شخص کی مِلک ہو تو اس کا حکم گھروں کی تعمیر کے مانند ہے (یعنی وہ جائز ہیں پس ان کو نہ گرایا جائے گا ؛)

لیکن صرف اس خیال سے کہ یہ زمین موقوفہ میں پائے جاتے ہیں اُن کو منہدم کرنے کی جرأت نہ کی جائے گی چنانچہ حاشیہ علامہ باجوری میں ہے :۔

ولو وجد بناء فى ارض مسبلة ولم يعلم اصله ترك لاحتمال ان يكون وضع بحق قبل تسبيلها۔ انتهى

اگر کوئی بناء مُسبلہ زمین میں ہو اور اس کی حقیقت نہ معلوم ہو کہ مملوکہ زمین میں ہے یا غیر مملوکہ زمین میں تو اس کو بحالہ چھوڑ دیا جائے کیونکہ احتمال ہے کہ بناء اپنے ملک میں فی سبیل اللہ کر دینے سے پہلے ہوئی ہو ؛

پھر ایسے قبوں کے ہدم میں جو زمین موقوفہ میں نہیں ہیں علاوہ اضاعۃ مال کے بغیر حق شرع صاحب قبر کی سخت اہانت بھی ہے جو حرام ہے :۔

Marfat.com

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لان یجلس احدکم علی جمرۃ فتحرق ثیابہ فتخلص الی جلدہ خیر لہ من ان یجلس علی قبر (رواہ مسلم) وروی انہ (علیہ السلام) رأی رجلا متکئاً علی قبر فقال لاتؤذ صاحب القبر قال الطیبی ھونھی عن الجلوس علیہ لما فیہ من الاستخفاف بحق اخیہ۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قبر پر بیٹھنے کے بہ نسبت بہتر ہے کہ تم میں سے کوئی آگ پر بیٹھے اور اس کے کپڑے جل کر آگ کا اثر جلد تک پہنچ جائے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے کہ آپ نے ایک شخص کو قبر سے تکیہ لگائے ہوئے دیکھا تو آپ نے فرمایا کہ صاحب قبر کو تکلیف نہ دے طیبی کہتے ہیں کہ یہی مطلب قبر پر بیٹھنے سے منع کرنے کا ہے کیونکہ اس میں حق برادر کی توہین ہے:

علامہ اجل سیدی عبدالغنی نابلسی حدیقہ ندیہ میں فرماتے ہیں:۔

معناہ ان الارواح تعلم بترک اقامۃ الحرمۃ والاستھانۃ فتأذی بذالک۔ انتہی

مطلب یہ ہے کہ ارواح کو ان کے احترام نہ کئے جانے اور اہانت کیے جانے کا ادراک ہوتا ہے اور اس سے ان کو تکلیف ہوتی ہے:

علامہ اجل شیخ الہند حضرت شیخ عبدالحق محقق دہلوی قدس سرہ العزیز شرح مشکوٰۃ میں فرماتے ہیں:۔

شاید کہ مراد آنست کہ روح وے ناخوش میدارد و راضی نیست بتکیہ کردن برقبر وے از جہت تضمن اہانت واستخفاف راہوے۔ انتہی

شامی میں ہے:۔

لان المیت یتاذی بمایتأذی بہ الحی انتہی

اس لیے کہ جو چیزیں زندہ کے لیے باعث تکلیف ہیں وہ مردہ کیلیے بھی باعث تکلیف ہیں

Marfat.com

پس جب یہ بات ہے تو قبہ جات کے ہدم میں صاحب قبر جس قدر ایذا پائے گا وہ ظاہر ہے کہ ہر زندہ آدمی اس بات سے سخت تکلیف پاتا ہے کہ کوئی شخص اُس کے ایسے مکان ڈھادے جو اُس کے مہمانوں کے لیے بنایا گیا ہو۔ علاوہ بریں یہ عمارتیں اس پر وقف ہوتی ہیں کہ زائرین ان کے سایہ سے فائدہ اُٹھائیں پس ان کا انہدام کیسے جائز ہو سکتا ہے کہ اس میں تغیر بلکہ ابطالِ شرط واقف ہے :۔

وھو حرام کما صرّح بہ الفقھاء حیث قالوا لا یجوز تغییر شرط الواقف۔

اور تغیر شرط واقف حرام ہے چنانچہ فقہائ نے اس کی تصریح فرمادی کہ وقف جن شرطوں پر ہے ان کا بدلنا جائز نہیں ہے :

یہی وجہ ہے کہ فقہا موقوفہ عمارت کے ہدم کرنے والے کو تعذیر کا حکم دیتے ہیں اور اُس پر جبر کرتے ہیں کہ وہ اُس مقام پر اُسی جیسی عمارت بنائے جو اُس نے منہدم کی ہے چنانچہ شامی میں ہے :۔

وفی اجارات فتاوٰی قاری الھدایۃ فیمن استاجر دارًا وقفاً فھدمھا وجعلھا طاحونًا اوفرنًا اجاب بانہ ینظر القاضی ان کان ماغیرھا الیہ انفع واکثر ریعًا اخذ منہ الاجرۃ والبقی ماعمرہ للوقف وھو متبرع والا الزم بھدمہ واعادتہ الی الصفۃ الاولٰی بعد تعزیرہ بمایلیق بحالہ انتھی

قاری ہدایہ کے فتاویٰ کی کتاب الاجارات میں ہے کہ ایسے شخص کے متعلق (جس نے موقوفہ مکان کرایہ پر لیا پھر اس کو توڑ کر آٹا پیسنے کا کارخانہ یا باورچی خانہ بنا لیا) جواب دیا کہ قاضی اس پر نظر کرے کہ جو کچھ اس نے بنایا ہے اگر وہ زیادہ فائدہ مند ہے تب تو اسی تعمیر کو وقف کے لیے باقی رکھے اور اس سے کرایہ لیتا رہے کہ یہ عمارت بنانے میں متبرع ہے (یعنی اس کی جانب سے یہ احسان ہے عمارت میں اس کا کوئی حق نہیں) اور اگر یہ پچھلی عمارت زیادہ مفید نہیں تو قاضی اس کو ایسی سزا دے جو اس کے حال کے لائق ہے اور حکم دے کہ وہ اس

Marfat.com

عمارت کو تڑوا کر اُس ہی جیسی عمارت اپنے خرچ سے بنا دے جو اُس نے منہدم کی ہے۔

اگر ان عمارات کے ڈھانے کے لیے یہی حیلہ نکالا جاتا ہے کہ حضور نے ان کو ناپسند فرمایا ہے تو چاہیے کہ جس جس کی عمارت بلند اور پختہ دیکھی جائے بے دھڑک ڈھانی شروع کر دی جائے کہ حضور نے ایسی تمام عمارات کو ناپسند فرمایا ہے یہاں تک کہ بعض صحابہ سے کلام تک ترک فرما دیا اور جب تک انہوں نے اپنی اُس عمارت رفیعہ کو ڈھا نہ دیا اُن سے کلام نہ فرمایا چنانچہ انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اس کا پورا قصہ ابو داؤد شریف میں مروی ہے جس کے آخر میں حضور کے یہ کلمات روایت کیے گئے کہ :۔ اما ان کل بناء وبال علیٰ صاحبه الا مالا یعنی مالا بُد منه یعنی آگاہ ہو جاؤ کہ ہر غیر ضروری عمارت اپنے مالک پر وبال ہے مگر وہی جس کے بغیر چارہ نہیں۔ تو کیا کوئی ذی ہوش اس کا ارتکاب کرنے پر آمادہ ہے کہ جس کی عمارت بلند و پختہ دیکھے ڈھا دے۔ دوسروں کی عمارتیں کو پیچھے ڈھائے گا پہلے اپنے ہی گھر سے بسم اللہ کرے اور اس سنت پر عمل کر کے سو شہیدوں کا ثواب حاصل کرے۔ احادیث کے سمجھنے کے لیے فقاہت درکار ہے۔ حضور نے عمارات پختہ کو اس لیے ناپسند نہیں فرمایا کہ وہ ناجائز تھیں بلکہ اس لیے کہ اگر ابتدائے اسلام میں لوگوں کو آسائش کی جانب توجہ ہو گئی تو اسلام کی ترقی میں نقصان پہنچے گا۔

اگر ایسے قبہ جات کا ہدم ضروری ہی تھا تو کیا وجہ تھی کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے باوجود اپنے غلبہ و سطوت اور فتح کے باوجود شدت اتباع سنت کے بیت المقدس میں حضرت ابراہیم خلیل اللہ نبینا و علیہ السلام کے اور دیگر انبیائے کرام کے قبہ جات شریفہ کو شہید کرنے کو حکم نہ فرمایا چنانچہ شاہ عبدالعزیز صاحب محدث لکھنوی رحمۃ اللہ تعالیٰ بشارت محمدیہ کے صفحہ ۹۹۸ پر فرماتے ہیں :۔

"مولانا احمد بن حسن ترعی شافعی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے کتاب مصباح الظلام

Marfat.com

میں لکھا ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جب ملک شام کو فتح کیا تو حضرت ابراہیم علیہ السلام کی قبر پر اور ان کے سوا اور انبیاء کی قبروں پر جو قبے تھے اُن کو ڈھانے کا حکم نہیں دیا۔ انتہی بلفظہ

قبہ جات کے ہدم کا وجوب ابو ہیاج اسدی کی حدیث سے ثابت کرنا نہایت بعید ہے اس کے اندر کوئی ایسا لفظ نہیں جو اس مراد پر دلیل ہو سکے اس میں تو قبر مشرف یعنی اونچی قبر کے تسویہ کا امر ہے، مرقات شرح مشکوٰۃ شریف میں ہے :۔

| | |
|---|---|
| ولا قبرًا مشرفا ھوالذی بنی علیہ حتی ارتفع۔ | قبر مشرف اس قبر کو کہتے ہیں جس پر چنائی کی جائے یہاں تک کہ وہ مقدار شرعی سے اونچی ہو جائے ؂ |

اور علماء نے اُس کو مشرکین کی قبروں پر محمول فرمایا ہے کہ یہ انہیں کی عادت تھی کہ وہ بطریق مباہات اونچی اونچی قبریں بناتے تھے۔

| | |
|---|---|
| قال المحقق علی الاطلاق العلامۃ بن الھمام ھذا الحدیث محمول علی ما کانوا یفعلونہ من تعلیۃ القبور بالبناء الحسن العالی ولیس مرادنا ذالک القدر (بتسنیم القبر) بل قدر ما یبدو من الارض ویتمیز منھا انتھی وقال فی الاکمال معنی التسویۃ ان لا یعلو بناؤھا کما کانت قبور المشرکین بل تکون لاصقۃ بالارض ثم تسنم لیتمیز انہ قبر وھو | محقق مطلق علامہ ابن ہمام کہتے ہیں کہ یہ حدیث (یعنی حدیث نہی) اُس رسم پر محمول ہے جو عرب میں تھی یعنی اونچی خوبصورت بناؤں سے قبروں کو بلند کرنا اور کوہان نما قبر بنانے سے ہماری مراد قبر کو اتنا بلند بنانا نہیں ہے بلکہ اس مقدار میں اونچی کرنا کہ سطح زمین سے نمایاں اور ممتاز ہو جائے، اور شارح مسلم اکمال میں فرماتے ہیں تسویہ قبر کے یہ معنی ہیں کہ قبور کی بنائیں مشرکوں کی قبور کی مقدار اونچی نہ ہوں بلکہ |

Marfat.com

معنی قول الشافعی تسطح ولا تبنی ولا ترفع بل تکون علی وجه الارض نحوا من شبر انتھی مافیہ وقال العینی والجواب عما رواہ الترمذی ان المراد من المشرفۃ المذکورۃ فیہ ھی المبنیۃ التی یطلب بھا المباھاۃ۔ انتھی

بصورت کوہان شتر زمین کے قریب ہوں اور امام شافعی کے قول تسطح الخ کے معنی بھی یہی ہیں۔ عینی نے کہا کہ اس حدیث کا جواب جو امام ترمذی نے روایت کیا ہے یہ ہے کہ مراد قبور مشرفہ (بلند) سے جو حدیث مذکور میں ہے وہ بناء ہے جس سے فخر مطلوب ہو۔

پس اس حدیث پاک سے قبر پر چجرہ و قبہ وغیرہ کے انہدام کا حکم ہرگز ثابت نہیں ہوتا اور نفس قبر کے انہدام کا حکم بھی ہے تو مشرکین یا یہود و نصاریٰ کی قبروں کا ہے نہ مسلمانوں کی کیونکہ یہ کیسے گمان کیا جاسکتا ہے کہ باوجود ممانعت سرور کائنات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانہ خلافت تک صحابہ اونچی اونچی قبریں بنا کر حضور کا خلاف کرتے رہے اور خلفائے ثلاثہ نے اس کی ممانعت نہ فرمائی پھر اس حدیث پاک میں مورتوں کے مٹانے کا حکم فرمانا یہ دوسرا قرینہ ہے اس بات پر کہ یہاں انہیں کی قبور مراد ہیں کیونکہ انہیں کا دستور تھا کہ وہ اپنے بزرگوں کی قبروں پر مسجدیں بناتے تھے اور اس میں اُن کی تصویریں رکھتے تھے ان کے اگلے لوگوں نے اس کام کو صرف اس غرض سے کیا تھا کہ اُن بزرگوں سے اُنس پیدا کریں اور ان کے اعمال صالحہ کو یاد کریں پھر جس طرح انہوں نے ان اعمال حسنہ میں کوشش کی تھی یہ بھی کوشش کریں لیکن شیطان نے اُن کے بعد کے لوگوں کے دلوں میں ڈالا کہ تمہارے اگلے لوگ ان کو پوجتے تھے لہذا حضور نے حکم فرمادیا کہ نہ اُونچی قبر چھوڑو نہ تصویر اور نہ یہود و نصاریٰ کی طرح تم قبروں کی جانب سجدہ کرو۔ چنانچہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے:-

Marfat.com

قالت لما اشتكى النبي صلى الله
تعالى عليه وسلم ذكر بعض
نسائه كنيسة رأتها بارض
الحبشة يقال لها مارية
وكانت ام سلمة وام حبيبة
اتتا ارض الحبشة فذكرتا من
حسنها وتصاوير فيها فرفع
رأسه فقال اولئك اذا مات
منهم الرجل الصالح بنوا على
قبره مسجدا ثم صوروا فيه
تلك صورا ولئك شرار الخلق
عند الله رواه البخاري. قال
القرطبي انما صوروا اوائلهم
الصور ليتأنسوا بها ويتذكروا
افعالهم الصالحة فيجتهد
كاجتهادهم ويعبدون الله
عند قبورهم ثم خلفهم
قوم جهلوا مرادهم ووسوس
الشيطان ان اسلافكم كانوا
يعبدون هذه الصور
ويعظمونها فحذر النبي صلى الله
تعالى عليه وسلم عن مثل ذالك
سدا للذريعة المؤدية الى

حضرت عائشہ فرماتی ہیں کہ جب
نبی صلی اللہ علیہ وسلم بیمار ہوئے تو
بعض ازواج نے کنیسہ (گرجا) کا تذکرہ
کیا جس کو انہوں نے حبشہ میں دیکھا
تھا اور اس کا نام ماریہ تھا اور ام
سلمہ اور ام حبیبہ حبشہ گئی تھیں انہوں
نے اس گرجا کی خوبصورتی اور اس
کی مورتوں کا تذکرہ کیا آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم نے سر انور اٹھایا
اور فرمایا کہ جب کوئی مرد صالح ان
میں مرتا تھا تو اس کی قبر پر مسجد تعمیر
کر دیتے اور ان کی مورتیں اس میں
بنا دیتے تھے۔ خدا کے نزدیک یہ (تصویریں)
بنانے والے بدترین مخلوق ہیں، امام
بخاری نے اس حدیث پاک کو اپنی
صحیح میں روایت کیا۔ قرطبی نے کہا
کہ پہلے لوگوں نے موانست قلبی اور
ان کے نیک افعال یاد کرنے کے
واسطے وہ مورتیں بنائی تھیں تاکہ
انہیں لوگوں کی طرح اعمال صالحہ
میں کوشش کریں لیکن عبادت خدا
ہی کی کرتے تھے، پھر ان کے بعد
جو قوم ہوئی پہلے لوگوں کی مراد کو

Marfat.com

ذالك بقوله اولئك شرار الخلق عند الله قاله القسطلانی۔

نہ سمجھی اور شیطان نے اُن کے دل میں یہ وسوسہ ڈال دیا کہ تمہارے اسلاف انہیں صورتوں کی پرستش کرتے تھے اور ان کی عظمت کرتے تھے لہذا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے قول اولئك شرار الخلق (وہ بدترین مخلوق ہیں) سے اس طریقہ کو جو عبادت صور کی طرف مودی تھا روکنے کے لیے اس قسم کے افعال کرنے سے منع فرمایا۔ یہ مطلب قسطلانی نے بیان کیا ہے ؛

پھر جب یہ ثابت ہے کہ حضور کی اور شیخین کی قبریں مسنم بنائی گئی ہیں اور مسلمانوں کو بھی مسنم قبریں بنانے کی اجازت ہوتی تو اس کے کیا معنی کہ مسلمانوں کی قبروں کو زمین سے برابر کرنے کا حکم دیا جاتا، پس ثابت ہوا کہ یہ حکم قبور کفار کے لیے تھا صحابہ پر یہ ہرگز گمان نہیں کیا جا سکتا کیونکہ انہوں نے باوجود ممانعت کے اپنی قبور میں قبور کفار کے ساتھ مشابہت کی ہو، البتہ اس میں شک نہیں کہ ہمارے علماء نے مقدار شرعی سے اُونچی قبر کرنے کی ممانعت ضرور فرمائی ہے، پس مستحب ہے کہ بقدر ایک بالشت یا اس سے کچھ اونچی قبر کو کوہان شتر کی صورت میں بنائی جائے پھر اس میں بھی اختلاف ہے کہ بہت زیادہ اونچی قبر بنانا مکروہ ہے یا مباح بعض نے مکروہ فرمایا اور بعض نے مباح۔

فی الازھار قال العلماء یستحب ان یرفع القبر قدر شبر و یکرہ فوق ذالك انتھی ما فی المرقات۔

ازہار (نام کتاب) میں ہے کہ قبر کو ایک بالشت بلند کرنا علماء مستحب کہتے ہیں اور اس سے زیادہ بلند کرنے کو مکروہ ؛

اور بدائع میں ہے :-

ومقدار التسنیم ان یکون

قبر کو کوہان نما بنانے کی مقدار یہ ہے

Marfat.com

مرتفعاً من الارض قدر شبراو اكثر قليلا انتهى ما فيه وقال الكرمانی یستم ای یرفع القبر استحبابا غیر مسطح قدر شبر قال صاحب جامع الرموز فیه اشعار باباحة الزیادة علی قدر شبر انتهی ما فی جامع الرموز اقول ای قلیلا والا فارتفاع القبر باکثر قدر شبر جدا مکروہ لورود النهی فیه۔

کہ سطح زمین سے بقدر ایک بالشت یا اس سے کچھ زیادہ بلند ہو۔ کرمانی کہتے ہیں کہ قبر کو کوہان نما بنائی جائے اور بقدر ایک بالشت اونچی کی جائے سطح نہ کی جائے اور قبر اونچی کرنا مستحب ہے، صاحب جامع الرموز کہتے ہیں کہ اس میں ایک بالشت سے زیادہ اونچی بنانے کی اباحت کا اشارہ ہے۔ میں کہتا ہوں (یعنی اس رسالہ کا مصنف کہتا ہے) کہ ایک بالشت سے تھوڑی اونچی بنانے کی اجازت ہے ورنہ قبر کا ایک بالشت سے بہت زیادہ بلند کرنا مکروہ ہے کیونکہ حدیث پاک میں اسی کی ممانعت ہے ؎

اب یہاں یہ معلوم کر لیا جاوے کہ مکروہ کس کو کہتے ہیں کہ اس میں بھی بہت دھوکا دیا جا رہا ہے۔ علمائے احناف کے نزدیک مکروہ دو قسم کا ہوتا ہے، ایک مکروہ تحریمی جو حرام کے قریب ہے دوسرا مکروہ تنزیہی جو حلال کے قریب ہے۔

تکلموا فی معنی المکروہ والمروی عن محمد رحمه الله تعالیٰ نصا ان کل مکروہ حرام الا انه لما لم یجد فیه نصا قاطعا لم یطلق علیه لفظ الحرام وعن ابی

مشائخ نے مکروہ کے معنی میں گفتگو کی ہے امام محمد رحمہ اللہ تعالیٰ سے صریح یوں مروی ہے کہ ہر مکروہ حرام ہے لیکن چونکہ انہوں نے اس میں کوئی نص قاطع نہیں پائی لہذا اس پر حرام کا اطلاق

Marfat.com

حنیفۃ وابی یوسف رحمہما
اللہ تعالیٰ انہ الی الحرام
اقرب (کذا فی الہدایہ)
وھو المختار (ھکذا فی شرح
ابی المکارم) ھذا ھو المکروہ
کراھۃ تحریم واما المکروہ
کراھۃ تنزیہ فالی الحلال
اقرب (کذا فی شرح الوقایۃ)
والاصل الفاصل بینھما
ان ینظر الی الاصل فان کان
الاصل فی حقہ اثبات الحرمۃ
وانما سقطت الحرمۃ للعارض
ینظر الی العارض ان کان مما
تعم بہ البلوی وکانت
الضرورۃ قائمۃ فی حق العامۃ
فھی کراھۃ تنزیہ وان لم
تبلغ الضرورۃ ھذا المبلغ فھی
کراھۃ تحریم فصار الی
الاصل وعلی العکس ان کان
الاصل الاباحۃ ینظر الی العارض
فان غلب علی الظن وجود المحرم
فالکراھۃ للتحریم والا فالکراھۃ
للتنزیہ۔ کذا فی العالمگیری۔

نہیں کیا اور شیخین رحمہما اللہ تعالیٰ
سے اس طرح مروی ہے کہ مکروہ حرام
کے قریب ہوتا ہے (یہ تقریر ہدایہ میں
ہے) اور یہی مختار ہے (کذا فی شرح
ابو المکارم) یہ تعریف اس مکروہ کی
ہے جس کو مکروہ تحریمی کہا جاتا ہے
رہا مکروہ تنزیہی سو وہ وہ ہے جو حلال
سے زیادہ قریب ہو (جیسا کہ شرح
وقایہ میں ہے) اور مکروہ تحریمی اور
مکروہ تنزیہی میں فرق یہ ہے کہ
قطع نظر دلائل کراہت سے فعل
کی اصل کو دیکھا جاوے اگر اصل
فعل اثبات حرمت کا مستحق ہو
مگر حرمت کسی عارض کی وجہ سے
ساقط ہو تو عارض کو دیکھنا چاہیے
اگر ایسا عارض ہو جس میں عموماً
لوگ مبتلا ہوں اور ضرورت بھی
سب کے حق میں ثابت ہو تب تو
کراہت تنزیہی کہا جائے گا ورنہ
کراہت تحریمی اور اگر اصل
فعل میں علت ہے مگر کوئی عارض
ایسا پیش آیا جو اس کی حرمت کو
چاہتا ہے تو دیکھا جائے اگر اس

Marfat.com

عارض کے وجود کا جو حرمت کو چاہتا ہے غالب ظن ہے تب تو کراہت تحریمی ہوگی ورنہ کراہت تنزیہی۔ کذا فی العالمگیری۔

پس محقق ہو گیا کہ قبر کو اونچا کرنا چونکہ خود کوئی حرام فعل نہیں اس کی ممانعت بھی صرف اس وجہ سے ہے کہ اس میں کفار کی مشابہت ہے لہذا جس بناء میں کفار کی مشابہت پائی جائے گی اس کو مکروہ تحریمی کہا جائے گا ورنہ مکروہ تنزیہی جس کا حکم یہ ہے کہ اس کا نہ کرنا کرنے سے بہتر ہے۔

| | |
|---|---|
| کما صرح به الفقهاء حیث قالوا المکروه تنزیها وهو ما کان ترکه اولیٰ من فعله ویرادف خلاف الاولیٰ۔ کذا فی الرد المختار۔ | علماء نے فرمایا کہ مکروہ تنزیہی وہ ہے جس کا نہ کرنا کرنے سے بہتر ہو اور مکروہ تنزیہی اور خلاف اولیٰ دونوں کے ایک معنی ہیں : |

اب اہل اسلام خود فیصلہ فرمالیں کہ ہماری قبور میں نصاریٰ وغیرہ کی قبور کے ساتھ مشابہت پائی جاتی ہے یا نہیں پس اگر نہیں پائی جاتی اور یقیناً نہیں پائی جاتی تو ان کے توڑنے کا کیسے حکم دے دیا جائے گا۔ اس سے زیادہ نہیں کہا جا سکتا کہ ان کا بنانا بہتر نہ تھا لیکن جب بن چکیں تو اب ان کا انہدام سخت مذموم ہے۔ علامہ احمد بن علی بصری فصل الخطاب میں فرماتے ہیں :

| | |
|---|---|
| هذا البناء علیٰ قبور هؤلاء الشهداء من الصحابة رضی الله تعالیٰ علیهم لا یخلوا اما ان یکون واجبا او جائزا بغیر کراهة وعلیٰ کل فلا یقدم علی الهدم الا رجل مبتدع ضال لاستلزامه انتهاك | شہدائے صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی قبور کی بنائیں دو حال سے خالی نہیں یا واجب ہیں یا بغیر کراہت جائز ہیں اور ہر تقدیر پر سوائے بدعتی اور گمراہ شخص کے ان کے توڑنے کی جرأت کوئی شخص نہیں کر سکتا کہ اس میں اصحاب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ |

Marfat.com

حرمة اصحاب رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم الواجب علی کل مسلم محبتهم ومن محبتهم وجوب توقیرهم وای توقیر لهم عند من هدم قبورهم۔ انتهی

علیہ وسلم کی ہتک حرمت لازم آتی ہے، حالانکہ ہر مسلمان پر ان کی محبت واجب ہے اور ان کی توقیر کا وجوب اُن کی محبت سے ہے، پھر جس شخص نے ان کی قبور کو ہدم کیا اُس کے نزدیک اُن کی کیا توقیر رہی ؛

آج کل قبوں کے ہدم کے جواز پر بہت کچھ زور دیا جارہا ہے جس کا اصل منشاء یہ ہے کہ وہ قبہ شریف جس کو قبہ خضراء کہتے ہیں اور جس پر ہر مسلمان کہ جس کے دل میں حقیقی ایمان جلوہ گر ہے اپنی جان قربان کرنے کو تیار ہے اگر خدانخواستہ منہدم کر دیا جاوے تو مسلمانوں میں اضطراب نہ پیدا ہو۔ مسلمانوں خدا کے واسطے دُعا کرو اور ہر ممکن سے ممکن تدبیر ایسی عمل میں لاؤ جس سے وہ روز بد ہمارے سامنے نہ آئے جس کے تصور سے جان پر بنی جاتی ہے آہ! یہ وہ گنبد اقدس ہے جس پر نظر کرنے کو ہمارے علماء اسی طرح عبادت لکھ رہے ہیں جس طرح بیت اللہ پر نظر کرنے کو عبادت کہتے ہیں چنانچہ شیخ رحمہ اللہ تلمیذ محقق ابن ہمام رحمۃ اللہ علیہ منسک التوسط میں اور ملا علی قاری اُس کی شرح میں فرماتے ہیں :۔

ولیغتنم ایام مقامه بالمدینة المشرفة فیحرص علی ملازمة المسجد والاعتکاف والختم ولو مرة منه واحیاء لیلة وادامة النظر الی الحجرة الشریفة (ای ان تیسر) او القبة المنیفة (ان تعرفاو

مدینہ شریف میں اپنے قیام کے دنوں کو غنیمت سمجھنا چاہیے اور مسجد نبوی میں برابر حضوری اور اس میں اعتکاف اور ختم قرآن اگرچہ ایک بار ہو اور اور شب بیداری اور حجرہ شریف کی طرف (اگر یہ میسر ہو) یا قبہ بلند کی طرف اگر حجرہ شریف کی جانب نظر

Marfat.com

للتنويع) مع المهابة والخضوع (اى ومع الخشية والخشوع ظاهرا وباطناً) فانه (اى النظر المذكور) عبادة كالنظر الى الكعبة الشريفة انتھی

دشوار ہو) برابر نگاہ جمائے رکھنے کی حرص ہونی چاہیے کیونکہ حجرہ شریف یا قبہ شریف کو دیکھنا عبادت ہے جس طرح کعبہ شریف کو دیکھنا عبادت ہے :

بلکہ بعض علماء ادب کی راہ سے آنکھ اُٹھانے کی بھی اجازت نہیں دیتے چنانچہ علامہ قسطلانی شارح صحیح بخاری مواہب لدنیہ اور علامہ محمد زرقانی اس کی شرح میں فرماتے ہیں :-

یلازم الادب والخشوع والتواضع غاض البصر کما کان یفعل بین یدیه فی حیاته (ای هو حی) ویستحضر علمه بوقوفه بین یدیه علیه الصلوة والسلام وسماعه لسلامه کما هو فی حیاته. انتھی

زائر کو چاہیے کہ اس دربار عالی میں ادب و عاجزی و تواضع کو لازم پکڑے نظر نیچی رکھے جس طرح حضور علیہ السلام کی حیات ظاہری میں کرتا کیونکہ حضور اب بھی زندہ ہیں اور اس بات کو دل میں جمائے رکھے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اپنی درگاہ میں میری حاضری کا علم اُسی طرح ہے اور میرے سلام کو اسی طرح سنتے ہیں جس طرح کہ آپ اپنی حیاتِ ظاہری میں دیکھتے اور سُنتے تھے :

افسوس جس بارگاہ بیکس پناہ کے حضور علماء زور سے بات کرنے کو بھی ناجائز جانیں وہاں یہ ستم کہ گولوں کی دل دہلا دینے والی آوازیں گونج رہی ہیں۔

تفسیر روح البیان میں ہے :-

وقد کره بعض العلماء رفع الصوت عند قبره علیه السلام

بے شک مکروہ جانا ہے بعض علماء نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی قبر شریف

Marfat.com

لانہ حی فی قبرہ۔ انتھی | کے نزدیک آواز کے بلند کرنے کو کیونکہ آپ اپنی قبر شریف میں زندہ ہیں ؂

خدا کی قسم میں اس سے کہ اُس قبہ شریف کی توہین کے متعلق کچھ سُنتا یہ بہتر جانتا تھا کہ میرے کان پھوٹ جاتے بلکہ اس سے پہلے میرا وجود ہی نہ رہتا ؂

سنگِ درِ حضور سے ہم کو خدا نہ صبر دے
جانا ہے سر کو جا چکے، دل کو قرار آئے کیوں (حدائق بخشش)

فقط واللہ تعالیٰ بالصواب اعلم و علمہ اتم و احکم۔

تحریر بتاریخ ۱۰ صفر المظفر ۱۳۴۴ھ (۱۹۲۵ء)
حررہ محمد مظہر اللہ غفرلہ نقشبندی مجددی
—— امام مسجد فتحپوری دہلی ——

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

**سُوَال** علمائے دین اور مفتیانِ شرع متین اس مسئلہ میں کیا فرماتے ہیں ایک گورستان (اہلسنّت) قدیم کی قبروں کو عمداً کھود کر اپنے رہنے کے مکان بنانا موافق مذہب حنفی کے جائز ہے یا نہیں اور ایسا کرنے میں اہلِ قبور کی توہین و اہانت ہوگی یا نہیں۔ بینوا توجروا۔

## الجواب ومنه الهداية الى الحق والصواب

جاننا چاہیے کہ انبیاء و اولیاء علیہم الصلوٰۃ والسّلام و رحمۃ اللہ علیہم و عامۂ مومنین اہلسنّت کے ساتھ جو قلبی عداوت فرقۂ نجدیہ وہابیہ کو ہے ایسی اور کسی فرقۂ مُبتدَاء کو نہیں ہے اسی وجہ سے اس فرقۂ محدثہ کے اکابر مَلاعنہ کی تصانیف اباطیل اہانت محبوبانِ خدا سے بھری پڑی ہیں جس کا جی چاہے وہ مُلا نجدی و ملا اسمٰعیل دہلوی و ملا صدیق حسن بھوپالی و ملا خرمعلی و ملا رشید گنگوہی وغیرہ کی تالیفاتِ باطلہ اٹھا کر دیکھ لیوے کہ قسم قسم کی اہانتوں سے پُر ہیں منجملہ ان کی ایک اہانت قبور انبیاء و شہداء و اولیاء علیہم الصلوٰۃ والسّلام کا منہدم و نابود تا بمقدور کرنا اس فرقہ کا شعار ہوگیا ہے۔

### شیخ نجدی نے روضۂ اقدس کو ڈھانے کا ارادہ کیا تھا

علامہ احمد بن علی بصری

Marfat.com

"فصل الخطاب فی ردّ ضلالات ابن عبد الوہاب" میں فرماتے ہیں:

منها انه صح انه يقول لو اقدر على حجرة الرسول صلى الله تعالىٰ عليه وسلم لهدمتها.

یعنی میں اگر قدرت پاؤں تو روضۂ رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو توڑ ڈالوں۔

اور بھی علامہ بصری دوسرے مقام میں لکھتے ہیں:

اقول تهديم قبور شهداء الصحابة المذكورين لاجل البناء على قبورهم ضلالة اى ضلالة انتهى مختصرا.

یعنی نجدی کا شہداء صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی قبور کو ان پر بنا کے باعث توڑ ڈالنا ان کا بڑی ضلالت اور گمراہی اس نجدی کی ہے۔

## شیخ نجدی نے شہداء وصحابۂ کرام کے مزار توڑ ڈالے تھے

اور بھی علامہ مذکور تیسرے مقام میں لکھتے ہیں:

قال بعضهم ولو كان المبنى عليه مشهورا بالعلم والصلاح او كان صحابيا وكان المبنى عليه قبة وكان البناء على قدر قبره فقط فينبغى ان لا يهدم لحرمة بنشه وان اندرس اذا علمت هذا فهذا البناء على قبورهم

یعنی نجدی نے جو شہداء اصحاب کرام کے قبور کو توڑ ڈالا ہے جس سے ان کے ابدان اور کفن ظاہر ہو گئے تو اس سے وہ بہت بڑا بدعتی گمراہ ہو گیا کہ اس سے ان کی اہانت ہو گئی ہے ان مُلاَّ عنہ کا انبیاء و اولیاء علیہ السلام کے قبور کو جو توڑنا اور منہدم

Marfat.com

| | |
|---|---|
| لاء الشہداء من الصحابة | کرنا شعار ہو گیا ہے تو باعث |
| رضی اللہ تعالیٰ عنہم لا یخلو اما | اس کا یہ ہے کہ ان بدبختوں کے |
| انیکون واجبا او جائزا بغیر | نزدیک ظاہری موت کے بعد یہ |
| کراھة و علی کل فلا یقدم | بالکل بے حس بے شعور ہو جاتے |
| علی الھدم الا رجل مبتدع | ہیں اور مر کر معاذ اللہ مٹی میں |
| ضال لا مستلزامه انتھاك | مل جاتے ہیں۔ |

حرمة اصحاب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم الواجب علی کل مسلم محبتھم و من محبتھم وجوب توقیرھم وای توقیر نھم عند من ھدم قبورھم حتی بدت ابدا نھم واکفانھم کما ذکر بعض علماء نجد فی المسوال ارسله الی انتھی مختصراً۔

مُلّا اسمٰعیل دہلوی تقویت الایمان کے صفحہ ۶۰ میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان اعلیٰ و ارفع میں بکتا ہے کہ (میں بھی ایک دن مر کر مٹی میں ملنے والا ہوں) جب سید المرسلین علیہ الصلاۃ والسلام کی نسبت ان مُلّا عنہ کا ایسا ناپاک خیال ہے اور اُن کے روضۂ اطہر اور شہداء و صحابۂ کرام علیہم رضوان کے قبور کو منہدم کرنے کا بیہودہ خیال ہے تو باقی اموات عامۂ مومنین صالحین کی نسبت کیا پوچھنا چاہیے۔ جب قبور مومنین بلکہ انبیاء و اولیاء علیہم الصلاۃ والسلام اجمعین کا توڑنا اور منہدم کرنا شعار نجدیہ و وہابیہ ہوا تو

---

لہ سابقہ علامہ بصری علیہ الرحمۃ کے قول میں گذرا کہ نجدی نے جب قبور شہداء و صحابۂ کرام علیہم الرضوان کو شہید کیا تو اُن میں اُن کے

Marfat.com

کسی کو جائز نہیں کہ وہ صورت مسئولہ میں قبور مومنین اہلسنت کو توڑ کر بلکہ اُن کو کھود کر اُن پر اپنی رہائش و آسائش کے مکان بنا کر اُن میں لذاتِ دنیا میں مشغول و منہمک ہو تو قطعاً و یقیناً اصحابِ قبور کو ایذا دینا اور ان کی اہانت اور توہین کرنا ہے جو کسی طرح جائز نہیں۔

## اہلسنت کے نزدیک انبیاء و شہداء و اولیاء اپنے ابدان مع اکفان سے زندہ ہیں

کہ اہلسنت کے نزدیک انبیاء و شہداء و اولیاء علیہم التحیۃ والثناء اپنے ابدان شریفہ سے زندہ ہیں بلکہ انبیاء علیہ السلام کے ابدان شریفہ زمین پر حرام کیے گئے ہیں کہ وہ اُن کو کھاوے اسی طرح شہداء و اولیاء علیہ الرحمۃ والثناء کے ابدان و اکفان بھی قبور میں صحیح و سلامت رہتے ہیں وہ حضرات روزی و رزق دیئے جاتے ہیں۔ علامہ سبکی علیہ الرحمۃ شفاء السقام میں لکھتے ہیں: وحیاۃ الشہداء اکمل و اعلیٰ فہذا النوع

---

کفن اور بدن شریف سب سلامت تھے اور صحابہ رضوان اللہ تعالے عنہم کو مدفون ہوئے تخمیناً بارہ سو سال گذر چکے تھے بس ہزار تف ہے اسمٰعیل اور اس کے مقلدین وہابیہ رُوسیاہ پر کہ ان کا ایسا ناپاک عقیدہ ہے حضور اقدس صلی اللہ تعالے علیہ وسلم کی ذاتِ اقدس واطہر کے ساتھ جو مسلمان کی شان کے بالکل خلاف ہے اللہ تعالے اہل سنت کو اُن کی صحبتِ بد سے بچائے آمین ثم آمین!!
۱۲ منہ عفی عنہ

Marfat.com

من الحیاۃ والرزق لا یحصل لمن لیس فی رتبتھم واما حیاۃ الانبیاء اعلی واکمل واتعد من الجمیع لانہا للروح والجسد علی الدوام علی ما کان فی الدنیا۔ اور قاضی ثناء اللہ صاحب پانی پتی تذکرۃ الموتیٰ میں لکھتے ہیں:

اولیاء گفتہ اند ارواحنا اجادنا یعنی ارواح ایشاں کار اجساد می کنند وگاہے اجساد از غایت لطافت برنگ ارواح می برآید میگویند کہ رسول خدا را سایہ نبود صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ارواح ایشاں از زمین وآسمان وبہشت ہر جاکہ خواہند میر وند وبسبب ہمیں حیات اجساد آنہا را در قبر خاک نمی خورد بلکہ کفن ہم میماند ابن ابی الدنیا از مالک روایت نمود ارواح مومنین ہر جاکہ خواہد سیر کنند مراد از مومنین کاملین اند حق تعالیٰ اجساد ایشاں را قوت ارواح میدہد کہ در قبور نما میخوانند و ذکر می کنند وقرآن میخوانند اھ۔

شیخ الہند محدث دہلوی علیہ الرحمۃ شرح مشکوٰۃ میں فرماتے ہیں:

اولیائے خدا نقل کردہ شدند ازیں دار فانی بدار بقا وزندہ اند نزد پروردگار خود و مرزوق اند و خوشحال اند ومردم را ازاں شعور نیست الخ۔

اور علامہ علی قاری شرح مشکوٰۃ میں لکھتے ہیں:

| | |
|---|---|
| لافرق لھم فی الحالین ولذا قیل اولیاء اللہ | اولیاء کی دونوں حالت حیات وممات میں اصلاً فرق نہیں اسی |

Marfat.com

لا یموتون ولکن ینقلبون من دار الی دار الخ — لیے کہا گیا کہ وہ مرے نہیں بلکہ ایک گھر سے دوسرے میں تشریف لے جاتے ہیں :

# وقائع اولیائے کرام بعد وصال

علامہ جلال الدین سیوطی علیہ الرحمۃ نے شرح صدور میں اولیائے کرام علیہم رضوان کی حیات بعد ممات کے متعلق چند روایات مستندہ لکھتے ہیں جو یہاں نقل کیے جاتے ہیں۔

**مُردہ دیکھ کر مسکرایا** امام عارف باللہ استاذ ابوالقاسم قشیری قدس سرہٗ اپنے رسالہ میں بسند خود حضرت ولی مشہور سیدنا ابو سعید خراز قدس اللہ سرہٗ المناز سے راوی کہ میں مکہ معظمہ میں تھا باب بنی شیبہ پر ایک جوان مُردہ پڑا پایا جب میں نے اس کی طرف نظر کی مجھے دیکھ کر مسکرایا اور کہا :

یا ابا سعید اما علمت ان الاحباء احیاء وان ماتوا وانما ینقلبون من دار الی دار۔ — ابو سعید کیا تم نہیں جانتے کہ اللہ کے پیارے زندہ ہیں اگرچہ مر جائیں وہ تو یہی ایک گھر سے دوسرے گھر میں بُلائے جاتے ہیں :

**فقیر نے قبر میں آنکھیں کھول دیں** وہی عالیجناب حضرت سیدی ابو علی قدس سرہٗ سے راوی میں نے ایک فقیر کو قبر میں اتارا جب کفن کھولا اس کا سر خاک پر

Marfat.com

رکھدیا کہ اللہ ان کی غربت پر رحم کرے فقیر نے آنکھیں کھول دیں اور مجھ سے فرمایا:

اباعلی تذللنی بین یدی من یدللنی۔ اے ابو علی تم مجھے اُس کے سامنے ذلیل کرتے ہو جو میرے ناز اٹھاتا ہے:

مَیں نے عرض کی اے سردار میرے کیا موت کے بعد زندگی؟

فرمایا: بلی افاحی وکل محب لا نصرنك بجاھی غدا میں زندہ ہوں اور خدا کا ہر پیارا زندہ ہے بیشک وہ وجاہت وہ عزت جو مجھے روزِ قیامت ملے گی اُس سے میں تیری مدد کروں گا:

## فوت شدہ مرید نے داہنی کروٹ میری طرف کردی

وہی جناب مستطاب حضرت ابراہیم بن شیبان قدس سرہٗ سے راوی میرا ایک مرید جوان مرگیا مجھے سخت صدمہ ہوا نہلانے بیٹھا گھبراہٹ میں بائیں طرف سے ابتداء کی جوان نے وہ کروٹ ہٹا کر اپنی داہنی کروٹ میری طرف کی میں نے کہا جانِ پدر تو سچا ہے مجھی سے غلطی ہوئی۔

## ایک مرید تختہ پر

وہی امام حضرت ابویعقوب سوسی نہر جوری قدس سرہٗ سے راوی ہیں میں نے ایک مرید کو نہلانے کے لیے تختہ پر لٹایا اس نے میرا انگوٹھا پکڑلیا میں نے کہا جان پدر میں جانتا ہوں کہ تو مُردہ نہیں یہ تو صرف مکان بدلنا ہے لے میرا ہاتھ چھوڑ دے۔

## کل ظہر کے وقت مرجاؤں گا

جناب ممدوح انہیں عارف موصوف سے راوی مکہ معظمہ میں

Marfat.com

ایک مرید نے مجھ سے کہا پیر و مرشد میں کل ظہر کے وقت مر جاؤں گا، حضرت ایک اشرفی لیں آدھی میں میرا دفن آدھی میں میرا کفن کریں جب دوسرا دن ہوا اور ظہر کا وقت آیا مرید مذکور نے آکر طواف کیا پھر کعبے سے ہٹ کر لیٹا تو روح نہ تھی میں نے قبر میں اُتارا آنکھیں کھول دیں میں نے کہا کیا موت کے بعد زندگی، کہا

انا حی وکل محب للّٰہ حی. میں زندہ ہوں اور اللہ کا ہر دوست زندہ ہے:

# احادیثِ صحیحہ سے ثابت ہے کہ نامناسب افعال کرنے سے اموات مسلمین کو ایذا ہوتی ہے

اور بعض عامہ مومنین اور بقیہ اموات کے ابدان گو سلامت نہ رہتے ہوں تاہم اُن کی قبور پر بیٹھنے بلکہ اُن پر تکیہ لگانے اور قبرستان میں جوتوں کی آواز کرنے سے اُن کو ایذا ہوتی ہے احادیث صحیحہ سے یہ امر ثابت بلا ریب ہے. حاکم و طبرانی عمارہ بن حزم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھے ایک قبر پہ بیٹھے دیکھا فرمایا:

یا صاحب القبر انزل من القبر لا توذی صاحب القبر ولا یوذیك. او قبر والے قبر سے اُتر آ نہ تو صاحب قبر کو ایذا دے نہ وہ تجھے:

سعید بن منصور اپنی سنن میں راوی کسی نے حضرت سیدنا عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے قبر پر پاؤں رکھنے کا مسئلہ پوچھا، فرمایا:

Marfat.com

کما اکرہ اذی المؤمن فی — مجھے جس طرح مسلمان زندہ کی ایذا
حیاتہ فانی اکرہ اذاہ بعد موتہ — ناپسند ہے یونہی مُردہ کی ؛

امام احمد علیہ الرحمۃ بسند حَسَن انہیں حضرت عمارہ بن حزم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھے ایک قبر سے تکیہ لگائے دیکھا، فرمایا:

لا تؤذ صاحب ھذا القبر۔ — اس قبر والے کو ایذا نہ دے ؛
یا فرمایا لا تؤذہ۔ — اسے تکلیف نہ پہنچا ؛

اس ایذا کا تجربہ بھی تابعین عظام اور دوسرے علمائے کرام نے جو صاحب بصیرت تھے کر لیا ہے۔ ابن ابی الدنیا ابو قلابہ بصری سے راوی میں ملک شام سے بصرہ کو جاتا تھا رات کو خندق میں اُترا وضو کیا دو رکعت نماز پڑھی پھر ایک قبر پر سر رکھ کے سو گیا جب جاگا تو صاحب قبر کو دیکھا کہ مجھ سے گلہ کرتا ہے اور کہتا ہے:

لقد آذیتنی عِنْدَ اللیلۃ۔ — اے شخص تو نے مجھے رات بھر ایذا دی ؛

امام بیہقی دلائل النبوۃ میں اور ابن ابی الدنیا حضرت ابو عثمان نہدی سے وہ ابن میناتابعی سے راوی میں مقبرے میں گیا دو رکعت نماز پڑھ کر لیٹ رہا خدا کی قسم میں خوب جاگ رہا تھا کہ سُنا کوئی شخص قبر میں سے کہتا ہے:

قُم فَقَدْ آذَیْتَنِی۔ — اُٹھ کہ تُو نے مجھے اذیت دی ؛

حافظ ابن مندہ امام قاسم بن مخیمرہ رحمہ اللہ تعالیٰ سے راوی اگر میں تپائی بھال پر قدم رکھوں کہ میرے قدم سے پار ہو جائے تو یہ مجھے زیادہ پسند ہے اس سے کہ کسی قبر پر پاؤں رکھوں۔ پھر فرمایا ایک شخص

Marfat.com

نے قبر پر پاؤں رکھا۔ جاگتے میں سُنا:

الیك عنی یا رجل ولا تؤذنی۔ اے شخص الگ ہٹ مجھے ایذا نہ دے۔

اور علامہ شرنبلالی مراقی الفلاح میں لکھتے ہیں:

اخبرنی شیخی العلامة محمد بن احمد الحموی الحنفی رحمة اللہ تعالیٰ علیہ بانہم یتأذون بخفق النعال۔ مجھے میرے استاذ علامہ محمد بن احمد حنفی نے خبر دی کہ جوتے کی پہچل سے مُردے کو ایذا ہوتی ہے۔

اسی واسطے ہمارے فقہائے کرام احناف علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ قبر پر رہنے کا مکان بنانا یا قبر پر بیٹھنا یا سونا یا اُس پر یا اُس کے نزدیک بول و براز کرنا، یہ سب اُمور اشد مکروہ قریب بحرام ہیں۔ فتاویٰ عالمگیری میں ہے:

ویکرہ ان یبنی علی القبر او یقعد او ینام او یطاء علیہ او یقضی حاجة الانسان من بول او غائط الخ

علامہ شامی اُس کی دلیل میں حاشیہ درمختار میں فرماتے ہیں:

لان المیت یتأذی بما یتأذی به الحی۔ یعنی اس لیے کہ جس سے زندوں کو اذیت ہوتی ہے اُس سے مُردے بھی ایذا پاتے ہیں۔ بلکہ

**حدیث** دیلمی نے امّ المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے اس کلیہ کی تصریح روایت کی کہ سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

المیت یؤذیه فی قبرہ ما یؤذیه فی بیته۔ میت کو جس بات سے گھر میں ایذا ہوتی ہے قبر میں بھی اُس سے اذیت پاتا ہے۔

Marfat.com

**حدیث** ابن ابی شیبہ اپنی مصنف میں سیدنا عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی۔

اذا المؤمن فی موتہ — مسلمان کو بعد موت ایذا دینی ایسی

کاذاہ فی حیاتہ۔ — ہے جیسے زندگی میں اُسے تکلیف پہنچائی۔

اور اظہر من الشمس ہے کہ قبور کو کھود کر ان پر رہنے کا مکان بنایا تو اس میں یہ سب اُمور موجود ہیں جس سے یقیناً اہلِ قبور کی توہین ہوتی ہے اور ان کو ایذا دینا ہے جو ہرگز ہرگز ہمارے حنفی مذہب میں جائز نہیں ہے۔

**اعتراض** اگر کوئی معترض کہے کہ شرح کنز میں علامہ زیلعی لکھتے ہیں ولوبلی المیت وصار ترابا جاز دفن غیرہ فی قبرہ وزدعہ والبنا علیہ۔

**تو جواب** اس کا اوّلاً یہ ہے کہ یہ قول علامہ زیلعی کا احادیث مذکورہ اور روایات مسطورہ کے معارض ہے لہذا قابلِ قبول نہیں ہے اور

**ثانیاً** یہ کہ علامہ شرنبلالی نے اِمداد الفتاح میں علامہ زیلعی کے اس قول کو ردّ کر دیا ہے۔ دوسری روایاتِ مَعارضہ سے یہ قابلِ تعمیل نہیں قال فی الامداد ویخالفہ خانیۃ اذا صار المیت ترابا فی القبر یکرہ دفن غیرہ فی قبرہ لان الحرمۃ باقیۃ الخ یعنی جب قبر میں میت گل کر مٹی بھی ہو جائے تب بھی اس کی قبر میں غیر کو دفن کرنا مکروہ ہے۔ کہ اس کی تعظیم و حرمت کے خلاف ہے کہ اُس میت کی تعظیم اور حرمت اب بھی باقی ہے اور

Marfat.com

مؤید ہے اس کی وہ جو علامہ نابلسی علیہ الرحمۃ نے حدیقۂ ندیہ شرح طریقۂ محمدیہ میں لکھا ہے:

معناہ ان الارواح تعلم بترك اقامة الحرمة والامتهانة فتأذی بذالك.

یعنی قبر پر تکیہ لگانے سے جو اہلِ قبور کو تکلیف ہوتی ہے اس کے یہ معنے ہیں کہ روحیں جان لیتی ہیں کہ اس نے ہماری تعظیم میں قصور کیا لہذا ایذا پاتے ہیں:

اور علامہ شیخ الہند علیہ الرحمۃ شرح مشکوۃ میں لکھتے ہیں:

شاید کہ مراد آنست کہ روح وے نہ خوش میدارد و راضی نیست بہ تکیہ کردن بر قبر وے از جہت تضمن اہانت او استخفاف راہوے۔ جب قبر پر تکیہ لگانے سے اہلِ قبور کی اہانت اور اُن کی توہین اور اُن کی ترک تعظیم ہوتی ہے تو اُس پر کھیتی کرنے سے اور اُس پر مکان بنانے سے تو بطریق اَولیٰ اُنکی توہین ہوگی۔

اور ثالثاً یہ کہ ہم میاں معترض نجدی شعار سے پوچھتے ہیں کہ تجھ کو کیسے معلوم ہوا کہ میت بالکل مٹی ہو گیا ہے اور اس کی ہڈی ہی باقی نہیں رہی ہے اس واسطے کہ ابھی تک قبر کھودی نہیں گئی ہے اور نہ میت کے مٹی ہونے کا قرآن اور حدیث میں کوئی وقت مقرر ہوا ہے کہ اتنی مدت کے بعد میت کی ہڈیاں بھی مٹی ہو جاتی ہیں بلکہ تجربہ سے بارہا مشاہدہ ہوا ہے کہ کسی بہت پرانی بستی کے اطراف میں کوئی جائے کھودی جائے تو اس میں قبور نکلے جن میں ہڈیاں (بلکہ بعض کے ابدان) اب تک باقی وسلامت تھیں کتبوں سے تین تین چار چار صدیوں کے قبور معلوم ہوتے تھے تو بلا دلیل بلا ضرورت شرعی کے کسی ممنوع امر کا

Marfat.com

کسی مُبہم روایت کی بناء پر مُرتکب ہونا ہرگز جائز نہیں ہے

**اعتراض** اگر معترض پھر عود کرے اور کہے کہ بمبئی وغیرہ عظیم شہروں میں قبور کھود کر ان میں دوسرے اموات دفن کیے جاتے ہیں تو اگر قبور کھودنے سے اموات کی توہین ہوتی ہے تو ان شہروں میں یہ کام کیوں ہوتا ہے؟

توجواب اس کا یہ ہے کہ ان شہروں میں جائے بہت تنگ ہے ۔ قبرستانوں میں اتنی وسعت نہیں ہے کہ میت کے لیے الگ الگ قبر ہو لہذا اس ضرورت شدیدہ سے یہ جائز ہے کہ الضرورات تبیح المحظورات قاعدہ متفقہ ہے۔ کبیری شرح منیہ میں ہے ولا یحضر قبر لدفن اخر مالم یبل الاول فلم یبق له عظم الا عند الضرورۃ بان لم یوجد مکان سوا الخ بالجملہ صورت مسئولہ میں قبور کو کھود کر اُن پر مکانات بنانا ہمارے حنفی مذہب میں جائز نہیں ہے اور بلاشبہ وشک ایسا کرنے سے اہل قبور کی توہین ہوگی جو جائز نہیں ہے ھذا ماعندی والعلم الاتم عند ربی قاله بفمه وامر برقمة ۔

العبد الفقیر محمد عمر الدین السنی الحنفی

القادری الهزاروی عفا الله تعالیٰ عنه۔

جو کچھ مجیب لبیب نے لکھا ہے حق اور ثواب ہے چنانچہ خزانۃ الروایۃ میں مرقوم ہے فی مفید المستفید عن مفاتیح المسائل واذا صار المیت ترابا فی القبر یکره دفن غیره فی قبره لان الحرمة باقیة انتهی اور یہ بھی خزانۃ الروایہ میں

Marfat.com

ہے لا یجوز لاحد ان یبنی فوق القبور بیتا او مسجد الان موضع القبر حق المقبور ولهذا لا یجوز نبشه انتهی مختصرا۔

نمقه الراجی الی رحمة ربه الشکور عبد الغفور صانه الله عن الآفات والشرور۔

لله در المجیب حیث اجاب فاجادوا اصاب فیما افاد حررہ المسکین محمد بشیر الدین عفی عنه۔

اس فتوے کو دیکھا فتویٰ صحیح ہے جواب درست ہے۔

حررہ محمد عبد الرشید دہلوی عفا اللہ عنہ

الجواب صحیح محمد فضل المجید عفی عنہ

| |
|---|
| الرسول قادری حنفی ۱۳۱۷ھ |
| محمد عبد المقتدر مطیع |

الجواب صحیح و صواب حررہ العبد المفتقر مطیع الرسول عبد المقتدر القادری البدایونی عفی عنہ

ذلک کذلک محمد فضل احمد البدایونی عفی عنہ

| |
|---|
| ۱۳۱۸ھ |
| قادری محمد ابراہیم |

المجیب مصیب۔

اصاب من اجاب واللہ اعلم بالصواب

محمد حافظ بخش المدرس بالمدرسۃ المحمدیۃ بلدۃ بدایوں۔

| |
|---|
| حنفی ۱۳۱۷ھ |
| محمد حافظ بخش |

صحیح الجواب حررہ عبد الرسول محب احمد عفی عنہ المدرس بالمدرسۃ الشمسیۃ الکائنۃ بجامع بدایوں۔

| |
|---|
| محب احمد قادری |
| عبد الرسول |

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ الذی جعل الارض کفاتا واکرم
المؤمنین احیاء وامواتا وجعل موتھم راحۃ
وسباتا وحرم اھانتھم تحریما بتاتا والصلاۃ والسلام
علی من سقانا من فضلہ وفضلتہ ماء فراتا
واعطانا فی کل محجۃ ابلجحجۃ نقضا واثباتا وابدا
عظیم المؤمنین ابد الآبدین ولم یوقت لہ میقاتا
فجعلھم عظاما وان صاروا عظاما وحرم ایذا
ھم ولو کان نوارفاتا وعلی آلہ وصحبہ
واھلہ وحزبہ المکرمین عند اللہ جمیعا واشتاتا۔

## جزی اللہ المجیب خیرا ویثیب

جامع الفضائل قامع الرذائل حامی السنن ماحی الفتن مولنا
مولوی محمد عمرالدین جعلہ اللہ کاسمہ عمرالدین وبسمیہ
ورعیہ عمرالدین کا جواب ناہج مناہج صواب کافی ووافی ہے
مگر بحکم المامور معذور بنظر تکثیر افاضہ دو وصل مفید کا اضافہ

Marfat.com

منظور۔ **وصل اوّل**: اس بیان مجیب کی تائید و تصویب میں کہ قبور مسلمین کی تعظیم ضرور اور اہانت مخظور اور یہ کہ کیا کیا امور موجب ایذائے اصحاب قبور یہاں اگر سلسلۂ سخن میں بعض امور مذکورۂ جواب کا اعادہ ہو تو غیر محذور کہ تکرر فرع موجب مزید تاکید واوقع فی الصدور ورع والمسلک ماکررتہ، ینضوع۔

**وصل دوم** میں احقاق مرام وازہاق اوہام وتبکیت مخطیان نجدیۂ لیام اور اس امر کا بیان کامل وتام کہ مقابر عام مسلمین میں کوئی وقفی مکان بھی بنانا حرام نہ کہ اپنی سکونت وآرام کا مقام نیز روایت علامہ زیلعی کی تحقیق انیق اس وصل میں دو فتاویٰ فقیر کی نقل پر قناعت ہے کہ ان میں بحمد اللہ تعالیٰ کفایت ہے وباللہ التوفیق۔

## وصل اوّل

علمائے کرام کا اتفاق ہے کہ مسلمان کی عزت زندہ و مردہ برابر ہے محقق علی الاطلاق رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فتح القدیر میں فرماتے ہیں الاتفاق علی ان حرمۃ المسلم میتا کحرمۃ حیا اھ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں کسر عظم المیت واذاکسرہ حیا مرُدے کی ہڈی توڑنا اور اسے ایذا پہنچانا ایسا ہے جیسے زندہ کی ہڈی توڑنا رواہ الامام احمد وابوداؤد ابن ماجۃ باسناد حسن عن امّ المؤمنین عائشۃ الصدیقۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔ یہ حدیث مسند الفردوس میں ان لفظوں سے ہے۔

Marfat.com

سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں المیت یؤذیہ فی قبرہ مایؤذیہ فی بیتہ مُردے کو قبر میں بھی اس بات سے ایذا ہوتی ہے جس سے گھر میں اُسے اذیت ہوتی۔

علامہ مناوی شرح میں فرماتے ہیں افادان حرمۃ المؤمن بعد موتہ باقیۃ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مسلمان کی حرمت بعد موت کے بھی ویسے ہی باقی ہے۔

**حدیث** سیدنا عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں: اذی المؤمن فی موتہ کاذاہ فی حیاتہ۔ مسلمان مُردہ کو ایذا دینا ایسا ہے جیسے زندہ کو رواہ ابوبکر بن ابی شیبۃ۔

علماء فرماتے ہیں:

المیت یتأذی بمایتأذی بہ الحی۔ جس بات سے زندوں کو ایذا پہنچتی ہے مُردے بھی اس سے تکلیف پاتے ہیں۔ کذا فی رد المحتار وغیرہ من معتمدات الاسفار۔

علامہ شیخ محقق رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اشعۃ اللمعات میں امام علامہ ابوعمر یوسف بن عبدالبر سے نقل فرماتے ہیں:

ازینجا مستفاد میگردد کہ میت متألم میگردد بتمام آنچہ متألم میگردد بداں حی ولازم ایں ست کہ متلذذ گردد بتمام آنچہ متلذذ میشود بداں زندہ انتہی کلامہ۔

یہاں تک کہ ہمارے علماء نے تصریح فرمائی کہ قبرستان میں جو نیا راستہ نکالا گیا ہو اس میں آدمیوں کو چلنا حرام ہے۔

Marfat.com

فی الشامیۃ عن الطحطاویۃ اخر کتاب الطہارۃ نصوا علی ان المرور فی سکۃ حادثۃ فیہا حرام۔

اور فرماتے ہیں مقبرے کی سبز گھاس کاٹنا حرام ہے کہ جب تک وہ تر رہتی ہے اللہ تعالٰی کی تسبیح کرتی ہے اس سے اموات کا دل بہلتا ہے اور اُن پر رحمتِ الٰہی کا نزول ہوتا ہے ہاں خشک گھاس کاٹ لینا جائز مگر وہاں سے تراش کر جانوروں کے پاس لے جائیں اور یہ ممنوع ہے کہ انہیں گورستان میں چرنے چھوڑ دیں۔

فی جنائز رد المحتار یکرہ ایضا قطع النبات الرطب والحشیش من المقبرۃ دون الیابس کما فی البحر والدرر وشرح المنیۃ وعللہ فی الامداد بانہ مادام رطبا یسبح اللہ تعالٰی فیونس المیت وتنزل بذکرہ الرحمۃ اھ ونحوہ فی الخانیۃ انتہی وفی العلمگیریۃ عن البحر الرائق لوکان فیہا حشیش یحش ویرسل الی الدواب ولا ترسل الدواب فیہا اھ۔

**حدیث** نبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے ایک شخص کو مقابر میں جوتا پہنے چلتے دیکھا ارشاد فرمایا ہائے کمبختی تیری اے طائفی جوتے والے پھینک اپنی جوتی۔ اخرج الائمۃ ابو داؤد والنسائی والطحاوی وغیرھم عن بشیر بن الخصاصیۃ واللفظ الامام الحنفی ان رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم رأی رجلا یمشی بین القبور فی نعلین فقال ویحک یا صاحب السبتیتین الق سبتیتک اھ البتیۃ

Marfat.com

بکسر المهملة وسکون الموحدة هی التی لا شعر فیہا قال القاضی عیاض کان من عادة العرب لبس النعال بشعرها غیر مدبوغة وکانت المدبوغة تعمل بالطائف وغیره الخ

فاضل محقق حسن شرنبلالی اور اُن کے استاذ علامہ محمد بن احمد حموی فرماتے ہیں چلنے میں جو آواز کفش پا سے پیدا ہوتی ہے اموات کو رنج دیتی ہے۔

حیث قال فی مراقی الفلاح اخبرنی شیخی العلامة محمد بن احمد الحموی الحنفی رحمه الله تعالٰی بانهم یتأذون بخفق النعال انتهی اھ اقول ووجهه ماسیأتی عن العارف الترمذی رحمه الله تعالٰی۔

**حدیث** نبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم فرماتے ہیں: لان یجلس احدکم علی جمرة فتحرق ثیابه فتخلص الی جلده خیر له من ان یجلس علی قبر۔ بیشک آدمی کو آگ کی چنگاری پر بیٹھا رہنا یہاں تک کہ وہ اس کے کپڑے جلا کر جلد تک توڑ جائے اس کے لیے بہتر ہے اس سے کہ قبر پر بیٹھے (رواہ مسلم وابوداؤد والنسائی وابن ماجۃ عن سیدنا ابی ہریرۃ رضی اللہ تعالٰی عنہ)

**حدیث** عمارہ بن حزم رضی اللہ تعالٰی عنہ فرماتے ہیں مجھے نبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے ایک قبر پر بیٹھے دیکھا ارشاد فرمایا او قبر پر بیٹھنے والے! قبر سے اُتر آ صاحب قبر

Marfat.com

کو ایذا نہ دے نہ وہ تجھے ایذا پہنچائے۔

اخرج الطحاوی فی معانی الاثار والطبرانی فی المعجم الکبیر بسند حسن والحاکم وابن مندۃ عن عمارۃ بن حزم رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال رانی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جالسا علی قبر فقال یا صاحب القبر انزل من اعلی القبر لا تؤذی صاحب القبر ولا یؤذیک ولفظ الامام الحنفی فلا یؤذیک۔

**حدیث** اور امام احمد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے اپنی مسند میں یوں روایت کیا عمرو بن حزم کو نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک قبر سے تکیہ لگائے دیکھا فرمایا:

لا تؤذ صاحب القبر۔ صاحب قبر کو ایذا نہ دے۔

کما فی المشکوٰۃ و ھذا الحدیث لا یلائمہ تاویل الامام ابی جعفر والنھی عن شئ لا ینافی النھی عن اعم منہ فافھم شیخ محقق رحمہ اللہ تعالیٰ شرح میں فرماتے ہیں۔ شاید کہ مراد آنست کہ روح وے ناخوش میدارد و راضی نیست کردن بر قبر وے از جہت تضمن وے اہانت واستخفاف را بوے[1] اھ

**اقول** اس توجیہ پر امام علامہ محدث عارف باللہ حکیم الامۃ سیدی محمد بن علی ترمذی قدس سرہٗ نے جزم فرمایا تصریح فرماتے ہیں کہ ارواح کو اُن کی بے حرمتی و تنقیص شان معلوم ہو جاتی ہے لہٰذا ایذا پاتے ہیں

---

[1]

سیدی عبدالغنی فی الحدیقة عن نوادر الاصول معناہ ان الارواح تعلم بترك اقامة الحرمة والاستہانة فتتأذی بذلك اھ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں ان امشی علی جمرة او سیف او اخصف نعلی برجلی احب الی من ان امشی علی قبر۔ البتہ چنگاری یا تلوار پر چلنا یا جوتا پاؤں سے گانٹھنا مجھے اس سے زیادہ پسند ہے کہ کسی قبر پر چلوں۔ (رواہ ابن ماجۃ عن عقبۃ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ واسنادہ جید کما افاد المنذری۔)

**حدیث** سیدنا عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں: لأن اطاء علی جمرة احب الی من ان اطأ علی قبر مسلم بیشک مجھے آگ پر پاؤں رکھنا زیادہ پیارا ہے مسلمان کی قبر پر پاؤں رکھنے سے (رواہ الطبرانی فی الکبیر باسناد حسن قالہ الامام عبدالعظیم) انہیں صحابی اجل سے کسی نے قبر پر پاؤں رکھنے کا مسئلہ پوچھا فرمایا، کما اکرہ اذی المؤمن فی حیاتہ فانی اکرہ اذاہ بعد موتہ میں جس طرح مسلمان کی ایذا اس کی زندگی میں مکروہ جانتا ہوں یونہیں بعد موت کے اس کی ایذا کو ناپسند رکھتا ہوں۔ اخرجہ سعید بن منصور فی سننہ کما فی شرح الصدور۔

**اَقُوْل** وھذہ الاحادیث تؤید ما اخترنا وتؤذن ان تاویل ابی جعفر رحمہ اللہ تعالیٰ لیس فی مسئلہ فیما فی عامة الکتب فاخذ لاعتضادھا بنصوص الاحادیث ولانہ

Marfat.com

علیہ الا ان العمل بما علیہ الاکثر وانہ لا یعدل عن روایۃ ما وافقتہا درایۃ فکیف اذا کان ھو الاشھد الاظھر الاکثر الازھر وبھذا ماذعم العلامۃ البدر فی العمدۃ فتبصر۔ انہیں احادیث سے ہمارے علماء رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہم نے بے ضرورت[1] قبر پر چلنے اور اس پر بیٹھنے اور پاؤں رکھنے سے منع فرمایا کہ یہ سب حرمت مومن کے خلاف اور ترک ادب وگستاخی ہے۔ ففی النوادر والتحفۃ والبدائع والمحیط وغیرھا ان اباحنیفۃ کرہ وطاء القبر والقعود او النوم او قضاء الحاجۃ علیہ کذا نقل العلامۃ ابن امیر الحاج فی الحلیۃ۔

**اقول** والکراھۃ عند الاطلاق کراھۃ تحریم کما صرحوا بہ مع ما یفیدہ من النھی الوارد فی الاحادیث معالا بالایذاء والایذاء حرام فھذا ما ندین اللہ تعالیٰ بہ وان قیل وقیل حاشیہ طحطاوی علی شرح نور الایضاح میں سراج وہاج سے ہے ان لم یکن لہ طریق الا علی القبر

---

[1] قولہ بے ضرورت کی صورت مثلاً قبرستان میں میت کے لیے قبر کھودنے یا دفن کرنے جانا چاہتے ہیں بیچ میں قبریں حائل ہیں اس حاجت کے لیے اجازت ہے پھر بھی جہاں تک بن پڑے بچتے ہوئے جائیں اور ننگے پاؤں ہوں ان اموات کے لیے دعا واستغفار کرتے جائیں۔ فی حاشیۃ العلامۃ الطحطاوی علی مراقی الفلاح عن شرح المشکوٰۃ الوطأ لحاجۃ کدفن المیت لایکرہ اھ وعن السراج فان لم یکن لہ طریق الا علی القبر جاز لہ المشی علیہ للضرورۃ ۔ ۱۲ منہ

Marfat.com

جازلہ المشی علیہ للضرورۃ اھ

**اَقُوْل** وھذا ایضا دلیل علی ما اخترنا من کراھۃ التحریم فان المفھوم المخالف معتبر فی الروایات وکلام العلماء بالاتفاق فافاد ان المشی لایجوز بلا ضرورۃ ومالا یجوز فادفاہ کراھۃ التحریم۔

سیدی عبدالغنی نابلسی حدیقہ ندیہ میں فرماتے ہیں قال الوالد رحمۃ اللہ تعالٰی علیہ فی شرحہ علی الدرر ویکرہ ان یوطاء القبر لماروی عن ابن مسعود الخ وذکرالاثر الذی رویناہ اور محیط سے نقل فرمایا یکرہ ان یطأ علی القبر یعنی بالرجل ویقعد علیہ اھ قولہ یعنی بالرجل قلت فسر بذلک لئلا یحمل علی الجماع اقول ویکرہ ایضا بل اشد لما فی من زیادۃ الاستخفاف کالوطأ علی سطح المسجد مع الدلالۃ علی تناھی القلب فی تناسی الموت فکان الحمل علی الوطأ بالرجل لیکون ادخل فی النھی عن الوطاء بمعنی الجماع بطریق دلالۃ النص لالانہ غیر مکروہ ھکذا ینبغی ان یفھم۔

اور جامع الفتاوٰی سے لائے انہ والتراب الذی علیہ حق المیت فلا یجوز ان یوطاء۔

اور مجتبٰی سے ان المشی علی القبور یکرہ۔

اور شرعۃ الاسلام و شرح شرعہ سے من السنۃ ان لا یطاء القبور فی نعلینہ فان النبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کان

Marfat.com

یکرہ ذلک الخ

اور امام شمس الائمہ حلوائی سے انہ قال یکرہ۔

اور امام علی ترجمانی سے قال یاثم بوطاء القبور لان سقف القبر حق المیت اھ اقول وھذا نص علی ما اخترنا من کراھۃ التحریم اذ لا اثم فی المکروہ تنزیھا لان[1] مرجعہ الی خلاف الاولی ولانہ[2] ربما تعمدہ النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بیانا للجواز والنبی معصوم عن تعمد الاثم ولان[3] المؤثم لا یجوز فلا معنی لبیان الجواز ولانھم[4] صرحوا انہ یجامع الاباحۃ کما فی اشربۃ رد المحتار عن العلامۃ ابی السعود والمعصیۃ لا تجامعھا ولانھم[5] یعبرون عنھا بنفی الباس وای باس اعظم من الاثم ولان[6] من للمؤثم واجب الترک وما وجب ترکہ کان فعلہ مقارنا بالحرام وھذا معنی کراھۃ التحریم ولانھم[7] نصوا ان فاعل المکروہ تنزیھا لا یعاقب اصلا کما فی التلویح مع ما اعتقدنا ان اللہ تعالیٰ ان یعاقب علی کل جریرۃ ولا صغیرۃ فھذہ بحمد اللہ سبحۃ دلائل ناطقۃ بان ما وقع عن بعض ابناء الزمان فی رسالۃ شرب الدخان من ان المکروہ تنزیھا من الصغائر غلط فاحش وخطأ عظیم نعم قد صرح البحر فی بحرہ ان المکروہ تحریما منھا فتثبت ولا تخبط۔

نور الایضاح اور اس کی شرح مراقی الفلاح میں ہے فصل

Marfat.com

فی زیارۃ القبور ندب زیارتھا من غیران یطأ القبور۔
اسی میں ہے کرہ وطؤھا بالاقدام لما فیہ من عدم الاحترام
وقال قاضی خاں لو وجد طریقا فی المقبرۃ وھو یظن
انہ طریق احدثوہ لا یمشی فی ذلک وان لم یقع فی ضمیرہ
لاباس بان یمشی فیہ اھ ملخصا۔
اَقُوْل وھذا ایضا دلیل ما اخترناہ فانہ علق
نفی الباس علی ان لا یقع فی قلبہ انہ طریق علی قبر فافاد
وجود الباس فیما اذا وقع ذلک فی نفسہ وایضا قد تقدم
التصریح بالحرمۃ عن الشامی والطحطاوی عن
علمائنا رحمھم اللہ تعالٰی۔
علامہ اسمٰعیل بابلسی حاشیہ درروغرر میں فرماتے
ہیں لاباس بزیارۃ القبور والدعاء للاموات ان کانوا مؤمنین[1]
من وطاء القبور کما فی البدائع والملتقط اھ طریقہ محمدیہ میں ہے
من افات الرجل المشی علی المقابر اھ

## قبروں کو روندنے کی بجائے کنارۂ قبرستان سے دُعا کرلیں

امام علامہ محقق علی الاطلاق ان لوگوں پر اعتراض فرماتے ہیں جن کے اعزا واقربا کے گرد
مخلوق دفن ہے وہ ان کی قبروں کو روندتے ہوئے اپنے عزیزوں کی
گورتک جاتے ہیں انہیں چاہیے کنارۂ قبرستان سے زیارت اور دُعا

---

[1] علی صیغۃ المفعول ای آمنین ۱۲۔

Marfat.com

کرلیں اور اُن کی قبروں کے قریب نہ جائیں فقد قال فی الفتح یکرہ الجلوس علی القبر و وطؤہ وح فمایصنعہ من دفنت حول اقاربہ خلق من وطأ تلك القبور الی ان یصل الی قبرقریبہ مکروہ اھ۔

**صاحب قبر نے شکایت کی** امام محدّث حافظ الحدیث ابوبکر بن ابی الدنیا حضرت ابو قلابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی اقبلت من الشام الی البصرۃ فنزلت الخندق فتطھرت وصلیت رکعتین باللیل ثم وضعت راسی علی قبر فنمت ثم انتبھت فاذا بصاحب القبر یشتکی ویقول لقد اذیتنی منذ اللیلۃ الخ یعنی میں ملک شام سے بصرہ کو آتا تھا رات کو خندق میں اُترا وضو کیا دو رکعت نماز پڑھی پھر ایک قبر پر سر رکھ کر سو رہا جب جاگا تو ناگاہ سُنا کہ صاحب قبر شکایت کرتا اور فرماتا ہے کہ تو نے رات بھر مجھے ایذا پہنچائی۔

**صاحبِ قبر نے کہا قُمْ فَقَدْ اٰذَیْتَنِیْ** ابن ابی الدنیا اور امام بیہقی دلائل النبوۃ میں حضرت ابوعثمان نہدی وہ ابن مینا تابعی سے راوی میں مقبرے میں گیا دو رکعت پڑھ کر لیٹ رہا خدا کی قسم میں خوب جاگ رہا تھا کہ سنا صاحب قبر کہتا ہے قُمْ فَقَدْ اٰذَیْتَنِیْ اُٹھ کہ تو نے مجھے ایذا دی۔

**قبر سے آواز آئی** امام حافظ ابو مندہ قاسم بن مخیمرہ سے راوی کسی شخص نے ایک قبر پہ پاؤں رکھا

Marfat.com

قبر سے آواز آئی الیك عنی یا رجل ولا تؤذنی اپنی طرف ہٹ اے شخص میرے پاس سے اور مجھے ایذا نہ دے۔ ذکرھما العلامۃ السیوطی فی شرح الصدور اقول وفیھما تائید اعلیہ عامۃ علمائنا خلافا للامام ابی جعفر ومن تابعہ من بعض المتاخرین

**یہاں قبر ہے، قبر سے آواز آئی** اور اس فقیر غفر اللہ تعالیٰ لہٗ نے حضرت سیدی ابوالحسین احمد نوری مدظلہ العالی سے سُنا کہ ہمارے بلاد میں مارہرہ مطہرہ کے قریب ایک جنگل میں گنج شہیداں ہے، کوئی شخص اپنی بھینس لیے جاتا تھا ایک جگہ زمین نرم تھی ناگاہ بھینس کا پاؤں جا رہا معلوم ہوا یہاں قبر ہے قبر سے آواز آئی، اے شخص تُو نے مجھے تکلیف دی تیری بھینس کا پاؤں میرے سینے پر پڑا۔ وفیھا قصۃ لطیفۃ تدل علی عظیم قدرۃ اللہ وعجیب صنعہ فی الشھداء۔

**حکمِ مسئلہ** اب بحمد اللہ تعالیٰ حکمِ مسئلہ مثلِ آفتاب روشن ہوگیا جب حضور اقدس صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے قبر پر بیٹھنے اور اُس سے تکیہ لگانے اور مقابر میں جوتا پہن کر چلنے والوں کو منع فرمایا اور علماء نے اس خیال سے کہ قبور پر پاؤں نہ پڑے۔ گورستان میں جو راستہ جدید نکالا گیا ہو اس میں چلنے کو حرام بتایا اور حکم دیا کہ قبر پر پاؤں نہ رکھیں بلکہ اُس کے پاس نہ سوئیں۔ سُنت یہ ہے کہ زیارت میں بھی وہاں نہ بیٹھیں بلکہ بہتر یہ ہے کہ بلحاظِ ادب پاس بھی نہ جائیں دُور ہی سے زیارت کر آئیں اور قبرستان کی خشک گھاس اگرچہ جانوروں

Marfat.com

کو کھلانا جائز فرمایا مگر یہ کہ یہاں سے کاٹ کر لے جائیں نہ کہ جانوروں کو مقابر میں چرائیں اور تصریح فرمائی کہ مسلمان کی عزت زندہ و مُردہ برابر ہے اور جس بات سے زندوں کو ایذا پہنچتی ہے، مُردے بھی اس سے تکلیف پاتے ہیں اور انہیں تکلیف دینا حرام۔ تو خود ظاہر ہوا کہ یہ فعل مذکور فِی السُّوال کس قدر بے ادبی و گستاخی و باعثِ گناہ و استحقاقِ عذاب ہے۔ جب مکان سکونت بنایا گیا تو چلنا پھرنا بیٹھنا لیٹنا، قبور کو پاؤں سے روندنا، ان پر پاخانہ پیشاب جماع سب ہی کچھ ہوگا اور کوئی دقیقہ بے حیائی اور اَمواتِ مسلمین کی ایذا رسانی کا باقی نہ رہے گا والعِیَاذُ بِاللہِ ربِّ العٰلمین۔

علماء فرماتے ہیں جہاں چالیس مسلمان جمع ہوتے ہیں اُن میں ایک ولی اللہ ضرور ہوتا ہے کما صرّح به العلامة المناوی رحمهُ الله تعالیٰ فی التیسیر شرح الجامع الصغیر اور ظاہر ہے کہ مقابر مسلمین میں صدہا مسلمانوں کی قبریں ہوتی ہیں بلکہ خدا جانے ایک ایک قبر میں کس کس قدر دفن ہیں تو بالضرورۃ ان میں بندگانِ مقبول بھی ضرور ہوں گے بلکہ اس امر کی اموات میں زیادہ اُمید ہے کہ بہت بندے خدا کے جو زندگی میں آلودہ گناہ تھے بعد موت پاک و طیب ہوگئے۔

**موت کفّارۂ گناہ ہے** نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں، اَلموت کفّارۃ لِکُلِّ مُسلم۔ موت کفارۂ گناہ ہے ہر سُنّی مسلمان کے لیے۔

---

ـه فائدہ جلیلہ محاورۂ قرآن و حدیث میں مومن و مسلم خاص اہلسنت کو

Marfat.com

اخرجہ ابو نعیم والبیہقی فی منتخب الایمان عن انس رضی اللہ تعالٰی عنہ قال السیوطی صححہ ابن العربی۔ اسی لیے نبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے حکم دیا فاجر مُعلِن کے فسق و فجور کا اس کی زندگی میں اعلان کیا جائے تاکہ لوگ اس سے احتراز کریں۔

## بعد موت فاسق و فاجر کو بُرا کہنے کی ممانعت

اخرج ابن ابی الدنیا فی ذم الغیبۃ والترمذی فی النوادر والحاکم فی الکنی والشیرازی فی الالقاب وابن عدی فی الکامل والطبرانی فی لکبیر والبیہقی فی السنن والخطیب فی التاریخ کلھم عن الجارود عن

---

ہکہتے ہیں کہ زمانہ نزول قرآن عظیم وارشاد احادیث کریمہ میں صرف اہل حق اہلسنت اہل جماعت ہی تھے اس زمانہ برکت نشان میں کسی بد مذہب مبتدع کا ہونا محال تھا کہ مذہبی شبہہ و تاویل سے پیدا ہوتی ہے جسے یقین قطعی سے بدلنے والے حضور پُر نور صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم دنیا میں جلوہ فرما تھے اگر شبہہ گذرتا حضور کشف فرماتے شبہہ والا مانتا تو سنی ہوتا نہ مانتا تو کافر ہو جاتا۔ یہ بیچ کی شق وہاں ممکن ہی نہ تھی ولہذا آیہ کریمہ وَیَتَّبِع غَیرَ سَبِیلِ المؤمنین سے جب علماء نے حجیّت اجماع پر استدلال کیا تصریح فرمادی کہ مبتدعین کا اتفاق اجماع میں ملحوظ نہیں کہ مومنین سے مراد امّت اجابت ہیں۔ مبتدعین امّت اجابت نہیں امّت دعوت ہیں دیکھو توضیح وتلویح بحث اجماع وغیرہ۔ یہ فائدہ نفیسہ یاد رکھنے کا ہے کہ انما المؤمنون اخوۃ وغیرہا آیات واحادیث میں مومنین سے اہلسنت ہی مراد ہیں انہیں کے

Marfat.com

بھز بن حکیم عن ابیہ عن جدہ ۔عن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اترعون عن ذکر الفاجر متی یعرفہ الناس اذکروا الفاجر بما فیہ یحذرہ الناس اور بعد موت کیسا ہی فاسق فاجر ہو اُس کے بُرا کہنے اور اس کی برائیاں ذکر کرنے سے منع فرمایا کہ وہ اپنے کیے کو پہنچ گیا۔ اخرج الامام احمد والبخاری والنسائی عن ام المؤمنین الصدیقۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہا عن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قال لا تسبوا الاموات فانھم قد افضوا الی ما قدموا[1] واخرج ابوداؤد والترمذی والحاکم والبیہقی عن ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنھما عن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اذکروا محاسن مرتاکم وکفوا عن مساویھم[2] واخرج النسائی بسند جید عن عائشۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہا عن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لا تذکروا ھلکاکم الا بخیر[3]۔

بعد اس اطلاع کے بھی اگر ایسے اشخاص اپنی حرکت سے باز

---

باہم اتفاق و اتحاد کا حکم ہے نہ وہ خذلہا اللہ تعالیٰ کی تعمیم اور تمام گمراہوں بدمذہبوں سے اتحاد وداد کی تعلیم سب بے دینوں کی تکریم و تعظیم پر ان نصوص کو پیش کرنا محض بددینی و ضلالت ہے۔ وَالْعِیَاذُ بِاللّٰہِ تَعَالٰی۔ ۱۲ منہ حفظ ربہ۔

Marfat.com

نہ آئیں تو اب ان کی گستاخیاں عوام مومنین کے ساتھ ہی نہیں بلکہ حضرات اولیائے کرام کے ساتھ بھی ہوں گی اور اَشَدُّ و اَعْظَمُ مصیبت اس کی جو اولیاء کی جناب رفیع میں گستاخی ہو۔ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں اللہ جل جلالہ فرماتا ہے من عادلی ولیا فقد اٰذنتہ بالحرب جو میرے کسی ولی سے دشمنی باندھے تو بیشک میں نے اس سے لڑائی کا اعلان کر دیا۔ (رواہ الامام البخاری عن سیدنا ابی ہریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

اقول وکفی بالجامع الصحیح حجۃ وان کان فی القلب الذھبی ماکان۔ غرض ان لوگوں پر ضرور ہے کہ اپنے حال سقیم پر رحم کریں اور خدائے جبّار قہّار جل جلالہ کے انتقام سے ڈریں اور مسلمانوں کے اَموات کو ایذا نہ پہنچائیں۔ آخرانہیں بھی اپنے اَمثال کی طرح ایک دن زمین میں جانا اور بے کس بے بس ہوکر پڑنا ہے جیسے آج یہ لوگوں کے ساتھ پیش آتے ہیں ویسا ہی اور لوگ کل ان کے ساتھ کریں گے۔

عنہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کما تدین تدان اخرجہ ابن عدی فی الکامل عن ابن عمر واحمد فی المسند عن ابی الدرداء وعبدالرزاق فی الجامع عن ابی قلابۃ مرسلا وھو عند الاٰخرین قطعۃ حدیث قلت ولہ شواھد جمۃ وھو من جوامع کلمہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ اللہ کی طرف

---

لہ

Marfat.com

شکوہ ہے کہ یہ بلا ان جاہلوں میں اُن اجہلوں کی پھیلائی ہوئی ہے جنہوں نے اموات کو بالکل پتھر سمجھ لیا کہ مرگئے اور خاک ہوگئے نہ اب کچھ سنیں نہ سمجھیں نہ کسی چیز سے ایذا یا راحت پائیں اور جہاں تک بن پڑا قبور مسلمین کی عظمت قلوب عوام سے چھین ڈالی۔

فَاِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن ۰

## وصل دوم

## بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ فتوائے اولیٰ

مسئلہ از کلکتہ امر تلالین نمبر ۸ مرسلہ حاجی لعل خاں صاحب وبار دوم بلفظہ از کانپور بازار نیا گنج کمپنی داؤدجی دادا بھائی سورتی مرسلہ عبدالرحیم صاحب، ۲۰ ربیع الآخر شریف ۱۳۲۱ھ۔

کیا فرماتے ہیں علمائے دین رحمہم اللہ تعالیٰ اس مسئلہ میں کہ ایک سطح وقف زمین جو کہ قبرستان کے نام سے مشہور ہے جس کی ایک طرف چند پرانی شکستہ قبریں پائی جاتی ہیں اور باقی ایک تہائی سطح میدان پڑا ہوا ہے اور وہاں کے عمر رسیدہ قریب اسّی سے سو برس کے بزرگوں سے تحقیق کرنے پر وہ کہتے ہیں کہ ہم لوگوں کے ہوش سے ہم لوگوں کے جاننے میں کسی حصہ اس سطح زمین میں کوئی میت دفن نہیں ہوا ہے اس پر چند مسلمانان عالی ہمت نے اس تہائی خالی سطح زمین پر مدرسہ وکتب خانہ بنانے کے لیے حاکم وقت سے درخواست کی۔ تحقیق کرنے کے بعد کہ وہاں کوئی قبر نہیں ہے حاکم

Marfat.com

نے اجازت دی۔ اُن حضرات نے مدرسہ و کتب خانہ بنانے کے لیے تمام سامان فراہم کیا ہے۔ اس صورت میں ایسے مقام پر مدرسہ و کتب خانہ بنانا درست ہے یا نہیں اور مدرسہ کی نیو کھودتے وقت اگر احیاناً وہاں مُردہ کی بوسیدہ ہڈی نکلے تو اس کا کیا حکم ہے؟

بینوا توجروا۔

## الجواب

وقف کی تبدیلی جائز نہیں۔ جو چیز جس مقصد کے لیے وقف ہے اُسے بدل کر دوسرے مقصد کے لیے کر دینا روا نہیں۔ جس طرح مسجد یا مدرسہ کو قبرستان نہیں کر سکتے۔ یونہیں قبرستان کو مسجد یا مدرسہ یا کتب خانہ کر دینا حلال نہیں۔ سراج وہاج پھر فتاوی ہندیہ میں ہے:

لا یجوز تغییر الوقف عن هیأته فلا یجعل الدار بستانا ولا الخان حماما ولا الرباط دکانا الا اذا جعل الواقف الی الناظر ما یری فیه مصلحة الوقف اھ قلت فاذا لم یجز تبدیل الهیأة فکیف بتغییر اصل المقصود۔

اور اس پارۂ قبرستان میں سو برس سے کوئی قبر نہ ہوا اُسے قبرستان ہونے سے خارج نہیں کر سکتا امام ابو یوسف رحمہ اللہ تعالیٰ کے قول مفتٰی بہ پر تو واقف کے صرف اتنے کہنے سے کہ میں نے یہ زمین دفن مسلمانان کے لیے وقف کی یا اس زمین کو مقبرۂ مسلمین کر دیا وہ تمام زمین قبرستان ہو جاتی ہے اگرچہ ہنوز ایک مُردہ بھی دفن نہ ہوا ہو اور امام محمد کے قول پر ایک شخص کے دفن سے

Marfat.com

ساری زمین قبرستان ہو جاتی ہے۔

اسعاف پھر رد المحتار میں ہے تسلیم کل شئ بحسبہ نفی المقبرۃ بدفن واحد وفی السقایۃ بشربہ وفی الخان بنزولہ۔

ہدایہ وہندیہ میں ہے وعند ابو یوسف رحمہ اللہ تعالی یزول ملکہ بالقول کما ھو اصلہ وعند محمد رحمہ اللہ تعالی اذا لناس من السقایۃ وسکنوا الخان والرباط ودفنوا فی المقبرۃ زال الملک ویکتفی بالواحد لتعذر فعل الجنس کلہ وعلی ھذا البئر والحوض۔

درمنتقی وشامی میں ہے قدم فی التنویر والدرر والوقایۃ وغیرھا قول ابی یوسف وعلمت ارجحیتہ فی الوقف والقضاء۔

پس صورت مستفسرہ میں وہاں مدرسہ وکتب خانہ بنانا ہی جائز نہیں اگرچہ مُردہ کی ہڈی نہ نکلے اور نکلنے کی حالت میں ممانعت اور اشد ہو جائے گی کہ قبر مسلم کی بے حرمتی ہوئی۔ کما بیناہ فی الامر باحترام المقابر واللہ تعالی اعلم۔

## فتوائے ثانیہ

مسئلہ از کانپور مسجد رنگیان مرسلہ مولوی شاہ احمد حسن صاحب مرحوم بوساطت جناب مولانا مولوی وصی احمد صاحب ۲۱ جمادی الآخرہ ۱۳۲۱ھ

بخدمت سراپا برکت مولانا صاحب المجدد مائۃ حاضرہ صاحب حجت قاہرہ امام جماعت عالم سنت مولانا وسیدنا المولوی

Marfat.com

محمد احمد رضا خاں صاحب تمت فیوضاتہم وعمت سکنۃ المشارق والمغارب۔

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔

کانپور مولوی احمد حسن صاحب سے ملاقات ہوئی کہتے تھے کہ بالفعل ایک اشد ضرورت ہے وہ یہ کہ جامع العلوم والوں نے ایک فتویٰ لکھا مُستَفتی میرے پاس لایا۔ میں نے اُن کے خلاف جواب لکھا۔ جامع العلوم والوں نے اُس کو دیو بند بھیجا۔ اُنہوں نے اپنے ہم مذہبوں کے جواب کی تصدیق کی۔ مُستَفتی پھر میرے پاس آیا کہ اب میں کس کے قول پر عمل کروں میں نے کہا کہ جو فیصلہ حکم کرے اُس پر عمل کرو۔ حضرت مولٰنا سے بڑھ کر کون حَکَم ہے۔ لہٰذا اس اِستِفتا کو اپنے ہمراہ لیتے جاؤ اور مولٰنا سے جواب لکھوا لو اور فوراً روانہ کر دو چونکہ میرا ارادہ حاضری کا تھا میں نے اِستِفتا لے لیا اور اتفاق کہ میں حاضر نہ ہو سکا اور یہ بہت ضروری ہے لہٰذا اس عریضہ کو میں ہمراہ سیّد عبدالشکور صاحب حاضرِ خدمت کرتا ہوں اسی وقت فیصلہ لکھ دیجئے اور سیّد صاحب ہی کے ہمراہ واپس فرمائیے کہ میں روانہ کر دوں۔ مولوی احمد حسن صاحب انتظار میں ہوں گے۔

## نَقلِ اِستِفتاء

کیا فرماتے ہیں علماء دین کہ ایک سطح وقف زمین کہ قبرستان کے نام سے مشہور ہے جس کی ایک طرف چند پُرانی شکستہ قبریں پائی جاتی ہیں

Marfat.com

الخ (بعینہ سوال آمدہ از کلکتہ امرتلالین و از کانپور بازار نیا گنج ۲۰ ربیع الآخر شریف ۱۳۲۱ھ کہ عنقریب فتاویٰ میں گذرا)

**جواب** اہلی مدرسہ جامع العلوم ایسے مقام پر کتب خانہ اور مدرسہ بنانا جائز ہے لعدم المانع اور اگر بوسیدہ ہڈی اتفاقی طور پر نکل آئے تو اُس کو کہیں دفن کر دے وقال الزیلعی ولوبلی المیت وصار ترابا جاز دفن غیرہ فی قبرہ وزرعہ والبنا علیہ اھ شامیہ صفحہ ۵۹۹ واللہ اعلم

الاحقر محمد رشید مدرس دوم
مدرسہ جامع العلوم کانپور۔

| |
|---|
| دو عالم ز فیض محمد رشید<br>۱۳ ھ ۱۳ |

من اجاب فقد اصاب محمد عبداللہ عفی عنہ

ہذا الجواب غیر صحیح لانہ مخالف لعبارۃ الفقہاء
محمد عبدالرزاق مدرس مدرسہ
امداد العلوم کانپور۔

| |
|---|
| محمد عبدالرزاق |

## خلاصۂ جواب جناب مولوی احمد حسن صاحب

صورت مسئولہ میں اس مقام پر کتب خانہ و مدرسہ بنانا ناجائز ہے اس لیے کہ یہ جگہ جب مقبرہ کے نام سے مشہور اور وقف ہے تو شرعًا یہ مقبرہ سمجھا جائے گا اور اس مقبرہ کے لیے یہ زمین وقف ہو گی اور اُس کی شہرت اس کے ثبوت کے لیے دلیل کافی ہے درمختار میں ہے تقبل فیہ الشہادۃ بالشھرۃ الخ رد المحتار میں ہے الخ

Marfat.com

عالمگیریہ الشہادۃ علی الوقف بالشہرۃ بجوز الخ اوراس کے مندرس ہوجانے سے دوسرا کوئی نفع لینا درست نہ ہوگا۔

قاضی خاں مطبوعہ مصر جلد ثالث صفحہ ۳۱۴ مقبرۃ قدیمۃ بمحلۃ لم یبق فیہا اثار المقبرۃ ھل یباح لاھل المحلۃ الانتفاع بہا قال ابو نصر رحمہ اللہ تعالی لا یباح۔

علمگیری جلد ثانی مطبوعہ مصر صفحہ ۴۷۰ و ۴۷۱ سئل القاضی الامام شمس الائمۃ محمود الاوزجندی فی المقبرۃ اذا اندرست ولم یبق فیہا اثر الموتی لا العظم ولا غیرہ ھل یجوز زرعہا واستغلالہا قال لا ولہا حکم المقبرۃ کذا فی المحیط نہ عدم جواز انتفاع بالمقبرۃ امام زیلعی کی اس عبارت کے خلاف ہے اس لیے کہ انہوں نے جواز میت کے بوسیدہ اور خاک ہو جانے پر مرتب فرمایا ہے اور جہاں عدم جواز اس وجہ سے نہیں بلکہ بسبب مقبرہ کے وقف ہونے کے ہے جیسا کہ مصحح نے علمگیریہ مطبوعہ مصر میں لکھا ہے عبارت منقولہ علمگیریہ پر یہ عبارت لکھی ہے قولہ قال لا ھذا لا ینافی ما قالہ الزیلعی لان المانع ھھنا کون المحل موقوفا علی الدفن فلا یجوز استعمالہ فی غیرہ فلیتأمل ولیحرز اھ مصححہ اور مسائل سے یہ بات یہ بھی ثابت ہوتی ہے کہ غیر جنس کی طرف نقل وقف جائز نہیں۔

علمگیریہ جلد ثانی صفحہ ۴۷۰ سئل شمس الائمۃ الحلوانی عن مسجد او حوض خرب ولا یحتاج الیہ لتفرق الناس ھل للقاضی ان یصرف اوقافہ الی مسجد اخر او حوض

Marfat.com

اخر قال نعم ولو لم ینفرق الناس ولکن استغنی الحوض عن العمارۃ وھناک مسجد محتاج الی العمارۃ او علی العکس ھل یجوز للقاضی صرف وقف ما استغنی عن العمارۃ ما ھو محتاج الی العمارۃ فقال لا کذا فی المحیط۔ لہذا اس زمین میں جو دفن ہو کے لیے وقف ہو مدرسہ وغیرہ بنانا جائز نہ ہوگا گو خالی ہی کیوں نہ ہو اور دوسرے اس کا خالی ہونا فقط اتنی شہادت سے کہ ہماری عمر میں ہمارے علم میں کوئی میت دفن نہ کی گئی نہیں ثابت ہو سکتا بلکہ اس قدیم مقبرے کا پُر ہونا سمجھا جاتا ہے کہ جب دو تہائی زمین میں قبریں اس قدر پُرانی ہیں کہ سو برس کے لوگوں کے ہوش سے قبل کی ہیں تو اس ایک ثلث میں اس سے بھی پہلے کی ہوں گی اور وہ بالکل منہدم ہو گئے ہوں زمین صاف معلوم ہوتی ہو زمین بھر جانے کی وجہ سے دفن کرنا چھوڑ دیا گیا ہو۔ ہاں اگر کوئی شخص بیان کرے کہ جب سے یہ زمین مقبرہ کے لیے وقف ہوئی کوئی میت اس تہائی میں نہ دفن کی گئی تو البتہ خالی ہونا ثابت ہو سکتا ہے پھر بھی مدرسہ وغیرہ سوائے دفن کے دوسرے کام میں لانا ناجائز ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

کتبہ

عبدہ العاصی فضل الٰہی عفی عنہ

ہذا الجواب صحیح کتبہ عبدالرزاق عفی عنہ

الجواب الثانی صحیح کتبہ احمد حسن عفی عنہ

Marfat.com

# جواب مولوی رشید احمد گنگوہی و دیوبندیان

**الجواب** یہ جواب صحیح نہیں ہے اور مجیب صاحب نے جو روایت نقل کی ہے اُس سے بھی مدعا ثابت نہیں ہوتا الحاصل اگر وہ قبرستان وقف نہیں ہے تو کچھ کلام نہیں اور قبرستان کو جو وقف مشہور کر دیتے ہیں یہ سب جگہ جاری نہیں اکثر جگہ دیکھا گیا ہے کہ گورستان وقف نہیں ہوتا اور بعد تسلیم اس بات کے کہ وہ وقفی ہے اُس صورت میں کہ وہاں دفن اموات کا ایک مدت دراز سے بند ہے تو اس میں دوسرا مکان وقفی بنا دینا درست ہے لہذا مدرسہ وقفی بنانا اُس گورستان میں جائز ہے چنانچہ اس روایت سے واضح ہے عینی شرح بخاری جلد ۲ صفحہ ۲۵۹ فان قلت هل یجوز ان تبنی المساجد علی قبور المسلمین خلت قال ابن القاسم لوان مقبرة من مقابر المسلمین عفت فبنی قوم علیها مسجد الم ار بذلك بأسا وذلك لان المقابر وقف من اوقاف المسلمین لدفن موتاهم لا یجوز لاحد ان یملکها فاذا درست واستغنی عن الدفن فیها جاز صرفها الی المسجد لان المسجد ایضا وقف من اوقاف المسلمین لا یجوز تملیکه لاحد فمعنا هما علی هذا واحد اور کتب فقہیہ میں بھی روایات جواز موجود ہیں مگر بندہ کو مہلت نہیں فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

رشید احمد گنگوہی عفی عنہ

| |
|---|
| رشید احمد<br>۱۳۰۱ ھ |

الجواب صحیح بندہ محمود عفی عنہ

| |
|---|
| محمد یٰسین عفی عنہ |

الجواب صحیح بندہ مسکین محمد یٰسین عفی عنہ

الجواب صحیح غلام رسول عفی عنہ

Marfat.com

جبکہ وہ مقبرہ نہایت کہنہ ہے اور اس وقت دفن کرنا وہاں متروک ہوگیا ہے تو بناء مدرسہ اس جگہ میں خصوصاً حصہ خالی میں درست ہے البتہ اگر وہ مقبرہ فی الحال دفن اموات کے کام آتا ہو تو کوئی اور بنا اس میں درست نہیں ہے۔ قال فی العلمگیریۃ ولو بلی المیت وصار ترابا جاز دفن غیرہ فی قبرہ وزرعه والبناء علیه کذا فی التبیین فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ عزیز الرحمٰن عفی عنہ

| |
|---|
| ۱۳۰۷ متوکل علی العزیز الرحمٰن |

## فتویٰ مجددِ مائۃ حاضرہ

## امام اہل سنّت مولانا احمد رضا خاں کا جواب مبارکہ

### الجواب

اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جواب اوّل غلط صریح اور حکم ثانی حق وصحیح اور تحریر ثالث جہل قبیح ہے۔

اوّلاً سوال میں صاف تصریح تھی کہ ایک سطح وقف زمین پھر مجیب سوم کی تشقیق کہ اگر وہ قبرستان وقف نہیں الخ محض شقشقہ

Marfat.com

بے معنی ہے۔

**ثانیاً** قبرستان کو جو وقف مشہور کر دیتے ہیں یہ سب جگہ جاری نہیں اس کا یہ مُشَارٌ اِلَیہ شہرت ہے یا وقفیت اوّل صحیح ہے مگر مہمل و ندائے بے محل۔

**وقف میں شہرت کافی ہے**

سوال اس صورت خاصہ سے ہے جہاں شہرت موجود ہے اس پر حکم کے لیے ہر جگہ شہرت کیا ضرور یوں ہیں۔ دوم بھی اگر مقصود سلب وقفیت بحال انتفائے شہرت ہو اور انہیں دونوں صورتوں میں یہ قول کہ اکثر جگہ دیکھا گیا کہ گورستان وقف نہیں ہوتا رو بصحت رکھتا ہے اگرچہ کثیر و اکثر میں فرق نہ کرنا ضیق نطاق بیان ہے اور اگر نفی وقفیت باوصف شہرت مراد تو محض مردود و ظاہر الفساد اور اب وہ شہادت مشاہدۂ اکثر بلا دصراحۃً حقایت بے محکی ہے متون و شروح و فتاویٰ مذہب میں تصریحات جلیہ ہیں کہ شہرت مثبت وقفیت و مسوغ شہادت ہے۔ کلام مجیب دوم سلمہ میں بھی اس کی بعض نقول منقول پھر باوصف تسلیم دلیل شرعی نفی مدلول جہل قطعی۔ یہاں شہادت شہرت کو نہ ماننا نہ اسی مقبرے بلکہ عامۂ اوقاف قدیمہ کو یکسر مٹا دینا ہے طول عہد کے بعد شہود معائنہ کہاں اور مجرد خط حجت نہیں۔

فتاویٰ خیریہ میں ہے لا یعمل بمجرد الدفتر ولا بمجرد الحجۃ لما صرح بہ علماءنا من عدم الاعتماد علی الخط

Marfat.com

وعدم العمل به لمکتوب الواقف الذی علیه خطوط القضاۃ الماضین وانما العمل فی ذلک بالبینۃ الشرعیۃ

اُسی میں ہے کتاب الوقف انما ھو کاغذ بہ خط وھو لا یعتمد علیہ ولا یعمل بہ کما صرح بہ کثیر من علمائنا والعبرۃ فی ذلک للبینۃ الشرعیۃ وفی الوقف یسوغ للشاھد ان یشھد بالسماع ویطلق ولا یضر فی شھادۃ قولہ بعد شھادۃ لم اعاین الوقف ولکن اشتھر عندی او اخبرنی بہ من اثق بہ۔

اب اگر شہرت بھی مقبول نہ ہو تو ہزاروں وقف سوا اس کے کہ محض بے ثبوت و باطل قرار پائیں اور کیا نتیجہ ہے؟

## وقف میں تبدیل حرام ہے

ثالثاً مقبرے کے لیے وقف تسلیم کر کے اس میں مدرسہ وغیرہ دوسرے مکان وقفی بنانے کو درست بتانا ظلم واضح و جہل فاضح ہے کہ اس میں صراحۃً تغیر وقف ہے اور وہ حرام ہے حتیٰ کہ متولی کو بھی جو وقف پر ولایت رکھتا ہے نہ کہ اجنبی۔ حتیٰ کہ علما نے تغیر ہیأت کی بھی بے اِذن واقف اجازت نہ دی نہ کہ تغیرِ اصل وقف عقود الدریہ میں ہے، لا یجوز للناظر تغییر صیغۃ الواقف کما افتی بہ الخیر الرملی والحانوتی وغیرھما۔

سراج الوہاج و ہندیہ میں ہے: لا یجوز تغییر الوقف عن ھیأتہ فلا یجعل الدار بستانا ولا الخان حماما ولا الرباط دکانا الا اذا جعل الواقف الی الناظر

Marfat.com

مایری فیہ مصلحۃ الوقف۔
فتح القدیر ورد المحتار وشرح الاشباہ للعلامۃ البیری
میں ہے۔ الواجب ابقاء الوقف علی ما کان علیہ
دون زیادۃ۔

**وقف کرنے کے لیے مالک ہونا شرط ہے، شے ایک بار وقف ہو کر دوبارہ وقف نہیں ہو سکتی**

رابعاً مدرسہ یا کتب خانہ یا کوئی مکان کیا خالی دیواروں کا نام ہے ہر عاقل ادنی عقل والا بھی جانتا ہے کہ زمین ضرور اُس میں داخل تنہا دیواروں کو بنا و عملہ کہتے ہیں نہ بیت و خانہ مدرسہ جائے درس محل درس زمین ہے یا دیواروں پر بیٹھ کر درس ہوگا اور یوں بھی ہوتا ہم قرار استقرار کو انتہا علی الارض سے کیا چارہ اور یہ زمین ایک بار ایک جہت کے لیے وقف ہو چکی دوبارہ وقفیت کیونکر معقول کہ وَاقِف کا وقتِ وقف مالک موقوف ہونا شرط وقف ہے۔

**زمین وقف میں کوئی عمارت دوسری غرض کے لیے وقف نہیں ہو سکتی**

ہمارے مذہب میں باتفاق اہل وقوف اُس پر صحت وقف موقوف اور وقف بعد تمامی کسی کی مِلک نہیں تو خود اصل واقف بھی اگر دوبارہ اُسے وقف کرنا چاہے محض باطل ہوگا نہ کہ زید وعمرو بلکہ یہ حکم عام ہے خواہ وقف دوبارہ جہت اخرے پر ہو یا اسی جہت اولے پر کہ علی الاول تحویل باطل ہے اور علی الثانی تحصیل حاصل والکل باطل بحر الرائق وعلمگیریہ وغیرہما میں ہے۔

Marfat.com

اما شرائطه فمنها العقل والبلوغ ومنها ان یکون قربة ومنها الملك وقت الوقف وتیضرع علی اشتراط الملك انه لا یجوز وقف الاقطاعات ولا وقف ارض الحوز للامام الا ملتقطا۔

اسعاف میں ہے۔ اتفق ابو یوسف ومحمد رحمہما اللہ تعالیٰ ان الوقف یتوقف جوازہ علی شروط بعضها فی المتصرف کالملك فان الولایة علی المحل شرط الجواز والولایة تستفاد بالملك او هی نفس الملك

اُسی میں ہے لو وقف ارضاً اقطعه ایاها السلطان فان کانت ملکاله اومواتاً صح وان کانت من بیت المال لا یصح۔

خامساً تنہا عمارت وقف ہوگی یا تنہا زمین یا دونوں ثانی بدیہی البطلان لان الوقف لا یوقف یونہی ثالث لانه علیه یتوقف اوّل کا جواز ارض غیر مُحتکرہ میں صرف اس صورت میں ہے کہ یہ عمارت اسی کام پر وقف ہو جس پر اصل زمین کا وقف ہے ہوالصحیح بل هوالتحقیق وبه التوفیق تو زمین مقبرہ اور دیواریں عدسہ یہ محض وسوسہ۔

فتاویٰ علامہ خیرالدین رُملی میں ہے سئل فی کرم مشتمل علی عنب ویتن وارضه وقف سیدنا الخلیل علیه وعلی نبینا وسائر الانبیاء افضل الصلوٰة واتم السلام من الملك الجلیل ادعی رجل بانه وقف

Marfat.com

جدہ هل تسمع دعواہ اجاب لا تسمع ولا تصح اذا لکرم اسم للارض والشجر وان ارید بہ الشجر فوقف الشجر علی جہۃ غیر جہۃ الارض مختلف فیہ وقد قال صاحب الذخیرۃ وقف البناء من غیر وقف الارض لم یجز ھو الصحیح وان ارید کل من الارض والشجر فبطلانہ بدیھی التصور وان ارید الارض فبدیھیۃ البطلان اولیٰ اھ ملتقطاً۔

اسی میں اس کے متصل ہے کیف یصح للواقف وقفھا علی نفسہ وھی وقف الخلیل علیہ الصلوٰۃ والسلام اھ وھذا معنی قولہ فبطلانہ بدیھی التصور۔

ردالمحتار میں ہے الذی حررہ فی البحر اخذا من قول الظھیریۃ وما اذا وقفہ علی الجہۃ التی کانت البقعۃ وقفا علیھا جاز اتفاقا تبعاً للبقعۃ وان قول الذخیرۃ لم یجز ھو الصحیح مقصور علی ما عدا صورۃ الاتفاق وھو ما اذا کانت الارض ملکا او وقفا علی جہۃ اخری اھ وعلی ھذا فینبغی ان یستثنی من ارض الوقف ما اذا کانت الارض معدۃ للاحتکار وبہ یتضح الحال ویحصل التوفیق بین الاقوال اھ ملخصا وقد اوضحناہ فیما علقنا علیہ۔

سادساً مدرسہ یا کتب خانہ جو بنایا جائے گا جبکہ شرعاً وقف نہیں ہو سکتا لاجرم ملک بانیاں پر رہے گا اور اب یہ صراحۃً وقف

Marfat.com

میں تصرف مالکانہ اور اپنے انتفاع کے لیے اُس میں عمارت بنانا ہوگا تو آفتاب کی طرح واضح کہ قاضی خاں و عالمگیری و محیط کی عبارات جو مجیب دوم سَلَّمہٗ نے نقل کیں کہ مقبرہ اگرچہ مندرس ہو جائے اُس میں قبر کا نشان درکنار اَموات کی ہڈی تک نہ رہے جب بھی اُس سے اِنتفاع حرام اور ہمیشہ اس کے لیے حکم مقبرہ رہے گا اسی طرح فتاویٰ ظہیریہ و خزانۃ المفتین و اسعاف کی عبارات کہ مقبرۃ قدیمۃ بمحلۃ لم یبق فیھا اٰثار المقبرۃ لا یباح لاھل المحلۃ الانتفاع بھا وان کان فیھا حشیش یحتش منھا ویخرج الحشیش الی الدواب ولا ترسل الدواب فیھا قطعا مفید مدعا تھیں اور مجیب سوم کا یہ زعم کہ مجیب صاحب نے جو روایت نقل کی ہے اس سے بھی مدعا ثابت نہیں ہوتا محض سوئے فہم وجہل مبین۔

## مجیب سوم[1] کی جہالت

سابعاً مجیب سوم کو جب فقہ میں کوئی راہ نہ ملی ناچار متون و شروح و فتاوائے مذہب سب بالائے طاق رکھ کر نصوص اصول و فروع فقہ حنفی سب سے آنکھ بند کر کے شرح صحیح بخاری سے ایک روایت خارج عن المذہب پر قناعت کی کہ ابن القاسم نے کہا کہ میری رائے میں جب مقبرے کے آثار مٹ جائیں اور اُس کی حاجت نہ رہے تو وہاں مسجد بنا لینا جائز ہے۔ عربی لفظوں کا ترجمہ دیکھ لیا اب یہ ادراک کسے کہ یہ ابن القاسم کون ہیں کس مذہب کے عالم ہیں ان کا قول مذہب

---

[1] یعنی گنگوہی صاحب۔

Marfat.com

حنفی میں کہاں تک سُنا جا سکتا ہے اور وہ بھی خاص ان کی اپنی رائے اور وہ بھی اصول و فروع مذہب کے صریح خلاف۔ مجیب صاحب[1] علامہ عینی رحمہ اللہ تعالیٰ شرح جامع صحیح میں صرف اقوال مذہب پر اقتصار نہیں کرتے بلکہ آئمہ اربعہ اور اُن سے بھی تجاوز کر کے اُن کے تلامذہ و اصحاب وجوہ بلکہ اُن سے بھی گزر کر بعض دیگر سابق و لاحق بلکہ بعض بد مذہبوں مثل داؤد ظاہری و ابن حزم تک کے اقوال نقل کر جاتے ہیں بلکہ بارہا ابن داؤد آں ہی کے قول پر قناعت فرماتے اور ائمہ مذہب کا مذہب بیان میں بھی نہیں لاتے۔ جاہل کہ تراجم علماء سے آگاہ نہیں آپ کی طرح دھوکا کھاتا ہے اور خادمِ علم بحمد اللہ تعالیٰ فرقِ مراتب و تفرقۂ مذاہب کی خبر رکھتا ہے۔ علامہ عینی یہاں کسی کتابِ فقہ کی تحریر میں نہیں۔ یہ استطرادی بالائی فوائد ہیں جن سے اقاویل ناس پر اطلاع مقصود اور مذہب تو اَصلاً و فَرعاً کتبِ مذہب میں مضبوط ہو چکا۔ اُن کی ان نقول کا اکثر مادہ تصانیف ابن المنذر و ابن بطال وغیرہما شافعیہ وغیرہم ہیں۔ اُن کی عادت ہے کہ محلِ نقل میں سطریں کی سطریں بلکہ کہیں صفحے کے صفحے بلا عزو بے تغییر لفظ نقل فرما جاتے ہیں جس پر اُن کے امام عصری امام ابن حجر عسقلانی رحمہ اللہ تعالیٰ نے الدُّرر الکامنہ میں تنبیہ کی۔ یہاں بھی صدرِ کلام ذکر ما یستنبط منہ من الاحکام سے آپ کی منقولہ حکایت تک اُسی قسم کی عبارت ہے۔ عالم تو متعدد وجہ سے پہچانے گا کہ یہ کلامِ حنفیہ نہیں۔ آپ نے اتنا ہی دیکھا ہوتا کہ اس عبارت میں ہے، الی جواز

---

[1] یعنی گنگوہی صاحب۔

Marfat.com

نبش قبورھم للمال ذھب الکوفیون والشافعی واشھب بھذا الحدیث۔ حنفیہ کا محاورہ نہیں کہ اپنے ائمہ کا مذہب یوں بیان کریں کہ کوفے والے ادھر گئے ہیں قائل حنفی ہوتا تو ذھب ائمتنا یا اصحابنا یا علمائنا وامثال ذلک لکھتا یہ ابن القاسم واشھب[1] دونوں حضرات مالکی المذہب عالم ہیں خود امام ہمام کے شاگرد اور اُن کے مذہب میں اہلِ روایت و درایت جیسے ہمارے یہاں زُفر و حَسَن بن زیاد رحمۃ اللہ علیہم آپ کی مقدس بزرگی کہ مذہب حنفی کے صریح خلاف ایک مالکی عالم کی رائے پر فتوے دیتے اور اُسے اپنے زعم میں مذہب حنفی کی روایت سمجھ رہے ہیں حالانکہ ہمارے ائمہ تو ہمارے ائمہ۔ وہ اس مذہب کے بھی امام مجتہد سیدنا امام مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بھی روایت نہیں لیتے۔ اُن عالم مالکی کی اپنی رائے ہے جیسے وہ فرماتے ہیں لم ارب ذلک بأسا کاش بے مہلتی اتنی مہلت دیتی کہ آپ کو اپنی منقولہ عبارت سے دو ہی لفظ آگے بڑھنے دیتی تو آپ کو کیا ملتا وذکرا صحابنا یعنی ابن القاسم نے یہ کہا اور ہمارے علماء نے یوں فرمایا اسی سے آپ کچھ تو چیتے کہ یہ ابن القاسم ہمارے علماء سے نہیں مگر ہاں جب نافہمی کی ٹھہری تو آپ کو کیا لگتا کہ اس ذکرا صحابنا کو بھی قال ابن القاسم کے تحت میں داخل اور انہیں کے مقولے میں شامل مانتے۔

---

[1] دونوں حضرات کے مزار فائض المرام قرافہ میں ایک جا ہیں علماء فرماتے ہیں ان دونوں مزاروں کے بیچ میں دُعا قبول ہوتی ہے ۱۲ منہ حفظہ ربہ۔

Marfat.com

## گنگوہی صاحب کی تین چالاکیاں اور اُن کا اُلٹا پڑنا

ثانیاً مجیب صاحب آپ نے ناحق اس حکایت غیر مذہب پر قناعت کی کہ فقط بیچارے مُردہ مسلمانوں کے قبریں طلبہ اور مدرسہ کے بھنگی بہشتی سے پامال کرانے کی گنجائش ملی اس ذکر اصحابنا کو کیوں نہ لیا کہ مسجدوں میں ہل چلانے گھوڑے گدھے باندھنے کی راہ چلتی۔

بل ما ھو اشنع واخنع وھو اتخاذ موضع المسجد حشا وکنیفا لقولہ وذکر اصحابنا ان المسجد اذا خرب ودثر ولم یبق حولہ جماعۃ والمقبرۃ اذا عفت ودثرت تعود ملکا لاربابھا قال فاذا عادت ملکا یجوز ان یبنی موضع المسجد دارا وموضع المقبرۃ مسجد اوغیر ذلک قال فاذا لم یکن لھا ارباب تکون لبیت المال اھ وذلک لان الدار لابد لھا من تلک الاشیاء۔

مگر آپ نے ہوشیاری برتی۔

اوّلاً جانتے تھے کہ کتب معتمدۂ مذہب مشہورہ متداولہ میں اسے صراحۃً رد کیا اور اس کے خلاف پر بشدومد فتوٰی دیا ہے۔

تنویر الابصار و درمختار میں ہے ولو خرب ماحولہ واستغنی عنہ یبقی مسجدا عند الامام والثانی ابدا الی قیام الساعۃ وبہ یفتی حاوی القدسی وبحرالرائق ورد المحتار میں ہے واکثر المشایخ علیہ

Marfat.com

مجتبی وھوالاوجہ فتح۔

ثانیاً یہ قول امام محمد رحمہ اللہ تعالیٰ جسے علامہ عینی نے اصحابنا کی طرف نسبت کیا خاص اس حالت میں ہے جب وہ شے موقوف اُس غرض کی صلاحیت سے بالکل خارج ہو جائے جس کے لیے واقف نے وقف کی تھی اَصلاً کسی طرح اُس کے قابل نہ رہے ردالمحتار میں ہے۔

ذکر فی الفتح ما معناہ انہ یتفرع علی الخلاف المذکور ما اذا انھدم الوقف ولیس لہ من الغلۃ ما یعمر بہ فیرجع الی البانی او ورثتہ عند محمد خلافا لابی یوسف لکن عند محمد انما یعود الی ملکہ ما خرج من الانتفاع المقصود للواقف بالکلیۃ۔

یہ بات مقبرۂ مذکورہ میں کیونکر متصور کہ ہنوز تہائی میدان حسب بیان سائل بالکل خالی پڑا ہے۔

ثالثاً شاید یہ بھی کچھ اندیشہ گزرا کہ اس میں مقبرے کے ساتھ مسجد کی بھی خیر نہیں۔ مبادا عوام بھڑک جائیں ان وجوہ سے ذکر اصحابنا چھوڑ کر قال ابن القاسم کا آسرا پکڑا مگر غافل کہ جن تین اندیشوں سے گریز فرمائی وہی تینوں یہاں بھی آپ پر عائد بلکہ مع شے زائد۔

اوّل تو وجہ سابع میں دیکھ چکے کہ خلاف مفتی بہ ہونا درکنار دو طرے سے مذہب کا کوئی قول ضعیف بھی نہیں۔

اور ثانی یوں کہ کلام ابن القاسم میں عفت ودست ہے عفاو دروس نیست ونابود ونا پیدا و بے نشان ہونا ہے یہ اس مقبرے پر کہاں صادق کہ سائل کہتا ہے کہ پُرانی شکستہ قبریں پائی جاتی ہیں تو ابھی

Marfat.com

نیست ونابود وناپدید نہ ہو اور اس روایت خارجہ نے بھی آپ کو کام نہ دیا۔

اور ثالث یوں کہ جب اُن کی رائے میں مُجرد وقفیت موجب اتحاد معنی وجواز اقامت بجائے یکدگر ہے تو جیسے مقبرے کو مسجد کرنا روا۔ یونہیں مسجد کو مقبرہ، یونہیں مسجد کو سرا اور سرا میں بیتُ الخلاء؛

فان الکل وقف من اوقاف المسلمین لا یجوز تملیکه لاحد فمعنی الکل علی هذا واحد۔ پھر مفر کدھر۔

**گنگوہی صاحب کی کمال بلادت کہ احادیث صحیحہ ونصوص ائمۂ مذہب چھوڑ کر ایک مالکی عالم کے جس قول سے سند لائے اس کا بھی مطلب نہ سمجھے**

تاثیاً اور براہ مہربانی تھوڑی دیر کو ہوش میں آ کر فرمائیے کہ

ابن القاسم نے کہا مقبرے کو بعد بے نشانی مسجد کر دینا روا اور ابوالقاسم محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا مقابر پر مسجد بنانا حرام۔ آپ کے نزدیک یہ دونوں حکم حالت واحد پر وارد۔ جب تو آپ کا ایمان ہے کہ ابن القاسم کی بات حق جانیں اور ابوالقاسم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد نہ مانیں اور اگر حالت مختلف ہے تو پہلے وہ فرق معین کیجئے جس پر ان دونوں احکام کا انقسام ہوگا کیا فقط نَو وکُہن کا تفرقہ ہے کہ نئی قبروں پر مسجد بنانا حرام اور جہاں ذرا پرانی پڑیں اور اب ان پر نماز جائز ہو گئی یا فقط اوپر کا نشان مٹ جانا چاہیے یا یہ ضرور ہے کہ لاشوں کے تمام اَجزا ساری ہڈیاں بالکل خاک ہو جائیں مُردے بجمیع اجزائہم تراب خالص کی طرف استحالہ کریں اُس کے بعد روا ہے۔

Marfat.com

اوّل تو بداہۃً باطل اور شاید بعلت وہابیت آپ کے یہاں تو شرک ہو۔

اور ثانی بھی اسی کی مثل ہے کہ نشان بالا نہ قبر ہے نہ قبر کے لیے رکن و شرط تو اس کا عدم و وجود یکساں معہذا اس مقبرے میں یہ صورت بھی ہنوز متحقق نہ ہوئی کہ نشان قبور موجود ہیں اور آپ کا حکم بے تخصیص ثلث خالی صاف مطلق ہے کہ مدرسہ وقفی بنانا گورستان میں درست ہے اور آپ کے مقلد نے اُس اطلاق کی صریح تصریح کردی کہ بنائے مدرسہ اُس جگہ میں خصوصاً حصہ خالی میں درست ہے۔ اس خصوص نے عموم کو واضح کردیا لاجرم ثالث لیجئے گا اب یہ آپ پر لازم تھا کہ دلیل شرعی سے اُس مدت کی تعیین کرتے جس میں مُردوں کی ہڈی پسلی کا اصلاً نام و نشان نہیں رہتا سب خاک محض ہوجاتے ہیں پھر ثبوت دینا تھا کہ اس مقبرے میں سب سے پچھلی جو میت دفن ہوئی اُسے اتنی مدت مقررہ گزر چکی ان دو مرحلوں کو بغیر طے کیے حکم جواز لگا دینا محض جاہل تھا۔

اثنا یاد رکھیے کہ مجرّد شک یہاں کام نہ دے گا کہ الیقین یزول بالشك عقل و نقل کا قاعدۂ اجماعیہ ہے وجود مانع یعنی بعض اجزائے میت یقیناً معلوم تھا اب جب تک انعدام جمیع اجزائے اموات پر یقین نہ ہو حکم حرمت و ممانعت ہی رہے گا اور آپ کے لیت و لعل سے کام نہ چلے گا تو ظاہر ہوا کہ اس روایت خارجہ عن المذہب کا دامن پکڑنا بھی محض سوئے فہم و بندگیٔ وہم تھا و باللہ العصمۃ۔

---

Marfat.com

| عاشراً | سے موقوف کے بیکار ہو جانے کے معنی اور گنگوہی صاحب کی سخت بے تمیزی کہ مفر و مفید میں فرق نہ جانا |
| --- | --- |
| لطف یہ ہے کہ اُس | |

روایت خارجہ میں شرط اِستغناعن الدفن لگائی ہے۔ آیا اس سے یہ مراد کہ اُس کے سوا دوسری جگہ دفن ہو سکتا ہو جب تو یہ شرط محض لغو و عَبَث ہے۔ وہ کون سا گورستان ہے جس کی طرف احتیاج دفن بمعنی لو لاہ لامتنع ہے نہ ہرگز تعطل و ویرانی۔ اوقاف میں صرف اس قدر ملحوظ ہوتا ہے بلکہ یہاں مطمح نظر دو امر رہتے ہیں، ایک عدم حاجت بوجہ عدم محتاجین یعنی وہاں آبادی ہی نہ رہی لوگ متفرق ہو گئے اب حاجت کسے ہو جیسے جواب دوم میں علمگیری اور محیط سے دربارۂ مسجد و حوض گزرا کہ خرب ولا یحتاج الیہ لتفرق الناس دوسرے عدم حاجت بوجہ عدم صلوح یعنی وہ شے کسی مانع و قصور و نقص کے سبب اب اُس کام کی نہ رہی مثلاً زمین پر پانی نے غلبہ کیا کہ دفن کی گنجائش نہ رہی۔

فتاویٰ کُبریٰ و جامع المضمرات و ہندیہ و اسعاف وغیرہا میں ہے:

جعلت قطعة ارض لها مقبرة و اخرجتها من يدها و دفنت فيها ابنها و تلك القطعة لا تصلح للمقبرة لغلبة الماء عندها فيصلبها فسادفاراد بيعها ان كانت الارض بحال لا يرغب الناس عن دفن الموتى لقلة الفساد ليس لها البيع وان كانت يرغب الناس عن دفن الموتى فيها لكثرة الفساد

Marfat.com

فلها البیع پر ظاہر کہ صورت مُستَفسرہ میں ہرگز نہ عدم محتاجین ہے نہ عدم صُلوح پھر شرط استغنا کب متحقق ہوئی اور تغیر وقف کی اجازت کس گھر سے ملی تو روشن ہوا کہ مجیب سوم کا اس روایت خارجہ سے تمسّک محض تشبث الغریق بالحشیش تھا وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ھکذا ینبغی التحقیق واللّٰہ ولی التوفیق۔

تنبیہ یہ مجیب سوم پر تلك عشرۃ کاملۃ ہیں اور اُن کا ردّ اُن کے سب اِتّباع و اَذْناب کے ردّ سے مُغنی۔

ع وکل الصید فی جوف الفرأ

اور اذناب کے پاس ہے ہی کیا سوا

## روایت امام زیلعی کی تحقیق

روایت امام زیلعی رحمۃ اللہ تعالیٰ کے جسے خود مولوی گنگوہی صاحب نے کچھ سوچ سمجھ کر چھوڑ دیا اور روایت فقہیہ نہ لکھنے کے لیے بے مہلتی کا بہانہ لیا۔ مجیب اول نے لکھی مجیب دوم سلمہ نے جواب دیا بعض اذناب سوم نے بے تعرض جواب پھر اسی کا اعادہ کیا مگر جناب گنگوہی صاحب چرچے کہ یہاں مقبرۂ وقف میں کلام ہے مجھے خاص دوسرے مکان وقفی کی اجازت نکالنی مشکل پڑی ہے ہل چلانا کھیتی کرنا کہ اس روایت امام زیلعی میں جائز ہو رہا ہے کس گھر سے جائز کرسکوں گا لہذا ہوشیارانہ اس سے عدول کیا جو اذناب کی سمجھ میں نہ آیا غالباً اب تو ناظرین اس روایت کا محل و محصل سمجھ لیے ہوں گے۔

Marfat.com

صاحبو اس سے مقصود زمین مملوک ہے یعنی اگر کسی کی مِلک میں کوئی میت دفن کر دی گئی ہو تو جب وہ بالکل خاک ہو جائے مالک کو روا ہے کہ وہاں کھیتی کرے گھر بنائے جو چاہے کرے لان الملك مطلق والمانع زال وهذا ايضا اذا كان ذلك باذنه والا ففي الغصب له اخراج الميت وتسوية الارض كما هي لحديث ليس لعرق ظالم حق۔

علامہ مدقق علائی قدس سرہٗ نے دُرِّ مختار میں اسے ایسے نفیس سلسلے میں منسلک کیا جس نے معنی مراد کو کھول دیا مجیب اول نے یہ مراد وہیں سے اخذ کی مگر علامہ مدقق کے اشارات تک ہر فہم کی دسترس کہاں۔ دُرِّ مختار میں فرمایا لا يخرج منه بعد اهالة التراب الالحق آدمي كان تكون الارض مغصوبة او اخذت بشفعة ويخير المالك بين اخراجه وامساواته بالارض كما جاز زرعه والبناء عليه اذا بلى وصار ترابا زيلعي ورنہ مقبرہ وقفی میں کھیتی کرنا کسی کے نزدیک جائز نہیں ہدایہ میں ہے فی غاية القبح ان يقبر فيه الموتى سنة ويزرع سنة۔ بات یہ ہے کہ وہابیہ کی نگاہ میں قبورِ مسلمین بلکہ خاص مزارات اولیائے کرام علیہم الرضوان ہی کی کچھ قدر نہیں بلکہ حتی الوسع ان کی توہین چاہتے ہیں اور جس حیلہ سے قابو چلے ان کو نیست و نابود اور پامال کرانے کی فکر میں رہتے ہیں اُن کے نزدیک انسان مر اور پتھر ہوا جیسے وہ خود اپنی حیات میں ہیں کہ لا يسمع ولا يبصر ولا يغني عنك شيئا حالانکہ شرعِ مطہر میں مزارات اولیاء تو مزارات عالیہ

Marfat.com

عام قبور مسلمین مستحق تکریم و ممتنع التوہین یہاں تک کہ علماء فرماتے ہیں قبر پر پاؤں رکھنا گناہ ہے کہ سقف قبر بھی حق میت ہے قنیہ میں امام علائے ترجمانی سے ہے یاثم بوطء القبور لان سقف القبر حق المیت حتیٰ کہ محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جن کی نعلین پاک کی خاک اگر مسلمان کی قبر پر پڑ جائے تمام قبر جنت کے مشک و عنبر سے مہک اُٹھے اگر مسلمان کے سینے اور مُنہ، سر اور آنکھوں پر اپنا قدم اکرم رکھیں اس کی لذّت و نعمت و راحت و برکت میں ابدالآباد تک سرشار و سرفراز ہے۔ وہ فرماتے ہیں لأن امشی علی جمرۃ او سیف احب الی من ان امشی علی قبر مسلم بیشک چنگاری یا تلوار پر چلنا مجھے اس سے زیادہ پسند ہے کہ کسی مسلمان کی قبر پر چلوں۔ راہ ابن ماجۃ بسند جید عن عقبۃ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور وہابیہ کو اس کی فکر ہے کہ کسی طرح مسلمانوں کی قبروں پر مکان بنیں، لوگ چلیں پھریں، قضائے حاجت کریں، بھنگی اپنے ٹوکرے لے کر چلیں۔

ع اگر این ست پسند تو نصیبت بادا

ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم
واذ قد اخذت المسألۃ حظھا من
البیان فلتکف عنان القلم حامدین للہ
سبحنہ وتعالیٰ علی ما علم وصلی اللہ تعالیٰ
علی سیدنا ومولٰنا محمد والہ

Marfat.com

وصحبہ وسلم امین واللہ سبحنہ وتعالیٰ اعلم وعلمہ جل مجدہ وحکمہ عزشانہ احکم۔

عبدہ المذنب احمد رضا البریلوی

کتبہ

عفی عنہ بمحمدن المصطفٰے النبی الامی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

ان ہذا لہو الحق والحق بالاتباع احق

محمدی سنی حنفی قادری

عبد المصطفٰے احمد رضا خاں

Marfat.com

# تقاریظ و تصدیقاتِ علماء کرام

**مفتی محمد عبداللہ**

اس میں جو کچھ بیان ہے سب مطابقِ احکامِ شریعت و سلف صالحین ہے۔ مسلمان ان سب کو تمسک کریں مؤلف علام کو خدا ئے برتر جزائے خیر دے اور مقبول خاص و عام کرے اور مجھ کو بھی ثواب سے محروم نہ فرمائے۔ والصلوٰۃ والسلام علی خیر الانام وا لہٖ واصحابہ الکرام۔ المذنب المدعو محمد عبداللہ عفی عنہ

**مفتی محمد نعیم پشاوری**

مسائل بالا کہ علمائے دین متین و فضلائے امت رسول مقبول تحریر و تقریر فرمودند ہمہ حق و راست و دست اندشا کی اینہا مردود و فاسق اند۔

العبد الضعیف الراجی الی رحمۃ اللطیف

محمد نعیم پشاوری عفا اللہ عنہ وعن والدیہ والمومنین والمومنات

آمین ثم آمین!!

**سید حیدر شاہ قادری**

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حامدا و مصلیا و مسلما علی رسولہ سیدنا محمد والہ واصحابہ واولیاء امتہ ومتبعھم اجمعین ٥ جو کچھ مولائے مجیب لبیب جامع المعقول و المنقول حلال مہمات فروع و اصول مولوی محمد عمر الدین صاحب الحنفی القادری جزاہ اللہ تعالیٰ خیر الجزاء نے صورت مسئولہ میں تحریر فرمایا

Marfat.com

ہے وہ سب حق وصواب ہے جواب لاجواب ہے پسندیدۂ اولی الالباب ہے حنفی مذہب کے مطابق قبروں کو کھود کر صاف میدان کر دینا اور اس پر مکان وغیرہ بنانا ہرگز درست نہیں اس کی تحقیق مولائے مجیب نے عمدہ طور سے فرمائی ہے کوئی فرد گذاشت نہیں کیا معترضوں کے کل اعتراض اٹھا دیئے ہیں منکروں کے سب خدشات دفع کر دیئے ہیں۔

پھر تحریر مہر تنویر فاضل کامل عالم عامل محقق علوم عقلیہ مدقق فنون نقلیہ قالع اصول مبتدعین قامع اوہام نجدیین حامی سنن ماحی فتن مجدد مائۃ حاضرہ صاحب حجت قاہرہ مولانا الحاج احمد رضا خاں صاحب ادام اللہ تعالیٰ فیوضاتہم کی تو منکروں پر بجلی سی کڑک پڑی رشید گنگوہی کی تحریر پُر تزویر کے خوب پرخچے اڑائے۔ ایسا امر کوئی فرد گذاشت نہ ہوا کہ جس کے لکھنے کی کسی کو تکلیف ہو۔ پس فقیر نے طول دینا مناسب نہ سمجھا۔ لہٰذا اختصار سے کام لیا گیا ان فتووں کا انکار بجز فرقہ نجدیہ وہابیہ اسماعیلیہ ہندیہ اسحاقیہ رشیدیہ گنگوہیہ شیطانیہ خذلہم اللہ تعالیٰ فی الدنیا والآخرۃ کے کوئی نہ کرے گا۔ اہلسنت وجماعت کو ان دجاجلۂ ضلالت کیش وابالسہ بطالت اندیش کی صحبت سے پرہیز کرنا لازم ہے۔ اور سلام وکلام قطع کرنا واجب ہے۔

واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب والیہ المرجع والمآب۔

حررہ الراجی الی لطف ربہ القوی عبدالنبی الامی
السید حیدر شاہ القادری الحنفی تجاوز اللہ تعالیٰ

Marfat.com

لحرمة المومنين ومارد به عليه خاتم المحققين
عمدة المدققين عالم اهل السنة مجدد المائة
الحاضرة سيّدى ومرشدى وكنزى وذخرى
ليومى وعدى مولانا المولوى محمد احمد رضا
خان ابده الله الواهب بالفيض والمواهب
فلا اجد لسانا للثناء عليه غير ان اقول لاشك
انه الصدق الصراح والحق القراح فجزاهم الله
خيرا الجزاء عن الاسلام والمسلمين بحرمة
سيد المرسلين صلى الله تعالىٰ عليه وسلم والله
تعالىٰ اعلم بالصواب وعنده ام الكتاب قاله
بفمه ورقمه بقلمه محمدن المدعو
بظفرالدين المحمدى السنى الحنفى القادرى
البركاتى الرضوى المجددى البهارى العظيم ابادى .

محمدی سنی حنفی قادری ۱۳۱۰
ابوالبرکات محمد ظفر الدین

Marfat.com

# پکّی قبر اور اس پر گنبد بنانے کا حکم شرعی

شمس شریعت محمدیہ ماہتاب طریقت سہروردیہ
حضرت سید ابوالفیض قلندر علی سہروردی رحمۃ اللہ علیہ

ناشر:
مسلم کتابوی
گنج بخش روڈ دربار مارکیٹ لاہور

Marfat.com

خدا کی قدرت ہے۔ کہ عبدالوہاب نجدی کے متبعین اور ہمعقیدہ لوگوں کو خدا کے نیک بندوں اور اُن کے ہر ایک نیک فعل سے ایک خاص قسم کی کد ہے۔ جائز ہو یا مستحسن۔ جو ایک بزرگ سے متعلق نظر آئے۔ ان کی یہی کوشش ہوتی ہے کہ اہلِ دین میں مقبول نہ ہونے پائے۔ بات وہی جائز سمجھی جانی چاہیئے جو ہم کہیں یا ہماری قلم سے نکلے۔ خدا اس حسد کا بُرا کرے۔ کیا کیا چالیں سکھاتا ہے۔ اور کس طرح پڑھے لکھوں کو بھی حق سے پھیر دیتا ہے۔ قبر پختہ بنانے کا عمل بھی چونکہ اہلِ اسلام نے خدا کے مقبول بندوں اور اہل اللہ کے لئے ہی خاص کر رکھا تھا۔ اور ان معترضین کی قبروں پر گنبدوں کی بجائے کبھی کسی چیل کا سایہ بھی نہ ہُوا۔ لہٰذا حسد میں آکر اس مسئلہ پر بھی بڑبڑانے لگے۔ چاہیئے تو یہ تھا۔ کہ اپنے اعمال کو درست کرتے اور اپنے آپ کو گنبدوں کے قابل بناتے۔ مگر جب یہ توفیق حاصل نہ ہوئی۔ تو لگے کُبڑی بُڑھیا کی طرح سیدھی کمر والوں کا حسد کرنے تاکہ جس نظر سے خلقِ خدا میں ہم دیکھے گئے ہیں یہ بھی دیکھے جائیں۔ مگر یہ کیسے ہو۔ ہمیشہ حق حق ہوتا ہے اور باطل باطل۔ معترضین جب اس قابل نظر ہی نہ آئیں۔ تو لوگ ان کی قبروں پر چراغ کیوں جلائیں اور قبے و گنبد کیوں بنائیں۔ یہ تکریم تو خاصانِ خدا کا حصّہ ہوتی ہے

Marfat.com

اور قبر پختہ بنانا دہ فعل ہے۔ جو ایک آدھ فرد نہیں بلکہ بے شمار متقدمین اہل اسلام کا فعل ہے۔ جیسے انشاء اللہ ثابت کر دیا جائے گا۔ مگر اس کا کیا علاج ہے

شور بختاں بہ آرزو خواہند     مقبلاں را زوال نعمت وجاہ
گر نہ بیند بروز شپرہ چشم     چشمہ آفتاب را چہ گناہ

معترض صاحب کو دنیا پر تشریف لائے ہوئے تھوڑا ہی عرصہ ہُوا ہے۔ اور یہ عمل اہلِ اسلام میں اُن کی پیدائش سے پہلے کا پایا جاتا ہے۔ کیا اس نے نہیں دیکھا۔ کہ یہ جس قدر شاہانِ اسلام کے عہد میں اولیاء اللہ یا اکابر مسلمین کی قبریں بنی ہُوئی دکھائی دیتی ہیں۔ کیا یہ سب شاہانِ اسلام نعوذ باللہ حرام فعل کرنے والے۔ ناجائز کے مرتکب اور بدعتی تھے۔ یا اُس زمانہ میں کوئی عالم اُن کو شریعت کا حکم سکھانے والا موجود نہ تھا۔ کیا سب کے سب لوگ جاہل تھے یا معترض سے کم علم رکھتے تھے۔ جو انہوں نے اپنی جہالت کے ماتحت اپنے پیشواؤں علماؤں اور صوفیاؤں کے اتنے اتنے بڑے گنبد اور مقبرے بنائے۔ مثلاً بانیٔ اِسلام تاجدارِ کائنات احمد مجتبےٰ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت صدیق اکبر۔ حضرت فاروقِ اعظم۔ حضرت عثمان۔ حضرت علی المرتضیٰ۔ حضرت حسین۔ حضرت موسیٰ کاظم۔ حضرت ابوایوب انصاری۔ حضرت امام اعظم۔ حضرت غوث اعظم سید عبدالقادر جیلانی۔ حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی۔ حضرت بہاؤالدین نقشبند۔ حضرت شاہ بوعلی قلندر۔ حضرت شاہ شرف قلندر۔ حضرت سید حسن رسول نما دہلوی۔ خواجہ قطب الدین بختیار کاکی دہلوی۔ حضرت گنج بخش علی

Marfat.com

ہجویری لاہوری حضرت میاں میر لاہوری۔ شاہ خیرالدین ابوالمعالی لاہوری۔
شاہ محمد غوث صاحب لاہوری۔ میراں موج دریا لاہوری۔ شاہ جہانگیر بادشاہ۔
شاہ امام علی الحق سیالکوٹی۔ حضرت غوث بہاؤالحق ذکریا ملتانی۔ حضرت شاہ
رکن عالم نوری ملتانی۔ حضرت شاہ شمس تبریز ملتانی۔ حضرت مخدوم وشاہ
جمال ملتانی۔ حضرت خواجہ غریب نواز سلطان الہند معین الدین اجمیری۔
حضرت خواجہ نظام الدین محبوب الٰہی دہلوی۔ شاہ ہمایوں۔ خواجہ فریدالدین
گنج شکر اجودھنی پاکپٹنی رحمہم اللہ تعالےٰ اور ان کے علاوہ ایسی بے شمار
اور ہستیاں غلامانِ رسول اللہ کی ہیں۔ جن کے مقابر پر گنبد اور قبہ جات
اُن شاہان اسلام نے بنوائے۔ جن کی ادنےٰ ترین خدمت اسلام مولوی صاحب
ملتانی جیسے اہلِ علم کو فقہی مسائل سکھانے کے لئے فتاویٰ عالمگیری کی
صورت میں آج بھی موجود ہے۔ ان کو نہ کسی نے منع کیا اور نہ وہ
خود ہی اپنے اتقا کے ماتحت یہ معلوم کر سکے۔ کہ یہ فعل ناجائز ہم کیوں
کر رہے ہیں۔ بلکہ بقول مولوی صاحب تمام عمر نعوذ باللہ یہ ناجائز
عمارتیں بنا کر گناہ کا ہی ارتکاب کرتے رہے۔ مذکورہ بالا مشتے
نمونہ از خروارے ہیں۔ حدود ہند سے باہر نکل کر پتہ چلتا ہے۔ کہ متقدمین
نے بقول معترض یہ ناجائز فعل کس افراط سے کیا ہے اور کون
کون علمائے دہر سے ان کی اس بدعت میں اعانت فرماتے رہے۔
لاحول ولا قوۃ الا باللہ۔ اللہ کریم ایسے مریض القلب ملانوں
کو توفیق تحقیق رفیق فرمائے۔ تاکہ یہ بات کرنے سے قبل اپنی
بے بضاعتیٔ معلومات پر غور کر لیا کریں۔ پھر متقدمین اسلام کے
حق میں زبان طعن کھولیں۔

Marfat.com

معلوم ہوتا ہے کہ مولوی ملتانی صاحب یا تو ہندوستان اور بیرونی ممالک اسلامیہ کی ایسی عمارت سازی سے قطعاً ناواقف ہیں۔ اور زمانہ میں بے چاروں نے لے دے کے ملتان کے سوا اور کچھ دیکھا ہی نہیں۔ یا اگر دیکھا ہے۔ تو جان بوجھ کر اعتراض کر رہے ہیں۔ اور محض ہٹ دھرمی سے لکھ رہے ہیں۔ کہ:۔

"قبروں کو پکا بنانے یا اُن پر قبہ وغیرہ بنانے نبی پاک وصحابہ کرام وسلف صالحین سے بالکل ثابت نہیں بلکہ مخالفت رسول مقدس صلی اللہ علیہ وسلم وسلف صالحین ہے۔ اس لئے قطعاً حرام وناجائز ہے۔ بلکہ مال کی اضاعت اور رسولِ خدا کی مخالفت ہے۔ دیکھو مواعظ المسلمین فی مراسم المرتحلین مولوی صاحب سنبھلی ملتانی ص ۱۳۵ بلفظہٖ"

حالانکہ سرکارِ مدینہ علیہ الصلوٰۃ والسلام صحابہ کرام اہل بیت عظام اولیاء اللہ۔ بزرگان دین شہداء وصالحین اور بادشاہان اسلام کے تمام کے تمام مقابر پختہ اور قبہ ساختہ صفحہ دنیا پر ظاہر وباہر موجود اور جمیع اہلِ اسلام کی شریعت پسندی کے شواہد کھڑے ہیں۔ اگر یہ مولوی صاحب ان سب پر مبتدع اور فعل خلاف شرع کرنے والے کا بے اصل فتوے دیتے ہیں۔ تو ان کو معلوم ہونا چاہیئے۔ کہ رب العزت نے قرآن کریم میں فرمایا ہے۔

ومن یشاقق الرسول من بعد ما تبین لہ الھدی ویتبع غیر سبیل المومنین نولہ ما تولی ونصلہ جھنم وساءت مصیراً۔

یعنی جو شخص حضور علیہ السلام کی مخالفت کرے۔ ہدایت ظاہر ہونے

Marfat.com

کے بعد اور مومنوں کے راہ کے علاوہ کسی اور راہ کی پیروی کرے۔ تو اللہ تعالیٰ اُس کو اُسی طرف چلائے جو اُس نے اختیار کی اور ڈالے اُس کو جہنم میں جو بہت بُرا ٹھکانہ ہے۔ اب آپ بتائیے کہ پہلے تمام پادشاہانِ اسلام اور بزرگانِ دین متقدمین مومن تھے یا نہیں۔ اور اگر نعوذ باللہ من ذالک ان کے متعلق بھی یہی خیال ہو جو آج کل کے اہلِ سنت و جماعت کے مسلمانوں کے متعلق ہے۔ تو پھر کسی درویش سے علاج کروائیے۔ اور اگر ان کو مومن مانتے ہو اور یقیناً ماننا پڑے گا۔ تو پھر بتائیے اُن کے راہ کو چھوڑ کر کون جہنمی ہُوا کیونکہ مولا کریم نے کھلے الفاظ میں یہ ارشاد فرمایا ہے۔ کہ میرے محبوب کی مخالفت کرنے والا اور مومنوں کے راہ کے سوا کسی اور راہ پہ چلنے والا جہنمی ہے۔ ہم بفضلِ تعالیٰ اس فعل کے صرف قائل ہی نہیں بلکہ صدقِ دل سے ایمان رکھنے والے ہیں۔ کہ ہمارے وہ متقدمین خواہ وہ درویش تھے یا پادشاہ جنہوں نے یہ مقبرے اور گنبد بنائے۔ وہ حقیقتاً اسلام کے پھیلانے والے سچے مسلمان اور غلامانِ رسول اللہ تھے۔ انسان کو قلم اُٹھانے سے پیشتر سوچ لینا چاہیئے۔ کہ میں جو کچھ لکھوں گا اس کی زد کہاں پڑے گی۔ اور میرے نامۂ اعمال کا کیا حشر ہو گا ؎

چراغِ را کہ ایزد بر فروزد  ہر آں کو تُف زند ریشش بسوزد

جب ربّ العزت جل و علا شانہ نے اپنی عزت کے ساتھ رسول علیہ السلام اور مومنوں کی عزت کا ارشاد فرمایا ہے۔

العزۃ اللّٰہ ولرسولہ وللمومنین۔

تو آپ اُس کو اس حسد کے ماتحت کس طرح مٹا سکتے ہیں۔

Marfat.com

یہ ایمانداروں کا حق ہے۔ کہ اُن کی عزت قیامت تک ہوتی رہے گی۔ اور یہی وہ اللہ کا بڑا فضل ہے۔ جس سے حاسدوں کی چشم کور ہمیشہ نا واقف رہی ہے۔ اور رہے گی۔ یہ باتیں تمام جملے بطور تمہید عرض کرنے کے بعد فقیر گنبد و قبہ بنانے کے شرعی دلائل پیش کرتا ہے۔ تاکہ ہدایت کے پہنچانے میں اپنی طرف سے سبکدوش ہو جائے۔

و باللہ التوفیق۔

قرآن کریم میں ارشاد باری تعالےٰ ہے۔ وَمَنْ یُّعَظِّمْ شَآئِرَ اللہِ فَاِنَّھَا مِنْ تَقْوَی الْقُلُوْبِ۔

ترجمہ۔ جو شخص شعائر اللہ کی تعظیم کرے۔ پس تحقیق وہ پرہیزگار دلوں سے ہے اور اولیاء اللہ بلاشبہ شعائر اللہ میں داخل ہیں۔ اور قبہ جات بنانے سے عوام میں شعائر اللہ کی تعظیم مقصود ہے۔

خود نبی الانبیاء۔ سرکار کائنات۔ مختار شش جہات محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے روضہ مطہرہ پر عالی شان گنبد کی بنا ہے اور یہ بھی مخفی نہیں کہ حجرہ شریفہ کی تعمیر امہات المومنین اور خلفائے راشدین صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے زمانہ میں ہوئی ہے۔ جیسا کہ مولوی صاحب خود قائل ہیں۔ اور تمام متقدمین اس گنبد کے قیام کو اپنی جانوں سے زیادہ عزیز رکھتے تھے۔ اسلامی مؤرخین اور مصنف مواعظ المسلمین خود لکھتے ہیں کہ جب نبی اکرم تاجدار عرب و عجم صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات ہوئی تو آں حضور صلعم کو حضرت ام المومنین سیدہ طاہرہ صدیقہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے مکان میں متابعت حدیث پاک دفن کیا گیا۔ مگر جب زائرین کی کثرت ہوئی تو ایک دیوار بنائی گئی ۱۴ھ میں حضرت سیدنا صدیق اکبر

Marfat.com

رضی اللہ عنہ خلیفہ اول مدفون ہوئے ۱۷ھ میں حضرت سیدنا فاروق اعظم خلیفہ ثانی نے کچی اینٹوں کا حصیر بنوا دیا۔ دو دروازے رکھے گئے اور ایک دیوار میں ذرا سا سوراخ رکھا گیا۔ کہ قبر مبارک کی زیارت ہوتی رہے ۲۵ھ میں خلیفہ ثانی حضرت سیدنا فاروق اعظم بحسب وصیت باجازت حضرت سیدنا ام المومنین صدیقہ اس جگہ دفن ہوئے۔ اس کے بعد حضرت عثمان غنیؓ خلیفہ سوم نے ۲۹-۳۰ھ میں مسجد نبوی علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام کی توسیع و تعمیر کی ۹۰ھ میں ولید بن عبدالملک خلیفہ بنوامیہ کے حکم سے حضرت عمر بن عبدالعزیز تکملہ عمرین گورنر مدینہ منورہ زادہ اللہ شرفاً تعظیماً نے اس حجرہ کو پکا بنوا دیا۔ اور اس کے چاروں طرف ایک دوسرا حجرہ بنوادیا۔ مگر دروازہ دونوں میں سے کسی میں نہ رکھا اور اسی زمانے میں مسجد مبارک کی توسیع کرادی جو ۸۸ھ سے ۹۰ھ تک ہوتی رہی۔ پھر ۱۷۰ھ میں ملکہ خیزران والدہ ماجدہ ہارون رشید خلیفہ عباسی نے روضہ مبارک پر غلاف چڑھایا۔ ۵۵۰ھ میں نورالدین زنگی شہید اتابک موصلی نے روضہ مبارک کے گرداگرد صندلی کی جالی لگوادی ۵۵۵ھ میں محمود بن زنگی شہید والئے شام خواب میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہوا اور سنا کہ آنحضور علیہ الصلوٰۃ والسلام فرما رہے ہیں کہ اے محمود تو سوتا ہے۔ اور مجھ پر دو کتے مسلط ہیں۔ اس کو بہت حیرت ہوئی۔ کوئی بات سمجھ میں نہ آئی۔ اور دوسری رات کو پھر یہی ماجرا پیش ہوا۔ سلطان کو پریشانی بڑھی۔ اور حیص بیص میں مبتلا ہونے کی وجہ سے کچھ رائے قائم نہ کر سکا۔ آخر کار تیسری رات کو جو سویا۔ تو وہی ماجرا پھر دیکھا مگر اس مرتبہ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم غضبناک

Marfat.com

تھے اور فرما رہے تھے۔ دیکھ یہ دو کتے مجھ پر مسلط ہیں۔ سلطان نے
بغور ان دونوں آدمیوں کو دیکھا۔ اور بیدار ہو گیا۔ اُسی وقت
مدینہ منورہ روانہ ہو گیا۔ اور وہاں پہنچ کر تمام اہل مدینہ کی دعوت
کرا دی اور ہر آنے جانے والے کو بغور دیکھتا رہا۔ مگر وہ دو آدمی
جن کو خواب میں دیکھا تھا اور جن کو حضور پاک صلعم نے کتا فرمایا
تھا نظر نہ آئے۔ حکم دیا کہ ابھی مدینہ منورہ کے تمام آدمی دعوت میں
نہیں آئے۔ تلاش بسیار کے بعد معلوم ہوا۔ کہ دو بڑے عابد و
زاہد رہ گئے ہیں۔ جو اپنے حجرہ سے بالکل باہر نہیں نکلا کرتے۔
سلطانی حکم ہوا کہ ان دونوں کو بھی حاضر کرو۔ چنانچہ جب وہ پیش
ہوئے تو سلطان سمجھ گیا کہ وہ کتے یہی مکار ہیں۔ فوراً ہی اُن
کی جائے رہائش پر پہنچا۔ مگر وہاں سوائے مصلّے و لوٹے کے کچھ
نظر نہ آیا۔ بعالم اضطراب مصلّےٰ جو اٹھایا تو وہاں کی زمین نرم
اور کھدی ہوئی تھی۔ مٹی ہٹوائی گئی تو سُرنگ نظر آئی۔ جو حضرت سیدنا
فاروق اعظم رضؓ کی قبر مبارک تک پہنچ چکی تھی۔ آپ کے پیر مبارک کا
انگوٹھا نظر آتا تھا۔ سلطان انتہائی غضبناک ہوا۔ پوچھا کہ تم نے یہ
ناپاک حرکت کیوں کی۔ جس پر انہوں نے بتلایا۔ کہ ہم دونوں عیسائی
ہیں اور جسد مبارک نبی آخرالزماں صلی اللہ علیہ وسلم کے نکال کر لے
جانے پر مامور ہیں۔ تاکہ اسلامی دُنیا کو تڑپایا جا سکے۔ یہ سن کر
محمود بن زنگی نے اُن کے سر قلم کرا دیئے۔ اور حفظ ما تقدم کے لئے
دوسرے حجرے کے گرد اگرد قد آدم خندق کھدوا کر اس میں رانگ
پلوا دیا۔ جس کو خندق الرصاص کہا جاتا ہے۔ پھر ۶۵۴ء میں

Marfat.com

رمضان المبارک بروز جمعہ خادم روضہ پاک قندیل روشن کر رہا تھا۔ کہ آگ لگ گئی جس سے اُس کی چھت جل گئی ۶۵۵ھ میں خلیفہ معتصم باللہ نے مسجد نبوی کی از سرِ نو تعمیر کرائی۔ اور خلیفہ نور الدین کے عہد ۶۵۶ھ میں اختتام پذیر ہوئی۔ ۶۶۸ھ میں ملک الظاہر رکن الدین جبرس والئے مصر نے لکڑی کی جالی بنوائی۔ جس کی بلندی قد آدم تھی۔ ۶۷۸ھ میں ملک منصور متدونی صالحی نے قبہ بنوایا۔ اور ۶۹۴ھ میں زین الدین سلطان مصر نے حجرہ شریف کے باہر جالی لگوائی پھر ۸۸۰ھ میں ابوالنصر قایتبائی حاکم مصر و حجاز ملقب بہ قائدبے نے چھت کی دیواریں نکلوا کر گنبد خضرا بنوایا۔ جو شمس بن ترین کی نگرانی میں ۸۸۱ھ بروز پنجشنبہ کو پایہ تکمیل کو پہنچا۔ مگر ۱۳ رمضان المبارک ۸۸۶ھ منارہ اذان پر بجلی گری۔ جس کی وجہ سے مسجد نبوی و گنبد خضرا پر گزند پہنچا۔ تو پھر اسی سلطان مصر قایتبائی نے از سرِ نو گنبد خضرا کی تعمیر کرائی اور گرداگرد تانبے کی جالی نصب کرا دی۔ جس کی تکمیل رمضان المبارک ۸۸۸ھ میں ہوئی۔

اب فقیر عرض پرداز ہے کہ اس مجمل تاریخی بحث سے یہ ثابت ہوا کہ سید العالم صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر مبارک پر گنبد خضرا کی تعمیر بغرض دشمنان اسلام کے ناپاک منصوبوں کو خاک میں ملانے کے لئے ہوئی۔ کہ اوپر سے بھی کوئی ناگوار واقعہ پیش نہ آسکے۔ تو جب گنبد خضرا کی تعمیر اس غرض سے ہوئی تو پھر کسی دوسرے کی قبر پر قبہ بنانا کیونکر جائز نہ ہوگا۔

جبکہ آج بھی مخالفین اسلام اسی مقصد اور نظریئے کے ماتحت

Marfat.com

قبور صالحین کو روندنا جائز جانتے ہیں۔ اور گنبد خضرا جیسی مطوّت ملائکہ تعمیر کو نعوذ باللہ صنم اکبر کہتے ہیں۔ پھر یہ اور غور طلب مسئلہ ہے کہ اس وقت جبکہ گنبد خضرا کی تعمیر ہوئی۔ کسی صحابی یا تابعی سے انکار مروی نہیں۔ اور نہ ہی کسی نے منع بناء کی کوئی حدیث پیش کی پس معلوم ہوا کہ صلحاء کی قبور پر قبہ بنانا۔ عملی اور اجماعی مسئلہ ہے۔ اگر منع اور حرام ہوتا تو صحابہ کرام اور تابعین و تبع تابعین اور ان کے بعد کے اہل اسلام کبھی بھی نہ خود بناتے اور نہ بننے دیتے۔ دیکھو جذب القلوب میں شیخ عبدالحق محدث دہلوی علیہ الرحمۃ اس اعتراض کی سلف صالحین سے قبہ بنانا بالکل ثابت نہیں۔ کس طرح تردید فرماتے ہیں۔ چنانچہ آپ لکھتے ہیں کہ:۔

"عمر بن عبدالعزیز بحکم ولید ابن عبدالملک آنرا ہدم کرد بجار منقوشہ برآورد و بر ظاہر آں خطیرہ دیگر بنا کرد۔

ترجمہ:۔ یعنی عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ نے ولید ابن عبدالملک کے حکم سے حجرہ شریفہ کو شہید کر کے عمدہ عمدہ منقش پتھروں سے روضہ اطہر تعمیر کرایا۔

بخاری شریف مطبوعہ مطبع مجتبائی جلد اوّل ص۱۸۶ میں ہے ہشام ابن عروہ نے اپنے والد سے روایت کی ہے۔

لما سقط علیھم الحائط فی زمان ابو ولید بن عبدالملک اخذ وا فی بنائه فبدت لهم قدم ففزعوا وظنوا انها قدم نبی صلی اللہ علیه وسلم فما وجدوا احد لیعلم ذالک حتی قال لهم عروۃ لا واللہ ما ھی قدم النبی صلی اللہ علیه وسلم ما ھی الا قدم عمرؓ

Marfat.com

یعنی ولید ابن عبد الملک کے عہد میں جبکہ روضہ مطہرہ کی دیوار گری اور اس کی تعمیر کرنے لگے۔ تو ایک قدم ظاہر ہوا (یعنی ننگا ہو گیا) لوگ گھبرا گئے کہ یہ قدم مبارک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا نہیں۔ کوئی پہچاننے والا نہ تھا حضرت عروہ نے کہا۔ کہ یہ قدم مبارک حضرت عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہ کا ہے۔ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا نہیں۔ اس روایت سے بھی یہ ثابت ہوا۔ کہ روضہ مطہرہ دیوار گرنے کے بعد از سرِ نو بنا اور مرمت ہوا۔ اور یہی قبر پر بنا کرنے کا متقدمین سے عملی ثبوت ہے۔ اور اس سے یہ بھی ثابت ہو گیا کہ یہ بنا بعد دفن ہوئی۔ اور اس کے ناظم حضرت عمر بن عبد العزیز خلیفہ ارشد تھے۔

بعض نافہم لوگوں کو یہ شبہ بھی پیدا ہوا کرتا ہے کہ یہ گنبد شریف یا روضہ اطہر بنایا جانا صرف آنحضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ہی خصوصیات سے ہے۔ مگر یہ غلط ہے۔ کیونکہ اگر صرف یہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام ہی کی خصوصیت ہوتی۔ تو سیدنا حضرت ابوبکر و حضرت عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہما حجرۂ مطہرہ میں مدفون نہ ہوتے۔ اس سے اور بھی مسئلہ واضح ہو گیا۔ کہ سرکارِ مدینہ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے غلاموں کی قبروں پر بھی بنا کرنا اور گنبد وغیرہ بنانا جائز ہے۔ چنانچہ حضرت شیخ عبد الحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ مدارج النبوت جلد اوّل ص ۴۸۶ باب دہم در انواع عبادات فرماتے ہیں:

"در مطالب المومنین گفتہ است کہ مباح داشتہ اند
سلف کہ بنا کردہ شود بر قبر مشائخ و علماء مشہور تا زیارت کنند

Marfat.com

ایشاں را مردم واستراحت، یابند در آں و بنشینند در سایہ آں نقل کردہ است۔ آنرا از مفاتیح شرح مصابیح وگفتہ است کہ دیدم بہ بخارا قبور کہ عمارت کردہ شدہ است بخشت ہائے تراشیدہ وتجویز کرد آنرا اسماعیل زاہد کہ از مشاہیر فقہا است ورخصت کردہ اند بعضے از اہل علم کہ حسنؓ بصری از ایشان است۔ در گل کردن قبور و شافعی رحمۃ اللہ علیہ نیز ہم برایں است۔"

ترجمہ:۔ حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے مدارج النبوت کے دسویں باب در انواع عبادات میں فرمایا ہے مطالب المومنین میں لکھا ہے کہ متقدمین بزرگانِ دین نے قبور مشائخین و علماء کرام اور صلحاء عظام پر گنبد وقبہ کا بناء کرنا مباح رکھا ہے۔ تاکہ لوگ ان کی زیارت کریں اور آرام پکڑیں اور ان کے سایہ میں بیٹھیں۔ اور نقل کیا اس کو مفاتیح شرح مصابیح سے اور کہا ہے کہ میں نے بخارا میں اکثر قبروں کو دیکھا۔ جو تراشی ہوئی اینٹوں سے بنائی گئی ہیں اور اس بناء کو حضرت اسمٰعیل زاہد نے جو مشہور فقہا سے ہیں۔ تجویز فرمایا ہے۔ اور بعض مشہور اہلِ علم حضرت حسن بصری کے مانند بھی اس کی اجازت فرماتے ہیں۔ کہ قبر کو بنا کرنا بھی مباح ہے۔ اور امام شافعی رحمتہ اللہ علیہ کا مذہب بھی یہی ہے۔

حضرت علامہ ملاں علی قاری حنفی رحمتہ اللہ علیہ نے مرقات شرح مشکواۃ جلد ۲ ص۳۷۲ میں لکھا ہے۔

قد اباح السلف البناء علی قبر المشائخ والعلماء المشہورین

Marfat.com

لیزورھم الناس ویستریحو بالجلوس فیہ۔
(ترجمہ) علماء و مشائخ مشہورین کی قبور پر تعمیر کرنا اس لئے کہ لوگ زیارت کریں اور استراحت حاصل کریں۔ سلف صالحین اس کو مباح تحریر فرماتے آئے ہیں۔ یعنی اس کی اباحت کے قائل ہوئے ہیں۔

عینی شرح بخاری جلد ۴ صفحہ ۱۴۹ میں ہے۔ وضربہ محمد بن الحنفیہ علیٰ قبر ابن عباس رضی اللہ عنہ۔
یعنی محمد بن حنفیہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کی قبر پر قبہ بنایا۔

پھر روح البیان جلد ۱ صفحہ ۸۷۹ میں ہے۔
فبناء القباب علی قبور العلماء و اولیاء وصلحاء امر جائز اذا قصد بذالک التعظیم فی عین العامۃ۔ حتی لا یحتقروا صاحب ھذا لقبر۔ (ترجمہ) یعنی قبوں کا بنانا اولیاء وصلحاء و علماء کی قبور پر امر جائز ہے۔ جبکہ اس میں عام لوگوں کی نظروں میں تعظیم کا مقصد ہو۔ تاکہ لوگ اس قبر والے کو حقیر نہ سمجھیں۔

ہدایۃ المجتہد جلد اول صفحہ ۱۹۴ میں ہے۔ کرہ مالک والشافعی تجصیص القبور وجاز ابوحنیفہ رحمہم اللہ تعالےٰ یعنی حضرت امام مالک و امام شافعی رحمہما اللہ نے قبروں کا چونا وگچ کرنا مکروہ قرار دیا ہے۔ اور حضرت امام الائمہ سراج الامت امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ نے جائز فرمایا ہے۔ اور صاحب مجمع البحار نے بھی جلد ۲ صفحہ ۱۸۷ میں اور تکملہ صفحہ ۱۴۰ میں علماء سلف سے اس کی اباحت نقل فرمائی

Marfat.com

ہے۔ ایسا ہی میزان شعرانی جلد اوّل ص ۱۹۰ میں لکھا ہے۔

ومن ذالک قول الائمۃ الثلاثۃ ان القبو لا یلیجو ولا یجصص مع قول ابی حنیفۃ بجواز ذالک۔

یعنی بعض ان مسائل اختلافی سے قول آئمہ ثلاثہ کا ہے۔ کہ قبر پہ بناء نہ کی جائے اور نہ چونہ گچ کی جائے۔ اور قول ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا اس کے جواز میں ہے۔

مشکواۃ شریف مطبوعہ مطبع مجتبائی باب دفن المیت ص ۱۴۹ میں ہے کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دست مبارک سے حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی قبر پر ایک بڑا بھاری پتھر اٹھا کر رکھا اور فرمایا۔

اعلم بھا قبر اخی وادفن الیہ من مات من اھلی

یعنی میں اس پتھر کے ساتھ اپنے بھائی کی قبر کا نشان کرتا ہوں اور جو میرے اہل سے فوت ہوگا۔ اس کے پاس اس کو دفن کروں گا۔ اس سے قبر پر پتھر رکھ کر صرف پختگی قبر کی مراد نہ تھی۔ بلکہ قبر پہ نشان گاڑنا یا بنانا بھی مستحب ثابت کرنا تھا۔

بعض لوگ اعتراض کیا کرتے ہیں۔ کہ صحیح مسلم میں آیا ہے۔ کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے جو ہیاج اسدی کو فرمایا تھا۔ کہ کیا میں تمہیں اس کام کے لئے نہ بھیجوں جس کے لئے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے مجھے بھیجا تھا۔ یعنی کوئی تصویر نہ چھوڑ مگر اس کو تو مٹا دے اور کوئی اونچی قبر نہ چھوڑ کہ اس کو برابر کر دے۔ لہذا اس قول علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ بلند

Marfat.com

قبر نہ ہونی چاہیئے۔ بلکہ ہو بھی تو اسے گرا دیا جائے۔ سو اس اعتراض کا جواب یوں ہے۔ کہ محدثین کے نزدیک اس حدیث کی سند میں ایک راوی حبیب بن ثابت کوفی ہے۔ جو مدلس معنعن روایت کرتا ہے دیکھو تہذیب التہذیب میں اس کو مدلس بیان کیا گیا ہے۔ اور مدلس کی معنعن حجت نہیں ہوتی۔ علاوہ ازیں اس حدیث کے متعلق علامہ ابن الترکمانی علیہ الرحمۃ نے جوہر النقی جلد اوّل ص۲۶۵ میں یوں فرمایا ہے۔

قلت الظاھر ان المراد قبور المشرکین لقرینۃ عطف التمثال علیہا وکانوا یجعلون علیہا الانصاب والابنیۃ فاراد علیہ السلام ازالۃ آثار الشرك

یعنی ظاہر یہ ہے کہ حدیث حضرت علی کرم اللہ وجہہ میں مراد قبور مشرکین ہیں۔ اور اس پر قرینہ یہ ہے۔ کہ تمثال (تصویر) کا عطف قبر پر ڈالا گیا ہے۔ اور مشرکین ہی قبروں پر بت اور عمارتیں بنایا کرتے تھے تو حضور علیہ السلام نے ان آثار کو مٹانے کے لئے قبور مشرکین کے تسویہ یعنی برابر کر دینے کا حکم فرمایا۔ بعض کتابوں میں یوں بھی ذکر ہوا ہے۔ کہ مشرکین اپنے موتٰی کی قبور پر مرنے والے کی تصویر یا مجسمہ بنا دیا کرتے تھے۔ جن کو سرکار مدینہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بت پرستی کی خشت اوّل خیال فرماتے ہوئے مٹا دینے کا ارشاد فرمایا۔ جیسے اساف اور نائیلہ کے بتوں کا قصہ مشہور ہے۔ جنہوں نے کعبۃ اللہ میں زنا کاری کی تھی۔ اور عذاب الٰہی سے پتھر ہو گئے تھے۔ پھر لوگوں نے اس مغضوب جوڑے کو عبرت عوام کے لئے صفا مروہ

Marfat.com

پہاڑیوں پر گاڑ دیا تھا۔ مگر بعد کو صفا مروا کی تقدیس کا باعث سمجھ کر جہلائے عرب نے ان کو پوجنا شروع کر دیا۔

علامہ ابن الترکمانی علیہ الرحمۃ ہی کے قول سے ملتی جلتی حقیقت حافظ ابن حجر فتح الباری جلد ۲ صفہ ۲۶۰ میں لکھتے ہیں جس سے پتہ چلتا ہے۔ کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے اس ارشاد کو جو آپ نے ہیاج اسدی کو فرمایا تھا۔ مومنوں کی قبروں پر محمول کرنا ایک فاش غلطی کا ارتکاب کرنا ہے کیونکہ مومنوں کی قبریں بالارادہ گرا دینا تو درکنار آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان پر پاؤں رکھنے یا بیٹھنے کو بھی منع فرما کر ایذاء اہل قبر سے تعبیر فرمایا ہے۔ جیسا کہ فقیر نے اسی کتاب کے کسی دوسرے باب میں بیان کر دیا ہے۔ حافظ ابن حجر کی عبارت فتح الباری جو کفار کی قبروں کے متعلق ہے یوں ہے یعنی کافروں کی قبریں اکھاڑ دینے اور ان کی توہین میں کوئی حرج نہیں۔ پس معلوم ہوا کہ مومن کی قبر اکھاڑنے اور گرانے میں حرج شرعی ہے، اور حدیث حضرت علی کرم اللہ وجہہ میں صرف مشرکین کی قبریں ہی گرانے کا حکم تھا۔ نہ کہ اہل اسلام کی۔

ہاں اگر نجدیوں کی طرح روضۃ النبی علیہ السلام اور مقابر مشائخین عظام و اولیاء کرام سے کوئی قلبی عداوت ہے۔ تو اس کا مسلمانوں کے پاس کوئی علاج نہیں۔ مخالفین بناء مزارات و قبہ جات کو لازم ہے کہ وہ صرف یہ ثابت کر دیں۔ کہ مومنین متقدمین نے بزرگوں کے مزارات پر قبے نہیں بنائے۔ یا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو یا حضور کے بعد صحابہ میں سے کسی نے کسی دوسرے بزرگ کو

Marfat.com

اہلِ ایمان کی قبریں گرانے کے لئے بھیجا ہو۔ یا حکم ہی صادر فرمایا ہو۔ یا خود گرا کر کوئی ثبوت مقابرِ مسلمین کے گرانے کا دیا ہو۔ ورنہ لایعنی من گھڑت اور بے بنیاد ڈھکوسلوں اور اُن روایات سے جو قبور مشرکین سے متعلق ہیں۔ استدلال کرنا حق پر مبنی نہیں۔ جبکہ اجماع اُمت قبور پر بناء کرنے کے حق میں ہو۔

وما علینا الا البلاغ۔

Marfat.com

# ہاں ہمارے لئے

# اللہ عزوجل

# کافی ہے!

علامہ شکیل احمد سبحانی

Marfat.com

دُنیا جہان کا خالق و مالک ربّ عزّوجل ہی ہے نفع ونقصان اُسی کے قبضہ و اختیار سے ہے۔ گردشِ لیل ونہار اُسی کی رضا ومنشاء پر موقوف ہے۔ موت اور زندگی اُسی کے حکم اور مرضی پر منحصر ہے' وہی رنج دیتا ہے' وہی خوشی دیتا ہے' اُسی کی بارگاہ سے رزق ملتا ہے' اسی کے کرم سے بگڑی تقدیر سنورتی ہے۔ مصیبتوں سے وہی بچاتا ہے' آزمائشوں سے وہی گزارتا ہے۔ بنجر زمینوں کو سرسبز و شاداب کرنا اُسی کے اشارے سے ہے' ہی داتا ہے' وہی آقا ہے' وہی حافظ ہے' وہی ناصر ہے سب اسی کے محتاج ہیں وہ خود بے نیاز ہے۔ وہ کریم ہے' تو ایسا کریم ہے کہ اس نے اپنے محبوب بندوں کو بھی کریم بنا دیا ہے۔ وہ رحیم ہے تو ایسا رحیم ہے' کہ اس نے اپنے محبوب بندوں کو بھی رحیم بنا دیا ہے۔

وہ چاہتا تو ہر کسی کو خود ہی عطا کر دیتا لیکن اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعے اس نے اعلان کروا دیا کہ ''بے شک اللہ مجھے دیتا ہے اور میں تقسیم کرتا ہوں''

وہ چاہتا تو خود ہی گناہوں کو بخش دیتا لیکن قرآن کے ذریعے اس نے اعلان فرما دیا قبولِ توبہ جو چاہے وہ میرے حبیب کی بارگاہ میں حاضر ہو جائے۔

وہ چاہتا تو سارے جہان پر خود ہی رحمتیں نچھاور کرتا لیکن اس نے اپنے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو رحمۃ للعلمین بنا دیا۔

وہ چاہتا تو اپنی قدرت سے لوگوں کو خود ہی بخش دیتا لیکن اس نے اپنے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کیساتھ ساتھ تمام انبیاء کو مقام شفاعت عطا کر دیا۔

وہ چاہتا تو صرف نبیوں اور رسولوں کو حق شفاعت عطا کرتا لیکن اس نے اولیاء اور علماء کے ساتھ ساتھ شہیدوں اور کم سنی میں انتقال کر جانے والے ننھے منے بچوں کو بھی شافع بنا دیا۔

اُسے خبر ہے کون گناہوں میں ڈوبا ہے کون پرہیزگار ہے پھر بھی اس نے ہر انسان کے لیے نیکی اور بدی کے فرشتے مقرر کر دیے۔

اُسے معلوم ہے کون اس پر ایمان رکھنے والا ہے' کون اس کا انکار کرنے والا ہے پھر بھی اس نے قبر میں سوالات کیلئے فرشتوں کا تقرر فرما دیا۔

اُسے معلوم ہے کہ اس کے بندوں کے نامۂ اعمال میں کتنی نیکیاں برائیاں ہیں پھر بھی

Marfat.com

اس نے حشر میں نیکی و بدی کے حساب کے لیے میزان بنا دیا ہے۔

غرض کہ اس کے قبضہ و اختیار میں سب کچھ ہوتے ہوئے بھی اس نے اپنے محبوب بندوں کو محروم نہیں رکھا۔ پھر بھی اِسلام کے نام پر جینے والے لوگ ایسے بھی ہیں جنہیں اس سے کوئی غرض نہیں وہ خود بھی اللہ کے محبوب بندوں کے فضائل و کمالات کے منکر ہیں' اُمت میں بھی اسی فساد کو پیدا کرنا چاہتے ہیں۔ ایسی باتیں پھیلاتے ہیں جس سے دین کو کچھ نسبت ہی نہیں' ایسے خیالات کو دین قرار دیتے ہیں جنہیں قرآن و سنت سے کچھ تعلق ہی نہیں۔

## "کیا ہمیں اللہ کافی نہیں"

کیا ہمیں اللہ کافی نہیں کے عنوان سے جو پمفلٹ تقلید کے منکروں کے ذریعے پھیلایا جا رہا ہے وہ بھی اسی طرح کی کوششوں کا ایک حصہ ہے۔ لیکن شعور والے مسلمان کبھی آنکھ بند کر کے کسی بھی ایسی بات کو قبول کر ہی نہیں سکتے جو ان کے ایمان و عقیدے کو تباہ و برباد کر کے رکھ دے۔

اس لیے کہ ان کی فطرت تحقیق کے بغیر کچھ ماننے کو کبھی تیار نہ ہو گی۔ ایسے افراد جب حق کی تلاش کے لیے قرآن مقدس کو اپنے ہاتھوں میں اٹھائیں گے تو یہ راز خود ہی فاش ہو جائے گا کہ مشرکوں اور کافروں کے لیے نازل ہوئی آیتوں کو کس بے دردی کیساتھ مسلمانوں پر فٹ کر کے رکھ دیا گیا ہے۔

اسی کے ساتھ ساتھ انہیں خود ہی یہ حقیقت بھی معلوم ہو جائے گی کہ غیر مقلدوں نے قرآن کی جن آیتوں کو اپنے پمفلٹ میں درج کیا ہے اس میں کہیں بھی ربّ عزوجل نے یہ نہیں فرمایا کہ میری ان خوبیوں اور صفتوں کو میری عطا سے میرے مقرب و محبوب بندوں کے لیے ماننا شرک ہوگا۔

### مخالفین کی کند ذہنی

اس کے باوجود غیر مقلد یہی رٹ لگائے ہوئے ہیں کہ جب قرآن نے ان خوبیوں کو ربّ عزوجل کے لیے بیان فرما دیا تو انبیاء و اولیاء کے لیے ان صفات کو ماننا شرک ہوگا۔

### اہلسنت کا عقیدہ

جب کہ اہلسنت و جماعت کا مؤقف اس ضمن میں یہ ہے کہ اہل ایمان پر شرک کی تہمت

Marfat.com

لگانے کے لیے شرک پسندوں کی طرف سے جو پیمانہ مقرر کیا گیا ہے اسے قرآن وسنت کی تائید خاص نہیں۔ بلکہ یہ پیمانہ قرآن وسنت کے احکامات وفرمودات کے پورے پورے طور پر خلاف ہے۔ اس لیے کہ ایک صفت اور خوبی جسے قرآن نے اللہ تعالیٰ کے لیے بیان فرمائی ہو وہی صفت قرآن ہی کے ذریعے محبوبانِ خدا کے لیے بھی ثابت ہو تو اسے شرک کے زمرے میں کیسے شامل کیا جا سکتا ہے؟ مذکورہ فریقین میں سے کس کا اعتقاد قرآن کے عین مطابق ہے' کس کی باتیں قرآن کے مخالف ہیں اسے معلوم کرنے کی غرض سے قرآن مجید کی آیتوں کو ملاحظہ فرماتے چلیں قرآن فرماتا ہے:

۱-اَنۡعَمَ اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَاَنۡعَمۡتَ عَلَیۡہِ۔

ترجمہ: اللہ نے اسے نعمت بخشی اور اے نبی تو نے اسے نعمت دی (سورۃ الاحزاب آیت ۳۷)

۲-وَمَا نَقَمُوۡۤا اِلَّاۤ اَنۡ اَغۡنٰہُمُ اللّٰہُ وَرَسُوۡلُہٗ مِنۡ فَضۡلِہٖ۔

ترجمہ: اور انہیں کیا برا لگا یہی نا کہ انہیں دولت مند کر دیا۔ اللہ اور اللہ کے رسول نے اپنے فضل سے (سورۃ توبہ آیت ۷۴)

۳-وَلَوۡ اَنَّہُمۡ رَضُوۡا مَاۤ اٰتٰہُمُ اللّٰہُ وَرَسُوۡلُہٗ وَقَالُوۡا حَسۡبُنَا اللّٰہُ سَیُؤۡتِیۡنَا اللّٰہُ مِنۡ فَضۡلِہٖ وَرَسُوۡلُہٗۤ اِنَّاۤ اِلَی اللّٰہِ رٰغِبُوۡنَ (سورۃ توبہ آیت ۵۹)

ترجمہ: اور کیا خوب تھا اگر وہ راضی ہوتے خدا اور رسول کے دیے پر اور کہتے ہمیں اللہ کافی ہے اب دے گا اللہ ہمیں اپنے فضل سے اور اس کا رسول بے شک ہم اللہ کی طرف رغبت والے ہیں۔

## تینوں آیتوں پر غور فکر فرمائیں

اسلامی ذہن رکھنے والے سنجیدہ افراد اگر مذکورہ تینوں آیتوں پر غور وفکر فرمائیں تو انہیں احساس ہوگا کہ ہر آیت پاک قرآن وسنت پر عمل کا جھوٹا دعویٰ کرنے والے اہلسنت کے مخالفوں کے خود ساختہ اعتقاد پر کس طرح برق بن کر ٹوٹ رہی ہے۔ جنہیں یہی ضد ہے کہ کچھ عطا کرنے اور نوازنے کی صفت اللہ پاک نے اپنے فضل سے کسی نبی اور رسول کو نہیں دی۔ وہ اپنی خیر منائیں۔ اپنے باطل عقیدے سے باز آئیں۔ آخرت کی فکر کریں۔ آنکھیں کھولیں۔ تعصب کی عینکوں کو اتار پھینکیں۔ محبوبانِ خدا کے بغض وکینے سے اپنے سینے کو پاک کر کے دیکھیں مذکورہ تینوں آیتوں میں اللہ تبارک وتعالیٰ نے کس شان سے اپنے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بھی دولت عطا کرنے اور نعمت بخشنے کے وصف سے مزین فرمایا ہے یہ

Marfat.com

جگہ ہے کہ غیظ میں کٹ جائیں بیمار دِل۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

۴- لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ بَعَثَ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ۔

ترجمہ: بے شک اللہ کا بڑا احسان ہوا ایمان والو پر جب کہ بھیجا ان میں ایک رسول انہیں میں سے کہ پڑھتا ہے ان پر آیتیں اللہ کی اور پاک کرتا ہے انہیں گناہوں سے اور علم دیتا ہے انہیں قرآن و حکمت کا اگرچہ تھے اس سے پہلے بے شک کھلی گمراہی میں۔(پ۴ سورۃ آل عمران ۳/۱۶۴)

## ذرا سوچیں تو سہی

شرک کے بخار میں گرفتار ذہن آزادانہ طور پر کچھ سوچیں تو سہی کہ ان کی بولی قرآن سے کہاں مطابقت کرتی ہے؟ ان کا اعتقاد قرآن سے کہاں موافقت کرتا ہے؟ گناہوں سے پاک کرنا صفتِ ربانی ہے۔ کسی کو علم عطا کرنا بھی ربّ عزوجل کی قدرت ہے۔ مگر اس نے اپنے فضل سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بھی یہ اختیار عطا فرما دیا کہ وہ قرآن کی آیتیں پڑھ پڑھ کر لوگوں کو گناہوں سے پاک کرتے ہیں علم عطا فرماتے ہیں۔

اتنے ہی پر ربّ کی نوازشیں نہیں تھم رہی ہیں بلکہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کیلئے کیسے کیسے اختیارات کا اعلان قرآن کے ذریعے ہو رہا ہے۔ اس پر بھی نظر توجہ ہو' تاکہ غلط عقیدوں کی بنیاد پر دنیا و آخرت برباد نہ ہونے پائے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی زبانی قرآن فرماتا ہے:

۵- اَنِّيْٓ اَخْلُقُ لَكُمْ مِّنَ الطِّيْنِ كَهَيْـَٔةِ الطَّيْرِ فَاَنْفُخُ فِيْهِ فَيَكُوْنُ طَيْرًا بِۭاِذْنِ اللّٰهِ وَاُبْرِئُ الْاَكْمَهَ وَالْاَبْرَصَ وَاُحْيِ الْمَوْتٰى بِاِذْنِ اللّٰهِ وَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا تَاْكُلُوْنَ وَمَا تَدَّخِرُوْنَ فِيْ بُيُوْتِكُمْ (اِلٰى قَوْلِهٖ) وَلِاُحِلَّ لَكُمْ بَعْضَ الَّذِيْ حُرِّمَ عَلَيْكُمْ

(پ۳ سورۃ آل عمران ۳/۴۹/۵۰)

ترجمہ: ''میں بناتا ہوں تمہارے لیے مٹی سے پرند کی سی مورت پھر پھونکتا ہوں اس میں تو وہ ہو جاتی ہے پرند اللہ کی پروانگی سے اور میں شفا دیتا ہوں مادرزاد اندھے اور بدن بگڑے کو اور زِندہ کرتا ہوں مردے اللہ کی پروانگی سے اور میں تمہیں خبر دیتا جو تم کھاتے اور جو گھروں میں بھر رکھتے ہو' تاکہ میں حلال کر دوں تمہارے لیے بعض چیزیں جو تم پر حرام تھیں۔

سبحان اللہ! حضرت عیسیٰ علیہ السلام جو کچھ فرما رہے ہیں کہ میں خلق کرتا ہوں' شفا دیتا ہوں'

Marfat.com

مردے جلاتا ہوں، بعض حراموں کو حلال کیے دیتا ہوں، تم جو کھاتے اور گھروں میں بھر رکھتے ہو اسکی خبر دیتا ہوں۔اس کی نسبت شرک کے غم میں ڈوب ڈوب جانے والوں کا کیا حکم ہوگا؟

اے مسلمانو! پڑھو بار بار قرآن کے اس فرمان کو پڑھو۔ جن کے ایمان کو بدعقیدگی کے دیمک نے چاٹ چٹ کرخراب کر کے نہ رکھدیا ہوگا تو وہ اہلسنت کے اعتقاد پر دل و جان سے ایمان لے آئیں گے۔قرآن کے اس فرمان پر جان و دِل نچھاور کر دیں گے۔

دیکھو دیکھو قرآن کتنے صاف طور پر اہل اسلام کے اس عقیدے پر اپنی مہر مقدس ثبت فرما رہا ہے کہ بلاشبہ رب قدیر نے اپنے انبیاء علیہم السلام کو وہ اختیارات اور خوبیاں عطا فرمائی ہیں جس کا اظہار خود رب جل جلالہ نے قرآن میں اپنے لیے فرمایا ہے:

## قرآن پر ایمان کا تقاضہ

اب بتایا جائے کہ اہلسنت کے اس اعتقاد کو تسلیم کیے بغیر قرآن پر کیسے ایمان لایا جا سکتا ہے؟''کوئی گھر میں کیا کھا رہا ہے؟ کوئی گھر میں کیا بھر کر رکھ رہا ہے'' غیب کا یہ علم اللہ نے اپنے فضل سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو عطا کیا یا نہیں؟ اللہ تبارک تعالیٰ نے مٹی سے پرند بنانے، مادر زاد اندھے کو اچھا کرنے، مردوں کو زندہ کرنے، بدن بگڑے کو شفا دینے کی قدرت حضرت عیسیٰ کو بخشی یا نہیں؟

قرآن فرماتا ہے:

۶-فَإِنَّ اللّٰهَ هُوَ مَوْلٰهُ وَجِبْرِيْلُ وَصَالِحُ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمَلٰٓئِكَةُ بَعْدَ ذٰلِكَ ظَهِيْرٌ۔

ترجمہ: بے شک اللہ اپنے نبی کا مددگار ہے اور جبرئیل اور نیک مسلمان اور اس کے بعد سب فرشتے مدد پر ہیں (پ ۲۸ سورۃ التحریم ۴)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس آیت کی تفسیر میں فرمایا کہ وہ نیک مسلمان ابوبکر صدیق اور عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہما ہیں۔

قرآن کے اس فرمان سے واضح ہوا کہ نبی کا مددگار اللہ بھی ہے حضرات ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما بھی ہیں اور فرشتے بھی ہیں۔ مذکورہ آیت پاک میں تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مددگاروں کا ذکر خیر تھا اب مسلمانوں کی مددگاری رب کریم نے اپنے کرم سے کس کس کو عطا فرمائی اسے بھی ایمان کی نظروں سے دیکھتے چلیں۔

Marfat.com

قرآن فرماتا ہے:

۷-اِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوا الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ رَاكِعُوْن۔

ترجمہ: یعنی اے مسلمانو تمہارا مددگار نہیں مگر اللہ اور اس کا رسول وہ ایمان والے نماز قائم رکھتے اور زکوٰۃ دیتے اور رکوع کرنے والے ہیں۔

یہاں اللہ اور رسول اور صالحین یعنی اولیاء اللہ میں مدد کو منحصر فرما دیا گیا کہ بس یہی مددگار ہیں تو ضرور یہ مدد خاص ہے جس پر نیک بندوں (صالحین اور اولیاء اللہ) کے سوا دوسرے لوگ قادر نہیں ورنہ عام مددگار کا علاقہ تو ہر مسلمان کو ہر مسلمان کے ساتھ ہے۔

وہابی صاحبو! تمہارے طور پر معاذ اللہ کیسا کھلا شرک ہوا کہ قرآن نے خدا کی خاص صفت امداد کو رسول و صلحا کے لیے ثابت کیا جسے قرآن ہی جا بجا فرما چکا تھا (اللہ کے سوا کوئی مدد گار نہیں)۔

مَالَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّلِيٍّ (پ ۱۵ کہف ۱۸، ۲۶)

کہ یہ اللہ کے سوا دوسرے کی صفت نہیں مگر بحمد اللہ اہلسنّت دونوں آیتوں پر ایمان لاتے اور ذاتی و عطائی کا فرق سمجھتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ بالذات مددگار ہے۔ یہ صفت دوسرے کی نہیں اور رسول و اولیاء اللہ اللہ کے قدرت دینے سے مددگار ہیں۔

اب اتنا اور سمجھ لیجئے کہ مدد کاہے کہ لیے ہوتی ہے۔

دفع بلا کے واسطے تو جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور اللہ کے مقبول بندے بنصِ قرآن (قرآن کی صراحت سے) مددگار ہیں تو قطعاً دافع البلا بھی ہیں اور فرق وہی ہے کہ اللّٰہ سُبحانہٗ بالذات دفع البلا ہے اور انبیاء علیہم الصلوٰۃ والثناء بعطائے خدا والحمد للہ العلی الاعلیٰ (اَلْاَمْنُ وَالْعُلٰی لِنَاعِتِی الْمُصْطَفٰی بِدَافِعِ الْبَلَاءِ)

(مصنف امام احمد رضا صفحہ ۱۱۴ مطبوعہ رضا اکیڈمی مالیگاؤں)

قرآن کی اس آیت نے واضح کر دیا کہ جو کوئی بھی اسلام کا دعویدار ہو اُسے ایمان لانا ہوگا کہ ربّ کی عطا سے اولیاء اللہ بھی مددگار ہیں۔

**انصاف کا تقاضہ**

اب بتایا جائے کہ جو مددگار ہوگا تو وہ غریب نواز ہوگا کہ نہیں؟ ضرور ضرور جو مددگار ہوگا

Marfat.com

وہ مشکل کشا بھی ہوگا دستگیر بھی ہوگا اسے غوث بھی مانا جائے گا۔ ہاں ہاں مددگار بھی داتا بھی ہوگا، کبھی گنج بخش بھی ہوگا۔ اہل اسلام اگر اللہ کے محبوبوں کو ان صفاتی ناموں سے یاد کرتے رہے ہیں اور عرب وعجم کے علمائے دین محدثین، مجددین اور فقہائے کاملین نے گزری ہوئی کتنی صدیوں سے حضور سیّدنا شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ حضور خواجہ معین الدین چشتی رحمہ اللہ علیہ اور دوسرے معزز ومقرب محبوب اولیاء اللہ کے لیے ان صفاتی ناموں کو مقبول ومحبوب رکھا تو اس کا سبب یہی ہے کہ یہ اعتقاد قرآن وسنت سے نسبت رکھتا ہے جس پر نظرِ انصاف کے بعد کوئی بھی کلمہ گو انکار کی جرأت نہیں کرسکتا۔

## مسلمانوں کے خلاف سازش

اُمت کو انبیاء واولیاء کے دامنِ کرم سے دور کرنے کی سازش کے تحت کیا ''ہمارے لیے اللہ کافی نہیں'' کا شور مچانے والوں کو قرآن نے خود ہی جواب دے دیا ابھی آیت پاک گزری جس میں فرمایا گیا کہ کیا خوب اگر وہ اللہ رسول کے دیے راضی ہوتے اور پھر کہتے ہمیں اللہ کافی ہے اب ایک آیت پاک اور دِل میں نقش کرتے چلیں۔

قرآن فرماتا ہے:

۸- یٰٓاَیُّهَا النَّبِیُّ حَسْبُكَ اللّٰهُ وَمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ (سورۃ انفال ۸/۶۴)

ترجمہ: اے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کافی ہیں تجھے اللہ اور جو مسلمان تیرے پیرو ہوئے۔

فائدہ

مسلمانو! غور تو کرو۔ ربّ پاک خود اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کفایت کرنے والا بتا رہا ہے۔

اللہ تبارک وتعالیٰ اپنے نام کے ساتھ صحابہ کرام کو ملا کر فرماتا ہے: ''اے نبی! اب جب کہ عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اسلام لے آئے تجھے اللہ اور یہ چالیس مسلمان کفایت کرتے ہیں''۔

کون سا ایسا مسلمان روئے زمین پر ہوگا جسے اقرار نہیں کہ ہمیں اللہ کافی ہے لیکن یہی بات اگر محبوبانِ خدا سے اُمت کے دلوں کو پھیرنے کے ناپاک جذبے سے کہی جائے تو وہ کبھی راہ ہدایت نہیں ہوسکتی۔ اس گمراہ کن اندازِ فکر کی تردید قرآن کے ذریعہ کھلے طور پر ہو رہی ہے قرآن فرماتا ہے:

۹- وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِیْمًا○

Marfat.com

ترجمہ: اور اگر جب وہ اپنی جانوں پر ظلم کریں تیرے حضور حاضر ہوں پھر اللہ تعالیٰ سے معافی چاہیں اور رسول ان کی شفاعت فرمائیں تو بے شک اللہ کو توبہ قبول کرنے والا مہربان پائیں۔ (سورۃ النساء ۶۴)

## انصاف کیجئے

کیا اللہ تعالیٰ خود توبہ قبول نہیں فرما سکتا تھا جو حکم دے رہا کہ میرے گناہ گار بندوں سے جب کوئی خطا یا گناہ سرزد ہو جائے تو وہ رسول کی بارگاہ میں حاضر ہو کر معافی مانگیں اور جب رسول ان کی سفارش فرمائیں تو پھر اس میں شک ہی نہیں کہ اللہ کو توبہ قبول کرنے والا مہربان نہ پائیں۔ بیشک اللہ تبارک تعالیٰ ہر چاہے پر قادر ہے لیکن اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عظمت و شان کے لیے یہ حکم نازل کیا جا رہا ہے۔ اندازِ بندگی سکھائی جا رہی ہے کہ محبوبِ خدا سے منہ موڑ کر ہرگز حقِ توحید ادا نہیں ہو سکتا۔

اہلسنت و جماعت کے سوا توحید کے نام پر جتنے بھی مکاتب فکر ہیں ہر کسی کے عقائد کو کھنگال ڈالیے۔ چاہے وہ نماز والے ہوں کہ جہاد والے ہوں' حدیث والے ہوں کہ غیروں میں اِسلام کی تبلیغ کا دعویٰ کرنے والے ہوں کوئی بھی درِ رسول پر رُکنے کو تیار نہیں۔ قرآن فرماتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس حاضر ہو کر گناہوں کی معافی مانگو۔ یہ کہتے ہیں ہمیں اللہ کافی ہے قرآن کہتا ہے جب رسول تمہاری سفارش فرما دیں گے تو یہ تمہارے حق میں پروانۂ نجات ہوگا۔ یہ کہتے ہیں اس کی کوئی ضرورت نہیں ہمیں بس اللہ ہی کافی ہے۔

## شرک پسندوں میں صف ماتم

غمِ توحید میں اللہ کے محبوبوں سے منہ موڑ کر بندگی کا دعویٰ کرنے والوں کے لیے قرآن نے بڑی خطرناک مصیبت کھڑی کر کے رکھ دی ہے۔

قرآن نے شرک کے سارے تیر زنگ آلود کر کر رکھ دیے۔ ہاں ہاں یہ قرآن ہے لیکن یہاں تو معاملہ ہی دیگر ہے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم دولتیں عطا فرما رہے ہیں۔ علم دے رہے ہیں' لوگوں کو گناہوں سے پاک کر رہے ہیں' نعمت بخش رہے ہیں' گناہوں کی سفارش فرما رہے ہیں۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام مردوں کو زندہ کر رہے ہیں' بعض حرام کاموں کو حلال فرما رہے ہیں۔ گھروں میں کوئی کیا کچھ کھا رہا ہے غیب کی یہ سب خبریں دے رہے ہیں' بدن بگڑے کو شفا اور مادرزاد اندھے کو بینائی عطا کر رہے ہیں۔

Marfat.com

ربّ پاک اپنے محبوبوں پر نوازش و کرم کی ایسی برسات فرما رہا ہے کہ شرک پسندوں میں صفِ ماتم بچھی ہوئی ہے اللہ بھی مددگار رسول اللہ بھی مددگار صالحین بھی مددگار یہاں تو عجیب مشکل ہے کوئی حدیث بھی تو نہیں کے بے لگام زبان سے ضعیف کہہ کر آگے کا راستہ لیا جائے۔ قرآنی آیتیں توحید کے نام پر بنائے گئے پُرفریب دین پر کوندتی بجلیوں کی مانند ٹوٹ کر خود ساختہ اور من گھڑت عقائد کی عمارتوں کو زمین دوز کرتی جا رہی ہیں۔ کوئی پوچھے تو ان سے فتاویٰ عالمگیری تو تم نے اپنے مدارس اور دفتروں سے نکال دی دُرِ مُختار رَدّالمُحتار جیسی رہنما کتابوں کا تو تمہیں اعتبار نہیں؟ حدیثوں کا انکار کر کے تم نے ایک فرقہ ہی اہلِ قرآن کے نام سے گمراہیت کا بنا دیا۔ اب کیا قرآن کی باری ہے؟ اٹھاؤ اپنا قلم اور دکھاؤ اپنا ہنر۔

## بچ نکلنے کے دو راستے


تمہارے باطل دین کے مطابق کیسا کیسا شرک خود قرآن میں موجود ہے۔ اب صرف دو ہی صورتوں میں جان چھوٹے گی یا تو تسلیم کر لیا جائے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے اپنے فضل سے انبیاء اولیاء علیہم السلام کو بھی اختیار و قدرت عطا فرمائی ہے یا پھر یہ اعلان کر دیا جائے کہ جیسی توحید ہمیں درکار ہے ویسی توحید تو قرآن میں بھی نہیں جسے ہم شرک قرار دے رہے ہیں وہی سب تو قرآن میں ایمان بن کر موجود ہے۔

اس سے فائدہ تو وہ اٹھائیں جن کے دل خوفِ خدا سے ڈرتے ہیں اور آیاتِ قرآنی پر ایمان و یقین رکھتے ہیں۔ باقی رہے وہ لوگ جن کا دین و مذہب ہی ضد اور ہٹ دھرمی ہے تو ان کے لیے قرآن نے بہت پہلے اعلان کر دیا کہ

۱۰-اِنَّ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا سَوَآءٌ علیھم ءَاَنۡذَرۡتَھُمۡ اَمۡ لَمۡ تُنۡذِرۡھُمۡ لَا یُؤۡمِنُوۡنَ خَتَمَ اللّٰہُ عَلٰی قُلُوۡبِھِمۡ وَعَلٰی سَمۡعِھِمۡ وَعَلٰٓی اَبۡصَارِھِمۡ غِشَاوَۃٌ وَّلَھُمۡ عَذَابٌ عَظِیۡمٌ۔

ترجمہ: بے شک وہ جن کی قسمت میں کفر ہے انہیں برابر ہے چاہے تم انہیں ڈراؤ یا نہ ڈراؤ وہ ایمان لانے کہ نہیں۔ اللہ نے ان کے دلوں پر اور کانوں پر مہر کر دی اور ان کی آنکھوں پر گھٹاٹوپ ہے اور ان کے لیے بڑا عذاب ہے۔

Marfat.com




## قابلِ مطالعہ کتابیں




مسلم کتابوی
داتا دربار مارکیٹ گنج بخش روڈ لاہور
042-37225605
Email:muslimkitabevi@gmail.com
raza_muneer@yahoo.com